Continuing he said, "India must sever her connection with Great Britain, because that connection had become an emblem of British Domination". India would join the United Nations but not the British Commonwealth.

Nevertheless, India has chosen subsequently to remain in the Commonwealth and accepted the King as a symbol, and the Indian Prime Minister and Finance Minister, attended conferences called by the British Government in London to discuss Commonwealth Affairs. If it be no political or sentimental humiliation to do so, there ought to be none to have the legislative acts of the Dominion Legislature, including amendments of the existing Constitution or the enacting of the new Constitution, uniformly assented to by the Indian Governor-General, His Excellency C.Rajagopalachari.

34. Constitutional Sovereignty Vs. Political Independence: Political independence does not necessarily connote constitutional sovereignty. The Dominion, like Canada, are politically free but not constitutionally sovereign. India also has been free and independent since 15th August 1947, but not sovereign. She will be no different under the new Constitution. Her powers, already full, cannot be enlarged. Inasmuch as her Constitution is derived from an Act of the sovereign British Parliament, she will not be sovereign.

35: Constitutional Continuity: Thanks to the timely good sense and statesmanship of India and England, there has been no break in the constitutional development of India, as was the case when the USA

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

NEW DELHI
3 SEP 49
8 A.M.

GOVERNOR GENERAL'S CAMP OFFICE
2 SEP 49
10.30 A.M.

BOOK POST

152

D 695-GG/49
3/9/49

His Excellency Sri.C.Rajagopalachari,
Governor-General of India,
New Delhi.

Mr. P. Kodanda Rao,
SERVANTS OF INDIA SOCIETY,
BANGALORE 4.

GGS 3/9

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

ہند کی دستور ساز اسمبلی

ہند کے دستور کا مسودہ

اردو ترجمہ

राष्ट्रीय अभिलेखागार
रखें
KEEP
APPRAISED
NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

پرنٹر: مینیجر، گورنمنٹ آف انڈیا پریس، نئی دہلی -
سنہ ۱۹۴۸ء

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

154

ہند کی دستور ساز اسمبلی

ہند کے
دستور کا مسودہ
(اُردو ترجمہ)

پرنٹر : مینیجر ، گورنمنٹ آف اِنڈیا پریس ، نئی دہلی -
سنہ ۱۹۴۸ع

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

155

نئی دهلی ۱۲ مئی ۱۹۴۸ع

بخدمت شریف آنریبل ڈاکٹر راجندر پرشاد
صدر دستور ساز اسمبلی
نئی دهلی -

جناب والا —

هم جناب کے سامنے هند دستور کے مسودے کا اردو ترجمه پیش کرنے کی عزت حاصل کرتے هیں —

هند کے دستور کے مسودے کا اردو ترجمه کرنے کے لئے جناب نے ۱۳ اکتوبر سنه ۱۹۴۷ع کو هماری کمیٹی مقرر فرمائی تهی — اس کمیٹی کا پهلا جلسه ۱۸ نومبر سنه ۱۹۴۷ع کو آنریبل مولانا ابوالکلام آزاد، وزیر تعلیم ، کی صدارت میں هوا ، اور اس میں چند بنیادی اصول طے پائے - کمیٹی کو اپنے سلسله وار جلسے فروری سنه ۱۹۴۸ع تک اس لئے ملتوی کرنے پڑے که اسمبلی کی مسوده کمیٹی مسودے پر غور کر رهي تهی، اور جوں هی مسودے کی موجوده شکل پیدا هوئی، ترجمه کمیٹی نے اپنا کام شروع کر دیا — هم آنریبل مولانا ابوالکلام آزاد کے بهت ممنوں هیں که انهوں نے ترجمے کے بعض حصوں کو ملاحظه فرمایا اور اپنے قیمتی مشوروں سے همیں برابر فائده پهنچاتے رهے —

جو ترجمه پیش کیا جارها هے اس میں کمیٹی کو بهت سی مشکلوں کا سامنا کرنا پڑا هے — ضرورت تهی که ترجمه عام زبان میں کیا جائے یعنی جو لفظ زبان پر چڑهه گئے هیں چاهے وه پراکرت کے هوں یا فارسی کے ، انگریزی کے هوں یا کسی اور زبان کے ، انهیں باقی رهنے دیا جائے ، اور ایسی زبان نه بنائی جائے جس کا سمجهنا مشکل هو — لفظوں کی فهرست میں جو ترجمے کے بعد لگائی گئی هے آپ ملاحظه فرمائیں گے که جهاں تک هوسکا هے هم نے اسی طرح کے لفظ چنے

ہیں ۔ ایک بڑی دقت ہمارے سامنے یہ تھی کہ اصل مسودے کی زبان خالص قانونی تھی، اور کسی فنی زبان سے ایسی زبان میں ترجمہ کرنا جسے عام لوگ بھی سمجھ سکیں کوئی آسان بات نہ تھی - اس کے ساتھ آپ کو خود اس کا اندازہ ہوگا کہ انگریزی خاص کر فنی انگریزی کا ڈھانچہ اردو کے ڈھانچے سے الگ ہے، اور جس طرح بہت سے انگریزی محاورے ایسے ہیں جن سے اردو بیگانہ ہے اسی طرح اردو میں بہت سی شکلین ایسی ہیں جو انگریزی کے لئے اجنبی ہیں - پھر پہلا نقش ہونے کی وجہ سے ممکن ہے کہ خود انگریزی مسودہ اصلاح کا محتاج ہو - ان سب باتوں کے ہوتے ہوئے بھی ظاہر ہے کہ ہم انگریزی سے نہ ایک قدم آگے بڑھ سکتے تھے نہ پیچھے ہٹ سکتے تھے ۔ بہر حال ہم کہاں تک اپنے مقصد میں کامیاب ہوئے ہیں اس کا اندازہ خود آپ کو ترجمہ پڑھنے کے بعد ہو جائے گا ۔

ہم دستور ساز اسمبلی کے ہردلعزیز ڈپٹی سکریٹری جگل کشور کھنہ صاحب کا دلی شکریہ ادا کئے بغیر نہیں رہ سکتے ۔ کھنہ صاحب نے جو عملی مدد دی، اور باوجود اپنی مصروفیتوں کے انھوں نے جس طرح ہمارے کام میں ہاتھ بٹایا اس کی یاد ہمارے دلوں سے کبھی نہ جائے گی، واقعہ یہ ہے کہ ان کی مہربانیاں شامل نہ ہوتیں تو ہمارے کام کی مشکلیں اور بھی بڑھ جاتیں -

پروفیسر شبلی ابراہیمی اور رام شنکر سکسینہ صاحب اور کانسٹی ٹیواینٹ اسمبلی کے اسٹاف کے دوسرے ارکان سے ہمیں جو مدد ملی ہے اسکا بھی ہم شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں ۔

ہم ہیں جناب والا کے خادم

محمد اجمل خاں ۔

محمد مجیب ۔

ہارون خاں شیروانی ۔

(اُردو ترجمہ کمیٹی کے ممبر)

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

ھند کے دستور کا مسودہ

فہرست

صفحہ

تمہید ۱

حصہ ۱ — یونین، اس کی سرزمین اور اس کے اختیار کی حدیں

دفعہ

۱ یونین کا نام اور اس کی سرزمین ۲

۲ نئی ریاستوں کا شامل کرنا اور ان کا قائم ہونا ۲

۳ نئی ریاستوں کا بنایا جانا اور موجودہ ریاستوں کے رقبوں میں اور ناموں میں تبدیلی ۲

۴ دفعہ ۲ اور ۳ کے ماتحت جو قانون بنایا جائے اس میں پہلے شیڈیول کی ترمیم اور ضمنی اور نتیجے کے طور پر نکلنے والے معاملوں کی بابت قاعدے ہوں گے ۳

حصہ ۲ — شہریت

۵ شہریت اس دستور کے جاری ہونے کی تاریخ پر ۴

۶ پارلیمنٹ کو قانون کے ذریعے شہریت کے حق کے بارے میں قاعدے بنانے کا اختیار ۵

158

دفعہ — صفحہ

حصہ ۳ — بنیادی حق

عام باتیں

۷ تعریف ۶

۸ شرطیں ۶

برابری کے حق

۹ مذہب ، نسل ، ذات یا جنس کی بنا پر امتیاز کی مناہی . . . ۶

۱۰ سرکاری نوکریوں کے لئے برابر کا موقع ۷

۱۱ چھوت چھات کا مٹانا ۷

۱۲ خطابوں کی منسوخی ۸

۱۳ تقریر کی آزادی وغیرہ کے متعلق بعض حقوں کی حفاظت . . . ۸

۱۴ بعض صورتوں میں سزا سے بچاؤ ۹

۱۵ جان اور ذاتی آزادی کی حفاظت اور قانون کی نگاہ میں سب کی برابری ۱۰

۱۶ ہند کی پوری سرزمین میں تجارت ، بیوپار اور میل جول کی آزادی . ۱۰

۱۷ انسانوں کی خرید و فروخت اور بیگار کی مناہی ۱۰

۱۸ کارخانوں وغیرہ میں بچوں سے کام کرانے کی مناہی . . . ۱۰

مزہب کی بارے میں حق

۱۹ ضمیر کی آزادی اور کسی مذہب کو ماننے ، اس پر عمل کرنے اور اس کے پھیلانے کی آزادی ۱۰

۲۰ مذہبی معاملوں کے انتظام کی آزادی اور مذہبی اور خیراتی مقصدوں کے لئے جائداد کا مالک ہونا ، اسے حاصل کرنا اور اس کا اہتمام . . ۱۱

۲۱ کسی مذہب یا مذہبی فرقے کی ترقی یا اسے قائم رکھنے کے لئے ٹیکس کے متعلق آزادی ۱۱

۲۲ بعض تعلیمی اداروں میں مذہبی تعلیم یا مذہبی عبادت میں شرکت کے بارے میں آزادی ۱۱

صفحہ		دفعہ
	تہذیبی اور تعلیمی حق	
۱۲	اقلیتوں کے مفاد کی حفاظت	۲۳
	ملکیت کا حق	
۱۳	جائداد کا جبریہ حاصل کرنا	۲۴
	دستوری دادرسی کا حق	
۱۳	اس باب میں جو حق دئے گئے ہیں انہیں عمل میں لانے کے لئے دادرسی	۲۵
۱۴	فوج پر ان حقوں کے اطلاق کے متعلق پارلیمنٹ کو ترمیم کا اختیار جن کی ذمہ داری اس باب میں لی گئی ہے	۲۶
۱۴	اس حصہ کو عمل میں لانے کے لئے قانون سازی	۲۷
	حصہ ۴ — مملکتی پالیسی کی رہنمائی کے لئے اصول	
۱۵	تعریف	۲۸
۱۵	اس حصہ میں جو اصول بیان کئے گئے ہیں، ان کا اطلاق	۲۹
۱۵	مملکت لوگوں کی ترقی اور بھلائی کے لئے ایک خاص سماجی نظام قائم کرے	۳۰
۱۵	پالیسی کے کچھ اصول جن پر مملکت عمل کیا کرے گی	۳۱
۱۶	خاص حالتوں میں کام کا اور تعلیم اور پبلک مدد کا حق	۳۲
۱۶	کام کی شرطوں میں انصاف اور رحمدلی کا خیال اور زچوں کی امداد	۳۳
۱۶	مزدوروں کے لئے گزارہ بھر اجرت وغیرہ	۳۴
۱۶	شہریوں کے لئے یکساں سول قانون	۳۵
۱۶	مفت ابتدائی تعلیم	۳۶
۱۷	شیڈیولی ذاتوں، پراچین قبیلوں اور آبادی کے دوسرے کمزور حصوں کا تعلیمی اور معاشی مفاد	۳۷

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

دفعہ — صفحہ

۳۸ غذا اور زندگی کا معیار اونچا کرنے اور عام تندرستی بہتر بنانے میں مملکت کا فرض ۱۷
۳۹ اہم قومی یادگاروں ، مقاموں اور چیزوں کی حفاظت اور انہیں برقرار و قائم رکھنا ۱۷
۴۰ بین قومی امن و سلامتی کو ترقی دینا ۱۷

حصہ ۵ — یونین

باب ۱ — عاملہ

پریزیڈنٹ اور وائس پریزیڈنٹ

۴۱ ہند کا پریزیڈنٹ ۱۸
۴۲ ہند کا عاملانہ اختیار ۱۸
۴۳ پریزیڈنٹ کا انتخاب ۱۸
۴۴ پریزیڈنٹ کے انتخاب کا طریقہ ۱۸
۴۵ پریزیڈنٹ کے عہدے کی مدت ۱۹
۴۶ دوبارہ انتخاب کی اہلیت ۲۰
۴۷ پریزیڈنٹ کے منتخب ہونے کے لئے اہلیت ۲۰
۴۸ پریزیڈنٹ کے عہدے کی شرطیں ۲۱
۴۹ اپنا عہدہ سنبھالنے سے پہلے پریزیڈنٹ یا اس شخص کا اقرار یا قسم جو پریزیڈنٹ کا قائم مقام ہو یا جو اس کے فرائض کو انجام دے . . . ۲۱
۵۰ پریزیڈنٹ کے مواخذے کا ضابطہ ۲۲
۵۱ پریزیڈنٹ کا عہدہ خالی ہونے کی شکل میں انتخاب کا وقت اور اس عہدے کے اتفاقیہ خالی ہونے پر نئے شخص کی مدت کار ۲۲
۵۲ ہند کا وائس پریزیڈنٹ ۲۳
۵۳ وائس پریزیڈنٹ عہدے کے اعتبار سے ریاستوں کی کونسل کا صدر ہوا کرے گا . ۲۳
۵۴ پریزیڈنٹ کی غیرحاضری میں اتفاق سے اس کا عہدہ خالی ہونے پر وائس پریزیڈنٹ ، پریزیڈنٹ کے فرائض انجام دے گا ۲۳

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

دفعہ		صفحہ
۵۵	وائس پریزیڈنٹ کا انتخاب	۲۳
۵۶	وائس پریزیڈنٹ کے عہدے کی مدت	۲۵
۵۷	کسی دوسری اتفاقی صورت میں پارلیمنٹ کو پریزیڈنٹ کے فرائض کی انجام دہی کے متعلق انتظام کا اختیار	۲۵
۵۸	پریزیڈنٹ اور وائس پریزیڈنٹ کے انتخاب کے متعلق جھگڑے . .	۲۵
۵۹	معافی وغیرہ دینے اور سزا کو ملتوی یا کم یا تبدیل کرنے کا پریزیڈنٹ کو اختیار	
۶۰	ہند کے عاملانہ اختیار کا پھیلاؤ	۲۶

وزیروں کی کونسل

۶۱	پریزیڈنٹ کو مدد اور مشورہ دینے کے لئے وزیروں کی کونسل .	۲۷
۶۲	وزیروں کے متعلق دوسرے قاعدے	۲۷

ہند کا اٹارنی جنرل

۶۳	ہند کا اٹارنی جنرل	۲۸

حکومت کا طریق کار

۶۴	ہند سرکار کا طریق کار	۲۹
۶۵	وزیر اعظم کے فرائض پریزیڈنٹ کو معلومات بہم پہنچانے وغیرہ کے متعلق . .	۲۹

باب ۲ - پارلیمنٹ

عام باتیں

۶۶	پارلیمنٹ کی بناوٹ	۲۹
۶۷	پارلیمنٹ کے ایوانوں کی بناوٹ	۳۰
۶۸	پارلیمنٹ کے ایوانوں کی مدت کار	۳۲

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

دفعہ		صفحہ
۶۹	پارلیمنٹ کے سیشن ، اس کا برخاست اور منتشر ہونا . .	۳۳
۷۰	پریزیڈنٹ کا حق کہ ایوانوں سے خطاب کرے یا انہیں پیغام بھیجے .	۳۳
۷۱	پارلیمنٹ کے ہر سیشن کے شروع میں پریزیڈنٹ کا خاص ایڈریس اور پارلیمنٹ میں ان معاملوں پر بحث جن کی طرف ایڈریس میں اشارہ کیا گیا ہو	۳۳
۷۲	ایوانوں کے بارے میں وزیروں اور اٹارنی جنرل کا حق . . .	۳۴

پارلیمنٹ کی عہدے دار

دفعہ		صفحہ
۷۳	ریاستوں کی کونسل کا صدر اور نائب صدر	۳۴
۷۴	نائب صدر کے عہدے کو خالی کرنا ، اس سے استعفا اور برطرفی . .	۳۴
۷۵	صدر کے عہدے کے فرائض انجام دینے یا صدر کی جگہ کام کرنے کے متعلق نائب صدر یا دوسرے شخصوں کا اختیار	۳۵
۷۶	ایوان عام کا سپیکر اور نائب سپیکر	۳۵
۷۷	سپیکر یا نائب سپیکر کے عہدے کو خالی کرنا ، اس سے استعفا اور برطرفی	۳۵
۷۸	سپیکر کے عہدے کے فرائض انجام دینے یا سپیکر کی جگہ کام کرنے کا نائب سپیکر یا دوسرے شخصوں کو اختیار	۳۶
۷۹	صدر اور نائب صدر اور سپیکر اور نائب سپیکر کی تنخواہیں اور الاونس .	۳۶

کارروائی کا طریقہ

دفعہ		صفحہ
۸۰	ایوانوں میں رائے دینے کا طریقہ ، جگہیں خالی ہونے کے باوجود ایوانوں کو کام کرنے کا اختیار اور کورم	۳۶

ممبروں کے ناقابل ہو جانے کی صورتیں

دفعہ		صفحہ
۸۱	ممبروں کا اقرار نامہ	۳۷
۸۲	جگہیں خالی کرنا	۳۷
۸۳	ممبری کے لئے ناقابل ہو جانے کی صورتیں	۳۸

163

دفعہ		صفحہ
۸۴	دفعہ ۸۱ کے ماتحت اقرار کرنے سے پہلے قابلیت نہ رکھنے یا نا قابل ٹھہرائے جانے کے باوجود (پارلیمنٹ میں) بیٹھنے اور رائے دینے کی سزا . .	۳۹
	ممبروں کے خاص حق اور رعائتیں	
۸۵	ممبروں کے حق وغیرہ	۳۹
۸۶	ممبروں کی تنخواہیں اور الاونس	۴۰
	قانون سازی کا ضابطہ	
۸۷	بلوں کو پیش کرنے اور منظور کرنے کے بارے میں قاعدے . .	۴۰
۸۸	بعض صورتوں میں دونوں ایوانوں کا مشترک اجلاس . . .	۴۱
۸۹	مالی بلوں کے بارے میں خاص ضابطہ	۴۳
۹۰	مالی بل کی تعریف	۴۳
۹۱	بلوں کی منظوری	۴۵
	مالی معاملوں کا ضابطہ	
۹۲	سالانہ بجٹ	۴۵
۹۳	پارلیمنٹ کا ضابطہ تخمینوں کے بارے میں	۴۶
۹۴	منظور کئے ہوئے خرچ کے شیڈیول کی تصدیق	۴۷
۹۵	خرچ کی ضمنی کیفیت	۴۷
۹۶	زائد مطالبوں کی منظوری	۴۸
۹۷	مالیاتی بلوں کے متعلق خاص قاعدے	۴۸
	ضابطے کے متعلق عام باتیں	
۹۸	ضابطے	۴۹
۹۹	زبان جو پارلیمنٹ میں استعمال ہو گی	۴۹

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

دفعہ		صفحہ
۱۰۰	پارلیمنٹ میں بحث پر پابندیاں	۵۰
۱۰۱	عدالتوں کو پارلیمنٹ کی کارروائیوں کے بارے میں تحقیقات کرنے کی مناھی.	۵۰
	باب ۳ - پریزیڈنٹ کے قانون سازی کے اختیار	
۱۰۲	پارلیمنٹ کی تعطیل کے زمانے میں پریزیڈنٹ کا آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار	۵۰
	باب ۴ — یونین کی عدالت	
۱۰۳	سپریم کورٹ کا قیام اور اس کی بناوٹ	۵۱
۱۰۴	ججوں کی تنخواھیں وغیرہ	۵۳
۱۰۵	قائم مقام چیف جسٹس کا تقرر	۵۳
۱۰۶	خاص غرض کے لئے ججوں کا تقرر	۵۳
۱۰۷	ریٹائرڈ ججوں کی سپریم کورٹ کے اجلاس میں شرکت	۵۴
۱۰۸	سپریم کورٹ کا صدر مقام	۵۴
۱۰۹	سپریم کورٹ کا ابتدائی اختیار سماعت	۵۵
۱۱۰	سپریم کورٹ کو بعض مقدموں میں ریاستی ھائی کورٹوں کی اپیلیں سننے کا اختیار .	۵۶
۱۱۱	پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں جن ریاستوں کا اس وقت ذکر ھے انھیں چھوڑ کر ھند کی سر زمین میں جو ھائی کورٹ ھیں ان کی دوسرے معاملوں میں اپیلیں سننے کا سپریم کورٹ کو اختیار .	۵۶
۱۱۲	بعض دوسرے مقدموں میں اپیل کرنے کی سپریم کورٹ کی خاص اجازت.	۵۷
۱۱۳	ان ریاستوں کی ھائی کورٹوں کی طرف سے جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ھے بعض مقدموں میں سپریم کورٹ سے رائے طلبی .	۵۷
۱۱۴	سپریم کورٹ کے اختیار سماعت میں اضافہ	۵۸
۱۱۵	سپریم کورٹ کو بعض پروانے جاری کرنے کا اختیار	۵۸
۱۱۶	سپریم کورٹ کے ذیلی اختیارات	۵۹

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

دفعہ — صفحہ

۱۱۷ تمام عدالتیں سپریم کورٹ کے بنائے ہوئے قانون کی پابند ہوں گی . ۵۹

۱۱۸ سپریم کورٹ کی ڈگریوں اور حکموں کے اجراء اور کاغذات داخل کرنے وغیرہ کے بارے میں ہدایتیں . ۵۹

۱۱۹ پریزیڈنٹ کو سپریم کورٹ سے مشورہ کرنے کا اختیار . ۶۰

۱۲۰ انتظامی (سول) اور عدالتی حاکموں کو سپریم کورٹ کی مدد کرنا ہوگا ۶۰

۱۲۱ کورٹ کے قاعدے وغیرہ . ۶۰

۱۲۲ سپریم کورٹ کے افسروں اور ملازموں کی تنخواہیں ، الاونس ، پنشنیں اور اس کا خرچ . ۶۱

۱۲۳ پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں جن ریاستوں کا ذکر ہے ان کے ہائی کورٹوں کی طرف اشارے کا مطلب . ۶۲

باب ۵ — ہند کا آڈیٹر جنرل

۱۲۴ ہند کا آڈیٹر جنرل . ۶۲

۱۲۵ آڈیٹر جنرل کے فرائض اور اختیار . ۶۳

۱۲۶ ہند کے آڈیٹر جنرل کا حساب کتاب کے بارے میں ہدایتیں دینے کا اختیار ۶۳

۱۲۷ آڈٹ کی رپورٹیں . ۶۳

حصہ ۶ — وہ ریاستیں جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں کیا گیا ہے

باب ۱ — عام باتیں

۱۲۸ تعریف . ۶۴

باب ۲ — عاملہ

گورنر

۱۲۹ ریاستوں کے گورنر . ۶۴

۱۳۰ ریاستوں کا عاملانہ اختیار . ۶۴

دفعہ		صفحہ
۱۳۱	گورنر کا انتخاب یا / انتخاب کا دوسرا طریقہ / گورنر کا تقرر . .	۶۴
۱۳۲	گورنر کے عہدے کی میعاد	۶۵
۱۳۳	گورنر کے عہدے کے لئے دوبارہ انتخاب / دوبارہ تقرر کی اہلیت .	۶۵
۱۳۴	گورنر منتخب ہونے کے لئے اہلیت / یا اس کا دوسرا طریقہ / گورنر مقرر ہونے کی اہلیت	۶۶
۱۳۵	گورنر کے عہدے کی شرطیں	۶۷
۱۳۶	اپنا عہدہ سنبھالنے سے پہلے گورنر یا اس شخص کا اقرار یا قسم جو گورنر کا قائم مقام ہو یا جو اُس کے فرائض کو انجام دے	۶۷
۱۳۷	گورنر کے مواخذے کا ضابطہ	۶۸
۱۳۸	بعض اتفاقی صورتوں میں قانون ساز مجلس / پریزیڈنٹ کو گورنر کے فرائض انجام دینے کے متعلق بندوبست کا اختیار	۶۹
۱۳۹	گورنر کا عہدہ خالی ہونے کی شکل میں انتخاب کا وقت / پینل کی تشکیل کے لئے انتخاب کا وقت	۶۹
۱۴۰	گورنر کے انتخاب کے متعلق/ گورنر کے تقرر کی غرض سے/پینل کے انتخاب کے متعلق / جھگڑے	۶۹
۱۴۱	معافی وغیرہ دینے اور سزا کو ملتوی یا کم یا تبدیل کرنے کا گورنر کو اختیار .	۶۹
۱۴۲	ریاستوں کے عاملانہ اختیار کا پھیلاؤ	۷۰

وزیروں کی کونسل

۱۴۳	گورنر کو مدد اور مشورہ دینے کے لئے وزیروں کی کونسل . . .	۷۰
۱۴۴	وزیروں کے متعلق دوسرے قاعدے	۷۱

ریاست کا ایڈوکیٹ جنرل

۱۴۵	ریاست کا ایڈوکیٹ جنرل	۷۱

صفحہ

ریاستی سرکار کا طریق کار

۱۴۶ ریاستی سرکار کا طریق کار ۷۲
۱۴۷ بڑے وزیر کے فرائض ، گورنر کو معلومات بہم پہنچانے وغیرہ کے متعلق . ۷۲

باب ۳—ریاست کی قانون ساز جماعت

عام باتیں

۱۴۸ ریاستی قانون ساز جماعتوں کی بناوٹ ۷۳
۱۴۹ قانون ساز اسمبلیوں کی بناوٹ ۷۳
۱۵۰ قانون ساز کونسلوں کی بناوٹ ۷۴
۱۵۱ ریاستی قانون ساز جماعت کی مدت کار ۷۵
۱۵۲ ریاست کی قانون ساز جماعت کی ممبری کے لئے عمر کی قید . . ۷۵
۱۵۳ ریاست کی قانون ساز جماعت کے سیشن ، اس کا برخاست ہونا اور منتشر ہونا ۷۶
۱۵۴ گورنر کا حق کہ ایوانوں سے خطاب کرے یا انہیں پیام بھیجے . . ۷۶
۱۵۵ ہر سیشن کے شروع میں گورنر کا خاص ایڈریس اور قانون ساز جماعت میں ان معاملوں پر بحث جن کی طرف ایڈریس میں اشارہ کیا گیا ہو . ۷۷
۱۵۶ ایوانوں کے متعلق وزیروں اور ایڈوکیٹ جنرل کا حق . . . ۷۷

ریاست کی قانون ساز جماعت کے عہدے دار

۱۵۷ اسمبلی کا سپیکر اور نائب سپیکر ۷۷
۱۵۸ سپیکر اور نائب سپیکر کے عہدے کو خالی کرنا ، اس سے استعفا اور برطرفی ۷۷
۱۵۹ سپیکر کے عہدے کے فرائض انجام دینے یا سپیکر کی جگہ کام کرنے کا نائب سپیکر یا دوسرے لوگوں کو اختیار ۷۸
۱۶۰ کونسل کا صدر اور نائب صدر ۷۸
۱۶۱ صدر یا نائب صدر کے عہدے کو خالی کرنا ، اس سے استعفا اور برطرفی . ۷۸

168

دفعہ | | صفحہ

۱۶۲ صدر کے عہدے کے فرائض انجام دینے یا صدر کی جگہ کام کرنے کا نائب صدر یا دوسرے لوگوں کو اختیار ۷۹
۱۶۳ سپیکر اور نائب سپیکر اور صدر اور نائب صدر کی تنخواہیں اور الاونس . ۷۹

کارروائی کا طریقہ

۱۶۴ ایوانوں میں رائے دینے کا طریقہ، جگہیں خالی ہونے کے باوجود ایوانوں کو کام کرنے کا اختیار اور کورم ۷۹

ممبروں کے نا قابل ہو جانے کی صورتیں

۱۶۵ ممبروں کا اقرار نامہ ۸۰
۱۶۶ جگہیں خالی ہونا ۸۰
۱۶۷ ممبری کے لئے ناقابل ہو جانے کی صورتیں ۸۱
۱۶۸ دفعہ ۱۶۵ کے ماتحت اقرار کرنے سے پہلے یا قابلیت نہ رکھنے یا ناقابل ٹھہرائے جانے کے باوجود (اسمبلی یا کونسل میں) بیٹھنے یا رائے دینے کی سزا ۸۲

ممبرون کے خاص حق اور رعائتیں

۱۶۹ ممبروں کے خاص حق وغیرہ ۸۳
۱۷۰ ممبروں کی تنخواہیں اور الاونس ۸۳

قانون سازی کا ضابطہ

۱۷۱ بلوں کو پیش کرنے اور منظور کرنے کے بارے میں قاعدے ۸۴
۱۷۲ ان ریاستوں میں جہاں کونسلیں ہوں بعض صورتوں میں دونوں ایوانوں کا مشترک اجلاس ۸۴

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

دفعہ | | صفحہ

۱۷۳ "مالی بلوں" کے بارے میں خاص ضابطہ . . . ۸۵
۱۷۴ "مالی بل" کی تعریف ۸۶
۱۷۵ بلوں کی منظوری ۸۷
۱۷۶ پریزیڈنٹ کے غور کے لئے بلوں کو اٹھا رکھنا ۸۸

مالی معاملوں کا ضابطہ

۱۷۷ سالانہ بجٹ ۸۸
۱۷۸ قانون ساز جماعت کا ضابطہ تخمینوں کے بارے میں ۹۰
۱۷۹ منظور کئے ہوئے خرچ کے شیڈیول کی تصدیق ۹۰
۱۸۰ اخراجات کی ضمنی کیفیت ۹۱
۱۸۱ زائد مطالبوں کی منظوری ۹۱
۱۸۲ مالیاتی بلوں کے متعلق خاص قاعدے ۹۱

ضابطے کے متعلق عام باتیں

۱۸۳ ضابطے ۹۲
۱۸۴ زبان جو ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں میں استعمال ہو گی . ۹۲
۱۸۵ قانون ساز جماعت میں بحث پر پابندیاں ۹۳
۱۸۶ عدالتوں کو قانون ساز جماعت کی کارروائیوں کے بارے میں تحقیقات کی ممانعت ۹۳

باب ۴—گورنر کے قانون سازی کے اختیار

۱۸۷ قانون ساز جماعت کی تعطیل کے زمانے میں گورنر کا آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار ۹۳

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

دفعہ		صفحہ
	باب ۵ — شدید ناگہانی صورتوں کے لئے بندوبست	
۱۸۸	شدید ناگہانی صورتوں میں گورنر کا اختیار	۹۵
	باب ۶ — شیڈیولی اور قبائلی علاقے	
۱۸۹	تعریفیں	۹۶
۱۹۰	شیڈیولی اور قبائلی علاقوں کا انتظام	۹۷
	باب ۷ — ریاستوں کے ہائی کورٹ	
۱۹۱	"ہائی کورٹ" کے معنی	۹۶
۱۹۲	ہائی کورٹ کی بناوٹ	۹۷
۱۹۳	ہائی کورٹ کے جج کے تقرر اور اس کے عہدے کی شرطیں	۹۸
۱۹۴	سپریم کورٹ کے متعلق چند قاعدوں کا ہائی کورٹوں پر اطلاق	۹۹
۱۹۵	عہدہ سنبھالنے سے پہلے ہائی کورٹوں کے ججوں کا عہد	۹۹
۱۹۶	عدالتوں یا کسی کے سامنے ایسے شخص کے لئے جو ہائی کورٹ کی ججی کے عہدے پر رہ چکا ہو، وکالت کرنے کی مناہی	۱۰۰
۱۹۷	ججوں کی تنخواہیں وغیرہ	۱۰۰
۱۹۸	عارضی جج	۱۰۰
۱۹۹	ایڈیشنل جج	۱۰۱
۲۰۰	پنشن یاب (ریٹائرڈ) ججوں کی ہائی کورٹ کے اجلاس میں شرکت	۱۰۱
۲۰۱	موجودہ ہائی کورٹوں کا دائرہ اختیار	۱۰۲
۲۰۲	ہائی کورٹوں کو بعض پروانے جاری کرنے کا اختیار	۱۰۲
۲۰۳	ہائی کورٹوں کے انتظامی فرائض	۱۰۳
۲۰۴	بعض مقدموں کی ہائی کورٹ کو سماعت کے لئے منتقلی	۱۰۴
۲۰۵	ہائی کورٹوں کے افسروں اور ملازموں کی تنخواہیں، الاونس اور پینشنیں اور ان کے خرچ	۱۰۴
۲۰۶	ہائی کورٹ قائم کرنے یا اسے نئی شکل دینے کا اختیار	۱۰۴

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

١٦١

دفعہ — صفحہ

۲۰۷ ہائی کورٹوں کے دائرہ اختیار میں اضافہ یا کمی ۱۰۵

۲۰۸ ریاستی قانون ساز جماعت کے ایسے ہائی کورٹ کے بارے میں قانون بنانے کے اختیار پر پابندیاں جنکا دائرہ اختیار ریاست سے باہر بھی ہے . . ۱۰۶

۲۰۹ تشریح ۱۰۶

باب ۸ — ریاستوں کے لئے آڈیٹر انچیف

۲۱۰ ریاستوں کے لئے آڈیٹر انچیف ۱۰۷

۲۱۱ آڈٹ رپورتیں ۱۰۸

حصہ ۷ — وہ ریاستیں جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۲ میں ہے

۲۱۲ ان ریاستوں کا انتظام جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۲ میں ہے . . ۱۰۹

۲۱۳ مقامی قانون ساز جماعت یا مشیروں کی کونسل بنانا یا ان کو قائم رکھنا . ۱۰۹

۲۱۴ کورگ ۱۱۰

حصہ ۸ — وہ علاقے جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۴ میں ہے اور دوسرے علاقے جن کا ذکر اس شیڈیول میں نہیں ہے

۲۱۵ ان علاقوں کا انتظام جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۴ میں ہے اور دوسرے علاقوں کا انتظام جن کا ذکر اس شیڈیول میں نہیں ہے . . . ۱۱۱

حصہ ۹ — یونین اور ریاستوں کا سمبندھ

باب ۱ — قانون سازی کے رشتے

قانون سازی کے اختیاروں کی تقسیم

۲۱۶ پارلیمنٹ اور ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں کے بنائے ہوئے قانونوں کا پھیلاؤ ۱۱۲

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

172

دفعہ		صفحہ
۲۱۷	وہ معاملے جن کے بارے میں پارلیمنٹ اور ریاستوں کی قانون ساز جماعتیں قانون بنا سکتی ہیں	۱۱۲
۲۱۸	سپریم کورٹ کے بارے میں قانون بنانا	۱۱۳
۲۱۹	پارلیمنٹ کو بعض زائد عدالتوں کو قانون کے ذریعےقائم کرنے کا اختیار۔ .	۱۱۳
۲۲۰	ہائی کورٹوں کو قائم کرنے اور ان کی تنظیم کے بارے میں قانون سازی .	۱۱۳
۲۲۱	ہائی کورٹوں کے دائرہ اختیار اور دوسرے اختیاروں کے بارے میں قانون بنانا	۱۱۳
۲۲۲	دیوانی اور فوجداری کے معاملوں میں ہائی کورٹ جن ضابطوں پر عمل کریں گے ان کے متعلق قانون بنانا	۱۱۴
۲۲۳	قانون بنانے کے متعلق بقیہ اختیارات	۱۱۴
۲۲۴	بعض معاملوں میں ان ریاستوں کے لئے جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے پارلیمنٹ کے قانون بنانے کے اختیارات پر پابندی۔ . .	۱۱۵
۲۲۵	ان ریاستوں کے بارے میں قانون بنانے کا اختیار جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے	۱۱۶
۲۲۶	قومی ضرورت کے لئے ریاستی فہرست کے کسی معاملے کے متعلق پارلیمنٹ کو قانون بنانے کا اختیار	۱۱۶
۲۲۷	اگر ناگہانی حالت کا اعلان ہوگیا ہو تو پارلیمنٹ کو ریاستی فہرست کے کسی معاملے کے متعلق قانون بنانے کا اختیار . . .	۱۱۶
۲۲۸	دفعہ ۲۲۶ اور ۲۲۷ کے مطابق پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قانونوں اور ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں کے بنائے ہوئے قانونوں میں اختلاف . .	۱۱۷
۲۲۹	پارلیمنٹ کو ایک یا اس سے زیادہ ریاستوں کے لئے ان کی رضامندی سے قانون بنانے کا حق اور دوسری ریاستوں کا ایسے قانون کو اپنانا . .	۱۱۷
۲۳۰	بین قومی سمجھوتوں پر عمل درآمد کی غرض سے قانون بنانا . .	۱۱۸
۲۳۱	پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قانونوں اور ریاستوں کے بنائے ہوئے قانونوں کے درمیان اختلاف	۱۱۸

قانون سازی کے اختیاروں پر پابندی

۲۳۲	سفارشوں کے بارے میں ہدایات صرف ضابطے کی بابت سمجھی جائے گی	۱۱۹

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

173

دفعہ

صفحہ

باب ٢ — انتظامی رشتے

عام باتیں

٢٣٣ ریاستوں اور یونین کی ذمہ داریاں ١١٩

٢٣٤ ریاستوں کا فرض کہ وہ یونین کے اختیار میں رکاوٹ نہ ڈالیں اور اسے نقصان نہ پہنچائیں ١١٩

٢٣٥ بعض صورتوں میں یونین کو ریاستوں کو اختیارات وغیرہ دینے کا حق . ١٢٠

٢٣٦ یونین کا اختیار کہ بعض ریاستوں میں قانون سازی عاملہ یا عدالت کے فرضوں کو اپنے ذمے لے لے ١٢٠

٢٣٧ ان ریاستوں کو جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے پہلے حصہ میں کیا گیا ہے ان ریاستوں میں جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ٣ میں کیا گیا ہے، قانون سازی، عاملہ اور عدالت کے فرائض اپنے ذمے لے لینے کا اختیار . ١٢٢

٢٣٨ عام قانون، سرکاری کاغذات اور عدالتی کارروائیاں ١٢٢

آب رسانی میں مداخلت

٢٣٩ آب رسانی میں مداخلت کے بارے میں شکائتیں ١٢٣

٢٤٠ شکائتوں کا فیصلہ ١٢٤

٢٤١ ان ریاستوں کی آب رسانی میں مداخلت جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ٢ میں کیا گیا ہے ١٢٥

٢٤٢ عدالتوں کو اختیار سماعت نہ ہوگا ١٢٦

ریاستوں کے درمیان بیوپار اور تجارت

٢٤٣ تجارت اور کاروبار کے متعلق کسی قانون یا ضابطے کے ذریعے ایک ریاست کو دوسری پر ترجیح دینے کی مناہی ١٢٦

٢٤٤ ریاستوں کے درمیان تجارت اور بیوپار پر پابندیاں. . . . ١٢٦

١٧٦

دفعہ		صفحہ
۲۴۵	دفعہ ۲۴۳ اور ۲۴۴ کی شرطوں پر عمل درآمد کرنے کے لئے ادھیکاریوں کا مقرر ھونا	۱۲۷

ریاستوں میں ہم آہنگی

۲۴۶	بین ریاستی کونسل کے بارے میں قاعدے	۱۲۷

حصہ ۱۰ — مالیات ، جائداد ، معاھدے اور مقدمے

باب ۱ — مالیات

یونین اور ریاستوں کے درمیان آمدنی کی تقسیم

۲۴۷	معنی اور مطلب	۱۲۹
۲۴۸	ھند کی آمدنی اور ریاست کی آمدنی سے مراد	۱۲۹
۲۴۹	وہ محصول جو یونین نے لگائے ھوں مگر جن کو ریاستوں نے جمع کیا ھو اور خرچ کیا ھو	۱۳۰
۲۵۰	ٹیکس جو یونین لگائے اور جمع کرے مگر ریاستوں کے حوالے کر دے . .	۱۳۰
۲۵۱	ٹیکس جو یونین لگائے اور جمع کرے اور جو یونین اور ریاستوں کے درمیان تقسیم ھو	۱۳۱
۲۵۲	بعض ٹیکسوں اور محصولوں پر یونین کے مقصدوں کے لئے زائد مطالبے .	۱۳۲
۲۵۳	وہ ٹیکس جن کو یونین لگائے اور جمع کرے اور جو یونین اور ریاستوں کے درمیان تقسیم کئے جا سکیں.	۱۳۲
۲۵۴	سن یا سن کی بنائی ھوئی چیزوں پر لگائے ھوئے محصول کی تقسیم .	۱۳۳
۲۵۵	بعض ریاستوں کو یونین کی طرف سے مالی امداد . . .	۱۳۳
۲۵۶	پیشوں، بیوپاروں، روزگاروں اور نوکریوں پر ٹیکس . . .	۱۳۴
۲۵۷	شرط	۱۳۵
۲۵۸	ان ریاستوں کے ساتھ جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ھے ٹیکسوں اور چنگیوں کے لگانے، جمع کرنے اور تقسیم کرنے کے متعلق معاھدے. .	۱۳۵

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

165

دفعہ		صفحہ
۲۵۹	خالص آمدنی وغیرہ کا حساب	۱۳۶
۲۶۰	مالیاتی کمیشن	۱۳۶
۲۶۱	مالیاتی کمیشن کی سفارشیں	۱۳۷

متفرق مالیاتی قاعدے

۲۶۲	خرچ جو ہند کی آمدنی سے ادا ہوگا	۱۳۷
۲۶۳	سرکاری روپیئے کی تحویل کے قاعدے	۱۳۸
۲۶۴	بعض سرکاری ملکیت کا ٹیکس سے بری ہونا	۱۳۸
۲۶۵	ٹیکسوں سے بجلی کا بری ہونا	۱۳۹
۲۶۶	ریاستی سرکاروں کا یونین کے ٹیکسوں سے بری ہونا	۱۳۹
۲۶۷	بعض خرچوں اور پنشنوں کے متعلق آپسی حساب کتاب	۱۴۰

باب ۲ — قرض لینا

۲۶۸	ہند سرکار کا قرض لینا	۱۴۱
۲۶۹	ریاستوں کا قرض لینا	۱۴۱

باب ۳ — ملکیت ، معاہدے ، مالی ذمہ داریاں اور مقدمے

۲۷۰	پونجی اور قرضے حقوق اور مالی ذمہ داریاں	۱۴۲
۲۷۱	لاوارثی مال کی ضبطی یا منتقلی یا لاوارثی کی وجہ سے ملکیت پر قبضہ	۱۴۲
۲۷۲	ملکیت حاصل کرنے کا اختیار	۱۴۳
۲۷۳	معاہدے	۱۴۳
۲۷۴	مقدمے اور کارروائیاں	۱۴۴

دفعہ | صفحہ

حصہ ۱۱ — ناگہانی حالت کے متعلق قاعدے

۲۷۵ ناگہانی حالت کا اعلان ۱۳۵
۲۷۶ ناگہانی حالت کے اعلان کا اثر ۱۳۵
۲۷۷ ناگہانی حالت کے اعلان کے زمانے میں آمدنی کی تقسیم کی بابت تجویزوں پر عمل ۱۳۶
۲۷۸ پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں جن ریاستوں کا ذکر ھے ان میں دستوری نظام کے ٹوٹ جانے کی حالت کے لئے قاعدے ۱۳۶
۲۷۹ ناگہانی حالت کے زمانے میں دفعہ ۱۳ کا عمل روک دیا جائے گا . ۱۳۸
۲۸۰ وہ حق جن کا ذمہ اس دستور کی دفعہ ۲۵ میں لیا گیا ھے ناگہانی حالت کے دوران میں معطل ہو جائیں گے ۱۳۸

حصہ ۱۲ — یونین اور ریاستوں کی نوکریاں .

باب ۱ — نوکریاں

۲۸۱ تشریح ۱۳۹
۲۸۲ یونین یا ریاست کے ملازموں کی بھرتی اور ملازمت کی شرطیں . ۱۳۹
۲۸۳ درمیانی زمانے کے لئے قاعدے ۱۵۰

باب ۲ — سرکاری ملازمت کمیشن

۲۸۴ یونین کے لئے اور ہر ریاست کے لئے سرکاری ملازمت کمیشن . . ۱۵۰
۲۸۵ کمیشنوں کی بناوٹ اور ان کا عملہ ۱۵۱
۲۸۶ سرکاری ملازمت کمیشن کے کام ۱۵۲
۲۸۷ سرکاری ملازمت کمیشن کے فرائض کو بڑھانے کا اختیار . . ۱۵۳
۲۸۸ سرکاری ملازمت کمیشن کا خرچ ۱۵۴

177

دفعہ | صفحہ

حصہ ۱۳ — چناؤ

۲۸۹ چناؤ کی نگرانی، اس کے بارے میں ہدائتیں دینا اور دیکھ بھال ایک انتخابی کمیشن کے ذمہ ہوگا ۱۵۵

۲۹۰ پارلیمنٹ کے لئے چناؤ ۱۵۵

۲۹۱ ریاستوں کی قانون ساز جماعت کے لئے چناؤ ۱۵۵

حصہ ۱۴ — اقلیتوں کے بارے میں خاص تجویزیں

۲۹۲ ایوان عام میں اقلیتوں کے لئے جگہوں کا مخصوص ہونا . . ۱۵۶

۲۹۳ ایوان عام میں اینگلو انڈین جماعت کی نمایندگی کے لئے خاص تجویزیں ۱۵۶

۲۹۴ ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں میں اقلیتوں کے لئے جگہوں کا مخصوص ہونا ۱۵۶

۲۹۵ ریاستوں کی اسمبلیوں میں اینگلو انڈین جماعت کے لئے خاص تجویزیں ۱۵۷

۲۹۶ اقلیتوں کے لوگوں کا نوکریوں اور عہدوں کے لئے حق . . . ۱۵۷

۲۹۷ بعض ملازمتوں کے سلسلے میں اینگلو انڈین جماعت کے لئے خاص تجویزیں ۱۵۸

۲۹۸ اینگلو انڈین جماعت کی تعلیم کے لئے مالی امداد دینے کی خاص تجویزیں ۱۵۸

۲۹۹ یونین اور ریاستوں میں اقلیتوں کے لئے خاص عہدہ دار . . ۱۵۹

۳۰۰ پہلے شیڈیول کے حصہ ا کی ریاستوں کے بارے میں شیڈیولی علاقوں کے انتظام اور شیڈیولی قبیلوں کی بہبودی کی نگرانی یونین سرکار کرے گی . ۱۵۹

۳۰۱ پس ماندہ طبقوں کی حالت کی جانچ پڑتال کے لئے کمیشن مقرر کرنا . ۱۶۰

حصہ ۱۵ — متفرق باتیں

۳۰۲ پریزیڈنٹ اور گورنروں کا بچاؤ ۱۶۱

۳۰۳ تشریح وغیرہ ۱۶۲

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

دفعہ — صفحہ

حصہ ۱۶ — دستور کی ترمیم

۳۰۴ دستور میں ترمیم کا ضابطہ ۱۶۷
۳۰۵ اقلیتوں کے لئے جو جگہیں مخصوص کی گئی ہیں ان پر صرف دس سال تک عمل ہوتا رہے گا سوائے اس صورت کے کہ اس دستور میں ترمیم کرکے اس کا عمل جاری رکھا جائے . . . ۱۶۸

حصہ ۱۷ — وقتی اور درمیانی دور کے لئے قاعدے

۳۰۶ پارلیمنٹ کو یہ وقتی اختیار کہ بعض معاملے جو ریاستی فہرست میں درج ہیں ان کی بابت اس طرح قانون بنائے کہ گویا وہ متوازی فہرست میں شامل ہیں ۱۶۹
۳۰۷ موجودہ قانونوں کو جاری رکھنا اور ان کو حالات کے مطابق بنانا . ۱۷۰
۳۰۸ فیڈرل کورٹ کے جج سپریم کورٹ کے جج ہو جائیں گے اور جو کارروائیاں فیڈرل کورٹ یا بادشاہ با اجلاس کونسل کے سامنے پیش ہیں وہ سپریم کورٹ کو منتقل ہو جائیں گی ۱۷۱
۳۰۹ اس دستور کے جاری ہونے کے بعد سب عدالتیں، ادھیکاری اور عہدے دار اس کے مطابق اپنا اپنا کام کرتے رہیں ۱۷۲
۳۱۰ ہائی کورٹ کے ججوں کے متعلق قاعدے ۱۷۲
۳۱۱ یونین کی عارضی قانون ساز جماعت اور پریزیڈنٹ وغیرہ کے متعلق قاعدے . ۱۷۲
۳۱۲ ہر ایسی ریاست میں جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے عارضی قانون ساز ایوانوں اور گورنر وغیرہ کے متعلق قاعدے . . ۱۷۳
۳۱۳ مشکلوں کو دور کرنے کیلئے پریزیڈنٹ کا اختیار . . . ۱۷۳

حصہ ۱۸ — نفاذ اور منسوخیاں

۳۱۴ نفاذ ۱۷۵
۳۱۵ منسوخیاں ۱۷۵

۱۶۹

صفحه

شیڈیول

پہلا شیڈیول ، ہند کی ریاستیں اور علاقے ۱۷۷

دوسرا شیڈیول :

حصہ ۱ – پریزیڈنٹ اور ان ریاستوں کے گورنروں کے بارے میں قاعدے جنکا ذکر اسوقت شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے . . ۱۷۹

حصہ ۲ – یونین کے وزیروں اور ان ریاستوں کے وزیروں کی تنخواہیں جنکا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے . . ۱۸۰

حصہ ۳ – ایوان عام کے سپیکر اور نائب سپیکر ، ریاستوں کی کونسل کے صدر اور نائب صدر اور ان ریاستوں کی اسمبلیوں کے سپیکر اور نائب سپیکر اور کونسلوں کے صدر اور نائب صدر کی تنخواہیں جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے . ۱۸۰

حصہ ۴ – سپریم کورٹ اور ہائی کورٹوں کے ججوں کی تنخواہیں . ۱۸۱

حصہ ۵ – ہند کے آڈیٹر جنرل کے متعلق قاعدے . . . ۱۸۳

تیسرا شیڈیول – اقرار ناموں کے فارم ۱۸۴

چوتھا شیڈیول – پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں جن ریاستوں کا ذکر ہے ان کے گورنروں کیلئے ہدائتیں. ۱۸۷

پانچواں شیڈیول – شیڈیولی رقبوں اور شیڈیولی قبیلوں کے انتظام اور بندوبست کیلئے قاعدے :

حصہ ۱ – عام باتیں ۱۸۸

حصہ ۲ – مدراس ، بمبئی ، بنگال ، بہار ، مدھیہ پرانت اور برار و اُڑیسہ کی ریاستوں کیلئے قاعدے ۱۸۸

حصہ ۳ – ریاست صوبہ متحدہ کیلئے قاعدے ۱۹۱

حصہ ۴ – ریاست مشرقی پنجاب کیلئے قاعدے . . . ۱۹۳

حصہ ۵ – شیڈیولی رقبے ۱۹۴

دفعہ | صفحہ

چھٹا شیڈیول - آسام کے قبائلی علاقوں کے انتظام کے بارے میں تجویزیں .	۱۹۷
ساتواں شیڈیول :	
فہرست ۱ — یونین والی فہرست	۲۱۱
فہرست ۲ — ریاستی فہرست	۲۱۸
فہرست ۳ — متوازی فہرست	۲۲۳
آٹھواں شیڈیول - شیڈولی قبیلے :	
حصہ ۱— مدراس	۲۲۷
حصہ ۲— بمبئی	۲۲۹
حصہ ۳— مغربی بنگال	۲۳۰
حصہ ۴— صوبہ متحدہ	۲۳۱
حصہ ۵— مشرقی پنجاب	۲۳۱
حصہ ۶— بہار	۲۳۲
حصہ ۷— صوبہ متوسط ہند	۲۳۳
حصہ ۸— آسام	۲۳۵
حصہ ۹— اوڑیسہ	۲۳۶
فہرست اصطلاحات	(i)

181

ہند کے دستور کا مسودہ

تمہید - ہم ہند کے لوگوں نے پوری سنجیدگی کے ساتھ فیصلہ کیا ہے کہ ہند کو ایک پورے اختیار والی عوامی جمہوریہ بنائیں اور اس کا بندوبست کریں کہ اس کے ہر شہری کو

انصاف ملے ، سماجی ، معاشی اور سیاسی ؛

آزادی ملے ، خیال ، بیان ، عقیدے ، مذہب اور عبادت کی ؛

برابری ملے ، حیثیت اور موقعوں میں ؛

اور ہم نے طے کیا ہے کہ شہریوں کے درمیان اس طرح

بھائی چارہ پھیلائیں کہ فرد کا وقار اور قوم کی ایکتا محفوظ رہے ؛

اس لئے ہم اپنی دستور ساز اسمبلی میں آج .... (............ سنہ ۱۹۴۸ع) کو اسے منظور کرتے ہیں

اور اسے قانون بناتے ہیں اور اسے اپنا دستور تسلیم کرتے ہیں -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(30)

182

حصہ ١—یونین، اس کی سرزمین اور اس کے اختیار کی حدیں

یونین کا نام اور اس کی سرزمین۔

دفعہ ١—(١) ہند ریاستوں کے یونین کا نام ہوگا۔

(٢) ریاستوں سے مراد وہ ریاستیں ہونگی جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ١، ٢ اور ٣ میں کیا گیا ہے۔

(٣) ہند کی سرزمین نیچے لکھی ہوئی اکائیاں شامل سمجھی جائیں گی:—

(الف) ریاستوں کے علاقے؛

(ب) وہ علاقے جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۴ میں کیا گیا ہے؛ اور

(پ) وہ علاقے جنھیں آگے چل کر حاصل کیا جائے۔

نئی ریاستوں کا شامل کرنا اور ان کا قائم ہونا۔

دفعہ ٢—پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ وہ حسب ضرورت قانون کے ذریعے نئی ریاستوں کو یونین میں ان شرطوں پر شامل کرے جو اسے مناسب معلوم ہوں۔

نئی ریاستوں کا بنایا جانا اور موجودہ ریاستوں کے رقبوں میں اور ناموں میں تبدیلی۔

دفعہ ٣—پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ وہ قانون کے ذریعے

(الف) کسی ریاست کا کوئی علاقہ الگ کرکے یا دو یا دو سے زیادہ ریاستوں یا ریاستوں کے حصوں کو ملا کر ایک نئی ریاست بنائے؛

(ب) کسی ریاست کا رقبہ بڑھائے؛

(پ) کسی ریاست کا رقبہ گھٹائے؛

(ت) کسی ریاست کے حدوں میں تبدیلی کرے؛

(ٹ) کسی ریاست کا نام بدل دے؛

لیکن اس مقصد سے کوئی بل پارلیمنٹ کے کسی ایوان میں

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

پیش نہ ہو سکے گا سوائے اس حالت کے کہ ہند سرکار اس کو پیش کرے اور وہ بھی اس صورت میں جب کہ

(الف) (۱) جس ریاست کا کوئی علاقہ الگ کرنا یا نکالنا مقصود ہو اس کی قانون ساز جماعت میں اس علاقہ کے جو نمائندے ہوں ان کی اکثریت کی طرف سے پریزیڈنٹ کی خدمت میں درخواست پیش کی جائے ؛ یا

(۲) اس ریاست کی قانون ساز جماعت میں ، جس کی حدوں یا نام پر بل میں جو تحریک ہے اُس کا اثر پڑتا ہو ایسی تجویز منظور ہو جائے ؛

(ب) اگر اس تحریک کا اثر ، جو بل میں کی گئی ہو ، کسی ایسی ریاست کی حدوں یا نام پر پڑتا ہو جو اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں شامل نہ ہو ، تو پریزیڈنٹ بل پیش کرنے کی تحریک اور بل کی دفعوں دونوں کی بابت اس ریاست کی قانون ساز جماعت کی رائے دریافت کر چکا ہو ، اور اگر اس بل کا اثر ایسی ریاست پر پڑتا ہو جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے ، تو بل پیش کرنے سے پہلے تحریک کے بارے میں اس ریاست کی رضامندی بھی حاصل کرلی گئی ہو -

دفعہ ۲ اور ۳ کے ماتحت جو قانون بنایا جائے اس میں پہلے شیڈیول کی ترمیم اور ضمنی اور نتیجے کے طور پر نکلنے والے معاملوں کی بابت قاعدے ہوں گے -

دفعہ ۴-(۱) کسی قانون میں ، جس کا اس دستور کی دفعہ ۲ یا ۳ میں ذکر کیا گیا ہے ، پہلے شیڈیول کی ترمیم کے لئے ایسی ہدایتیں شامل ہوں گی جو اس قانون کے مقصد کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہوں اور پارلیمنٹ چاہے تو اس میں ایسی دفعیں بھی شامل کر سکتی ہے جو ضمنی ہوں یا نتیجے کے طور پر ضروری سمجھی جائیں -

(۲) کوئی ایسا قانون جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے اس دستور کی دفعہ ۳۰۴ کی غرضوں کے لئے دستوری ترمیم کی حیثیت نہ رکھے گا -

حصہ ۲ ــــ شہریت

شہریت اس دستور کے جاری ہونے کی تاریخ پر۔

دفعہ ۵ ــ اس دستور کے جاری ہونے کی تاریخ سے

(الف) ہر وہ شخص ہند کا شہری ہو جائےگا جو یا تو خود یا اس کے ماں باپ میں سے کوئی یا اس کے دادا دادی یا نانا نانی میں سے کوئی ہند کی سرزمین میں ، جس کی تعریف اس دستور میں کی گئی ہے ، پیدا ہوا ہو ، اور جو پہلی اپریل سنہ ۱۹۴۷ع کے بعد کسی غیر ملک میں مستقل طور پر آباد نہ ہو گیا ہو ، اور

(ب) ہر وہ شخص ہند کا شہری ہوگا جو یا تو خود یا اس کے ماں باپ یا دادا دادی یا نانا نانی میں سے کوئی ہند کی سرزمین میں، جس کی تعریف قانون حکومت ہند سنہ ۱۹۳۵ع (کی ابتدائی شکل) میں کی گئی تھی یا جو برما ، لنکا یا ملایا میں پیدا ہوا ہو ، اور جس نے ہند کی سرزمین میں ، جس کی تعریف اس دستور میں کی گئی ہے ، اپنا وطن بنا لیا ہو ،

بشرطیکہ اس نے اس دستور کے جاری ہونے کی تاریخ سے پہلے کسی غیر مملکت کی شہریت حاصل نہ کر لی ہو -

تشریح ــ اس دفعہ کے فقرہ (ب) کے غرضوں کے لئے یہ سمجھا جائیگا کہ کسی شخص نے ہند کی سرزمین میں اپنا وطن بنا لیا ہے -

(۱) اگر قانون وراثت ہند سنہ ۱۹۳۵ع کے حصہ ۲ کے بموجب یہ مانا جاتا کہ اس نے اس سرزمین میں اپنا وطن بنا لیا ہے ، بشرطیکہ اس حصے کا اس پر اطلاق ہوتا ، یا

(۲) اگر اس دستور کے جاری ہونے کی تاریخ سے پہلے اس نے ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ کے دفتر میں اپنی ایک تحریر

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

داخل کر دی ہے کہ میں ھند کی سرزمین کو اپنا وطن بنانا چاھتا ھوں ، اور وہ تحریر کی تاریخ سے کم سے کم ایک مہینہ پہلے سے اس سرزمین میں رھتا ھو -

پارلیمنٹ کو قانون کے ذریعے شہریت کے حق کے بارے میں قاعدے بنانے کا اختیار -

دفعہ ٦-پارلیمنٹ کو اختیار ھوگا کہ شہریت حاصل کرنے ، اسے ختم کرنے ، اور اس سلسلے میں تمام دوسرے معاملوں کے لئے قانون ٥ بنائے -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

حصہ ۳ — بنیادی حق

عام باتین

تعریف -

دفعہ ۷ - اگر عبارت سے کوئی دوسرا مطلب نہ نکلتا ہو تو اس حصے میں جہاں کہیں "مملکت" (State) کا لفظ آیا ہے اس سے ہند سرکار اور پارلیمنٹ ، ہر ریاست کی قانون ساز جماعت ، اور ہند کی سرزمین کے تمام مقامی یا دوسرے ادھیکاری مراد ہونگے -

شرطیں -

دفعہ ۸ - (۱) اس دستور کے جاری ہونے سے پہلے جو قانون ہند کی سرزمین میں رائج تھے وہ اُس حد تک باطل سمجھے جائیں گے جس حد تک وہ دستور کے اس حصے کے خلاف پڑیں -

(۲) مملکت ایسا قانون نہ بناسکے گی جس سے کسی ایسے حق کو منسوخ کیا جاسکے یا اس میں کمی کی جاسکے جو اس حصے کے ذریعے دیا گیا ہو ، اور اگر کوئی ایسا قانون بنایا جائے جو اس فقرے کے خلاف پڑتا ہو تو وہ اس خلاف ورزی کی حد تک باطل ہوگا - لیکن اس فقرہ کا کوئی حصہ مملکت کو اس سے نہ روکے گا کہ جو اونچ نیچ ، فرق ، نقصان یا امتیاز کسی موجودہ قانون کے ذریعے پیدا ہوا ہو اسے دور کرنے کے لئے قانون بنائے -

(۳) اس دفعہ میں لفظ "قانون" میں ہر آرڈیننس ، حکم ، ذیلی قانون ، قاعدہ ، انتظامی قانون ، سرکاری اعلان ، اور وہ رسم و رواج شامل سمجھے جائیں گے جنھیں ہند کی سرزمین یا اس کے کسی حصے میں قانون کی حیثیت حاصل ہو -

برابری کے حق

مذہب ، نسل ، ذات یا جنس کی بنا پر امتیاز کی منافی -

دفعہ ۹ - (۱) مملکت صرف مذہب ، نسل ، ذات اور جنس یا ان میں سے کسی ایک کی بنا پر کسی شہری کے خلاف امتیاز نہیں کرے گی - خصوصیت کے ساتھ محض مذہب ، نسل ، ذات اور جنس یا ان میں سے کسی ایک کی بنا پر کوئی شہری نیچے لکھی ہوئی آسامیوں کے لئے نہ تو نا اہل سمجھا جائے گا ، نہ اس پر کوئی خاص

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

ذمہ‌داری ڈالی جائے گی ، نہ کوئی رکاوٹ پیدا کی جائے گی ، نہ اسے کسی خاص شرط کا پابند کیا جائے گا :—

(الف) دوکانوں، عام کھانے پینے کی جگھوں، ہوٹلوں ، اور تفریح گاھوں میں پہونچنا ، یا

(ب) ایسے کنوؤں ، تالابوں ، سڑکوں ، اور عام آنے جانے کی جگھوں کا استعمال جن کا انتظام سرکاری روپیہ سے کیا جاتا ہو یا جو عام پبلک کے لئے وقف ہوں -

(۲) اس دفعہ کا کوئی حصہ مملکت کو کسی ایسے انتظام سے نہیں روکے گا جو خاص طور پر عورتوں اور بچوں کے لئے کیا جائے -

سرکاری نوکریوں کے لئے برابر کا موقع -

دفعہ ۱۰ - (۱) سرکاری نوکریاں حاصل کرنے کے لئے ہر شہری کو برابر کا موقع ملے گا -

(۲) صرف مذہب ، نسل ، ذات پات ، جنس ، خاندان ، پیدائش کی جگہ یا ان میں سے کسی ایک کی بناء پر کوئی شہری کسی سرکاری عہدے کے لئے نا اہل نہ ٹھیرایا جائے گا -

(۳) اس دفعہ کا کوئی حصہ مملکت کو شہریوں کے کسی ایسے پس‌ماندہ طبقے کے لئے عہدوں یا آسامیوں کی تعداد مخصوص کرنے سے نہیں روکے گا جس کی سرکاری نوکریوں میں کافی نمائندگی نہ ہو رہی ہو -

(۴) اس دفعہ کا کوئی حصہ کسی ایسے قانون کے عمل پر اثر نہ ڈالے گا جس کے لحاظ سے یہ ضروری ہو کہ ہر وہ شخص جو کسی مذہبی یا فرقہ داری ادارے کے معاملوں سے متعلق کسی عہدے پر ہو یا اس کی انتظامی مجلس کا ممبر ہو وہ اسی خاص مذہب کا جاننے والا یا اس فرقے کا رکن ہو -

چھوت چھات کا مٹانا -

دفعہ ۱۱ - چھوت چھات کو منسوخ کیا جاتا ھے اور اس کے برتنے کی مناھی کی جاتی ھے - چھوت چھات کی بناء پر کسی شخص کو کسی طرح سے نا اہل ٹھیرانا جرم سمجھا جائے گا جس کی سزا قانون کے مطابق دی جائے گی -

خطابوں کی منسوخی -

دفعہ ۱۲ - (۱) مملکت کی طرف سے کوئی خطاب نہیں دیا جائے گا -

(۲) ہند کا کوئی شہری کسی غیر مملکت سے کوئی خطاب قبول نہ کرے گا -

(۳) کوئی شخص جو مملکت کے کسی تنخواہ‌دار عہدے یا اعتبار کی خدمت پر مامور ہو وہ بغیر پریزیڈنٹ کی اجازت کے کسی غیر مملکت سے یا اس کی طرف سے کسی قسم کا کوئی تحفہ ، معاوضہ ، خطاب یا عہدہ منظور نہ کر سکے گا -

تقریر کی آزادی وغیرہ کے متعلق بعض حقوں کی حفاظت -

دفعہ ۱۳ - (۱) اس دفعہ کے دوسرے حصوں کو دھیان میں رکھتے ہوئے ہر شہری کو نیچے لکھے ہوئے حق حاصل ہوں گے :-

(الف) تقریر اور بیان کا حق ؛

(ب) شانتی کے ساتھ بغیر ہتھیاروں کے جمع ہونے کا حق ؛

(پ) انجمنیں اور سبھائیں بنانے کا حق ؛

(ت) ہند کی پوری سرزمین میں آزادی سے چلنے پھرنے کا حق ؛

(ٹ) ہند کی سرزمین کے کسی حصے میں رہنے اور بس جانے کا حق ؛

(ث) جائداد حاصل کرنے ، اس پر قبضہ رکھنے اور اسے علیحدہ کرنے کا حق ؛

(ج) کسی پیشے کو اختیار کرنے یا کوئی کاربار ، تجارت یا بیوپار کرنے کا حق -

(۲) فقرہ (۱) کے ضمن (الف) کا کوئی حصہ کسی موجودہ قانون کے عمل پر اثر نہ ڈالے گا ، نہ مملکت کو کسی ایسے قانون کے بنانے سے روکے گا جس کا تعلق تحریری یا زبانی توہین یا ہتک عزت یا سرکشی سے یا کسی ایسے مسئلے سے ہو جس سے تہذیب یا اخلاق کو صدمہ پہنچتا ہو ، یا جو مملکت کے اختیار یا اس کی بنیاد کو کمزور کرتا ہو -

(١٨٩)

(۳) فقرہ (۱) کے ضمن (ب) کا کوئی حصہ کسی موجودہ قانون کے عمل پر اثر نہ ڈالے گا ، نہ مملکت کو کوئی ایسا قانون بنانے سے روکے گا جس سے پبلک امن کی خاطر اس حق کے استعمال پر پابندیاں لگائی جائیں جو اس ضمن کے ذریعے دیا گیا ہے -

(۴) فقرہ (۱) کے ضمن (پ) کا کوئی حصہ کسی موجودہ قانون کے عمل پر اثر نہ ڈالے گا جس سے عام پبلک کی خاطر اس حق کے استعمال پر پابندیاں لگائی جائیں جو اس ضمن کے ذریعے دیا گیا ہے -

(۵) فقرہ (۱) کے ضمن (ت) ، (ٹ) اور (ث) کا کوئی حصہ کسی ایسے موجودہ قانون کے عمل پر اثر نہ ڈالے گا ، نہ مملکت کو ایسا کوئی قانون بنانے سے روکے گا جس سے عام پبلک یا کسی پراچین قبیلے کے مفاد کی حفاظت کی خاطر اُن حقوں کے استعمال پر پابندیاں لگائی جائیں جو ان ضمنی فقروں میں دئے گئے ہیں -

(۶) فقرہ (۱) کے ضمن (ج) کا کوئی حصہ کسی ایسے موجودہ قانون کے عمل پر اثر نہ ڈالے گا ، نہ مملکت کو کوئی ایسا قانون بنانے سے روکے گا جس سے پبلک امن ، اخلاق یا تندرستی کی خاطر اس حق کے استعمال پر پابندیاں لگائی جائیں جو اس ضمن کے ذریعے دیا گیا ہے ، اور خاص طور پر ایسا قانون بنانے سے نہ روکے گا جس میں یہ تجویز کیا گیا ہو یا جس میں کسی شخص یا جماعت کو یہ تجویز کرنے کا اختیار دیا گیا ہو کہ کسی پیشے ، روزگار ، تجارت یا کاروبار میں لگنے کے لئے کس قسم کی پیشہ ورانہ یا فنی قابلیت کی ضرورت ہوگی -

بعض صورتوں میں سزا سے بچاؤ -

<u>دفعہ ۱۴</u> - (۱) کسی شخص کو قانون کے توڑنے کی سزا اُس وقت تک نہ دی جائےگی جب تک کہ وہ الزام جو اس پر لگایا گیا ہے اس زمانے کے قانون کے بموجب ایک جرم نہ ہو ، اور اسی طرح کسی شخص کو اس سے زیادہ سزا نہ دی جائے گی جو قانون کے بموجب اس وقت دی جاسکتی جب وہ جرم سرزد ہوا تھا-

(۲) کسی شخص کو اسی جرم کی ایک دفعہ سے زیادہ سزا نہ دی جائےگی -

(۳) کوئی ملزم اپنے خلاف شہادت دینے پر مجبور نہیں کیا جائے گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

جان اور ذاتی آزادی کی حفاظت اور قانون کی نگاہ میں سب کی برابری -

دفعہ ۱۵ - ھند کی سرزمین میں کوئی شخص صرف ایسے ضابطے کے بموجب اپنی جان یا ذاتی آزادی سے محروم کیا جائے گا جو قانون کے ذریعے مقرر کیا گیا ھ اور اسی طرح کسی شخص کو قانون کی نگاہ میں برابری اور اس کی یکساں حفاظت سے محروم نہیں کیا جائے گا -

ھند کی پوری سرزمین میں تجارت ، بیوپار اور میل جول کی آزادی -

دفعہ ۱۶ - اس دستور کی دفعہ ۲۴۴ اور پارلیمنٹ کے کسی قانون کی شرطوں کو دھیان میں رکھتے ہوئے ھند کی پوری سرزمین میں تجارت ، بیوپار اور میل جول کی آزادی ہوگی -

انسانوں کی خرید و فروخت اور بیگار کی مناھی -

دفعہ ۱۷ - (۱) انسانوں کی خرید و فروخت اور بیگار اور اسی طرح کی جبری خدمت کی دوسری شکلوں کی مناھی کی جاتی ھے ، اور اس دفعہ کی ھر خلاف ورزی کی قانونی سزا دی جائے گی -

(۲) اس دفعہ کا کوئی حصہ مملکت کو کسی پبلک کام کے لئے جبری خدمت لینے سے نہ روکے گا ، اور ایسی خدمت لینے میں مملکت نسل ، مذھب ، ذات پات یا طبقے کی بنا پر کسی قسم کا فرق نہ کرے گی -

کارخانوں وغیرہ میں بچوں سے کام کرانے کی مناھی -

دفعہ ۱۸ - چودہ برس سے کم عمر کے کسی بچے کو کسی کارخانے یا کان میں نوکر نہ رکھا جائے گا ، نہ اسے کسی دوسرے خطرے کے کام پر لگایا جائے گا -

مذھب کے بارے میں حق

ضمیر کی آزادی اور کسی مذھب کو ماننے ، اس پر عمل کرنے اور اُس کے پھیلانے کی آزادی -

دفعہ ۱۹ - (۱) عام انتظام ، اخلاق اور تندرستی اور اس حصے کی دوسری دفعوں کا لحاظ رکھتے ہوئے ھر شخص کو ضمیر کی آزادی کا اور بے روک ٹوک مذھب کو ماننے ، اس پر عمل کرنے اور اس کے پھیلانے کا حق حاصل ھے -

تشریح - کرپان باندھنا اور اسے لے کر چلنا سکھ مذہب کی پیروی میں شامل سمجھا جائے گا -

(۲) اس دفعہ کا کوئی حصہ کسی موجودہ قانون کے عمل پر اثر نہ ڈالے گا ، نہ مملکت کو نیچے لکھی ہوئی باتوں کے لئے قانون بنانے سے روکے گا -

(الف) معاشی ، مالی ، سیاسی ، یا دوسری ایسی دنیاوی سرگرمیوں کی تنظیم یا حد بندی جن کا تعلق مذہبی رسموں سے ہو ؛

(ب) سماجی بہبودی اور سدھار یا پبلک قسم کے ہندو مذہبی اداروں کا ہندوؤں کے کسی حصے یا طبقے کے لئے کھول دینا -

مذہبی معاملوں کے انتظام کی آزادی اور مذہبی اور خیراتی مقصدوں کے لئے جائداد کا مالک ہونا، اسے حاصل کرنا اور اس کا اہتمام -

دفعہ ۲۰ - ہر مذہبی فرقے یا اس کے کسی حصے کو اس کا حق ہوگا کہ -

(۱) مذہبی اور خیراتی غرضوں کے لئے ادارے بنائے اور قائم رکھے ؛

(۲) اپنے مذہبی معاملوں کا خود مناسب انتظام کرے ؛

(۳) منقولہ اور غیر منقولہ جائداد کا مالک ہو اور اسے حاصل کرے ؛ اور

(۴) قانون کے مطابق اس جائداد کا انتظام کرے -

کسی مذہب یا مذہبی فرقے کی ترقی یا اسے قائم رکھنے کے لئے ٹیکس کے متعلق آزادی -

دفعہ ۲۱ - کوئی شخص مجبور نہ کیا جائے گا کہ ایسے ٹیکس ادا کرے جن کی آمدنی خاص طور پر کسی مذہب یا مذہبی فرقے کی ترقی یا اسے قائم رکھنے پر خرچ کی جائے -

بعض تعلیمی اداروں میں مذہبی تعلیم یا مذہبی عبادت میں شرکت کے بارے میں آزادی -

دفعہ ۲۲ - (۱) مملکت کسی ایسے تعلیمی ادارے میں مذہبی تعلیم کا انتظام نہیں کرے گی جو صرف سرکاری روپیہ سے چلایا جاتا ہو ؛

لیکن اس فقرے کے کسی حصے کا ایسے تعلیمی ادارے پر اطلاق نہ ہوگا جس کا انتظام تو مملکت کرتی ہو لیکن جو کسی وقف یا

ٹرسٹ کے تحت قائم ہوا ہو جس کی ایک شرط یہ ہو کہ اس ادارے میں مذہبی تعلیم دی جائے گی -

(۲) اگر کوئی شخص ایسے تعلیمی ادارے میں پڑھتا ہو جسے مملکت نے تسلیم کر لیا ہو یا جسے سرکاری خزانے سے امداد ملتی ہو تو وہ کسی مذہبی تعلیم میں شریک ہونے پر مجبور نہ کیا جائے گا جو اس ادارے میں دی جاتی ہو ، اور نہ کسی ایسی عبادت میں شریک ہونے پر مجبور کیا جائے گا جو اس ادارے میں یا اس سے متعلق کسی عمارت میں ہوتی ہو ، سوائے اس کے کہ خود اس شخص نے ، یا اگر وہ نابالغ ہو تو ، اس کے سرپرست نے اس بارے میں اپنی رضامندی دے دی ہو -

(۳) اس دفعہ کا کوئی حصہ کسی جماعت یا فرقہ کو اپنے طالب علموں کے لئے کسی تعلیمی ادارے میں تعلیم کے وقت سے باہر مذہبی تعلیم کا انتظام کرنے سے نہیں روکے گا -

تہذیبی اور تعلیمی حق

اقلیتوں کے مفاد کی حفاظت -

دفعہ ۲۳ - (۱) ہند کی سرزمین یا اس کے کسی حصے کے شہریوں کے کسی گروہ کو جس کی اپنی الگ زبان ، رسم خط اور تہذیب ہوں ، یہ حق ہوگا کہ انہیں برقرار رکھے -

(۲) مذہب ، فرقے یا زبان کی بنا پر جو اقلیت بنی ہو اس کے کسی شخص کو کسی سرکاری تعلیمی ادارے میں اس وجہ سے داخل ہونے سے نہ روکا جائے گا کہ اس کا تعلق اس اقلیت سے ہے -

(۳) (الف) تمام اقلیتوں کو ، چاہے ان کی بنیاد مذہب ، فرقے ، یا زبان پر ہو ، یہ حق ہوگا کہ جس طرح کے تعلیمی ادارے چاہیں قائم کریں اور ان کا انتظام کریں -

(ب) تعلیمی اداروں کو امداد دیتے وقت مملکت صرف اس لئے ان میں امتیاز نہیں کرے گی کہ ان میں سے کوئی ادارہ کسی خاص اقلیت کے انتظام میں ہے ، چاہے اس اقلیت کا دارومدار کسی مذہب یا مذہبی جماعت یا زبان پر ہو -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

193

جائداد کے متعلق حق

جائداد کا جبریہ حاصل کرنا -

دفعہ ۲۴ - (۱) کوئی شخص اپنی جائداد سے اسی حالت میں بےدخل کیا جا سکے گا جب قانون نے اس کا اختیار دیا ہو -

(۲) کسی جائداد پر، چاہے وہ منقولہ ہو یا غیرمنقولہ اور چاہے وہ کسی کاروباری یا صنعتی ادارے میں شرکت کی شکل میں ہو یا ایسی کمپنی میں حصہ داری کی شکل میں ہو جو کسی کاروباری یا صنعتی ادارے کی مالک ہو، سرکاری کاموں کے لئے ایسے قانون کے تحت جو اس طرح کے قبضے یا حصول کی اجازت دیتا ہو قبضہ نہ کیا جائے گا، نہ اسے حاصل کیا جائے گا جب تک اس قانون کے مطابق ایسے قبضے یا حصول کا معاوضہ دینے کے متعلق انتظام نہ کیا گیا ہو، اور ساتھ ہی یا تو معاوضے کی رقم مقرر نہ کر دی گئی ہو یا وہ اصول بیان نہ کر دئے گئے ہوں اور وہ طریقہ طے نہ کر دیا گیا ہو جس کے بموجب معاوضہ طے ہوگا -

(۳) اس دفعہ کے فقرہ (۲) کے کسی حصے کا اثر

(الف) کسی موجودہ قانون پر نہیں پڑے گا، اور

(ب) کسی ایسے قانون پر نہیں پڑے گا جو مملکت کوئی محصول لگانے یا وصول کرنے کے لئے یا پبلک کی تندرستی کی بہتری کے لئے یا جان یا مال کو خطرے سے بچانے کے لئے آئندہ بنائے -

دستوری دادرسی کے بارے میں حق

س باب میں جو حق دئے گئے ہیں انہیں عمل میں لانے کے لئے دادرسی -

دفعہ ۲۵ - (۱) اس کا ذمہ لیا جاتا ہے کہ اس حصہ کے ذریعے جو حق دئے گئے ہیں انہیں منوانے کے لئے سپریم کورٹ میں مناسب طریقے پر چارہ جوئی کی جا سکے گی -

(۲) اس حصہ کے ذریعے سے جو حق حاصل ہوں انہین منوانے کے لئے سپریم کورٹ کو اختیار ہوگا کہ ہے- بی-اس-کورپس (پروانہ حاضری ملزم)، منڈامس (پروانہ امر) ، پروھی‌بیشن (پروانہ نہی)، کئووارنٹو (پروانہ اظہار حق) اور سرٹیوراری (پروانہ مثل طلبی) کی قسم کی ہدایتیں دے یا احکام جاری کرے -

(۳) پارلیمنٹ مجاز ہوگی کہ قانون کے ذریعے وہ سب اختیار، یا ان میں سے کوئی، جو اس دفعہ کے فقرہ (۲) کے مطابق سپریم

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

کورٹ کو حاصل ہیں کسی دوسری عدالت کو اس کی مقامی حد کے اندر استعمال کرنے کے لئے دے دے۔

(۴) اس دفعہ میں جن حقوں کی ذمہ داری لی گئی ہے انہیں صرف اس صورت میں معطل کیا جا سکیگا جب اس کے بارے میں کوئی قاعدہ اس دستور میں موجود ہو

فوج ان حقوں کے اطلاق کے متعلق پارلیمنٹ کو ترمیم کا اختیار جن کی ذمہ داری اس باب میں لی گئی ہے۔

دفعہ ۲۶ - پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ وہ قانون کے ذریعے یہ طے کرے کہ ہتیاربند فوجوں یا ان دوسری فوجوں پر جن کے سپرد ملک کا امن و امان قائم رکھنا ہے ، ان حقوں میں سے کسی کا اطلاق کرنے میں جن کی ذمہ داری اس حصہ میں لی گئی ہے ، کس حد تک کمی کی جائے یا انہیں کس حد تک منسوخ کیا جائے ، تاکہ یہ اپنے فرض کو اچھی طرح سے انجام دے سکیں اور ان میں قاعدہ داری قائم رہ سکے -

اس حصے کو عمل میں لانے کے لئے قانون سازی-

دفعہ ۲۷ - اس دستور کے دوسرے حصوں میں جو کچھہ بھی ہو اس کے باوجود پارلیمنٹ کو نیچے لکھے ہوے معاملوں کے لئے قانون بنانے کا اختیار ہوگا ، اور یہ اختیار کسی ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کو نہیں ہوگا جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ یا حصہ ۳ میں کیا گیا ہے -

(الف) ان معاملوں میں سے کسی کی بابت قانون جن کے لئے اس حصے کے بموجب پارلیمنٹ کا قانون بنانا ضروری ہے ؛

(ب) اس حصے میں جو فعل سزا کے قابل قرار دئے گئے ہیں ان کی سزا تجویز کرنا ؛

اور پارلیمنٹ پر لازم ہوگا کہ اس دستور کے جاری ہونے کے بعد جلد سے جلد ان معاملوں کے لئے قانون بنائے اور ایسے جرموں کی سزا تجویز کرے ؛

بشرطیکہ اس دفعہ کے فقرہ (الف) میں جن باتوں کا ذکر ہے یا اس حصے میں جن فعلوں کو جرم قرار دیا گیا ہے ان کی سزا کے متعلق کوئی قانون ہند کی سرزمین یا اس کے کسی حصے میں نافذ ہو تو وہ اس وقت تک نافذ رہے گا جب تک پارلیمنٹ یا کوئی دوسری بااختیار جماعت اس میں ترمیم نہ کر دے یا اسے منسوخ نہ کر دے -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

۱۹۵

حصہ ۴—مملکتی پالیسی کی رہنمائی کے لئے اصول

تعریف -

دفعہ ۲۸ - اگر عبارت سے کوئی دوسرا مطلب نہ نکلتا ہو تو "مملکت" (State) کے وہی معنے ہوں گے جو اس دستور کے حصہ ۳ میں لئے گئے ہیں -

اس حصہ میں جو اصول بیان کئے گئے ہیں ان کا اطلاق -

دفعہ ۲۹ - اس حصے میں جو اصول بتائے گئے ہیں ان کو کسی عدالت کے ذریعے منوایا نہیں جاسکیگا ، پھر بھی جو اصول اس میں بیان کئے گئے ہیں وہ ملک کی حکومت کے لئے بنیادی ہیں اور مملکت کا فرض ہوگا کہ قانون بناتے وقت ان کا لحاظ کرے -

مملکت لوگوں کی ترقی اور بھلائی کے لئے ایک خاص سماجی نظام قائم کرے -

دفعہ ۳۰ - مملکت سب کی بھلائی کے لئے سرگرم رہیگی اور جہاں تک ہوسکے باأثر طریقے پر وہ ایک ایسا سماجی نظام قائم کریگی اور اس کی حفاظت کرے گی جس میں قومی زندگی کے تمام اداروں میں سماجی ، معاشی اور سیاسی انصاف نمایاں ہوگا -

پالیسی کے کچھہ اصول جن پر مملکت عمل کیا کریگی -

دفعہ ۳۱ - مملکت اپنی پالیسی میں نیچے لکھے ہوئے مقصد حاصل کرنے کی طرف خاص توجہ کرے گی :—

(۱) شہریوں کو ، چاہے مرد ہوں یا عورتیں ، یکساں طور پر روزگار کے ایسے ذریعوں کا حق ہو جو ان کی ضرورتوں کے لئے کافی ہوں ؛

(۲) قوم کے مادی وسیلوں کی ملکیت اور ان پر اختیار اس طرح سے تقسیم ہو کہ وہ بہترین طریقے پر سب کی بھلائی کا ذریعہ بن سکیں ؛

(۳) ملک کی معاشی تنظیم کا نتیجہ یہ نہ ہو کہ دولت اور پیداوار کے ذریعوں پر اختیار اس طرح ایک جگہہ جمع ہو جائے کہ مشترکہ مفاد کو نقصان پہونچے ؛

(۴) مردوں اور عورتوں کو ایک سے کام کی ایک سی اجرت ملے ؛

(٥) کام کرنے والے مردوں اور عورتوں کی طاقت اور تندرستی سے اور بچوں کی کم عمری سے بیجا فائدہ نہ اٹھایا جائے اور معاشی ضرورت سے مجبور ہوکر شہری ایسے پیشوں میں نہ لگ جائیں جو ان کی عمر یا طاقت کے اعتبار سے ان کے لئے نامناسب ہوں ؛

(٦) بچوں اور کم عمروں کو نفع کمانے کا ذریعہ بننے اور اخلاقی اور مادی بےچارگی سے بچایا جائے -

خاص حالتوں میں کام کا اور تعلیم اور پبلک مدد کا حق -

دفعہ ٣٢ - مملکت پر لازم ہوگا کہ جہاں تک معاشی حالت اور وسیلے اجازت دیں وہ اس کا اچھے سے اچھا انتظام کرے ، کام کرنے اور تعلیم پانے کا جو حق کہ ہرایک کو ہے وہ اسے مل جائے اور ساتھ ہی بےروزگاری ، بڑھاپے ، بیماری ، معذوری اور دوسری ناگہانی حالتوں میں سرکاری مدد کا حق بھی مل جائے -

کام کی شرطوں میں انصاف اور رحم دلی کا خیال اور زچوں کی امداد -

دفعہ ٣٣ - مملکت پر لازم ہوگا کہ قانون کے ذریعے روزگار کی شرطوں میں انصاف اور رحم دلی پیدا کرے اور زچگی کے موقع پر امداد کا انتظام کرے -

مزدوروں کے لئے گزارہ بھر اجرت وغیرہ -

دفعہ ٣٤ - مملکت پر لازم ہوگا کہ مناسب قانون بناکر یا معاشی تنظیم کرکے یا کسی دوسرے طریقے سے اس کی کوشش کرے کہ سب مزدوروں کو ، چاہے وہ صنعتی کام کرتے ہوں یا کوئی دوسرا کام ، گذارے بھر مزدوری ملے ، اور کام کی شرطیں ایسی ہوں جن سے زندگی کا اچھا معیار قائم ہو اور فرصت اور سماجی اور تہذیبی دلچسپیوں سے پورا لطف اٹھایا جا سکے -

شہریوں کے لئے یکساں سول قانون -

دفعہ ٣٥ - مملکت پر لازم ہوگا کہ شہریوں کے لئے ایسا سول قانون بنانے کی کوشش کرے جو ہند کی تمام سرزمین کے لئے ایک سا ہو -

مفت ابتدائی تعلیم -

دفعہ ٣٦ - ہر شہری کو ابتدائی تعلیم مفت حاصل کرنے کا حق ہے اور مملکت اس کی کوشش کرے گی کہ اس دستور کے جاری ہونے کے دس برس کے اندر ملک کے سب بچوں کے لئے ایسی تعلیم

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

١٩٧

دستور کی دفعہ ۵۶ کے بموجب پورے پانچ سال وائس پریزیڈنٹ رہنے کا حق ہوگا -

وائس پریزیڈنٹ کے عہدے کی مدت -

دفعہ ۵۶ - وائس پریزیڈنٹ اس تاریخ سے جس سے اس نے اپنے عہدے کو سنبھالا ہو پانچ برس تک کام کرے گا ؛ لیکن

(الف) وائس پریزیڈنٹ کو اختیار ہوگا کہ اپنا دستخطی استعفا پریزیڈنٹ کے پاس بھیج کر اپنے عہدے کو چھوڑ دے ؛

(ب) وائس پریزیڈنٹ معذور ہو جائے یا اس پر اعتماد نہ رہے تو اسے ریاستوں کی کونسل کے ایسے ریزولیوشن کے ذریعے الگ کیا جا سکتا ھے جس کو اس کونسل کے تمام ممبروں کی اکثریت نے پاس کیا ہو اور ایوان عام نے منظور کرلیا ہو ؛ لیکن اس دفعہ کے بموجب کوئی ریزولیوشن اس وقت تک پیش نہیں کیا جاسکتا جب تک کہ اس قسم کی تحریک پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس کم سے کم چودہ دن پہلے نہ دے دیا گیا ہو -

(پ) وائس پریزیڈنٹ پر لازم ہوگا کہ اپنے عہدے کی مدت ختم ہو جانے کے باوجود اس وقت تک کام کرتا رہے جب تک اس کا جانشین عہدے کو نہ سنبھال لے -

کسی دوسری اتفاقی صورت میں پارلیمنٹ کو پریزیڈنٹ کے فرائض کی انجام دھی کے متعلق انتظام کا اختیار -

دفعہ ۵۷ - اگر پریزیڈنٹ کے فرائض انجام دینے کے متعلق کوئی ایسی اتفاقی شکل پیدا ہو جائے جس کے لئے اس باب میں کوئی قاعدہ نہیں بنایا گیا ھے تو پارلیمنٹ اس کے لئے جو قاعدہ مناسب سمجھے بنا سکتی ھے -

پریزیڈنٹ اور وائس پریزیڈنٹ کے انتخاب کے متعلق جھگڑے -

دفعہ ۵۸ - (۱) پریزیڈنٹ اور وائس پریزیڈنٹ کے انتخاب کے متعلق جو شبہے یا جھگڑے پیدا ہوں ان کی تحقیقات سپریم کورٹ کرے گا اور اس کا فیصلہ قطعی ہوگا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(۲) پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ اس دستور کے دفعوں کے کے تحت پریزیڈنٹ یا وائس پریزیڈنٹ کے انتخاب کے متعلق کسی معاملے کے لئے جو قاعدے چاہے بنائے -

معافی وغیرہ دینے اور سزا کو ملتوی یا کم یا تبدیل کرنے کا پریزیڈنٹ کو اختیار-

دفعہ ۵۹ - (۱) پریزیڈنٹ کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی شخص کو جسے کسی جرم کی پاداش میں سزا دی گئی ہو معاف کردے ، اس کی سزا ملتوی کردے ، اسے مہلت دے ، یا باقی سزا معاف کر دے ، یا سزا کے حکم کو ملتوی کرائے ، سزا میں کمی کر دے ، یا اس کی نوعیت بدل دے - یہ اختیار اسے ایسے تمام مقدموں میں ہوگا

(الف) جن میں کسی فوجی عدالت نے سزا دی ہو یا سزا کا حکم سنایا ہو ؛

(ب) جن میں سزا یا حکم ایسے جرم کی پاداش میں دیا گیا ہو جس کا تعلق ایسے فعل سے ہو جس کی بابت پارلیمنٹ کو تو قانون بنانے کا حق ہو لیکن جس ریاست میں یہ جرم ہوا ہو اس کی قانون ساز جماعت کو یہ حق نہ ہو ؛

(پ) جن میں موت کی سزا کا حکم دیا گیا ہو -

(۲) فقرہ (۱) کے ضمن (الف) کے کسی حصہ کا اثر اس اختیار پر نہیں پڑے گا جو ہند کی ہتیاربند فوجوں کے کسی افسر کو قانون کے ذریعے دیا گیا ہو کہ کسی فوجی عدالت کا حکم ملتوی کر دے یا سزا کو کم یا تبدیل کر دے -

(۳) گورنر یا کسی ریاست کے حکمران کو کسی رائج قانون کے مطابق سزا کو ملتوی ، معاف یا تبدیل کرنے کا جو اختیار ہے اس پر فقرہ (۱) کے ضمن (پ) کے کسی حصے کا اثر نہیں پڑیگا -

ہند کے عاملانہ اختیار کا پھیلاؤ-

دفعہ ۶۰ - (۱) اس دستور کی دفعوں کے بموجب ہند کے عاملانہ اختیار کا پھیلاؤ نیچے لکھے ہوئے معاملوں تک ہوگا :-

(الف) وہ معاملے جن کی بابت پارلیمنٹ کو قانون بنانے کا اختیار ہے ؛ اور

١٩٩

(ب) وہ حق ، اختیار اور عمل دخل جو ہند سرکار کو کسی عہدنامے یا سمجھوتے کی رو سے حاصل ہیں :

لیکن اس فقرے کے ضمن (الف) میں جس عاملانہ اختیار کا ذکر کیا گیا ہے وہ کسی ریاست کے اندر ایسے امور پر حاوی نہ ہوگا جن کی بابت اس ریاست کی قانون ساز جماعت کو بھی قانون بنانیکا اختیار ہو -

(٢) اس فقرے میں جو کچھ ہے اس کے باوجود جب تک پارلیمنٹ اس بارے میں کوئی دوسرا قانون نہ بنائے اس وقت تک ہر ریاست کے عہدہ‌دار یا کوئی اختیار والی جماعت اس کے مجاز رہینگے کہ وہ ان معاملوں میں جن میں پارلیمنٹ کو اس ریاست کے لئے قانون بنانے کا حق ہے اپنی عاملانہ طاقت یا اختیاروں کو اس طرح کام میں لائیں جیسے اس دستور کے نفاذ سے پہلے کام میں لاتے رہے تھے -

وزیروں کی کونسل

پریزیڈنٹ کو مدد اور مشورہ دینے کے لئے وزیروں کی کونسل -

دفعہ ٦١ - (١) وزیروں کی ایک کونسل ہوگی جس کا سردار وزیر اعظم ہوگا اور جو پریزیڈنٹ کو اس کے کاموں کے انجام دینے میں مدد اور مشورہ دے گی -

(٢) اس مسئلے کی تحقیق کہ وزیروں نے پریزیڈنٹ کو کوئی مشورہ دیا یا نہیں اور دیا ، تو کیا مشورہ دیا ، کسی عدالت میں نہ کی جا سکے گی -

وزیروں کے متعلق دوسرے قاعدے -

دفعہ ٦٢ - (١) وزیراعظم کو پریزیڈنٹ مقرر کرے گا اور دوسرے وزیروں کو پریزیڈنٹ وزیر اعظم کے مشورے سے مقرر کرے گا -

(٢) وزیر اپنے عہدوں پر اس وقت تک رہیں گے جب تک کہ پریزیڈنٹ مناسب سمجھے -

(٣) وزیروں کی کونسل ایوان عام کے سامنے مجموعی حیثیت سے جواب دہ ہو گی -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(۴) اس سے پہلے کہ وزیر اپنا عہدہ سنبھالے پریزیڈنٹ اس سے عہدے اور رازداری کا عہد لے گا جس کی عبارت اس فارم کے مطابق ہو گی جو اس مقصد کے لئے تیسرے شیڈیول میں درج ہے -

(۵) کوئی وزیر جو چھہ مہینے کی مسلسل مدت تک پارلیمنٹ کے کسی ایوان کا ممبر نہ ہو وہ اس مدت کے ختم ہونے پر وزیر نہ رہے گا -

(۶) وزیروں کی تنخواہیں اور الاؤنس وہ ہوں گے جنھیں پارلیمنٹ قانون کے ذریعے مقرر کیا کرے ، اور جب تک پارلیمنٹ اس طرح مقرر نہ کرے ان کی شرح وہ ہو گی جو کہ دوسرے شیڈیول میں درج ہے -

ہند کا اٹارنی جنرل

ہند کا اٹارنی جنرل -

دفعہ ۶۳ - (۱) پریزیڈنٹ کسی ایسے شخص کو جو سپریم کورٹ کا جج بنائے جانے کی اہلیت رکھتا ہو ، ہند کا اٹارنی جنرل مقرر کرے گا -

(۲) اٹارنی جنرل کا فرض ہوگا کہ ہند سرکار کو ایسے قانونی معاملوں میں مشورہ دے اور ایسے دوسرے فرائض انجام دے جن کی حیثیت قانونی ہو اور جنھیں پریزیڈنٹ اس کے پاس رائے کے لئے بھیجا کرے ، یا جنھیں اس کے سپرد کیا کرے ، اور اُن منصبوں کو پورا کرے جو اس دستور کے ذریعے یا اس کے ماتحت یا کسی اور قانون کے ذریعے یا ماتحت جو اس وقت رائج ہو ، اسے عطا کئے گئے ہوں -

(۳) اپنے فرائض کو انجام دینے کے سلسلے میں اٹارنی جنرل کو ہند کی سر زمین میں ہر عدالت میں پیروی کرنے کا حق ہو گا -

(۴) اٹارنی جنرل اپنے عہدے پر اس وقت تک رہے گا جب تک کہ پریزیڈنٹ مناسب سمجھے ، اور اسے اتنا معاوضہ دیا جائے گا جتنا کہ پریزیڈنٹ مقرر کرے -

201

حکومت کا طریق کار

هند سرکار کا طریق کار -

دفعه ۶۴ - (۱) هند سرکار کی جو عاملانه کارروائی هوگی اس میں ظاهر کیا جائے گا که وه پریزیڈنٹ کے نام سے هوئی هے -

(۲) پریزیڈنٹ کے نام سے جن حکموں یا دستاویزوں کی تیاری اور تکمیل کی جائےگی ان کی تصدیق کا طریقه وه هوگا جس کا ذکر پریزیڈنٹ ان قاعدوں میں کرے جنهیں وه بنائے گا ، اور جس حکم یا دستاویز کی اس طریقے پر تصدیق کردی گئی هو اس کے قانونی اعتبار سے درست هونے پر اس بنا پر اعتراض نه کیا جا سکےگا که وه پریزیڈنٹ کا تیار یا تکمیل کیا هوا حکم یا دستاویز نهیں هے -

وزیر اعظم کے فرض پریزیڈنٹ کو معلومات بهم پهنچانے وغیره کے متعلق -

دفعه ۶۵ - وزیر اعظم کا فرض هوگا که

(الف) وه پریزیڈنٹ کو ان تمام فیصلوں کی اطلاع دے جو وزیروں کی کونسل نے هند سرکار کے انتظامی معاملوں کے یا قانون سازی کی نئی تجویزوں کے بارے میں کئے هوں؛

(ب) وه پریزیڈنٹ کو هند سرکار کے انتظامی معاملوں اور قانون سازی کی نئی تجویزوں کے بارے میں ایسی معلومات بهم پهنچائے جو پریزیڈنٹ اس سے طلب کرے؛ اور

(پ) اگر پریزیڈنٹ اس کو هدایت دے تو وزیروں کی کونسل میں ایسے معاملوں کو غور کے لئے پیش کرے جن کے بارے میں کسی وزیر نے تو فیصله کرلیا هو مگر اس فیصلے پر وزیروں کی کونسل نے غور نه کیا هو -

باب ۲ - پارلیمنٹ

عام باتیں

پارلیمنٹ کی بناوٹ -

دفعه ۶۶ - یونین کی ایک پارلیمنٹ هوگی جس میں پریزیڈنٹ اور دو ایوان هوں گے ، جن میں سے ایک ریاستوں کی کونسل اور دوسرا ایوان عام کهلائے گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

پارلیمنٹ کے ایوانوں کی ساخت -

دفعہ ۶۷ - (۱) ریاستوں کی کونسل میں دوسو پچاس ممبر ہوں گے جن میں سے

(الف) پندرہ ممبروں کو پریزیڈنٹ اس طریقے پر نامزد کرے گا جو کہ اس دفعہ کے ضمن (۲) میں درج ہے ؛ اور

(ب) باقی ممبر ریاستوں کے نمایندے ہوں گے ؛

لیکن ان ریاستوں کے نمائیندے جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے اس باقی تعداد کے چالیس فیصدی سے زیادہ نہ ہوں گے -

(۲) فقرہ (۱) کے ضمن (الف) کے ماتحت پریزیڈنٹ جن ممبروں کو نامزد کرے گا وہ ایسے لوگ ہوں گے جنھیں اس قسم کے فنوں کا ، جیسے کہ نیچے لکھے گئے ہیں ، خاص علم یا عملی تجربہ ہوگا -

(الف) ادب ، فنکاری ، سائنس ، اور تعلیم ؛

(ب) زراعت ، مچھلیوں کا کاربار اور ان ہی جیسے دوسرے فن ؛

(پ) انجینری اور فن تعمیر ؛

(ت) پبلک انتظامات اور سماجی سیوا -

(۳) ریاستوں کی کونسل میں ہر اس ریاست کے نمائندوں کو ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ یا حصہ ۳ میں کیا گیا ہے ،

(الف) جہاں ریاست کی قانون ساز جماعت میں دو ایوان ہوں وہاں نچلے ایوان کے منتخب کئے ہوئے ممبر چنیں گے ؛

(ب) جہاں ریاست کی قانون ساز جماعت میں ایک ہی ایوان ہو وہاں اس ایوان کے منتخب کئے ہوئے ممبر چنیں گے ؛

(پ) جہاں ریاست کی کوئی قانون ساز مجلس نہ ہو وہاں اس طریقے پر چنا جائے گا جسے پارلیمنٹ قانون کے ذریعے تجویز کرے -

203

(۴) ریاستوں کی کونسل کے لئے ان ریاستوں کے نمائندے ، جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۲ میں کیا گیا ہے ، اس طریقے پر چلے جائیں گے جسے پارلیمنٹ قانون کے ذریعے تجویز کرے -

(۵) (الف) اس دستور کی دفعہ ۲۹۲ اور ۲۹۳ کے قاعدوں کا لحاظ رکھتے ہوئے ایوان عام میں ریاستی علاقوں کی آبادی کے نمایندے ہوں گے جن کی تعداد پانچ سو سے زیادہ نہ ہوگی اور ان کا رائے دینے والے براہ راست انتخاب کریں گے -

(ب) ضمن (الف) کے مقصد کو پورا کرنے کے لئے ہند کی ریاستیں علاقہ واری انتخابی حلقوں میں یا تو تقسیم کی جائیں گی یا ایک دوسرے کے ساتھ ملائی جائیں گی یا ریاستیں ایک ایک حلقہ قرار دی جائیں گی ، اور ایسے ہر حلقے کے جو نمایندے ہوں گے ان کی تعداد اس طرح مقرر کی جائے گی کہ ساڑھے سات لاکھ باشندوں کا کم سے کم ایک نمائندہ ضرور ہو ، اور پانچ لاکھ باشندوں کے لئے کسی طرح ایک سے زیادہ نمائندہ نہ ہو ؛ مگر ان ریاستوں کے کل نمایندوں کی ، جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے تعداد اور ان کی کل آبادی کے درمیان جو نسبت ہو وہ اس نسبت سے زیادہ نہ ہوگی جو ان ریاستوں کے نمائندوں اور ان کی آبادی کے درمیان ہو جن کا ذکر اس شیڈیول کے حصہ ۱ اور حصہ ۲ میں کیا گیا ہے -

(پ) جہاں تک ممکن ہوگا ہند کے ہر علاقہ واری انتخابی حلقے سے جتنے نمائندے کسی وقت بھی چنے جائیں گے ان کی تعداد کو حلقے کی اس آبادی سے جو پچھلی مردم شماری میں معلوم کی گئی ہو ، ایک ہی سی نسبت ہوگی -

(۶) ایوان عام کا انتخاب اس بنیاد پر ہوگا کہ ہر بالغ کو رائے دینے کا حق ہے ، جس کا مطلب یہ ہے کہ ہر شہری کو یہ حق ہوگا کہ ایسے انتخابوں میں اس کا نام بطور رائے دہندے کے درج ہو جس کی

عمر ۲۱ سال سے کم نہ ہو اور جو اس دستور یا پارلیمنٹ کے کسی ایکٹ کے ذریعے اس بنا پر نا قابل قرار نہ دیا گیا ہو کہ اس کی سکونت کہیں اور ہے ، یا وہ پاگل ہے یا اس نے کوئی جرم کیا ہے یا اس سے کوئی بداعمالی یا خلاف قانون حرکت ہوئی ہے -

(۷) پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ قانون کے ذریعے ایوان عام میں ریاستوں کے علاوہ دوسرے علاقوں کی نمائندگی کے لئے قانون بنائے -

(۸) ہر مردم شماری کے بعد ریاستوں کی کونسل میں الگ الگ ریاستوں کی ، اور ایوان عام میں الگ الگ علاقہ واری حلقوں کی ، نمائندگی کی مناسب ترمیم اس ادھیکاری کے ذریعے اور اس طریقے پر کر دی جائےگی اور اس ترمیم کے بموجب اس تاریخ سے عمل کیا جائے گا جسے پارلیمنٹ اس دستور کی دفعہ ۲۸۹ کا لحاظ رکھتے ہوئے قانون کے ذریعے مقرر کرے -

(۹) جب وہ ریاستیں ، جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے ، ریاستوں کی کونسل کے لئے نمائندے چننے کی خاطر ایک دوسرے سے ملائی جائیں تو اس دفعہ کے مقصد کے لحاظ سے پورا مجموعہ ایک اکائی سمجھا جائے گا-

پارلیمنٹ کے ایوانوں کی مدت کار ۔

دفعہ ۶۸- (۱) ریاستوں کی کونسل منتشر نہ ہو سکے گی ، لیکن اس کے ممبروں کی ایک تہائی تعداد یا اس کے لگ بھگ ان قاعدوں کے مطابق ، جو پارلیمنٹ اس کے لئے بنائے ، ہر دوسرے سال کے ختم ہونے پر جتنی جلد ممکن ہو ہٹ جایا کرے گی -

(۲) اگر ایوان عام اس سے پہلے منتشر نہ کر دیا جائے تو وہ اس تاریخ سے ، جو اس کے پہلے جلسے کے لئے مقرر کی گئی ہو ، پانچ سال بعد تک کام کرے گا اور اس سے زیادہ نہ کرے گا ، اور اس پانچ سال کی مدت کے ختم ہونے پر وہ خود بخود منتشر ہو جائے گا :

بشرطیکہ جب ناگہانی حالت کے اعلان پر عمل ہو رہا ہو تو پریزیڈنٹ اس مدت کو بڑھا سکے گا ، لیکن یہ توسیع کسی مرتبہ ایک سال سے زیادہ کے لئے نہ ہو گی ، اور ناگہانی حالت کے اعلان کی

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

کا انتظام کر دے جو چودہ سال کی عمر پوری ہونے تک مفت اور لازمی ہو -

شیڈیولی ذاتوں پراچین قبیلوں اور آبادی کے دوسری کمزور حصوں کا تعلیمی اور معاشی مفاد-

دفعہ ۳۷ - مملکت پر لازم ہوگا کہ آبادی کے کمزور حصوں اور خاص طور پر شیڈیولی ذاتوں اور شیڈیولی قبیلوں کی تعلیمی اور معاشی بہتری پر خاص دھیان دے اور انھیں سماجی بے انصافی سے بچائے اور بیجا نفع کمانے کا ذریعہ نہ بننے دے -

غذا اور زندگی کا معیار اونچا کرنے اور عام تندرستی بہتر بنانے میں مملکت کا فرض-

دفعہ ۳۸ - مملکت پر لازم ہو گا کہ لوگوں کی غذا اور ان کی زندگی کے معیار کو بلند کرنا اور عام تندرستی کو بہتر بنانا اپنے خاص فرضوں میں گنے -

اہم قومی یادگاروں، مقاموں اور چیزوں کی حفاظت انھیں اور برقرار اور قائم رکھنا-

دفعہ ۳۹ - مملکت کا فرض ہوگا کہ تمام ایسی یادگاریں یا فنکارانہ اور تاریخی دلچسپی کی جگہوں یا چیزوں کو جنھیں پارلیمنٹ نے قانون کے ذریعے قومی اہمیت دی ہے خراب کرنے، توڑنے پھوڑنے، جگہ سے ہٹانے، بیچنے، یا ملک سے باہر بھیجنے سے روکے اور بچائے اور پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قانون کے بموجب ان تمام یادگاروں، جگہوں، اور چیزوں کو برقرار اور قائم رکھے -

بین قومی امن و سلامتی کو ترقی دینا -

دفعہ ۴۰ - مملکت پر لازم ہوگا کہ بین قومی امن اور سلامتی کو ترقی دے اور اس کے لئے قوموں کے درمیان کھلے ہوئے، منصفانہ اور باعزت تعلقات پر اصرار کرے، بین قومی قانون کے سمجھوتوں کو قائم کر کے انھیں حکومتوں کے درمیان واقعی طریق کار بنائے اور منظم قوموں کے باہمی معاملوں میں انصاف اور عہدناموں کی پابندیوں کا لحاظ کرائے -

206

حصہ ۵—یونین

باب ۱ — عاملہ

پریزیڈنٹ اور وائس پریزیڈنٹ

ہند کا پریزیڈنٹ

دفعہ ۴۱ - یونین کا ایک پریزیڈنٹ ہوا کرے گا -

ہند کا عاملانہ اختیار -

دفعہ ۴۲ - (۱) ہند کا عاملانہ اختیار پریزیڈنٹ کو حاصل ہوگا اور وہ اس اختیار کو اس دستور اور قانون کے مطابق کام میں لا سکے گا -

(۲) اوپر کے ضمن کے عام اطلاق کے باوجود ہند کی حفاظتی فوج کی اعلیٰ کمان پریزیڈنٹ کو حاصل ہو گی اور اس اعلیٰ کمان کے اختیاروں کا استعمال قانون کے مطابق ہوگا -

(۳) اس دفعہ کے کسی حصے سے

(الف) یہ نہیں سمجھا جائے گا کہ پریزیڈنٹ کو ایسے اختیار منتقل ہو گئے ہیں جو کسی موجودہ قانون کے ذریعے کسی ریاست کی حکومت یا دوسرے ادھیکاری کو حاصل ہوں ؛ یا

(ب) پارلیمنٹ کو اس سے نہ روکا جا سکے گا کہ وہ قانون کے ذریعے کوئی فرض پریزیڈنٹ کے علاوہ کسی دوسرے ادھیکاری کے سپرد کردے -

پریزیڈنٹ کا انتخاب -

دفعہ ۴۳ - پریزیڈنٹ کا چناؤ ایک انتخابی جماعت کرے گی جس میں نیچے لکھے ہوئے ممبر شامل ہوں گے :-

(الف) پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے ممبر ، اور

(ب) ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں کے چنے ہوئے ممبر -

پریزیڈنٹ کے انتخاب کا طریقہ -

دفعہ ۴۴ - (۱) جہاں تک ممکن ہوگا اس کا لحاظ رکھا جائے گا کہ پریزیڈنٹ کے انتخاب کے لئے مختلف ریاستوں کی نمائندگی کی نسبت ایک سی ہو گی -

(۲) یہ یکسانی پیدا کرنے کے لئے پارلیمنٹ اور ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں کے چنے ہوئے ممبروں کو جتنی رایوں کا حق

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

ہوگا وہ نیچے لکھے ہوئے طریقے سے طے کیا جائے گا :-

(الف) ہر ریاست کی قانون ساز جماعت کے ہر چنے ہوئے ممبر کو اس خارج قسمت کے برابر رائیں حاصل ہونگی جو اس ریاست کی آبادی کو اس کی قانون ساز جماعت کے ممبروں کی تعداد سے تقسیم کرنے اور اس کے حاصل تقسیم کو ایک ہزار سے تقسیم کرنے سے نکلے -

(ب) اگر اس طرح ایک ہزار سے تقسیم کرنے کے بعد جو باقی بچے اس کی تعداد پانچ سو سے کم نہ ہو تو ہر ممبر کو جس کا ذکر اس فقرہ کے ضمنی (الف) میں کیا گیا ہے ایک رائے زیادہ دینے کا حق ہوگا -

(پ) پارلیمنٹ کے ہر ایوان کے ہر چنے ہوئے ممبر کو اس خارج قسمت کے برابر رائیں حاصل ہونگی جو ضمن (الف) اور (ب) کے بموجب ریاستی قانون ساز جماعتوں کے تمام ممبروں کی رایوں کو پارلیمنٹ کے ممبروں کی تعداد پر تقسیم کرنے سے آیے - اس کا بھی لحاظ رکھا جائے گا کہ آدھی سے زیادہ کسر کو پورا ایک سمجھا جائے اور آدھی سے کم کسر چھوڑ دی جائے -

(۳) پریزیڈنٹ کا انتخاب خفیہ رائے اور تناسبی نمایندگی کے اصول پر اکہری انتقال پذیر رائے کے ذریعے کیا جائے گا -

تشریح - اس دفعہ میں جہاں “ریاستی قانون ساز جماعت” کا ذکر کیا گیا ہے وہاں دو ایوانی جماعت ہو تو اس کے نچلے ایوان سے مراد ہو گی اور جہاں “آبادی” کا ذکر ہے وہاں اس آبادی سے مراد ہو گی جس کی گنتی پچھلی مردم شماری میں کی گئی ہو -

پریزیڈنٹ کے عہدے کی مدت

دفعہ ۴۵ - پریزیڈنٹ اس تاریخ سے جب اس نے اپنا عہدہ سنبھالا ہو پانچ برس تک کام کرے گا ، لیکن

(الف) پریزیڈنٹ کو اختیار ہوگا کہ اپنا دستخطی استعفیٰ ریاستوں کی کونسل کے صدر اور ایوان عام کے سپیکر کے پاس بھیج کر اپنے عہدے کو چھوڑ دے ؛

(ب) پریزیڈنٹ کا دستور کی خلاف‌ورزی کی بنا پر اس دستور کی دفعہ ۵۰ کے بموجب مواخذہ کیا جاسکتا ھے اور اسے ھٹایا جا سکتا ھے؛

(پ) پریزیڈنٹ پر لازم ھوگا کہ اپنے عھدے کی مدت ختم ھو جانے کے باوجود کام کرتا رھے جب تک اسکا جانشین عھدے کو نہ سنبھال لے۔

دوبارہ انتخاب کی اھلیت۔

دفعہ ۴۶ ـ جو شخص پریزیڈنٹ کے عھدے پر ھو یا پہلے رہ چکا ھو وہ اس عھدے کیلئے صرف ایک ھی مرتبہ اور کھڑا ھو سکتا ھے۔

پریزیڈنٹ کے منتخب ھونے کے لئے اھلیت۔

دفعہ ۴۷ (۱) کوئی شخص پریزیڈنٹ منتخب ھونے کا صرف اس صورت میں اھل ھوگا کہ

(الف) وہ ھند کا شھری ھو؛

(ب) اس نے اپنی عمر کے ۳۵ سال پورے کرلئے ھوں؛

(پ) وہ ایوان عام کی ممبری کے لئے انتخاب کی شرطیں پوری کرتا ھو۔

(۲) کوئی شخص پریزیڈنٹ کے عھدے کے لئے کھڑا نھیں ھوسکتا اگر وہ ھند کی حکومت یا کسی ریاستی حکومت یا ان کے ماتحت کسی مقامی یا دوسرے کسی ادھیکاری کے نیچے کسی ایسے عھدے یا نوکری پر ھو جس کا اسے معاوضہ ملتا ھو۔

تشریح — اس فقرے کی غرضوں کے واسطے کسی شخص کو صرف اس لئے کسی معاوضہ‌دار عھدے یا نوکری پر نہ سمجھا جائے گا کہ

(الف) وہ ھند کا یا کسی ایسی ریاست کا وزیر ھے جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ھے؛ یا

(ب) وہ ھند کی کسی ایسی ریاست کا وزیر ھے جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ھے، بشرطیکہ وہ ریاستی قانون ساز جماعت کے سامنے جوابدہ ھو، اور جھاں اس جماعت کے دو ایوان ھوں وھاں اس کے نچلے ایوان کے سامنے جوابدہ ھو، اور اس قانون ساز جماعت

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

209

یا ایوان کے (جیسی بھی صورت ہو) کم سے کم تین چوتھائی ممبر چنے ہوئے ہوں -

پریزیڈنٹ کے عہدے کی شرطیں -

دفعہ ۴۸ — (۱) پریزیڈنٹ پارلیمنٹ یا کسی ریاستی قانون ساز جماعت کا ممبر نہیں ہوگا ، اور اگر پارلیمنٹ یا کسی ریاستی قانون ساز جماعت کا کوئی ممبر پریزیڈنٹ منتخب ہو جائے تو یہ سمجھا جائے گا کہ اس کی جگہہ پارلیمنٹ یا اس قانون ساز جماعت میں ، جس کا وہ ممبر تھا ، اس تاریخ سے خالی ہے جس پر اس نے پریزیڈنٹ کا عہدہ سنبھالا ہو -

(۲) پریزیڈنٹ کسی ایسے دوسرے عہدے یا نوکری پر مقرر نہیں ہوسکے گا جس کا معاوضہ ملتا ہو -

(۳) پریزیڈنٹ کے لئے ایک خاص سرکاری عمارت ہوگی اور اسے اتنا معاوضہ اور الاؤنس ملا کرے گا جتنا پارلیمنٹ قانون کے ذریعے مقرر کرے ، اور جب تک وہ اس طرح مقرر نہ کیا جائے اس وقت تک پریزیڈنٹ کو وہ معاوضہ ملتا رہے گا جو اس دستور کے دوسرے شیڈیول میں درج ہے -

(۴) پریزیڈنٹ کے عہدے کی مدت کے زمانے میں اس کے معاوضے اور الاونس میں کوئی کمی نہیں کی جا سکے گی -

اپنا عہدہ سنبھالنے سے پہلے پریزیڈنٹ یا اس شخص کا اقرار یا قسم جو پریزیڈنٹ کا قائم مقام ہو یا جو اسکے فرضوں کو انجام دے -

دفعہ ۴۹ — ہر پریزیڈنٹ اور ہر اس شخص پر جو قائم مقام پریزیڈنٹ ہو یا جو پریزیڈنٹ کے فرض انجام دے رہا ہو یہ لازم ہے کہ اپنا عہدہ سنبھالنے سے پہلے ہند کے چیف جسٹس کے سامنے نیچے لکھے ہوئے لفظوں میں عہد کرے یا قسم کھائے اور اس عہد یا قسم کے فارم پر اپنے دستخط کرے - .

"میں 'الف، ب' سچے دل سے اقرار کرتا ہوں (یا قسم کھاتا ہوں) کہ ہند کے پریزیڈنٹ کے عہدے کے کاموں کو دیانت‌داری سے انجام دوں گا (یا ہند کے پریزیڈنٹ کے منصبی کاموں کو پورا کروں گا) اور اپنی قابلیت کی حد تک دستور اور قانون کو قائم رکھوں گا ، اسے برقرار رکھوں گا ، اور اس کی حفاظت کروں گا ، اور میں ہند والوں کی خدمت اور بہبودی کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دوں گا - "

پریزیڈنٹ کے مواخذے کا ضابطہ-

دفعہ ۵۰ — (۱) جب دستور کی خلاف ورزی پر پریزیڈنٹ کا مواخذہ ہو تو پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں سے کسی کو فرد الزام لگانے کا اختیار ہوگا -

(۲) اس طرح کی کوئی فرد الزام اس وقت تک نہیں لگائی جا سکے گی جب تک

(الف) اس کی تحریک ایک ایسے ریزولیوشن کی شکل میں نہ کی گئی ہو جس کا تحریری نوٹس ایوان کے کم سے کم تیس ممبروں نے اپنے دستخطوں سے دیا ہو اور اس میں ایسی تحریک کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہو، اور

(ب) ایوان کے تمام ممبروں کی دو تہائی تعداد نے اس کی تائید نہ کی ہو -

(۳) جب پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں سے کوئی ایوان فرد الزام پیش کرے تو دوسرے ایوان پر الزام کی تحقیقات کرنا یا کرانا لازم ہوگا اور پریزیڈنٹ کو حق ہوگا کہ اس تحقیقات کے دوران میں حاضر ہو اور اپنی طرف سے پیروی کے لئے کسی شخص کو مقرر کرے -

(۴) اگر اس تحقیقات کے نتیجے کے طور پر جس ایوان نے تحقیقات کی ہے یا کرائی ہے اس کے تمام ممبروں کی دو تہائی تعداد نے یہ ریزولیوشن منظور کرلیا ہو کہ جو الزام پریزیڈنٹ پر لگایا گیا ہے وہ ثابت ہوگیا ہے تو ایسی حالت میں اس ریزولیوشن کے منظور ہونے کی تاریخ سے پریزیڈنٹ اپنے عہدے سے برطرف سمجھا جائے گا -

پریزیڈنٹ کا عہدہ خالی ہونے کی شکل میں انتخاب کا وقت ور اِس عہدہ کے اتفاقیہ خالی ہونے پر نئے شخص کی مدت کار -

دفعہ ۵۱ — (۱) پریزیڈنٹ کے عہدہ کی مدت ختم ہونے کی وجہ سے جو انتخاب ہونے والا ہو اس کی کارروائی اس مدت کے ختم ہونے سے پہلے ہی پوری ہو جانی چاہئے -

(۲) پریزیڈنٹ کی موت ، استعفیٰ ، برطرفی ، یا کسی اور وجہ سے اس کا عہدہ خالی ہوجائے تو اس کے لئے جلد سے جلد انتخاب ہوگا ؛ یہ ہر صورت میں عہدہ خالی ہونے کے چھہ مہینے کے اندر ہو جانا چاہئے ، اور جس شخص کا انتخاب ہوگا اسے اس دستور کی دفعہ ۳۵ کے بموجب پورے پانچ سال پریزیڈنٹ رہنے کا حق ہو گا -

211

هند کا وائس پریزیڈنٹ -

دفعہ ۵۲ -- هند کا ایک وائس پریزیڈنٹ هوا کرے گا -

وائس پریزیڈنٹ عہدہ کے اعتبار سے ریاستوں کی کونسل کا صدر هوا کرے گا-

دفعہ ۵۳ — وائس پریزیڈنٹ اپنے عہدے کے اعتبار سے ریاستوں کی کونسل کا صدر هوا کرے گا اور اس کے علاوہ کسی ایسے عہدے یا نوکری پر مقرر نہ هو سکے گا جس کا معاوضہ ملتا هو ، لیکن جس زمانے میں وہ پریزیڈنٹ کی قائم مقامی کرے یا دفعہ ۵۴ کے بموجب اس کے فرائض انجام دے وہ ریاستوں کی کونسل کا صدر نہیں رهے گا-

پریزیڈنٹ کی غیرحاضری میں یا اتفاق سے اس کا عہدہ خالی هونے پر وائس پریزیڈنٹ اس کے فرائض انجام دے گا-

دفعہ ۵۴ — (۱) اگر موت ، استعفے ، یا برطرفی ، یا کسی اور وجہ سے پریزیڈنٹ کا عہدہ خالی هو جائے تو وائس پریزیڈنٹ اس تاریخ تک پریزیڈنٹ کی جگہ کام کرے گا جب تک نیا پریزیڈنٹ ، جو اس باب کے قاعدوں کے بموجب خالی عہدے کو بھرنے کے لئے منتخب هوا هو ، اپنا عہدہ نہ سنبھال لے -

(۲) جب پریزیڈنٹ موجود نہ هونے ، بیماری یا کسی اور وجہ سے اپنے فرائض انجام نہ دے سکے تو جس تاریخ تک وہ اپنے کام پر واپس نہ آئے وائس پریزیڈنٹ اس کے کام کو انجام دے گا -

(۳) جب وائس پریزیڈنٹ اس طرح پریزیڈنٹ کی جگہ کام کر رها هو یا اس کے فرائض ادا کر رها هو تو اسے اس زمانہ میں اور اس زمانہ کے متعلق وہ تمام اختیار اور رعایتیں حاصل هوں گی جو خود پریزیڈنٹ کو حاصل تھیں -

وائس پریزیڈنٹ کا انتخاب -

دفعہ ۵۵ — (۱) وائس پریزیڈنٹ کا چناؤ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے ممبر ایک مشترک جلسے میں کریں گے - یہ انتخاب اکھری چلتی رائے کے ذریعے کیا جائے گا اور اس میں رائے خفیہ هو گی-

(۲) وائس پریزیڈنٹ پارلیمنٹ یا کسی ریاستی قانون ساز جماعت کا ممبر نہیں هوگا ، اور اگر پارلیمنٹ یا کسی ریاستی قانون ساز جماعت کا کوئی ممبر وائس پریزیڈنٹ منتخب هوجائے تو یہ سمجھا جائے گا کہ اس کی جگہ پارلیمنٹ یا اس قانون ساز جماعت میں جس کا وہ ممبر تھا اس تاریخ سے خالی ہے جس پر اس نے اپنے نئے عہدے کو سنبھالا هو -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

212

(۳) کوئی شخص وائس پریزیڈنٹ منتخب ہونے کا صرف اس صورت میں اہل ہوگا جب کہ

(الف) وہ ہند کا شہری ہو؛

(ب) اس نے اپنی عمر کے ۳۵ سال پورے کر لئے ہوں؛

(پ) وہ ریاستوں کی کونسل کی ممبری کے لئے انتخاب کی شرطیں پورا کرتا ہو۔

(۴) کوئی شخص وائس پریزیڈنٹ کے عہدے کے لئے کھڑا نہیں ہو سکتا اگر وہ ہند کی حکومت یا کسی ریاست کی حکومت یا اُن کے ماتحت کسی مقامی یا دوسرے ادھیکاری کے نیچے کسی ایسے عہدے یا نوکری پر ہو جس کا اسے معاوضہ ملتا ہو۔

<u>تشریح</u> — اس فقرے کے فرضوں کے واسطے کسی شخص کو صرف اس لئے کسی معاوضہ‌دار عہدے یا نوکری پر نہ سمجھا جائے گا کہ

(الف) وہ ہند کا یا کسی ایسی ریاست کا وزیر ہے جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے؛ یا

(ب) وہ ہند کی کسی ایسی ریاست کا وزیر ہے جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں آیا ہے؛ بشرطیکہ وہ ریاستی قانون ساز جماعت کے سامنے جوابدہ ہو، اور جہاں اس جماعت کے دو ایوان ہوں وہاں اس کے نچلے ایوان کے سامنے جوابدہ ہو، اور اس قانون ساز جماعت یا ایوان کے (جیسی بھی صورت ہو) کم سے کم تین چوتھائی ممبر چنے ہوئے ہوں۔

(۵) وائس پریزیڈنٹ کے عہدے کی مدت ختم ہونے کی وجہ سے جو انتخاب ہونے والا ہو اس کی کارروائی اس مدت کے ختم ہونے سے پہلے ہی پوری ہو جانی چاہئے۔

(۶) وائس پریزیڈنٹ کی موت، استعفے، برطرفی یا کسی اور وجہ سے اس کا عہدہ خالی ہو جائے تو اس کے لئے جلد سے جلد انتخاب ہوگا؛ اور جس شخص کا انتخاب ہوگا اسے اس

213

مدت ختم ہونے پر اس کو کسی صورت میں بھی چھ مہینے سے زیادہ نہ بڑھایا جا سکے گا۔

پارلیمنٹ کا سیشن، اس کا برخاست ہونا اور منتشر ہونا۔

دفعہ ٦٩-(١) پارلیمنٹ کے ایوانوں کا اجلاس سال میں کم سے کم دو مرتبہ طلب کیا جائے گا ، اور ایک سیشن کے آخری اور اگلے سیشن کے پہلے اجلاس کی تاریخ کے درمیان چھ مہینے یا اس سے زیادہ کا وقفہ نہ ہوگا۔

(٢) اس دفعہ کی شرطوں کا لحاظ رکھتے ہوئے پریزیڈنٹ کو اختیار ہوگا کہ جب ضرورت ہو ،

(الف) پارلیمنٹ کے ایوانوں یا کسی ایک ایوان کا اجلاس جس وقت اور جس جگہ مناسب سمجھے طلب کرے ؛

(ب) ایوانوں کو برخاست کرے ؛

(پ) ایوان عام کو منتشر کردے۔

پریزیڈنٹ کا حق کہ ایوانوں سے خطاب کرے یا اُنہیں پیغام بھیجے۔

دفعہ ٧٠ - (١) پریزیڈنٹ کو اختیار ہوگا کہ پارلیمنٹ کے کسی ایک ایوان کو بلا کر یا دونوں کو مشترک اجلاس میں طلب کرکے خطاب کرے اور اس مقصد کے لئے ممبروں کو حاضر ہونے کی ہدایت کرے۔

(٢) پریزیڈنٹ کو اختیار ہوگا کہ دونوں ایوانوں میں سے جس کو چاہے کسی بل کے بارے میں، جو پارلیمنٹ میں اس وقت زیر غور ہو، یا کسی اور معاملے کے متعلق ، پیغام بھیجے ، اور جس ایوان کو اس طرح کا پیغام بھیجا جائے وہ جس قدر جلد ممکن ہوگا اس معاملے پر غور کرے گا جس کی ہدایت پیغام میں کی گئی ہو۔

پریزیڈنٹ

پارلیمنٹ کے ہر سیشن کے شروع میں پارلیمنٹ کا خاص ایڈریس اور پارلیمنٹ میں ان معاملوں پر بحث جن کی طرف ایڈریس میں اشارہ کیا گیا ہو۔

دفعہ ٧١ - (١) ہر سیشن کے شروع میں پریزیڈنٹ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترک اجلاس سے خطاب کرے گا اور پارلیمنٹ کو اس کی اطلاع دے گا کہ اسے کن کن معاملوں پر غور کرنے کے لئے بلایا گیا ہے۔

(٢) ہر ایوان کے طریق کار کے لئے جو قاعدے بنیں گے ان کے ذریعے اس کا انتظام کیا جائے گا کہ جن معاملوں کا اس ایڈریس میں ذکر کیا گیا ہو ان پر بحث کرنے کے لئے وقت مقرر ہوجائے اور اس بحث کو ایوان کی باقی تمام کارروائی سے پہلے رکھا جائے۔

ایوانوں کے متعلق وزیروں کا اور اٹارنی جنرل کا حق-

<u>دفعہ ۷۲</u> - ہر وزیر کو اور ہند کے اٹارنی جنرل کو حق ہوگا کہ دونوں ایوانوں میں سے ہر ایک میں ، ایوانوں کے ہر مشترک اجلاس میں اور پارلیمنٹ کی ہر کمیٹی میں، جسکا وہ ممبر مقرر کیا گیا ہو ، تقریر کرے اور ان کی کارروائیوں میں ہر طرح سے حصہ لے ، مگر اس دفعہ کی رو سے اسے رائے دینے کا حق نہ ہوگا -

پارلیمنٹ کے عہدہ دار

ریاستوں کی کونسل کا صدر اور نائب صدر-

<u>دفعہ ۷۳</u>-(۱) ہند کا وائس پریزیڈنٹ ریاستوں کی کونسل کا عہدے کے اعتبار سے صدر ہوگا -

(۲) ریاستوں کی کونسل جلد سے جلد کونسل کے کسی ممبر کو اپنا نائب صدر منتخب کرے گی اور جب کبھی نائب صدر کا عہدہ خالی ہو تو کونسل کسی دوسرے ممبر کو نائب صدر منتخب کریگی-

نائب صدر کے عہدے کو خالی کرنا ، اُس سے استعفا اور برطرفی -

<u>دفعہ ۷۴</u> - جو ممبر ریاستوں کی کونسل کے نائب صدر کے عہدے پر ہو ،

(الف) اگر وہ کونسل کا ممبر نہ رہے تو اسے اپنے عہدے کو خالی کرنا ہوگا ؛

(ب) وہ جب چاہے صدر کے پاس اپنی دستخطی تحریر بھیج کر عہدے سے استعفا دے سکتا ہے ، اور

(پ) اسے ناقابلیت یا عدم اعتماد کی بنا پر ایسے ریزولیوشن کے ذریعے عہدے سے برطرف کیا جا سکے گا جسے کونسل کے تمام ممبروں کی اکثریت نے منظور کیا ہو ؛

لیکن اس دفعہ کے ضمن (پ) کی غرض سے کوئی ریزولیوشن اس وقت تک پیش نہ کیا جا سکے گا جب تک اسے پیش کرنے کے ارادے کی اطلاع چودہ دن پہلے نہ دے دی گئی ہو -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

215

صدر کے عہدے کے فرائض انجام دینے یا صدر کی جگہ کام کرنے کے متعلق نائب صدر یا دوسرے شخصوں کا ختیار -

دفعہ ۷۵-(۱) جب کبھی صدر کا عہدہ خالی ہو یا جب وائس پریزیڈنٹ اس دستور کی دفعہ ۵۴ کے ماتحت پریزیڈنٹ کی جگہ کام کر رہا ہو، یا اس کے فرائض انجام دے رہا ہو، تو صدر کے عہدے کے سب کام نائب صدر کیا کرے گا، یا اگر نائب صدر کا عہدہ بھی خالی ہو تو انہیں ریاستوں کی کونسل کا وہ ممبر کرے گا ، جسے پریزیڈنٹ اس فرض سے مقرر کرے -

(۲) اگر ریاستوں کی کونسل کے کسی اجلاس میں صدر موجود نہ ہو تو نائب صدر ، یا اگر وہ بھی موجود نہ ہو تو ایسا کوئی شخص جس کے متعلق کونسل کے ضابطوں میں طے کردیا گیا ہو صدر کے طور پر کام کرے گا ، یا اگر ایسا کوئی بھی شخص موجود نہ ہو تو کوئی دوسرا شخص کام کرے گا جس کے بارے میں کونسل طے کرے -

یوان عام کا سپیکر اور نائب سپیکر-

دفعہ ۷۶-ایوان عام جلد سے جلد ایوان کے دو ممبروں کو چنے گا جن میں سے ایک اس کا سپیکر اور دوسرا نائب سپیکر کہلائے گا ، اور جب کبھی سپیکر اور نائب سپیکر کا عہدہ خالی ہو تو ایوان کسی دوسرے ممبر کو سپیکر اور نائب سپیکر (جیسی بھی صورت ہو) منتخب کرے گا -

سپیکر یا نائب سپیکر کے عہدے کو خالی کرنا س سے استعفا ور برطرفی -

دفعہ ۷۷-جو ممبر ایوان کے سپیکر یا نائب سپیکر کے عہدے پر ہو،

(الف) اگر وہ ایوان کا ممبر نہ رہے تو اسے اپنے عہدے کو خالی کرنا ہوگا ؛

(ب) وہ اگر سپیکر رہو تو نائب سپیکر کے پاس ، اور اگر نائب سپیکر ہو تو سپیکر کے پاس، جب چاہے اپنی دستخطی تحریر بھیج کر عہدے سے استعفا دے سکتا ھے ؛ اور

(پ) اُسے ناقابلیت یا عدم اعتماد کی بنا پر ایسے ریزولیوشن کے ذریعے عہدے سے برطرف کیا جا سکتا ھے، جسے ایوان کے تمام ممبروں کی اکثریت نے منظور کیا ہو ؛

لیکن اس دفعہ کے ضمن (پ) کی غرض سے کوئی ریزولیوشن اس وقت تک پیش نہ کیا جا سکے گا جب تک اسے پیش کرنے کے ارادے کی اطلاع چودہ دن پہلے نہ دے دی گئی ہو ؛

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

216

ایک شرط یہ بھی ھے کہ جب کبھی ایوان عام منتشر کیا جائے تو سپیکر اپنے عہدے کو ایوان عام کے منتشر ہونے کے بعد جو پہلا اجلاس ہو اس سے تھیک پہلے تک خالی نہ کرے گا -

سپیکر کے عہدے کے فرائض انجام دینے یا سپیکر کی جگہ کام کرنے کا نائب سپیکر یا دوسرے شخصوں کو اختیار -

دفعہ ۷۸ —(آ) جب کبھی سپیکر کا عہدہ خالی ہو تو اس عہدے کے فرائض نائب سپیکر انجام دے گا یا اگر نائب سپیکر کا عہدہ بھی خالی ہو تو ایوان عام کا وہ ممبر جسے پریزیڈنت اس غرض سے مقرر کرے -

(۲) اگر ایوان عام کے کسی اجلاس میں سپیکر موجود نہ ہو تو نائب سپیکر یا اگر وہ بھی موجود نہ ہو تو ایسا کوئی شخص جس کے متعلق ایوان کے ضابطوں میں طے کر دیا گیا ہو، سپیکر کے طور پر کام کرے گا یا اگر ایسا کوئی بھی شخص موجور نہ ہو تو کوئی دوسرا شخص کام کرے گا جس کے بارے میں ایوان طے کرے -

صدر اور نائب صدر اور سپیکر اور نائب سپیکر کی تنخواھیں اور الاونس -

دفعہ ۷۹ —ریاستوں کی کونسل کے صدر اور نائب صدر اور ایوان عام کے سپیکر اور نائب سپیکر کو وہ تنخواھیں اور الاونس دئے جائیں گے جو ان میں سے ہر ایک کے لئے پ‌ارلیمنٹ قانون کے ذریعے مقرر کرے، اور جب تک اس طریقے پر انتظام نہ کیا جائے انہیں وہی تنخواھیں اور الاونس دئے جائیں گے جو دوسرے شیڈیول میں ھیں -

کارروائی کا طریقہ

ایوانوں میں رائے دینے کا طریقہ، نشستیں خالی ہونے کے باوجود ایوانوں کو کام کرنے کا اختیار اور کورم-

دفعہ ۸۰ —(۱) سوائے ان صورتوں کے جن کا ذکر اس دستور میں کر دیا گیا ھے، ایوانوں کے ہر اجلاس یا مشترک اجلاس میں تمام معاملے صدر یا سپیکر یا اس شخص کو جو صدر یا سپیکر کی جگہ کام کر رہا ہو چھوڑ کر، ان ممبروں کی کثرت رائے سے طے ہوں گے جو موجود ہوں اور رائے دیں -

صدر یا سپیکر یا وہ شخص جو ان میں سے کسی کی جگہ کام کر رہا ہو پہلے تو رائے نہ دے گا لیکن اگر دونوں طرف رائیں برابر ہوں تو اس صورت میں وہ رائے دے سکے گا اور دے گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(۲) پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کو، چاھے ان کے ممبروں میں سے کسی کی جگہ خالی ھی کیوں نہ ھو، کام جاری رکھنے کا اختیار ھوگا، اور پارلیمنٹ میں جو کارروائیاں ھوں وہ جائز سمجھی جائیںگی، چاھے بعد میں یہ معلوم ھو کہ کوئی شخص جسے حق نہ تھا ایوان میں بیٹھا تھا یا اس نے رائے دی تھی، یا کارروائیوں میں کسی اور طریقے پر شریک ھوا تھا -

(۳) اگر کسی ایوان کے اجلاس کے دوران میں ممبروں کی کل تعداد کے چھٹے حصے سے کم موجود ھو تو صدر یا سپیکر کا، یا اس شخص کا جو صدر یا سپیکر کی جگہ کام کر رھا ھو، فرض ھوگا کہ اجلاس کو اس وقت تک کے لئے ملتوی کر دے، یا اس کا کام بند کر دے جبتک ممبروں کا چھٹا حصہ حاضر نہ ھو جائے -

ممبروں کے ناقابل ھوجانے کی صورتیں

ممبروں کا اقرار نامہ۔

دفعہ ۸۱--پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا ھر ممبر اپنی جگہ لینے سے پہلے پریزیڈنٹ یا کسی ایسے شخص کے سامنے جسے پریزیڈنٹ نے مقرر کیا ھو اس فارم کے مطابق جو اس غرض سے تیسرے شیڈول میں دیا گیا ھے، زبانی اقرار کرے گا اور اقرارنامے پر دستخط کرے گا -

نشستیں خالی کرنا -

دفعہ ۸۲--(۱) کوئی شخص پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا ممبر نہ ھوسکیے گا، اور پارلیمنٹ قانون کے ذریعے اس کا انتظام کرے گی کہ جو شخص دونوں ایوانوں کا ممبر چن لیا گیا ھو وہ ان میں سے کسی ایک میں سے اپنی نشست خالی کر دے -

(۲) اگر پارلیمنٹ کے کسی ایوان کا کوئی ممبر

(الف) ناقابلیت کی ان شرطوں میں سے کسی کے تحت آ جائے جنکا ذکر اس کے بعد کی دفعہ کے ضمن (۱) میں کیا گیا ھے یا

(ب) صدر یا سپیکر کے پاس (جیسی بھی صورت ھو) اپنی دستخطی تحریر بھیج کر اپنی جگہ سے استعفا دے دے،

218

تو اس وقت اس کی نشست خالی ہو جائے گی -

(۳) اگر پارلیمنٹ کے کسی ایوان کا کوئی ممبر ایوان کی اجازت کے بغیر ساٹھ دن تک ایوان کے تمام جلسوں سے غیر حاضر رہے تو ایوان اُس کی جگہ کو خالی قرار دے سکتا ہے :

لیکن ساٹھ دن کی اس مدت کا حساب لگانے میں اس زمانے کو شمار نہیں کیا جائے گا جب ایوان برخاست کر دیا گیا تھا یا اس کا اجلاس لگاتار چار دن سے زیادہ کے لئے ملتوی کیا گیا ہو -

ممبری کے لئے ناقابل ہو جانے کی صورتیں -

دفعہ ۸۳—(۱) وہ شخص پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں سے کسی کا ممبر منتخب ہونے اور ممبر رہنے کے لئے ناقابل ہوجائے گا،

(الف) جو ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار کے ماتحت کسی ایسے عہدے پر ہو جس کا معاوضہ دیا جاتا ہو، لیکن اس میں وہ عہدہ شامل نہ ہوگا جس کے بارے میں پارلیمنٹ قانون کے ذریعے طے کر دے کہ جو اس پر ہے وہ ناقابل نہ سمجھا جائے -

(ب) جو پاگل ہو اور کسی با اختیار عدالت نے اس بارے میں یہی فیصلہ کیا ہو،

(پ) جو دیوالیہ ہو اور اپنی ذمہ‌داری سے بری نہ کیا گیا ہو،

(ت) جو کسی غیر مملکت کی فرمانبرداری یا اُس سے قریبی تعلق کا اقرار کر چکا ہو یا کسی غیر مملکت کی رعایا یا اس کا شہری ہو یا رعایا یا شہری سمجھے جانے کا حق‌دار مانا جاتا ہو،

(ٹ) جو پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے کسی قانون کے ذریعے یا اس کے ماتحت نا اہل ٹھیرایا گیا ہو -

(۲) اس دفعہ کی غرض کے لئے کسی شخص کو ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار کے ماتحت صرف اس بناء پر معاوضہ دار عہدے پر نہ سمجھا جائے گا کہ

(الف) وہ ہند کا یا کسی ایسی ریاست کا وزیر ہے جسکا ذکر اسوقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں کیا گیا ہے؛ یا

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

219

(ب) وہ ایسی ریاست کا وزیر ہے جسکا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ہے، اگر وہ ریاست کی قانون ساز جماعت کے سامنے جوابدہ ہو، یا جہاں اس جماعت کے دو ایوان ہوں وہاں اس کے نچلے ایوان کے سامنے، اور اگر اس جماعت یا ایوان کے (جیسی بھی صورت ہو) کم سے کم تین چوتھائی ممبر چلے ہوئے ہوں -

دفعہ ۸۱ کے ماتحت اقرار کرنے سے پہلے یا قابلیت نہ رکھنے یا ناقابل ٹھیرائے جانے کے باوجود پارلیمنٹ میں بیٹھنے اور رائے دینے کی سزا-

دفعہ ۸۴ - اگر کوئی شخص اس دستور کی دفعہ ۸۱ کی شرطیں پوری کرنے سے پہلے یا یہ جانتے ہوئے کہ وہ ممبری کے قابل نہیں ہے، یا نا قابل ٹھیرایا گیا ہے، یا پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے کسی قانون کی رو سے اس کی مناہی کی گئی ہے کہ پارلیمنٹ کے کسی ایوان میں ممبر کی حیثیت سے بیٹھے اور رائے دے، تو اس پر ہر دن کے لئے جب وہ اس صورت سے بیٹھے اور رائے دے پانسو روپیہ جرمانہ کیا جائیگا، اور یہ اس سے ہند سرکار کے واجب وصول قرض کے طور پر لیا جائے گا -

ممبروں کے خاص حق اور رعایتیں

ممبروں کے حق وغیرہ -

دفعہ ۸۵ - (۱) پارلیمنٹ کی کارروائی کو ضابطے میں لانے کے لئے جو قاعدے اور مستقل حکم ہوں ان کا لحاظ رکھتے ہوئے پارلیمنٹ میں تقریر کی آزادی ہو گی -

(۲) پارلیمنٹ یا اس کی کسی کمیٹی میں کوئی بات کہنے یا رائے دینے کی بناء پر، پارلیمنٹ کے ممبروں کے خلاف کسی عدالت میں کارروائی نہ کی جا سکے گی اور پارلیمنٹ کا کوئی ایوان کوئی رپورٹ، کاغذ، رایوں کا شمار، یا روداد شائع کرے یا اپنے اختیار سے کرائے تو اس سلسلے میں بھی، کسی شخص کے خلاف کسی عدالت میں کوئی کارروائی نہ کی جا سکے گی -

(۳) باقی ہر لحاظ سے ایوانوں کے ممبروں کے خاص حق اور رعایتیں وہی ہوں گی جنھیں پارلیمنٹ قانون کے ذریعے معین کرے،

220

اور جب تک وہ اس طرح معین نہ کی جائیں یہ وہی ہوں گی جو اس دستور کے جاری ہونے کے وقت برطانیہ کے پارلیمنٹ کے ایوان علم کے ممبروں کو حاصل ہوں -

(۴) اس دفعہ کے ضمن (۱)، (۲) اور (۳) کا اطلاق ان شخصوں پر، جنہیں اس دستور کی رو سے پارلیمنٹ کے کسی ایوان میں تقریر کرنے اور دوسرے طریقوں سے کارروائی میں حصہ لینے کا حق ہو، اسی طرح ہوگا جیسے کہ ان کا اطلاق پارلیمنٹ کے ممبروں پر ہوتا ہے -

ممبروں کی تنخواہیں اور الاؤنس -

دفعہ ۸۶ - پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے ممبروں کو وہی تنخواہیں اور الاؤنس پانے کا حق ہوگا جو پارلیمنٹ قانون کے ذریعے مقرر کیا کرے، اور جب تک اس طریقے پر انتظام نہ کیا جائے انہیں ان شرحوں اور شرطوں کے مطابق الاؤنس پانے کا حق ہوگا جن کا اطلاق اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے ہند ڈومینین کی قانون ساز جماعتوں کے ممبروں پر ہوتا تھا -

قانون سازی کا ضابطہ

بلوں کو پیش کرنے اور منظور کرنے کے بارے میں قاعدے -

دفعہ ۸۷ - (۱) اس دستور کی دفعہ ۸۹ اور ۹۷ میں مالی اور دوسرے مالیاتی بلوں کے بارے میں جو قاعدے ہیں ان کا لحاظ رکھتے ہوئے ہر بل پارلیمنٹ کے ایوانوں میں سے کسی میں پہلی مرتبہ پیش کیا جا سکتا ہے -

(۲) اس دستور کی دفعہ ۸۸ اور ۸۹ کا لحاظ رکھتے ہوئے کسی بل کے بارے میں یہ نہ سمجھا جائے گا کہ اسے پارلیمنٹ کے ایوانوں نے پاس کر دیا ہے، جب تک دونوں ایوانوں نے اسے کسی ترمیم کے بغیر یا صرف ایسی ترمیموں کے ساتھ جن پر دونوں ایوان راضی ہوں، منظور نہ کیا ہو -

(۳) کوئی بل، جو پارلیمنٹ میں زیر غور ہو اس بنا پر خود بخود ختم نہ ہو جائے گا کہ ایوان برخاست کر دئے گئے ہیں -

(٤) کوئی بل، جو ریاستوں کی کونسل میں زیر غور ہو اور ایوان عام میں منظور نہ ہوا ہو وہ ایوان عام کے منتشر ہونے پر خود بخود ختم نہ ہو جائے گا ۔

(٥) اس دستور کی دفعہ ٨٨ کا لحاظ رکھتے ہوئے کوئی ایسا بل جو ایوان عام میں زیر غور ہو ، یا ایوان عام میں منظور ہونے کے بعد ریاستوں کی کونسل میں زیر غور ہو ، ایوان عام کے منتشر ہونے پر خود بخود ختم ہو جائے گا ۔

بعض صورتوں میں دونوں ایوانوں کا مشترک اجلاس۔

دفعہ ٨٨ ۔ (١) اگر کوئی بل ایک ایوان میں منظور ہونے کے بعد دوسرے ایوان میں بھیجا جا چکا ہو ، اور

(الف) دوسرے ایوان نے اسے نا منظور کر دیا ہو، یا

(ب) دونوں ایوانوں نے قطعی طور پر اس بارے میں اختلاف کیا ہو کہ بل میں کیا کیا ترمیمیں کی جائیں ، یا

(پ) دوسرے ایوان میں بل کے وصول ہونے کی تاریخ سے چھہ مہینے سے زیادہ گزر چکے ہوں اور ایوان نے اسے منظور نہ کیا ہو، تو

اگر بل ایوان عام کے منتشر ہونے کی وجہ سے خود بخود ختم نہ ہو گیا ہو اور ایوانوں کا اجلاس ہو رہا ہو تو پریزیڈنٹ پیام کے ذریعے، اور اگر اجلاس نہ ہو رہا ہو تو عام اعلان کے ذریعے، اپنے اس ارادے کی اطلاع دے سکتا ھے کہ ایوانوں کو مشترک اجلاس کے لئے طلب کیا جائے گا، تاکہ وہ بل پر غور کریں اور اس پر رائے دیں ؛

لیکن اس فقرے کی کسی بات کا اطلاق کسی مالی بل پر نہ ہوگا ۔

(٢) چھہ مہینے کی کسی ایسی مدت کا حساب لگاتے وقت جس کا ذکر ضمن (١) میں کیا گیا ھے وہ زمانہ شمار نہ کیا جائے گا جب پارلیمنٹ برخاست کر دی گئی تھی یا دونوں ایوانوں کے اجلاس چار دن سے زیادہ کے لئے ملتوی کئے گئے تھے ۔

(٣) جب پریزیڈنٹ نے ضمن (١) کے ماتحت دونوں ایوانوں کو مشترک اجلاس کے لئے طلب کرنے کے ارادے کی اطلاع دے دی ہو تو

پھر کوئی ایوان بل کے متعلق آگے کارروائی نہ کرے گا ، مگر پریزیڈنٹ اپنی اطلاع کی تاریخ کے بعد کسی وقت بھی ایوانوں کو اس غرض سے، جس کی تشریح اطلاع میں کی گئی ہو ، مشترک اجلاس کے لئے طلب کر سکتا ہے، اور اگر وہ انہیں طلب کرے تو ایوانوں پر لازم ہوگا کہ مشترک اجلاس میں شریک ہوں -

(۴) اگر دونوں ایوانوں کے مشترک اجلاس میں ایوانوں کے ان ممبروں کی اکثریت نے جو موجود ہو اور رائے دے ، بل کو ایسی ترمیموں کے ساتھ پاس کر دیا ہو جو مشترک اجلاس میں منظور کی گئی ہوں، تو اس دستور کے لحاظ سے یہ سمجھا جائے گا کہ دونوں ایوانوں نے بل کو منظور کر لیا ہے -

لیکن —

(الف) اگر بل ایک ایوان میں تو منظور ہو گیا مگر دوسرے ایوان سے ترمیموں کے ساتھ منظور ہو کر اس ایوان میں واپس نہیں بھیجا گیا جس میں وہ پہلی مرتبہ پیش ہوا تھا ، تو مشترک اجلاس میں صرف ایسی ترمیموں کی تحریک کی جاسکے گی جو بل کی منظوری میں دیر لگنے کی وجہ سے ضروری ہو گئی ہوں ؛

(ب) اگر بل دوسرے ایوان سے ترمیموں کے ساتھ منظور ہو کر واپس کر دیا گیا ہو تو مشترک اجلاس میں صرف وہی ترمیمیں جن کا ذکر اوپر آ چکا ہے اور ایسی ترمیمیں جن کا ان معاملوں سے تعلق ہو جن پر ایوانوں نے اتفاق نہیں کیا ، پیش کی جا سکیں گی۔ اور جو شخص صدارت کر رہا ہو اس کا فیصلہ اس بارے میں قطعی ہوگا کہ اس ضمن کے ماتحت کن ترمیموں کو پیش کرنے کی اجازت ہے -

(۵) پریزیڈنٹ کی اس اطلاع کے بعد کہ اس کا ارادہ ایوانوں کا مشترک اجلاس طلب کرنے کا ہے ، ایوان عام منتشر ہو چکا ہو تب بھی اس دفعہ کے بموجب مشترک اجلاس طلب کیا جا سکتا ہے اور اس میں بل منظور کیا جا سکتا ہے -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

مالی بلوں کے بارے میں خاص ضابطہ

دفعہ ۸۹ - (۱) ریاستوں کی کونسل میں مالی بل کی ابتدا نہیں کی جا سکے گی -

(۲) جب کسی مالی بل کو ایوان عام نے منظور کر لیا ہو تو وہ ریاستوں کی کونسل میں بھیجا جائے گا تاکہ وہ اپنی تجویزیں پیش کرے، اور ریاستوں کی کونسل بل کی وصولی کے تیس دن کے اندر اسے ایوان عام میں اپنی تجویزوں کے ساتھ واپس کر دے گی اور تب ایوان عام کو اختیار ہو گا کہ وہ کسی تجویز یا تمام تجویزوں کو منظور یا نا منظور کر دے -

(۳) اگر ایوان عام کسی مالی بل کے بارے میں ریاستوں کی کونسل کی کسی تجویز کو منظور کر لے تو سمجھا جائے گا کہ بل دونوں ایوانوں میں ان ترمیموں کے ساتھ پاس ہو گیا ہے جن کی ریاستوں کی کونسل نے سفارش کی تھی اور جنھیں ایوان عام نے منظور کر لیا تھا -

(۴) اگر ایوان عام ریاستوں کی کونسل کی کسی بھی تجویز کو بھی منظور نہ کرے تو سمجھا جائے گا کہ مالی بل دونوں ایوانوں میں، بغیر ایسی ترمیموں میں سے کسی کے جن کی سفارش ریاستوں کی کونسل نے کی تھی، اس شکل میں منظور ہو گیا ہے جس میں وہ ایوان عام میں منظور ہوا تھا -

(۵) اگر کوئی مالی بل، جو ایوان عام میں منظور ہو کر ریاستوں کی کونسل میں سفارشوں کے لئے بھیج دیا گیا ہو، تیس دن کی مدت کے اندر واپس نہ آ جائے تو سمجھا جائے گا کہ اسے دونوں ایوانوں نے اس شکل میں منظور کر لیا ہے جس میں وہ ایوان عام میں پاس ہوا تھا -

"مالی بل" کی تعریف -

دفعہ ۹۰ - (۱) اس باب کی غرض کے لئے وہ بل "مالی بل" سمجھا جائے گا جس میں صرف نیچے لکھے ہوئے معاملوں میں سے سب کے یا کسی ایک کے بارے میں تجویزیں ہوں —

(الف) کسی محصول کا عائد کرنا، اسے منسوخ کرنا، اس میں سے کچھ چھوڑ دینا، اس میں تبدیلی کرنا، یا اس کے بارے میں قاعدے بنانا ؛

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(ب) ہند سرکار کے روپیہ قرض لینے یا ضمانت دینے کے بارے میں قاعدے بنانا ، یا ہند کی حکومت نے جو مالی ذمہ داریاں لی ہوں یا لینے والی ہو ان کے بارے میں قانون کی ترمیم کرنا ؛

(پ) حکومت کے خرچ کے لئے روپیہ ؛

(ت) ہند کی آمدنی کو صرف میں لانا ؛

(ٹ) کسی خرچ کو ایسا خرچ قرار دینا جو ہند کی آمدنی سے واجب ادائگی ہو یا ایسے خرچ کی رقم میں اضافہ کرنا ؛

(ث) ہند کی آمدنی کی رقم کی وصولی یا اس کی تحویل یا اس کا نکالنا یا ہند سرکار کے حسابات کا آڈٹ ؛ یا

(ج) کوئی ذیلی معاملہ جو ان باتوں کے متعلق ہو جن کا ذکر اس فقرے کے ضمن (الف) تا (ث) میں کیا گیا ہے ـ

(۲) کوئی بل صرف اس بنا پر "مالی بل" نہ سمجھا جائے گا کہ اس میں جرمانہ کرنے یا دوسری قسم کے مالی تاوان لگانے کی یا لائسنسوں کی فیسوں کے مطالبے اور ادائگی یا سہولتیں بہم پہنچانے کی فیس وصول کرنے کے قاعدے ہیں ، یا اس بنا پر کہ اس میں کسی ایسے محصول کو لگانے ، منسوخ کرنے ، معاف کرنے ، یا اس تبدیلی کرنے یا اس کے لئے قاعدے بنانے کی تجویزیں ہیں جو کسی مقامی حاکم یا جماعت نے مقامی مقصدوں کے لئے لگایا ہو ـ

(۳) اگر کسی بل کے سلسلے میں یہ سوال پیدا ہو کہ وہ "مالی بل" ہے یا نہیں تو اس بارے میں ایوان عام کے سپیکر کا فیصلہ قطعی ہوگا ـ

(۴) جب کوئی مالی بل اس دفعہ سے پہلے کی دفعہ کے بموجب ریاستوں کی کونسل میں بھیجا جائے یا اس دفعہ کے بعد کی دفعہ کے بموجب پریزیڈنٹ کے سامنے منظوری کے لئے پیش کیا جائے تو اس پر ایوان عام کے سپیکر کی دستخطی تصدیق ہونی چاھئے کہ وہ "مالی بل" ہے ـ

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

بلوں کی منظوری۔

دفعہ ۹۱ ۔ جب کوئی بل پارلیمنٹ کے ایوانوں سے پاس ہو گیا ہو تو اسے پریزیڈنٹ کے سامنے پیش کیا جائے گا اور پریزیڈنٹ یا تو اعلان کرے گا کہ وہ اسے منظور کرتا ہے یا یہ کہ وہ اسے منظور نہیں کرتا ۔

لیکن پریزیڈنٹ کو یہ اختیار ہو گا کہ منظوری کے لئے پیش ہونے کے چھہ ہفتے کے اندر بل کو ، اگر وہ مالی بل نہ ہو، ایک پیام کے ساتھ ایوانوں میں واپس بھیج دے ، جسمیں یہ درخواست ہو کہ دونوں ایوان بل یا اس کی کسی خاص دفعہ پر دوبارہ غور کریں اور اس پر خاص طور سے توجہ کریں کہ آیا ان ترمیموں کو شامل کرنا مناسب ہو گا جس کی اس نے اپنے پیام میں سفارش کی ہے ، اور دونوں ایوان پیام کے مطابق بل پر دوبارہ غور کریں گے

مالی معاملوں کا ضابطہ

سالانہ بجٹ۔

دفعہ ۹۲ ۔ (۱) پریزیڈنٹ دونوں ایوانوں میں ہر مالی سال کے متعلق ہند کی حکومت کی اس سال کی آمدنی اور خرچ کا تخمینہ پیش کرائے گا جس کا نام دستور کے اس حصہ میں "سالانہ بجٹ" ہوگا ۔

(۲) سالانہ بجٹ میں خرچ کے جو تخمینے شامل ہوں گے ان میں وہ رقمیں الگ الگ دکھائی جائیں گی ،

(الف) جو اس خرچ کو پورا کرنے کے لئے جسے اس دستور میں ہند کی آمدنی سے واجب الادا قرار دیا گیا ہے ضروری ہوں ؛

(ب) جس سے دوسرا خرچ جو ہند کی آمدنی سے کیا جانا تجویز ہوا ہے پورا ہوگا ؛

اور آمدنی وصول کرنے کے سلسلے میں جو خرچ ہوا ہو اس میں اور دوسری قسم کے خرچوں میں فرق کیا جائے گا ۔

(۳) نیچے لکھا ہوا خرچ وہ ہے جو ہند کی آمدنی سے

واجب الادا ہوگا -

(الف) پریزیڈنٹ کی تنخواہ اور الاونس اور اس کے عہدے کے متعلق دوسرے خرچ ؛

(ب) ریاستوں کی کونسل کے صدر اور نائب صدر اور ایوان عام کے سپیکر اور نائب سپیکر کی تنخواہیں اور الاونس ؛

(پ) قرض کے متعلق مطالبہ مع سود قرض ادائی فنڈ اور قرض چکانے کے خرچوں کے جنہیں ادا کرنے کی ذمہ‌دار ہند سرکار ہو اور دوسرے خرچ جو قرض لینے، اور جاری رکھنے اور چکانے کے متعلق ہوں -

(ت) (۱) تنخواہیں ، الاونس اور پنشنیں جو سپریم کورٹ کے ججوں یا ان کے عہدے کے سلسلے میں دینے ہوں -

(۲) پنشنیں جو فیڈرل کورٹ کے ججوں کو یا ان کے عہدے کے سلسلے میں دینی ہوں -

(۳) پنشنیں جو ایسے ہائی کورٹ کے ججوں کو یا ان کے عہدے کے سلسلے میں دینی ہوں جسکی عمل‌داری ان ریاستوں کے کسی رقبے میں ہے ، یا اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے تھی ، جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ اور ۲ میں درج ہے -

(ٹ) ایسی رقمیں جو کسی عدالت یا پنچایتی عدالت کے حکم ، ڈگری یا پنچ فیصلے کے مطابق ادا ہونی ضروری ہوں ؛

(ث) اور کوئی خرچ جسے یہ دستور یا پارلیمنٹ قانون کے ذریعے واجب الادا قرار دے -

پارلیمنٹ کا ضابطہ تخمینوں کے بارے میں -

دفعہ ۹۳ (۱) خرچ کے تخمینوں کا وہ حصہ جو ہند کی آمدنی سے واجب الادا خرچ قرار دیا گیا ہو پارلیمنٹ کے سامنے ووٹ کے لئے پیش نہ کیا جائے گا ، مگر اس فقرے کے کسی حصے سے یہ نہ سمجھا جائے گا کہ پارلیمنٹ کے کسی ایوان میں ان تخمینوں میں سے کسی پر بحث نہیں کی جا سکتی -

(۲) ان تخمینوں کا وہ حصہ جس کا تعلق دوسرے خرچ سے ہوگا ایوان عام میں خرچ کے مطالبوں کی شکل میں پیش

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

227

کیا جائے گا، اور ایوان عام کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی مطالبے کو منظور یا نا منظور کر دے یا کسی مطالبے کو اس شرط کے ساتھ منظور کرے کہ اس میں جو رقم درج ہے وہ کم کر دی جائے۔

(۳) خرچ کا مطالبہ صرف پریزیڈنٹ کی سفارش پر کیا جا سکے گا۔

منظور کئے ہوئے خرچوں کے شیڈیول کی تصدیق -

دفعہ ۹۴ — (۱) پریزیڈنٹ اپنے دستخط سے ایک ایسے شیڈیول کی تصدیق کرے گا جس میں

(الف) وہ رقمیں درج ہوں گی جو ایوان عام میں اس دفعہ سے پہلے کی دفعہ کے مطابق منظور کی گئی ہوں؛

(ب) وہ مختلف رقمیں درج ہوں گی جو ہند کی آمدنی سے واجب الادا خرچ کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہوں، لیکن ان میں کوئی رقم اس رقم سے زیادہ نہ ہوگی جو پارلیمنٹ کے سامنے پیش کئے ہوئے بجٹ میں درج تھی -

(۲) جس شیڈیول کی اس طرح تصدیق کر دی گئی ہو وہ ایوان عام میں پیش تو کیا جائے گا مگر پارلیمنٹ میں اس پر نہ بحث ہو گی نہ ووٹ لیا جائے گا۔

(۳) اس دفعہ کے بعد کی دو دفعوں کا لحاظ رکھتے ہوئے کسی خرچ کے بارے میں جو ہند کی آمدنی سے کیا جائے، یہ نہ سمجھا جائے گا کہ وہ باقاعدہ منظور کیا گیا ہے اگر وہ اس شیڈول میں درج نہ ہو جس کی پریزیڈنٹ نے تصدیق کی ہے -

خرچ کی ضمنی کیفیت -

دفعہ ۹۵ — اگر کسی مالی سال میں اس خرچ کے علاوہ جو ہند کی آمدنی سے اس سال کے لئے پہلے سے منظور کیا گیا ہو مزید خرچ کی ضرورت پڑ جائے تو پریزیڈنٹ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے سامنے ایک ضمنی کیفیت پیش کرائے گا جس میں زائد خرچوں کے تخمینے درج ہوں گے اور اس ضابطے کا جو پچھلی دفعوں میں بیان کیا گیا ہے اس کیفیت اور ان خرچوں پر اسی طرح اطلاق ہوگا جیسے کہ سالانہ بجٹ اور ان خرچوں پر ہوتا ہے جن کا اس میں ذکر ہے -

228

زائد مطالبوں کی منظوری -

دفعہ ۹۶ — اگر کسی مالی سال میں ہند کی آمدنی سے حکومت کے کسی ایسے محکمے پر جس کے خرچ کے لئے ایوان عام کی منظوری ضروری ہو اس شعبے پر اس رقم سے زیادہ خرچ ہو گیا ہے جو اس سال کے لئے منظور ہوئی تھی تو اس زائد خرچ کے لئے ایوان عام میں مطالبہ پیش کیا جائے گا اور ایسے مطالبے کے لئے دفعہ ۹۳ اور ۹۴ کے ضابطے کا اطلاق اس طرح ہوگا جیسے وہ خرچ کے مطالبے پر ہوتا ہے -

مالیاتی بلوں کے متعلق خاص قاعدے -

دفعہ ۹۷ — (۱) کسی بل یا ترمیم کی ابتدا یا تحریک جس سے اس دستور کی دفعہ ۹۰ کے فقرہ (۱) کے ضمن (الف) تا (ث) کے متعلق کوئی قاعدہ بنانا ہو، صرف پریزیڈینٹ کی سفارش پر ہو سکے گی ، اور ایسے کسی بل کی ابتدا ریاستوں کی کونسل میں نہ کی جا سکے گی ؛

لیکن اس فقرے کے ماتحت ایسی ترمیموں کو پیش کرنے کے لئے پریزیڈنٹ کی سفارش درکار نہ ہوگی جس میں کسی محصول کو کم یا منسوخ کرنے کی کوئی تجویز ہو -

(۲) کسی بل یا ترمیم کے بارے میں صرف اس بنا پر یہ نہ سمجھا جائے گا کہ اس میں اوپر لکھے ہوئے معاملوں کے متعلق کوئی ایسی تجویز موجود ہے اگر اس میں جرمانے لگانے یا دوسرے قسم کے مالی تاوان دینے یا لائسنسوں کی فیسوں کے مطالبے یا ادائگی یا سہولتیں بہم پہنچانے کی فیس وصول کرنے کے قاعدے ہیں یا اگر اس میں کسی ایسے محصول کو لگانے ، منسوخ کرنے ، معاف کرنے یا اس میں تبدیلی کرنے یا اس کے لئے قاعدے بنانے کی تجویزیں ہیں جو کسی مقامی حاکم یا جماعت نے مقامی مقصدوں کے لئے لگایا ہو -

(۳) کوئی بل جس کے قانون بن جانے اور نافذ ہونے سے ہند کی آمدنی سے روپیہ خرچ ہوگا یا پارلیمنٹ کے کسی ایوان میں پاس نہ کیا جائے گا ، جب تک کہ پریزیڈنٹ نے اس ایوان سے اس بل پر غور کرنے کی سفارش نہ کر دی ہو -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

کاروائی کے متعلق عام باتیں

کارروائی کے قاعدے ۔

دفعہ ۹۸ - (۱) اس دستور کے قاعدوں کا لحاظ رکھتے ہوئے پارلیمنٹ کے ہر ایوان کو اختیار ہوگا کہ اپنے ضابطوں اور طریق کار کی تنظیم کے لئے قاعدے بنائے -

(۲) جب تک اس دفعہ کے ضمن (۱) کے بموجب قاعدے نہ بنیں پارلیمنٹ کے لئے وہ ضابطے ، قاعدے اور مستقل قاعدے جاری رھیں گے جو ھند ڈومینین کی قانون ساز جماعت میں اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے نافذ تھے ، مگر ریاستوں کی کونسل کے صدر یا ایوان عام کے سپیکر کو ، (جیسی بھی صورت ہو) اس کا اختیار ہو گا کہ ان میں ترمیمیں اور حالات کے لحاظ سے مناسب تبدیلیاں کرے -

(۳) پریزیڈنٹ کو اختیار ہو گا کہ ریاستوں کی کونسل کے صدر اور ایوان عام کے سپیکر سے مشورہ کرنے کے بعد مشترک اجلاس کے طریق کار اور ایوانوں کے درمیان سندیسے بھیجنے کے بارے میں قاعدے بنائے -

(۴) دونوں ایوانوں کے مشترک اجلاس کی صدارت ایوان عام کا سپیکر ، یا اس کی غیر موجودگی میں وہ شخص کرے گا جو اس دفعہ کے ضمن (۳) کے مطابق بنے ہوئے طریق کار کی رو سے مقرر ہوا ہو -

زبان جو پارلیمنٹ میں استعمال ہوگی -

دفعہ ۹۹ - (۱) پارلیمنٹ میں کارروائی ھندی یا انگریزی میں ہوگی ، لیکن ریاستوں کی کونسل کے صدر یا ایوان عام کے سپیکر کو (جیسی بھی صورت ہو) اختیار ہوگا کہ ایسے ممبر کو جو اپنا مطلب ان دونوں زبانوں میں سے کسی میں کافی اچھی طرح ادا نہ کر سکتا ہو ، اس کی اجازت دے دے کہ وہ ایوان سے اپنی مادری زبان میں خطاب کرے -

(۲) ریاستوں کی کونسل کے صدر یا ایوان عام کے سپیکر کو اختیار ہوگا کہ جب مناسب سمجھے اس کا انتظام کرے کہ ریاستوں کی کونسل یا ایوان عام میں (جیسی بھی صورت ہو) ایسی تقریر کا خلاصہ ، جو کسی ممبر نے کسی دوسری زبان میں کی ہو ، انگریزی

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

230

یا هندی میں فراهم کر دیا جائے اور یہ خلاصہ اس ایوان کی کارروائی میں شامل کردیا جائے گا جہاں یہ تقریر کی گئی ہو -

پارلیمنٹ میں بحث پر پابندیاں -

دفعہ ۱۰۰ - (۱) سپریم کورٹ یا کسی هائی کورٹ کے کسی جج نے اپنے فرائض انجام دینے کے سلسلے میں جو روش اختیار کی ہو اس پر پارلیمنٹ میں کوئی بحث نہ ہو سکے گی ، سوائے اس صورت کے کہ جب پریزیڈنٹ کے سامنے ایک ایڈریس پیش کیا جائے جس میں اس جج کو اس قاعدے کے بموجب جو اس دستور میں آگے بیان کیا گیا ھے برطرف کرنے کی گزارش کی گئی ہو -

(۲) اس دفعہ میں هائی کورٹ کی طرف جو اشارہ کیا گیا ھے وہ ایسی عدالت کی طرف بھی اشارہ سمجھا جائے گا جو کسی ایسی ریاست میں ہو جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ھے اور جو اس دستور کے حصہ ۵ کے باب ۴ کے کسی مقصد کے لحاظ سے هائی کورٹ کی حیثیت رکھتی ہو -

عدالتوں کو پارلیمنٹ کی کارروائیوں کے بارے میں تحقیقات کرنے کی ممانعت -

دفعہ ۱۰۱ - (۱) پارلیمنٹ کی کسی کارروائی کے قانونی طور پر درست ہونے کے بارے میں اس گمان کی بنا پر اعتراض نہ کیا جا سکے گا کہ وہ بے قاعدہ ھے -

(۲) پارلیمنٹ کا کوئی عہدہ دار یا ممبر جسے اس دستور کے ذریعے یا اس کے ماتحت پارلیمنٹ کے طریق کار کی ترتیب یا کارروائی کو عمل میں لانے یا پارلیمنٹ میں نظم قائم رکھنے کے اختیار دئے گئے ہیں ، وہ جہاں تک کہ ان اختیاروں سے کام لینے کا تعلق ھے کسی عدالت میں جوابدہ نہ ہوگا -

باب ۳ — پریذیڈنٹ کے قانون سازی کے اختیار

پارلیمنٹ کی تعطیل کے زمانے میں پریزیڈنٹ کا آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار -

دفعہ ۱۰۲ - (۱) اگر کسی ایسے زمانے میں جب پارلیمنٹ کا اجلاس نہ ہو رہا ہو ، پریزیڈنٹ کو یقین ہو جائے کہ ایسے حالات پیدا ہو گئے ہیں جن میں فوری تدبیر کرنا ضروری ھے ، تو وہ ایسے آرڈیننس جاری کر سکتا ھے جو حالات کو دیکھتے ہوئے مناسب معلوم ہوں -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(۲) اس دفعہ کے ماتحت جو آرڈیننس جاری کیا جائے اس کی حیثیت اور اثر وہی ہوگا جو پارلیمنٹ کے کسی ایسے ایکٹ کا ہوتا جس کو پریزیڈنٹ نے منظور کرلیا ہو، لیکن ایسا ہر آرڈیننس

(الف) پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پیش کیا جائےگا اور پارلیمنٹ کے دوبارہ اکٹھا ہونے کے چھ ہفتے بعد وہ بے اثر ہو جائے گا، یا اگر اس مدت کے ختم ہونے سے پہلے دونوں ایوانوں نے ریزولیوشن کے ذریعے اسے نا پسند کیا ہو تو اس وقت جب ان میں سے دوسرا ریزولیوشن منظور ہو، اس کا نفاذ ختم ہو جائے گا، اور

(ب) کسی وقت بھی پریزیڈنٹ کے حکم سے واپس لیا جاسکتا ہے-

تشریح — اگر پارلیمنٹ کے ایوانوں کا اجلاس مختلف تاریخوں کے لئے طلب کیا گیا ہو تو اس فقرے کے منشا کے لئے چھ ہفتے کی مدت ان تاریخوں میں سے بعد کی تاریخ سے شمار ہوگی -

(۳) اگر کسی آرڈیننس یا اس کے کسی حصے کے ذریعے جو اس دفعہ کے مطابق بلے، کوئی ایسا قانون بنایا جائے جس کی اہلیت پارلیمنٹ کو اس دستور کے تحت حاصل نہیں ہے، تو وہ آرڈیننس یا اس کا اس قدر حصہ باطل ہوگا -

باب ۴ — یونین کی عدالت

سپریم کورٹ کا قیام اور اس کی بناوٹ

دفعہ ۱۰۳ - (۱) ہند کا ایک سپریم کورٹ ہوگا جس کا ایک چیف جسٹس اور اتنے جج ہونگے جتنے کہ پارلیمنٹ قانون کے ذریعے مقرر کرے، مگر وہ سات سے کم نہ ہونگے -

(۲) سپریم کورٹ کے ہر جج کو پریزیڈنٹ اپنے دستخطی حکم نامے سے، جس پر اسکی مہر لگی ہو، سپریم کورٹ اور ریاستوں کے ہائی کورٹوں کے اتنے ججوں سے مشورہ کرنے کے بعد جن سے مشورہ کرنا ضروری ہو، مقرر کرے گا اور یہ جج پینسٹھ سال کی عمر تک اپنے عہدے پر رہے گا

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

لیکن چیف جسٹس کے سوا اور کسی جج کو مقرر کرنا ہو تو ہمیشہ چیف جسٹس سے مشورہ کیا جائے گا؛

اس کے ساتھ ہی

(الف) جب کوئی جج چاہے تو وہ پریزیڈنٹ کے نام اپنی تحریر بھیج کر عہدے سے استعفا دے سکتا ہے؛

(ب) اس طریقے پر جو فقرہ (۴) میں بیان کیا گیا ہے، کوئی بھی جج عہدے سے برطرف کیا جاسکتا ہے۔

(۳) کوئی شخص سپریم کورٹ کا جج مقرر ہونے کا اہل نہ ہوگا سوائے اس حالت کے کہ وہ ہند کا شہری ہو، اور

(الف) کم سے کم پانچ سال تک کسی ایک ہائی کورٹ کا یا مسلسل دو یا دو سے زیادہ ایسی ہی عدالتوں کا جج رہ چکا ہو؛ یا

(ب) کم سے کم دس سال تک کسی ایک ہائی کورٹ کا یا مسلسل دو یا دو سے زیادہ ایسی ہی عدالتوں کا ایڈوکیٹ رہ چکا ہو۔

<u>تشریح ۱</u> — اس فقرے میں ہائی کورٹ سے مراد ایسا ہائی کورٹ ہے جس کا دائرہ اختیار ہند کی سر زمین کے کسی حصے میں ہے یا اس دستور کے جاری ہونے سے پہلے تھا۔

<u>تشریح ۲</u> — اس فقرے کے مقصد کے لئے اس مدت کا شمار کرتے وقت جس میں کوئی شخص ایڈوکیٹ رہا ہو، وہ مدت بھی شامل کی جائے گی جب ایڈوکیٹ بننے کے بعد وہ ججی کے عہدے پر تھا۔

(۴) سپریم کورٹ کا کوئی جج اپنے عہدے سے برطرف نہ کیا جاسکے گا سوائے اس حالت کے کہ پریزیڈنٹ، ایسے ایڈریس کی بنا پر اس کا حکم دے جس کی پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے موجود اور رائے دینے والے ممبروں میں سے کم سے کم دو تہائی نے تائید کرکے اسی سیشن میں اس کے سامنے پیش کیا ہو، اور اس ایڈریس میں جج کی ثابت شدہ بداعمالی یا نالائقی کی بنا پر اسے برطرف کرنے کی گزارش کی گئی ہو۔

233

(۵) پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ قانون کے ذریعے پچھلے فقرے کے مطابق ایڈریس پیش کرنے اور جج کی بداعمالی یا نالائقی کی تحقیق، اور اسے ثابت کرنے کے طریق کار کے لئے قاعدے بنائے -

(۶) ہر شخص جو سپریم کورٹ کا جج مقرر ہو اپنا عہدہ سنبھالنے سے پہلے پریزیڈنٹ یا کسی ایسے شخص کے سامنے جسے پریزیڈنٹ نے مقرر کیا ہو، اس فارم کے مطابق جو اس مقصد سے تیسرے شیڈیول میں درج ہے، زبانی اقرار کرے گا اور اقرارنامے پر دستخط کرے گا -

(۷) کوئی شخص جو سپریم کورٹ کی ججی کے عہدے پر رہ چکا ہو ہند کی سرزمین کے اندر کسی عدالت یا حاکم کے سامنے وکالت یا وکیل کے طور پر کام نہ کر سکے گا۔

ججوں کی تنخواہیں وغیرہ -

دفعہ ۱۰۴ — سپریم کورٹ کے جج ان تنخواہوں اور الاونسوں کے حق دار ہوں گے اور پنشن کے بارے میں ان کے حق وہ ہوں گے جو پارلیمنٹ قانون کے ذریعے یا اس کے ماتحت طے کیا کرے، اور جب تک وہ اِس طرح طے نہ کرے وہ انھی تنخواہوں اور الاونسوں کے حق دار ہوں گے اور انھیں رخصت اور پنشن کے بارے میں وہی حق ہوں گے جن کی تفصیل دوسرے شیڈیول میں درج ہے -

مگر کسی جج کی تنخواہ اور رخصت یا پنشن کے حقوں میں اُس کے مقرر ہونے کے بعد کوئی ایسی تبدیلی نہ کی جائے گی جس سے اُس کا نقصان ہو -

قائم مقام چیف جسٹس کا تقرر -

دفعہ ۱۰۵ — جب ہند کے چیف جسٹس کا عہدہ خالی ہو یا چیف جسٹس اپنی غیر موجودگی یا کسی اور سبب سے اپنے عہدے کے فرائض انجام نہ دے سکتا ہو، تو عہدے کے فرائض سپریم کورٹ کا کوئی دوسرا جج انجام دے گا جسے پریزیڈنٹ اس مقصد سے مقرر کرے -

عارضی ججوں کا تقرر -

دفعہ ۱۰۶ — (۱) اگر کسی وقت سپریم کورٹ کے ججوں کا کورم عدالت کا کوئی سیشن کرنے یا اسے جاری رکھنے کے لئے پورا نہ ہوتا ہو تو ہند کے چیف جسٹس کو اختیار ہو گا کہ وہ کسی ہائی کورٹ

کے جج سے ، جسے وہ اس ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سے مشورے کے بعد نامزد کرے گا ، ضروری مدت کے لئے ، سیشن میں ایسے جج کی حیثیت سے جسے خاص غرض سے مقرر کیا گیا ہو ، شرکت کی تحریری درخواست کرے -

(۲) اِس طرح سے نامزد کئے ہوئے جج کا یہ فرض ہوگا کہ اپنے عہدے کے دوسرے فرائض پر ترجیع دے کر سپریم کورٹ کی نشستوں میں اس وقت اور اس مدت کے لئے شامل ہو جس کے لئے اس کی شرکت ضروری ہو ، اور اُس طرح شرکت کرتے ہوئے اُس کو وهی اختیار سماعت ، دوسرے اختیار اور خاص حق حاصل ہوں گے جو سپریم کورٹ کے دوسرے ججوں کو حاصل ہوں ، اور وہ اُنہیں فرائض کو انجام دے گا جو سپریم کورٹ کا کوئی جج انجام دیتا ہے -

پنشن یاب (ریٹائرڈ) ججوں کی سپریم کورٹ کے اجلاس میں شرکت -

دفعہ ۱۰۷ — اس باب میں جو کچھہ ہے اس کے باوجود ہند کے چیف جسٹس کو اختیار ہو گا کہ اس دفعہ کی شرطوں کا لحاظ رکھتے ہوئے کسی ایسے شخص سے ، جو سپریم کورٹ یا فیڈرل کورٹ کا جج رہ چکا ہو ، کسی وقت درخواست کرے کہ وہ سپریم کورٹ کے جج کی حیثیت سے اجلاس میں شریک ہو اور کام کرے ، اور ہر اس شخص کو جس سے اس طرح کام کرنے اور اجلاس میں شرکت کرنے کی درخواست کی جائے ، وهی اختیار سماعت ، دوسرے اختیار اور خاص حق حاصل ہوں گے جو اس عدالت کے جج کو ہوتے ہیں ، لیکن وہ کسی اور اعتبار سے اس عدالت کا جج نہ سمجھا جائے گا ؛

لیکن اس دفعہ کے کسی حصہ کے یہ معنی نہ سمجھے جائیں گے کہ کسی ایسے شخص کو ، جس کا ذکر اوپر آیا ہے ، بغیر اس کی رضامندی کے جج کی حیثیت سے اجلاس میں شریک ہونے اور کام کرنے پر مجبور کیا جائے گا -

سپریم کورٹ کا صدر مقام -

دفعہ ۱۰۸ - سپریم کورٹ کی ایک نظیری عدالت ہوگی ، اور اس کا اجلاس دهلی میں اور ایسے دوسرے مقام یا مقاموں پر ہوگا جن کو چیف جسٹس پریزیڈنٹ کی منظوری سے مقرر کیا کرے -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

235

سپریم کورٹ کا ابتدائی اختیار سماعت۔

دفعہ ۱۰۹ — اس دستور کے قاعدوں کا لحاظ رکھتے ہوئے سپریم کورٹ کو نیچے لکھی ہوئی قسموں کے مقدموں میں ابتدائی سماعت کا اختیار ہو گا اور یہ اختیار کسی دوسری عدالت کو حاصل نہ ہو گا:-

(الف) وہ مقدمے جو ہند سرکار اور ایک یا ایک سے زیادہ ریاستوں کے درمیان ہوں؛

(ب) وہ مقدمے جن میں ہند سرکار اور ایک ریاست یا چند ریاستیں ایک طرف ہوں اور ایک یا ایک سے زیادہ ریاستیں دوسری طرف؛ یا

(پ) وہ مقدمے جو دو یا دو سے زیادہ ریاستوں کے درمیان ہوں،

اگر مقدموں یا اُن کے کسی حصے کا تعلق کسی ایسے مسئلے سے ہو (خواہ وہ قانونی ہو یا واقعاتی) جس پر ایک قانونی حق کا ہونا یا اس کا پھیلاؤ منحصر ہو؛

لیکن اس اختیار کا اطلاق نیچے لکھے ہوئے مقدموں پر نہ ہو گا:-

(۱) کسی ایسے مقدمے پر جس میں کوئی ریاست، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے، ایک فریق ہو، اگر وہ مقدمہ کسی ایسے عہد نامے اقرار نامے، معاہدے، یا سند کی کسی شرط، یا اس طرح کی دستاویز سے پیدا ہوتا ہو جس کی تحریر یا تکمیل اس دستور کے جاری ہونے کی تاریخ سے پہلے ہوئی تھی اور جس پر اس تاریخ کے بعد سے عمل ہوا ہے، یا لگاتار ہوتا رہا ہے۔

(۲) کسی ایسے مقدمے پر، جس میں کوئی ریاست ایک فریق ہے، اگر جھگڑا کسی عہدنامہ یا دستاویز کی کسی شرط سے پیدا ہوا ہو جس میں یہ تجویز ہو کہ یہ اختیار اس قسم کے مقدمہ پر نہ ہو گا۔

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

سپریم کورٹ کو بعض مقدموں میں ریاستی ہائی کورٹوں کی اپیلیں سننے کا اختیار -

دفعہ ۱۱۰ — (۱) کسی ریاست کے ہائی کورٹ کے فیصلے ، ڈگری ، یا آخری حکم کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل ہو سکے گی ، چاہے اس کا تعلق دیوانی ، فوجداری ، یا کسی دوسری کارروائی سے ہی کیوں نہ ہو ، اگر وہ ہائی کورٹ اس کی تصدیق کر دے کہ اس مقدمے میں ایک ایسا اہم قانونی مسئلہ موجود ہے جس کا تعلق اس دستور کا مطلب سمجھنے سے ہے -

(۲) اگر ہائی کورٹ نے اس طرح تصدیق کرنے سے انکار کر دیا ہو تو سپریم کورٹ کا مجاز ہوگا کہ وہ ایسے فیصلے ، ڈگری ، یا آخری حکم کے خلاف اپیل کی خاص اجازت دے دے ، بشرطیکہ اسے اس کا اطمینان ہو جائے کہ مقدمے میں ایک ایسا اہم قانونی مسئلہ موجود ہے جس کا تعلق اس دستور کا مطلب سمجھنے سے ہے -

(۳) اگر اس طرح کی تصدیق کردی گئی ہو یا اس طرح کی اجازت دے دی گئی ہو تو کوئی فریق سپریم کورٹ میں صرف اس بنا پر ہی نہیں اپیل دائر کر سکتا ہے کہ اوپر لکھے ہوئے کسی معاملے میں غلط تصفیہ کیا گیا ہے ، بلکہ کسی دوسری بنا پر بھی اپیل کر سکتا ہے -

تشریح — اس دفعہ کے مقصد کے لئے الفاظ "آخری حکم" میں ایسا حکم بھی شامل ہے جس سے کسی ایسی تنقیح کا تصفیہ کیا گیا ہو جو اگر اپیلانٹ کے حق میں ہوتا تو وہ مقدمہ کا قطعی فیصلہ کر دینے کے لئے کافی ہوتا -

پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں جن ریاستوں کا اسوقت ذکر ہے انہیں چھوڑ کر ہند کی سرزمین میں جو ہائی کورٹ ہیں اُنکی دوسرے معاملوں میں اپیلیں سننے کا سپریم کورٹ کو اختیار -

دفعہ ۱۱۱ — (۱) پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں جن ریاستوں کا اس وقت ذکر ہے انہیں چھوڑ کر ہند کی سر زمین کے کسی ہائی کورٹ کی دیوانی کارروائی کے کسی فیصلے ، ڈگری ، یا آخری حکم کی اپیل سپریم کورٹ میں دائر ہو سکے گی ، بشرطیکہ ہائی کورٹ اس بات کی تصدیق کر دے -

(الف) کہ مقدمے کی رقم یا مالیت ابتدائی عدالت میں بیس ہزار روپے سے کم نہ تھی اور نہ اپیل کرنے کے بعد ہے ؛

(ب) کہ فیصلہ ، ڈگری ، یا آخری حکم میں براہ راست یا بالواسطہ کوئی دعویٰ یا مسئلہ اتنی ہی رقم یا مالیت کی جائداد کی بابت ہے ؛ یا

(پ) مقدمہ سپریم کورٹ میں اپیل کے قابل ہے اور جس صورت کا ضمن (پ) میں ذکر کیا گیا ہے اسے چھوڑ کر جب اس فیصلے ، ڈگری ، یا آخری حکم میں ، جس کی اپیل کی گئی ہے ، ماتحت عدالت کے فیصلے سے اتفاق کیا گیا ہے ، اس وقت اگر ہائی کورٹ اس کی بھی تصدیق کر دے کہ اپیل میں کوئی اہم قانونی مسئلہ موجود ہے -

(۲) دفعہ ۱۱۰ — میں جو کچھ لکھا ہے اس کے باوجود کوئی فریق فقرہ (۱) کے مطابق سپریم کورٹ میں اپیل کرتے ہوئے اس کی موجبات میں یہ بھی شامل کر سکتا ہے کہ مقدمے میں ایک ایسا اہم قانونی مسئلہ موجود ہے جس کا تعلق اس دستور کا مطلب سمجھنے سے ہے ، اور اس کا غلط فیصلہ کیا گیا ہے -

بعض دوسرے مقدموں میں اپیل کرنے کی سپریم کورٹ کی خاص اجازت ۔

دفعہ ۱۱۲ —ان ریاستوں کو چھوڑ کر جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ہے ، سپریم کورٹ ، ان صورتوں میں جن پر اس دستور کی دفعہ ۱۱۰ اور ۱۱۱ کا اطلاق نہیں ہوتا ، اپنے اختیار تمیزی سے ہند کی سر زمین کی کسی عدالت یا ٹریبیونل میں جو فیصلہ ، ڈگری یا آخری حکم کسی مقدمے یا معاملے میں دیا ہو اس کی اپیل کرنے کی خاص اجازت دے سکتا ہے -

ان ریاستوں کے ہائی کورٹوں کی طرف سے جنکا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ہے ، بعض مقدموں میں سپریم کورٹ سے رائے طلبی -

دفعہ ۱۱۳ —(۱) اگر کسی ریاست کے ہائی کورٹ میں ، جسکا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ہے ، کسی دیوانی ، فوجداری یا دوسری کارروائی کے دوران میں پارلیمنٹ یا اس ریاست کے سوا کسی ریاست کی قانون ساز جماعت کے کسی قانون کے اطلاق کے یا مطلب سمجھنے کے بارے میں کوئی سوال جو اس کارروائی میں کسی تنقیح کے تصفیہ کے لئے ضروری ہو اٹھ کھڑا ہو ، تو ہائی کورٹ خود اپنی تحریک سے یا کسی فریق کی درخواست پر اس مسئلے کا خاص لحاظ رکھتے ہوئے اپنی رائے کے اظہار کے ساتھ ساتھ ایک بیان مرتب کرنے اور ایسے مسئلے کو سپریم کورٹ کی رائے طلبی کے لئے بھیجنے کا مجاز ہوگا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(۲) جہاں ایسا کوئی ہائی کورٹ اس دفعہ کے فقرہ (۱) کے مطابق بیان تیار کرنے سے انکار کر دے تو سپریم کورٹ مقدمے میں ایسا بیان تیار کرانے کا مجاز ہوگا -

(۳) جب کسی مقدمے میں اس دفعہ کے فقرہ (۱) یا فقرہ (۲) کے مطابق اس طرح بیان تیار کیا گیا ہو تو ہائی کورٹ پوری کارروائی کو اس وقت تک کے لئے روک لے گا جب تک کہ سپریم کورٹ کی رائے وصول نہ ہو جائے -

(۴) سپریم کورٹ دونوں فریقوں کو اپنا اپنا بیان پیش کرنے کا ایک موقع دینے کے بعد اس مسئلے کا فیصلہ کردے گا جس پر اس کی رائے طلب کی گئی ہے ، اور اپنی رائے کی ایک نقل ہائی کورٹ کو بھجوائے گا ، اور وہ ہائی کورٹ اس کے پہنچنے پر سپریم کورٹ کے مشورے سے اتفاق کرتے ہوئے مقدمے کی کارروائی جاری کردے گا -

(۵) سپریم کورٹ کسی مقدمے کو جس میں اس دفعہ کے ماتحت اس کی رائے طلب کی گئی ہے ، کسی منزل پر اس غرض اسے واپس کرنے کا مجاز ہوگا کہ اس کے بارے میں مزید واقعات بیان کئے جائیں -

سپریم کورٹ کے اختیار سماعت میں اضافہ -

دفعہ ۱۱۴—(۱) سپریم کورٹ کو یونین کے اختیاروں کی فہرست میں سے کسی ایک معاملے کے بارے میں مزید اختیار سماعت اور دوسرے اختیار حاصل ہوں گے جو پارلیمنٹ قانون کے ذریعے اس کو دے -

(۲) سپریم کورٹ کو کسی معاملے کے بارے میں ایسے مزید اختیار سماعت اور دوسرے اختیار حاصل ہونگے جو ہند سرکار اور کوئی ریاست کسی خاص اقرار نامے کے ذریعے اسے دے ، بشرطیکہ پارلیمنٹ نے قانون کے ذریعے سپریم کورٹ کو ایسے اختیار سماعت اور دوسرے اختیاروں کے استعمال کا حق دیا ہو -

سپریم کورٹ کو بعض پروانے جاری کرنے کا اختیار -

دفعہ ۱۱۵—پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ قانون کے ذریعے سپریم کورٹ کو اس قسم کی ہدایتوں یا حکموں کے جاری کرنے کا مجاز کو دے -

جیسے کہ پروانہ حاضری ملزم (ھے بیس کورپس) ، پروانہ امر (منڈامس) ، پروانہ نہی (پروھی بیشن) ، پروانہ اظہار حق (کثووارنٹو) ، اور پروانہ مثل طلبی (سرتیورلای) ، یا ان میں سے جو بھی مناسب ھو ان فرضوں کے سوا جن کا ذکر اس دستور کی دفعہ ۲۵ کے فقرہ (۲) میں (جو بنیادی حقوں کو منوانے کے بارے میں ھے) کسی بھی غرض سے جاری کرنے کا حکم دے -

سپریم کورٹ کے ذیلی اختیار -

دفعہ ۱۱۶ —پارلیمنٹ مجاز ھوگی کہ قانون کے ذریعے سپریم کورٹ کو ایسے ذیلی اختیار دے جو اس دستور کی دفعوں کے خلاف نہ پڑتے ھوں اور جو اس لئے ضروری یا مناسب ھوں کہ کورٹ اس دستور کے ذریعے یا اس کے ماتحت عطا کئے ھوئے اختیاروں کو بہتر استعمال کر سکے -

تمام عدالتیں سپریم کورٹ کے بتائے ھوئے قانون کی پابند ھوں گی -

دفعہ ۱۱۷ —ہند کی سر زمین کی تمام عدالتیں سپریم کورٹ کے بتائے ھوئے قانون کی پابند ھوں گی -

سپریم کورٹ کی ڈگریوں اور حکموں کے جاری کرنے اور کاغذات داخل کرنے وغیرہ کے بارے میں ھدایتیں -

دفعہ ۱۱۸ —(۱) سپریم کورٹ اپنے اختیار سماعت کا استعمال کرتے ھوئے ایسی ڈگری دے سکتا ھے یا ایسا حکم صادر کر سکتا ھے جو کسی ایسی نالش یا معاملے میں جو اس کے زیر تجویز ھو پورا انصاف کرنے کے لئے ضروری ھو ، اور کوئی اس طرح کی دی ھوئی ڈگری یا صادر کیا ھوا حکم ہند کی ساری سر زمین میں اس طریقے سے نافذ ھو گا جیسے کہ پارلیمنٹ کسی قانون کے ذریعے یا اس کے بموجب طے کرے -

(۲) ایسے قانون کا لحاظ رکھتے ھوئے جو پارلیمنٹ نے اس غرض سے بنایا ھو سپریم کورٹ کو ہند کی پوری سر زمین کے متعلق کسی شخص کو حاضر کرنے کی غرض سے کوئی بھی حکم صادر کرنے یا کسی دستاویز کو ظاھر یا پیش کرنے یا اپنی کسی قسم کی توھین کے بارے میں تحقیقات کرنے یا سزا دینے کا ھر طرح کا اور پورا اختیار حاصل ھو گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

240

پریزیڈنٹ کو سپریم کورٹ سے مشورہ کرنے کا اختیار -

دفعہ ۱۱۹ — (۱) اگر پریزیڈنٹ کو کسی وقت یہ معلوم ہو کہ کوئی اس قسم کا یا ملک کے لئے اتنا اہم قانونی یا واقعاتی مسئلہ پیدا ہو گیا ہے یا پیدا ہو سکتا ہے جس کے بارے میں مصلحت بھی ہوگی کہ سپریم کورٹ کی رائے حاصل کی جائے ، تو وہ اس مسئلے کو سپریم کورٹ میں غور کرنے کے لئے بھیج سکے گا ، اور کورٹ ایسی سماعت کے بعد جسے وہ مناسب سمجھے اس کے بارے میں پریزیڈنٹ کو اپنی رائے بھیج دے گا۔

(۲) اس دستور کی دفعہ ۱۰۹ کے فقرہ (۱) کی شرط میں جو کچھ لکھا ہے اس کے باوجود پریزیڈنٹ اس قسم کے مقدمے کو جس کا اس فقرے میں ذکر ہے فیصلے کے لئےسپریم کورٹ کو بھیج سکے گا اور پھر سپریم کورٹ تمام فریقوں کو سماعت کا موقع دینے کے بعد اس کا فیصلہ کریگا اور اس فیصلے کی اطلاع پریزیڈنٹ کو دے گا -

انتظامی،سول اور عدالتی حاکموں کو سپریم کورٹ کی مدد کرنا ہوگا -

دفعہ ۱۲۰ — ہند کی سر زمین کے تمام انتظامی (سول) اور عدالتی حاکموں پر لازم ہوگا کہ وہ عمل کے ذریعے سپریم کورٹ کی مدد کریں -

کورٹ کے قاعدے وغیرہ -

دفعہ ۱۲۱ — (۱) پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قانون کا لحاظ رکھتے ہوئے ، اور پریزیڈنٹ کی منظوری سے ، سپریم کورٹ اپنے طریق کار اور ضابطے کی تنظیم کے لئے قاعدے بنا سکے گا - ان میں نیچے لکھے ہوئے معاملے بھی شامل ہوں گے :—

(الف) ان لوگوں کے متعلق قاعدے جو کورٹ میں وکالت کرتے ہوں ؛

(ب) اپیلوں اور دوسرے مقدموں کی سماعت کے ضابطے کے بارے میں قاعدے ، جن میں وہ قاعدے بھی ہونگے جو عدالت میں اپیل دائر کرنے کی میعاد ، اور وکیلوں کو اپیلوں کے بارے میں جو کچھ کہنا ہو اس کے لئے وقت مقرر کرنے کے متعلق ہوں ؛

(پ) کورٹ کے اور اس کی دوسری کارروائیوں کے ضمنی خرچ اور کارروائیوں کی فیس کے مطالبے کے بارے میں قاعدے ؛

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(ت) ضمانت منظور کرنے کے قاعدے ،

(ٹ) کارروائیوں کو ٹھیرا دینے کے قاعدے ، اور

(ث) کسی ایسی اپیل کے سرسری فیصلے کے متعلق قاعدے جس کے بارے میں کورٹ کی یہ رائے ہو کہ وہ فضول ہے یا پریشان کرنے یا دیر لگانے کی غرض سے کی گئی ہے -

(۲) ان ججوں کی کم سے کم تعداد پانچ ہوگی جو کسی ایسے مقدمے کا فیصلہ کرنے کی غرض سے بیٹھیں جس میں کوئی اہم قانونی مسئلہ اس دستور کا مطلب سمجھنے سے متعلق ہو ، یا دفعہ ۱۱۹ کے ماتحت کسی رائے طلبی کی سماعت کی غرض سے اجلاس کریں ، لیکن ایسے اجلاس میں جو اوپر لکھے ہوئے مقصدوں کے لئے کیا گیا ہو جو جج چاہے شریک ہو سکتا ہے ، سوا اس صورت کے کہ وہ بیماری ، ذاتی غرض ، یا کسی دوسری کافی وجہ سے اس میں شرکت نہ کر سکتا ہو -

(۳) سپریم کورٹ کھلی عدالت ہی میں اس دستور کی دفعہ ۱۱۹ کے بموجب رپورٹ کی غرض سے مشورہ دے گا یا فیصلہ سنائے گا -

(۴) مقدمے کی سماعت کے وقت موجود ججوں کی اکثریت کے اتفاق رائے کے بغیر سپریم کورٹ کوئی ایسی رپورٹ نہ دے سکے گا نہ کوئی فیصلہ کر سکے گا ، لیکن یہ نہ سمجھا جائے گا کہ اس فقرے میں کوئی بات کسی جج کو جو متفق نہ ہو اختلافی رائے یا فیصلہ دینے سے روکتی ہے -

سپریم کورٹ کے افسروں اور ملازموں کی تنخواہیں ، الاونس ، پنشنیں اور سپریم کورٹ کا خرچ -

دفعہ ۱۲۲ —(۱) ہند کا چیف جسٹس پریزیڈنٹ کے مشورے سے سپریم کورٹ کے افسروں اور ملازموں کو ، یا ان کے متعلق جو تنخواہیں ، الاونس اور پنشنیں دی جائیں گی ، مقرر کرے گا -

(۲) سپریم کورٹ کا انتظامی خرچ ، جس میں وہ سب تنخواہیں ، الاونس اور پنشنیں شامل ہیں جو کورٹ کے افسروں اور ملازموں کو ، یا ان کے متعلق ، دی جائیں ، ہند کی آمدنی سے واجب الادا ہو گا ، اور ہر فیس یا دوسری رقم جو کورٹ وصول کرے اس آمدنی میں شامل ہو گی -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں جن ریاستوں کا ذکر ہے ان کے ہائی کورٹوں کی طرف اشارے کا مطلب -

دفعہ ۱۲۳ — (۱) اس باب کی دفعہ ۱۰۳ اور دفعہ ۱۰۶ میں جو اشارے کسی ہائی کورٹ کی طرف کئے گئے ہیں جو ایسی ریاست میں ہو جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے، یا وہاں اختیار سماعت رکھتا ہو، تو یہ سمجھا جائے گا کہ اس سے ایسی عدالت مراد ہے جس کی نسبت پریزیڈنٹ، سپریم کورٹ اور ریاست کے حکمران سے مشورہ کرنے اور اس بات کا اطمینان کرنے کے بعد کہ وہ عدالت ایک ایسی عدالت ہے جو ان ریاستوں کے ہائی کورٹوں کے برابر کی ہے جن کا ذکر اس وقت اس شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے، اس کا اعلان کر دے کہ ان دفعوں کے مقصد کے لئے وہ ہائی کورٹ ہے -

(۲) اس باب کی دفعہ ۱۱۰ اور دفعہ ۱۱۳ میں جو اشارے کسی ایسی ریاست کے ہائی کورٹ کی طرف کئے گئے ہیں جسکا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے ان سے یہ سمجھا جائے گا کہ یہ ایسی عدالت کی طرف اشارے ہیں جو ایسی کارروائی کے لئے اس ریاست کی سب سے اونچی عدالت ہے جس کے بارے میں اپیل یا رائے طلبی کا انتظام ان دفعوں میں کیا گیا ہے ۔

باب ۵ — ہند کا آڈیٹر جنرل

ہند کا آڈیٹر جنرل-

دفعہ ۱۲۴ — (۱) ہند کا ایک آڈیٹر جنرل ہوا کرے گا جس کو پریزیڈنٹ مقرر کرے گا اور وہ اپنے عہدے سے صرف اس طریقے سے اور ان ہی وجہوں کی بنا پر علیحدہ کیا جا سکے گا جن پر سپریم کورٹ کا کوئی جج علیحدہ کیا جاسکتا ہے -

(۲) آڈیٹر جنرل کی تنخواہ، الاونس اور ملازمت کی دوسری شرطیں وہ ہوں گی جو پارلیمنٹ قانون کے ذریعے طے کرے، اور جب تک وہ اس طرح طے نہ ہوں اس وقت تک وہی ہوں گی جو دوسرے شیڈیول میں ہیں -

مگر آڈیٹر جنرل کی تنخواہ اور رخصت اور پنشن اور ملازمت سے الگ ہونے کی عمر کے بارے میں جو حق ہیں ان میں اس کے

مقرر ہونے کے بعد کوئی ایسی تبدیلی نہ کی جائے گی جس سے اس کا نقصان ہو -

(۳) آڈیٹر جنرل اپنے عہدے سے علیحدہ ہونے کے بعد ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار کے ماتحت کوئی عہدہ قبول نہ کر سکے گا -

(۴) آڈیٹر جنرل کے عملے کو، یا اس کے متعلق، جو تنخواہیں، الاونس، اور پنشنیں دی جائیں انہیں آڈیٹر جنرل پریزیڈنٹ سے مشورہ کرکے مقرر کرے گا -

(۵) جو تنخواہیں، الاونس، اور پنشنیں آڈیٹر جنرل اور اس کے عملے کو، یا اس کے متعلق، دی جائیں وہ ہند کی آمدنی سے واجب الادا ہوں گی -

آڈیٹر جنرل کے فرائض اور اختیار -

دفعہ ۱۲۵ — آڈیٹر جنرل ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار کے حساب کتاب کے سلسلے میں ایسے فرائض انجام دے گا اور ایسے اختیاروں کو کام میں لائے گا جو پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قانون کے ذریعے یا اُس کے ماتحت مقرر ہوں یا آئندہ مقرر کئے جائیں -

تشریح — اس دفعہ میں الفاظ "پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قانون" میں ہر وہ موجودہ قانون شامل ہے جو اس وقت ہند کی سر زمین میں جاری ہے -

ہند کے آڈیٹر جنرل کا حساب کتاب کے بارے میں ہدایتیں دینے کا اختیار -

دفعہ ۱۲۶ — ہند سرکار کا حساب کتاب اس شکل میں رکھا جائے گا جو ہند کا آڈیٹر جنرل پریزیڈنٹ کی منظوری سے تجویز کرے، اور جہاں تک ہند کا آڈیٹر جنرل ایسی منظوری سے ہدایتیں ان شکلوں یا اصولوں کی نسبت دینے کا مجاز ہے جن کے مطابق کسی ریاست کو حسابات رکھنے چاہئیں، اس حد تک ہر ریاستی سرکار کا فرض ہو گا کہ وہ اس شکل میں حساب رکھوائے -

آڈٹ کی رپورٹیں -

دفعہ ۱۲۷ — ہند سرکار کے حساب کتاب کے بارے میں ہند کے آڈیٹر جنرل کی رپورٹیں پریزیڈنٹ کے سامنے پیش کی جائیں گی اور وہ انہیں پارلیمنٹ کے سامنے رکھوائے گا -

244

حصہ ٦ – وہ ریاستیں جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں کیا گیا ھے

باب ا – عام باتیں

تعریف – دفعہ ۱۲۸ – اگر عبارت سے کوئی دوسرا مطلب نہ نکلتا ہو تو اس حصے میں "ریاست" سے مراد وہ ریاست ھے جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں کیا گیا ھے –

باب ۲ – عاملہ

گورنر

ریاست کا گورنر – دفعہ ۱۲۹ – ہر ریاست کا ایک ایک گورنر ہوا کرے گا –

ریاست کا عاملانہ اختیار – دفعہ ۱۳۰ – (ا) ریاست کا عاملانہ اختیار گورنر کو حاصل ہوگا اور وہ اس اختیار کو اس دستور اور قانون کے مطابق کام میں لا سکے گا –

(۲) اس دفعہ کے کسی حصے سے

(الف) یہ نہیں سمجھا جائے گا کہ گورنر کو ایسے اختیار منتقل ہو گئے ھیں جو کسی موجودہ قانون کے ذریعے کسی دوسرے ادھیکاری کو حاصل ہوں ؛ یا

(ب) پارلیمنٹ یا ریاست کی قانون ساز جماعت کو اس سے نہ روکا جا سکے گا کہ وہ قانون کے ذریعے کوئی فرض کسی دوسرے ادھیکاری کے سپرد کرے جو گورنر کی ماتحتی میں ہو –

گورنر کا انتخاب – دفعہ ۱۳۱ – ہر ریاست کے گورنر کا چناؤ ان سب لوگوں کے براہ راست ووٹ سے ہوا کرے گا جن کو ریاست کی قانون ساز جماعت

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

کے عام انتخاب میں رائے دینے کا حق حاصل ھے -

یا انتخاب کا دوسرا طریقہ

گورنر کا تقرر -

ھر ریاست کے گورنر کو اس طرح مقرر کیا جائے گا کہ پریزیڈنٹ کے سامنے چار اُمیدواروں کا پینل پیش کیا جائے گا جس میں سے ایک کو وہ اپنے دستخطی حکم نامے سے ، جس پر اسکی مہر لگی ھو ، مقرر کرے گا - ان اُمیدواروں کو ریاست کی قانون ساز جماعت کے ممبر چنیں گے ، یا جہاں ریاست میں قانون ساز کونسل بھی ھو تو ریاست کی اسمبلی اور کونسل کے ممبر ایک اجلاس میں اکٹھے ھو کر تناسبی نمایندگی کے طریقے کے مطابق اکہری چلتی رائے کے ذریعے چنیں گے ، اور ایسے چناؤ میں رائے خفیہ ھو گی -

گورنر کے عہدے کی مدت -

دفعہ ۱۳۲ — گورنر اس تاریخ سے جس سے اس نے اپنا عہدہ سنبھالا ھو پانچ برس تک کام کرے گا -

لیکن —

(الف) گورنر کو اختیار ھوگا کہ اپنا دستخطی استعفا ریاست کی اسمبلی کے سپیکر ، یا جہاں کہیں ریاست کی قانون ساز جماعت کے دو ایوان ھوں وھاں ریاست کی اسمبلی کے سپیکر اور کونسل کے صدر کے پاس بھیج کر اپنے عہدے کو چھوڑ دے ؛

(ب) گورنر کا دستور کی خلاف ورزی کی بنا پر اس دستور کی دفعہ ۱۴۷ کے بموجب مواخذہ کیا جا سکتا ھے اور اسے ھٹایا جا سکتا ھے ؛

(پ) گورنر پر لازم ھوگا کہ اپنے عہدے کی مدت کے ختم ھو جانے کے باوجود کام کرتا رھے جب تک اس کا جانشین عہدے کو سنبھال نہ لے -

گورنر کے عہدے کے لئے دوبارہ انتخاب یا دوبارہ تقرر کی اھلیت -

دفعہ ۱۳۳ — جو شخص گورنر کے عہدے پر ھو یا پہلے گورنر رھا ھو وہ اس عہدے کے لئے دوبارہ انتخاب یا دوبارہ مقرر ھونے کے واسطے صرف ایک ھی مرتبہ اور کھڑا ھو سکتا ھے -

گورنر منتخب ہونے کے لئے اہلیت -

دفعہ ۱۳۳ -- (۱) کوئی شخص گورنر منتخب ہونے کا صرف اس صورت میں اہل ہوگا کہ وہ ہند کا شہری ہو اور اس نے اپنی عمر کے ۳۵ سال پورے کر لئے ہوں -

(۲) کوئی شخص کسی ریاست کی گورنری کے لئے کھڑا نہیں ہو سکتا

(الف) اگر وہ ریاست کی قانون ساز جماعت کا ممبر منتخب ہونے کا اہل نہ ہو :

لیکن ایسے کسی شخص کے لئے ضروری نہ ہوگا کہ وہ اس ریاست میں رہتا ہو : یا

(ب) اگر وہ ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار کے ماتحت ، جسکا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں کیا گیا ہے ، یا ان کے ماتحت کسی مقامی یا دوسرے کسی ادھیکاری کے نیچے کسی عہدے یا نوکری پر ہو جس کا اسے معاوضہ ملتا ہو -

تشریح --- اس فقرے کی غرضوں کے واسطے کسی شخص کو صرف اس لئے کسی معاوضہ‌دار عہدے یا نوکری پر نہ سمجھا جائے گا کہ

(الف) وہ ہند کا یا ایسی ریاست کا وزیر ہے جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے : یا

(ب) وہ ہند کا یا کسی ایسی ریاست کا وزیر ہے جس کا ذکر اسوقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے ، بشرطیکہ وہ ریاستی قانون ساز جماعت کے سامنے جواب دہ ہو ، یا جہاں قانون ساز جماعت کے دو ایوان ہوں ، وہاں اسکے نچلے ایوان کے سامنے جواب دہ ہو ، اور اس قانون ساز جماعت یا ایوان کے (جیسی بھی صورت ہو) کم سے کم تین چوتھائی ممبر چنے ہوئے ہوں -

یا اس کا دوسرا طریقہ

گورنر مقرر ہونے کی اہلیت -

دفعہ ۱۳۴ --(۱) کوئی شخص گورنر مقرر ہونے کا صرف اس صورت میں اہل ہوگا کہ وہ ہند کا شہری ہو اور اس نے اپنی عمر کے ۳۵ سال پورے کر لئے ہوں -

(۲) کوئی شخص گورنر مقرر ہونے کا اہل نہ ہوگا اگر وہ ریاست کی قانون ساز جماعت کا ممبر ہونے کی اہلیت نہ رکھتا ہو؛ لیکن کسی ایسے شخص کے لئے ضروری نہ ہوگا کہ وہ اس ریاست میں رہتا بھی ہو۔

گورنر کے عہدے کی شرطیں۔

دفعہ ۱۳۵—(۱) گورنر، پارلیمنٹ یا کسی ایسی ریاستی قانون ساز جماعت کا ممبر نہیں ہوگا جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول میں کیا گیا ہے، اور اگر پارلیمنٹ یا کسی ایسی ریاستی قانون ساز جماعت کا کوئی ممبر گورنر منتخب یا مقرر ہو جائے تو یہ سمجھا جائے گا کہ پارلیمنٹ یا اس قانون ساز جماعت میں، جس کا وہ ممبر تھا، اس کی جگہ اس تاریخ سے خالی ہے جس پر اس نے گورنر کا عہدہ سنبھالا تھا۔

(۲) گورنر کسی ایسے دوسرے عہدے یا نوکری پر مقرر نہیں ہو سکے گا جس کا معاوضہ ملتا ہو۔

(۳) گورنر کے رہنے کے لئے ایک خاص سرکاری عمارت ہوگی، اور اسے اتنا معاوضہ اور الاونس ملا کرے گا جتنا ریاست کی قانون ساز جماعت قانون کے ذریعے مقرر کرے، اور جب تک وہ اس طرح مقرر نہ کیا جائے اس وقت تک گورنر کو وہ معاوضہ ملتا رہے گا جو اس دستور کے دوسرے شیڈیول میں درج ہے۔

(۴) گورنر کے عہدے کی مدت میں اس کے معاوضے اور الاونس میں کوئی کمی نہیں کی جا سکے گی۔

اپنا عہدہ سنبھالنے سے پہلے گورنر یا اس شخص کا اقرار یا قسم جو گورنر کا قائم مقام ہو، یا جو اس کے فرائض انجام دے۔

دفعہ ۱۳۶—ہر گورنر اور ہر اس شخص پر جو قائم مقام گورنر ہو، یا جو گورنر کے فرائض انجام دے رہا ہو یہ لازم ہے کہ اپنا عہدہ سنبھالنے سے پہلے ریاست کی قانون ساز جماعت کے ممبروں کے سامنے نیچے لکھے ہوئے لفظوں میں اقرار کرے یا قسم کھائے، اور اس اقرار یا قسم پر اپنے دستخط کرے۔

"میں، الف ب، سچے دل سے اقرار کرتا ہوں (یا قسم کھاتا ہوں) کہ ریاست...(ریاست کا نام) کے گورنر کے عہدے کے فرائض کو دیانت داری کے ساتھ انجام دوں گا (یا گورنری کے کاموں کو کروں گا) اور اپنی

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

قابلیت کی حد تک دستور اور قانون کو قائم رکھوں گا ، اسے برقرار رکھوں گا ، اور اس کی حفاظت کروں گا ، اور میں ریاست—(ریاست کا نام) کے لوگوں کی خدمت اور بہبودی کے لئے اپنے آپ کو وقف کر دوں گا -،،

گورنر کے مواخذے کا ضابطہ -

دفعہ ۱۳۷—(۱) جب دستور کی خلاف ورزی پر گورنر کا مواخذہ کرنا ہو ، تو ریاست کی قانون ساز اسمبلی کو فرد الزام لگانے کا اختیار ہوگا -

(۲) اس طرح کی کوئی فرد الزام اس وقت تک نہیں لگائی جا سکے گی ، جب تک —

(الف) اس کی تحریک ایک ایسے ریزولیوشن کی شکل میں نہ کی گئی ہو جس کا تحریری نوٹس اسمبلی کے کم سے کم تیس ممبروں نے اپنے دستخطوں سے دیا ہو ، اور اس میں ایسی تحریک کرنے کا ارادہ ظاہر کیا ہو ، اور

(ب) اسمبلی کے کل ممبروں کی دو تہائی تعداد نے اس کی تائید نہ کی ہو -

(۳) جب اس طرح سے فرد الزام پیش کی جائے تو اسمبلی کا سپیکر ریاستوں کی کونسل کے صدر کو اس کی اطلاع دے گا اور تب ریاستوں کی کونسل الزام کی تحقیقات کے لئے ایک کمیٹی مقرر کرے گی ، جس کے تمام ممبر ایسے لوگ ہو سکتے ہیں جو کونسل کے ممبر نہ ہوں یا اس میں ایسے لوگ شامل کئے جا سکتے ہیں اور گورنر کو حق ہوگا کہ اس تحقیقات کے دوران میں حاضر ہو اور اپنی طرف سے پیروی کے لئے کسی شخص کو مقرر کرے -

(۴) اگر اس تحقیقات کے نتیجے کے طور پر ریاستوں کی کونسل میں کم سے کم دو تہائی تعداد نے یہ ریزولیوشن منظور کر لیا ہو کہ جو الزام گورنر پر لگایا گیا تھا وہ ثابت ہو گیا ہے تو ایسی حالت میں اس ریزولیوشن کو اسمبلی کے سپیکر کے پاس بھیجنے کی تاریخ سے گورنر اپنے عہدے سے برطرف سمجھا جائے گا -

249

بعض اتفاقی صورتوں میں قانون ساز جماعت یا پریزیڈنٹ کو گورنر کے فرائض انجام دینے کے متعلق بندوبست کا اختیار -

دفعہ ۱۳۸ - اگر گورنر کے فرائض انجام دینے کے متعلق کوئی ایسی اتفاقی شکل پیدا ہو جائے جس کا اس باب میں بندوبست نہیں کیا گیا ہے تو ریاست کی قانون ساز جماعت یا پریزیڈنٹ جیسا مناسب سمجھے انتظام کر سکتی ؟ کر سکتا ہے -

گورنر کا عہدہ خالی ہونے کی شکل میں انتخاب کا وقت یا پینل کے لئے انتخاب کا وقت -

دفعہ ۱۳۹ - (۱) گورنر کے عہدے کی میعاد ختم ہونے کی وجہ سے جو انتخاب یا پینل مرتب کرنے کے لئے جو انتخاب ہونے والا ہو اس کی کارروائی اس میعاد کے ختم ہونے سے پہلے ہی پوری ہوجانی چاہئے -

(۲) گورنر کی موت ، استعفے ، بر طرفی ، یا کسی اور وجہ سے اسکا عہدہ خالی ہو جائے تو اس کے لئے جلد سے جلد انتخاب یا پینل مرتب کرنے کے لئے انتخاب ہوگا ، اور جس شخص کا انتخاب یا تقرر ہوگا اسے اس دستور کی دفعہ ۱۳۲ کے بموجب پورے پانچ سال گورنر رہنے کا حق ہوگا -

گورنر کے انتخاب کے متعلق یا گورنر کے تقرر کی غرض سے پینل کے انتخاب کے متعلق جھگڑے -

دفعہ ۱۴۰ - (۱) گورنر کے انتخاب کے متعلق ، یا گورنر کے تقرر کی غرض سے پینل کے انتخاب کے متعلق ، جو شبہے یا جھگڑے پیدا ہوں ان کی تحقیقات سپریم کورٹ کرے گا اور اس کا فیصلہ قطعی ہوگا -

(۲) اس دستور کی دفعوں کے تحت ریاست کی قانون ساز جماعت کو اختیار ہوگا کہ گورنر کے انتخاب کی نسبت یا اس کے متعلق گورنر کو مقرر کرنے کی غرض سے پینل کے انتخاب کے متعلق ، کسی معاملے کے لئے جو قاعدے چاہے بنائے -

معافی وغیرہ دینے اور سزا کو ملتوی یا کم یا تبدیل کرنے کا گورنر کو اختیار -

دفعہ ۱۴۱ - ریاست کے گورنر کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی شخص کو جسے کسی جرم کی پاداش میں سزا دی گئی ہو ، معاف کر دے ، اس کی سزا ملتوی کر دے ، اسے مہلت دے یا باقی سزا کو معاف کر دے ، یا سزا کے حکم کو ملتوی کرائے ، سزا میں کمی کر دے ، یا اس کی نوعیت بدل دے ، بشرطیکہ جرم کا تعلق ان معاملوں سے ہو

جن کی بابت ریاست کی قانون ساز جماعت کو قانون بنانے کا اختیار ہے -

ریاستوں کے عاملانہ اختیار کا پھیلاؤ -

دفعہ ۱۴۲ - اس دستور کی دفعوں کے بموجب ریاستوں کے عاملانہ اختیار کا پھیلاؤ نیچے لکھے ہوئے معاملوں تک ہوگا -

(الف) وہ معاملے جن کی بابت ریاست کی قانون ساز جماعت کو قانون بنانے کا اختیار ہے، اور

(ب) وہ حق، اختیار اور عمل دخل جو کسی ایسے سمجھوتے کی رو سے حاصل ہوئے ہوں جو اس دستور کی دفعہ ۲۳۶ یا ۲۳۷ کے مطابق کسی ایسی ریاست یا ریاستوں کے مجموعے سے کیا گیا ہو جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے -

وزیرون کی کونسل

گورنر کو مدد اور مشورہ دینے کے لئے وزیروں کی کونسل-

دفعہ ۱۴۳ — (۱) وزیروں کی ایک کونسل ہوگی جس کا سردار بڑا وزیر ہوگا، اور جو گورنر کو اس کے کاموں کے انجام دینے میں مدد اور مشورہ دیگی، سوائے ان صورتوں کے جن میں گورنر کو اس دستور میں یا اس کے ماتحت ان کاموں یا ان میں سے کسی ایک کو اپنے اختیار تمیزی سے انجام دینے کی ہدایت دی گئی ہو -

(۲) اگر کبھی یہ سوال پیدا ہو کہ کوئی معاملہ ایسا ہے یا نہیں جس میں گورنر کو اس دستور کے ذریعے یا اس کے مطابق اپنے اختیار تمیزی سے کام لینے کی ہدایت ہے، تو اس بارے میں جو فیصلہ گورنر اپنے اختیار تمیزی سے کرے وہ قطعی ہوگا، اور جو کچھ گورنر کرے اس کے جائز ہونے پر اس وجہ سے اعتراض نہیں کیا جا سکے گا کہ اس کو اپنے اختیار تمیزی سے کام لینا چاہئے تھا یا نہیں -

(۳) اس مسئلے کی تحقیق کہ وزیروں نے گورنر کو کوئی مشورہ دیا ہے یا نہیں، اور دیا تو کیا مشورہ دیا، کسی عدالت میں نہ کی جا سکے گی -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

وزیروں کے متعلق دوسرے قاعدے

دفعہ ۱۴۴-- (۱) وزیروں کو گورنر مقرر کرے گا اور وہ اپنے عہدوں پر اس وقت تک رہیں گے جب تک کہ گورنر مناسب سمجھے - لیکن بہار، وسطی صوبہ اور برار اور اُڑیسہ کی ریاستوں کے لئے ایک ایک وزیر ایسا ہوگا جو قبیلوں کی بھلائی کا ذمہ دار ہوگا اور اس کے علاوہ اس کے سپرد شیڈیولی ذاتوں اور پس ماندہ طبقوں کی بھلائی کی ذمہ داری یا کوئی دوسرا کام بھی کیا جا سکے گا -

(۲) اس سے پہلے کہ وزیر اپنا عہدہ سنبھالے گورنر اس سے عہدے اور رازداری کا عہدے گا جس کی عبارت اُس فارم کے مطابق ہوگی جو اس مقصد کے لئے تیسرے شیڈیول میں درج ہے -

(۳) کوئی وزیر جو لگاتار چھ مہینے تک ریاست کی قانون ساز جماعت کا ممبر نہ ہو، وہ اس مدت کے ختم ہونے پر وزیر نہ رہیگا -

(۴) وزیروں کو چلنے اور ان سے اپنے تعلقات قائم کرنے میں گورنر عام طور پر ان ہدایتوں کے مطابق کام کرے گا جو چوتھے شیڈیول میں درج ہیں، لیکن جو کچھ گورنر کرے اس کے جائز ہونے میں اس بنا پر اعتراض نہیں کیا جا سکے گا کہ وہ ان ہدایتوں کے خلاف ہے -

(۵) وزیروں کی تنخواہیں اور الاونس وہ ہوں گے جو ریاست کی قانون ساز جماعت قانون کے ذریعے مقرر کیا کرے، اور جب تک ریاست کی قانون ساز جماعت اس طرح مقرر نہ کرے ان کی شرح وہی ہوگی جو کہ دوسرے شیڈیول میں درج ہے -

(۶) وزیروں کے تقرر اور برطرفی کے متعلق اس دفعہ کے تحت جو کام گورنر کے سپرد ہیں ان کو انجام دینے میں وہ اپنا اختیار تمیزی استعمال کرے گا -

ریاست کا ایڈوکیٹ جنرل

ریاست کا ایڈوکیٹ جنرل

دفعہ ۱۴۵— (۱) ہر ریاست کا گورنر کسی ایسے شخص کو جو ہائی کورٹ کا جج بنائے جانے کی اہلیت رکھتا ہو اس ریاست کا ایڈوکیٹ جنرل مقرر کرے گا -

(252)

(۲) ایڈوکیٹ جنرل کا فرض ہوگا کہ وہ ریاست کی سرکار کو ایسے قانونی معاملوں میں مشورہ دے اور ایسے دوسرے فرائض انجام دے جن کی حیثیت قانونی ہو اور جنھیں گورنر اسکے پاس رائے کے لئے بھیجا کرے ، یا جنھیں اس کے سپرد کیا کرے ، اور ان فرائض کو انجام دے جو اس دستور کے ذریعے یا اس کے ماتحت یا کسی اور قانون کے ذریعے یا ماتحت جو اس وقت رائج ہو، اسے سپرد کئے گئے ہوں۔

(۳) ریاست کے بڑے وزیر کے استعفا دے دینے پر ایڈوکیٹ جنرل اپنے عہدے سے علیحدہ ہو جائیگا لیکن وہ اسوقت تک اپنا کام انجام دے سکتا ھے جب تک کہ اس کا جانشین مقرر نہ ہوجائے یا اس کا دوبارہ تقرر نہ ہو جائے -

(۴) ایڈوکیٹ جنرل کو وہ معاوضہ ملے گا جو گورنر مقرر کرے -

ریاستی سرکار کا طریق کار

ریاستی سرکار کا طریق کار -

دفعہ ۱۴۶ — (۱) ریاستی سرکار کی جو بھی عاملانہ کارروائی ہو گی اس میں یہ ظاہر کیا جائے گا کہ وہ گورنر کے نام سے ہوئی ھے -

(۲) گورنر کے نام سے جن حکموں یا دستاویزوں کی تیاری اور تکمیل کی جائے گی ان کی تصدیق کا طریقہ وہ ہوگا جس کا ذکر گورنر ان قاعدوں میں کرے گا جنھیں وہ بنائے گا ، اور جس حکم یا دستاویز کی اس طریقے پر تصدیق کردی گئی ہو اس کے قانونی اعتبار سے درست ہونے پر اس بناء پر اعتراض نہ کیا جاسکے گا کہ وہ گورنر کا تیار کیا ہوا حکم یا تکمیل کی ہوئی دستاویز نہیں ھے -

بڑے وزیر کے فرائض، گورنر کو معلومات بہم پہنچانے وغیرہ کے متعلق -

دفعہ ۱۴۷ - ہر ایک ریاست کے بڑے وزیر کا فرض ہوگا کہ-

(الف) وہ گورنر کو ان تمام فیصلوں کی اطلاع دے جو وزیروں کی کونسل نے ریاستی سرکار کے انتظامی معاملوں یا قانون سازی کی نئی تجویزوں کے بارے میں کئے ہوں ؛

(ب) وہ گورنر کو ریاستی سرکار کے انتظامی معاملوں اور قانون سازی کی نئی تجویزوں کے بارے میں ایسی معلومات بہم پہنچائے جو گورنر اس سے طلب کرے ؛ اور

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

253

(پ) اگر گورنر اس کی ہدایت دے تو وزیروں کی کونسل میں ایسے معاملوں کو غور کرنے کے لئے پیش کرے جن کے بارے میں کسی وزیر نے تو فیصلہ کرلیا ہو مگر اس فیصلے پر وزیروں کی کونسل نے غور نہ کیا ہو -

باب ۳—ریاست کی قانون ساز جماعت

عام باتیں

ریاستی قانون ساز جماعتوں کی بناوٹ -

دفعہ ۱۴۸ - (۱) ہر ایک ریاست کی ایک قانون ساز جماعت ہوگی جس میں گورنر اور

(الف) ———— کی ریاستوں میں دو ایوان ،

(ب) دوسری ریاستوں میں ایک ایوان ہوگا -

(۲) جہاں ریاستی قانون ساز جماعت میں دو ایوان ہوں وہاں ان میں سے ایک قانون ساز کونسل اور دوسرا قانون ساز اسمبلی کہلائے گا ، اور جہاں ایک ہی ایوان ہو وہاں یہ قانون ساز اسمبلی کہلائے گا -

قانون ساز اسمبلیوں کی بناوٹ -

دفعہ ۱۴۹ - (۱) اس دستور کی دفعہ ۲۹۴ اور دفعہ ۲۹۵ کی شرطوں کا لحاظ رکھتے ہوئے ہر ریاست کی قانون ساز اسمبلی براہ راست چنے ہوئے ممبروں سے بنے گی -

(۲) انتخاب اس بنیاد پر ہوگا کہ ہر بالغ کو رائے دینے کا حق ہے ، جس کا مطلب یہ ہے کہ ہر اس شہری کو یہ حق ہوگا کہ انتخابوں میں اس کا نام بطور ووٹر کے درج ہو جس کی عمر ۲۱ سال سے کم نہ ہو ، اور جو اس دستور یا ریاست کی قانون ساز جماعت کے کسی ایکٹ کے ذریعے اس بنا پر ناقابل قرار نہ دے دیا گیا ہو کہ اس کی سکونت کہیں اور ہے یا وہ پاگل ہے ، یا اس نے کوئی جرم کیا ہے ، یا اس نے کوئی بداعمالی یا خلاف قانون حرکت کی ہے -

(۳) ریاست کی اسمبلی میں ہر علاقہ وار حلقہ کی نمائندگی علاقہ کی اس آبادی کی بناء پر ہوگی جو آخری مردم شماری میں معلوم کی گئی ہو ، اور آسام کے خودمختار ضلعوں کو چھوڑ کر نمائندگی

254
(102)

کی نسبت اس طرح مقرر کی جائے گی کہ ہر لاکھ باشندوں پر ایک سے زیادہ نمایندہ نہ ہو -

مگر ریاست کی اسمبلی میں ممبروں کی پوری تعداد کسی حالت میں تین سو سے زیادہ یا ساٹھ سے کم نہ ہوگی -

(۴) ہر مردم‌شماری پوری ہو جانے کے بعد، ہر ریاست کی اسمبلی میں الگ الگ علاقہ‌واری حلقوں کی نمایندگی کی مناسب ترمیم اس ادھیکاری کے ذریعے اور اس طریقے پر کردی جائے گی اور اس ترمیم کے مطابق اس تاریخ سے عمل کیا جائے گا جسے ریاست کی قانون ساز جماعت اس دستور کی دفعہ ۲۸۹ کا لحاظ رکھتے ہوئے قانون کے ذریعے مقرر کرے -

لیکن ایسی ترمیم اسمبلی کی نمائندگی پر اس وقت تک اثر نہ ڈالے گی جب تک کہ وہ اسمبلی جو اس وقت موجود ہو منتشر نہ ہو جائے -

قانون ساز کونسلوں کی بناوٹ -

دفعہ ۱۵۰ - (۱) ریاست کی قانون ساز کونسل کے (جہاں ایسی کونسل ہو) ممبروں کی پوری تعداد اس ریاست کی اسمبلی کے ممبروں کی کل تعداد کی ۲۵ فیصدی سے زیادہ نہ ہوگی -

(۲) ریاست کی کونسل کے ممبروں کی پوری تعداد میں سے —

(الف) آدھے امیدوار ان پینلوں میں سے چنے جائیں گے جو اس دفعہ کے فقرہ (۳) کے ماتحت بنائے گئے ہوں -

(ب) ایک تہائی کو اسمبلی کے ممبر تناسبی نمائندگی کے طریقے پر اکہری چلتی رائے کے ذریعے چنیں گے اور

(پ) باقی کو گورنر نامزد کریگا -

(۳) عام انتخاب ہونے سے پہلے اور اس کے بعد اس دستور کی دفعہ ۱۵۱ کے فقرہ (۲) کے ماتحت ریاست کی کونسل کے ہر سہ سالہ انتخاب سے پہلے امیدواروں کے پانچ پینل بنائے جائیں گے جن میں سے ایک پینل میں ریاست کی یونیورسٹیوں کے نمائندوں کے نام ہوں گے اور باقی چار میں ترتیب وار ایسے لوگوں کے نام ہوں گے

255

جنھیں اس قسم کے فنون کا جیسے کہ نیچے لکھے گئے ہیں خاص علم یا عملی تجربہ ہو، یعنی

(الف) ادب، فن کاری، سائنس -

(ب) زراعت، مچھلیوں کا کاروبار اور ان ہی جیسے دوسرے فن -

(پ) انجنیری، اور تعمیر کاری -

(ت) پبلک انتظامات اور سماجی سیوا -

(۴) اس دفعہ کے فقرہ ۳ کے بموجب امیدواروں کے جو پینل بنیں ان میں سے ہر ایک میں امیدواروں کی تعداد اس تعداد سے دوگنی ہونی چاہئیے جن کا اس پینل سے انتخاب ہوتا ہے۔

(۵) ضمنی انتخابوں میں اس دفعہ کے فقرہ (۳) اور (۴) کو ایسی تبدیلیوں اور ترمیموں کے ساتھ جاری کیا جاے گا جو ریاست کی قانون ساز جماعت قانون کے ذریعے تجویز کرے -

ریاستی قانون ساز جماعت کی مدت کار -

<u>دفعہ ۱۵۱</u>—(۱) اگر ریاست کی اسمبلی اس سے پہلے منتشر نہ کر دی جائے، تو وہ اس تاریخ سے، جو اس کے پہلے جلسے کے لئے مقرر کی گئی ہو، پانچ سال بعد تک کام کرے گی اور اس پانچ سال کی مدت کے ختم ہونے پر اسمبلی خود بخود منتشر ہو جائے گی۔

(۲) ریاست کی کونسل منتشر نہ ہو سکے گی، لیکن اس کے ممبروں کی ایک تہائی تعداد یا اس کے لگ بھگ ان قاعدوں کے مطابق، جو ریاست کی قانون ساز جماعت اس کے لئے بنائے، ہر تیسرے سال کے ختم ہونے پر جتنی جلد ممکن ہو ہٹ جایا کرے گی -

ریاست کی قانون ساز جماعت کی ممبری کے لئے عمر کی قید -

<u>دفعہ ۱۵۲</u>—ریاستی قانون ساز جماعت کی ممبری کے لئے کوئی شخص انتخاب کا اہل نہ سمجھا جائے گا اگر اس کی عمر اسمبلی کے انتخاب کے لئے پچیس سال سے کم اور کونسل کے لئے ۳۵ سال سے کم ہو -

ریاست کی قانون ساز جماعت کے سیشن ، اس کا برخاست ہونا اور منتشر ہونا۔

دفعہ ۱۵۳—(۱) ریاست کی قانون ساز جماعت کے ایوان یا ایوانوں کا اجلاس سال میں کم سے کم دو مرتبہ طلب کیا جائے گا اور ایک سیشن کے آخری اور اگلے سیشن کے پہلے اجلاس کی تاریخ کے درمیان چھ مہینے یا اس سے زیادہ کا وقفہ نہ ہوگا۔

(۲) اس دفعہ کی شرطوں کا لحاظ رکھتے ہوئے گورنر کو اختیار ہوگا کہ جب ضرورت ہو

(الف) ایوانوں یا کسی ایک ایوان کا اجلاس جس وقت اور جس جگہ مناسب سمجھے طلب کرے -

(ب) ایوان یا ایوانوں کو برخاست کرے۔

(پ) اسمبلی کو منتشر کر دے -

(۳) اس دفعہ کے فقرہ (۲) ضمن (الف) اور (پ) کے ماتحت گورنر فرائض کی انجام دہی میں اپنے اختیار تمیزی کو کام میں لائے گا -

گورنر کا حق کہ ایوانوں سے خطاب کرے یا انہیں پیغام بھیجے -

دفعہ ۱۵۴—(۱) گورنر کو اختیار ہوگا کہ اسمبلی ، یا اگر ریاست میں کونسل بھی ہو تو ریاست کی قانون ساز جماعت کے کسی ایک ایوان کو بلا کر یا دونوں کو مشترک اجلاس میں طلب کرے ، خطاب کرے ، اور اس مقصد کے لئے ممبروں کو حاضر ہونے کی ہدایت کرے -

(۲) گورنر کو اختیار ہوگا کہ ریاست کی قانون ساز جماعت کے ایوان یا ایوانوں کو کسی بل کے بارے میں جو قانون ساز جماعت میں اس وقت زیر غور ہو یا کسی اور معاملے کے بارے میں پیغام بھیجے اور جس ایوان کو اس طرح کا پیغام بھیجا جائے وہ جس قدر جلد ممکن ہو اس معاملے پر غور کرے گا جس کی ہدایت پیغام میں کی گئی ہو -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

ہر سیشن کے شروع میں گورنر کا خاص ایڈریس اور قانون ساز جماعت میں ان معاملوں پر بحث جن کی طرف ایڈریس میں اشارہ کیا گیا ہو -

دفعہ ۱۵۵ —(۱) ہر سیشن کے شروع میں گورنر اسمبلی سے ، یا اگر ریاست میں کونسل بھی ہو تو دونوں ایوانوں کے مشترک اجلاس سے خطاب کرے گا اور قانون ساز جماعت کو اسکی اطلاح دے گا کہ اسے کن کن معاملوں پر غور کرنے کے لئے بلایا گیا ھے -

(۲) ہر ایوان کے طریق‌کار کے لئے جو قاعدے بنیں گے ان کے ذریعے اس کا انتظام کیا جائے گا کہ جن معاملوں کا اس ایڈریس میں ذکر کیا گیا ھے ان پر بحث کرنے کے لئے وقت مقرر ہو جائے اور اس بحث کو ایوان کی باقی تمام کارروائی سے پہلے رکھا جائے -

ایوانوں کے متعلق وزیروں اور ایڈوکیٹ جنرل کا حق -

دفعہ ۱۵۶ —ہر وزیر کو اور ریاست کے ایڈوکیٹ جنرل کو حق ہوگا کہ ریاست کی اسمبلی میں ، یا اگر ریاست میں کونسل بھی ہو تو دونوں ایوانوں اور ایوانوں کے مشترک اجلاس میں ، اور قانون ساز جماعت کی ہر کمیٹی میں جس کا وہ ممبر مقرر کیا گیا ہو تقریر کرے اور ان کی کارروائیوں میں ہر طرح سے حصہ لے - مگر اس دفعہ کی رو سے انہیں رائے دینے کا حق نہ ہو گا -

ریاست کی قانون ساز جماعت کے عہدہ‌دار

اسمبلی کا سپیکر اور نائب سپیکر -

دفعہ ۱۵۷ — ہر ریاست کی اسمبلی جلد سے جلد اسمبلی کے دو ممبروں کو چنے گی جن میں سے ایک اس کا سپیکر اور دوسرا نائب سپیکر کہلائے گا ، اور جب کبھی سپیکر یا نائب سپیکر کا عہدہ خالی ہو تو اسمبلی کسی دوسرے ممبر کو سپیکر یا نائب سپیکر (جیسی بھی صورت ہو) منتخب کرے گی -

سپیکر اور نائب سپیکر کے عہدے کو خالی کرنا ، اُس سے استعفا اور برطرفی -

دفعہ ۱۵۸ - جو ممبر اسمبلی کے سپیکر یا نائب سپیکر کے عہدے پر ہو —

(الف) اگر وہ اسمبلی کا ممبر نہ رھے تو اسے اپنے عہدے کو خالی کرنا ہوگا ،

(ب) وہ اگر سپیکر ہو تو نائب سپیکر کے پاس ، اور اگر نائب سپیکر ہو تو سپیکر کے پاس ، جب چاھے اپنی دستخطی تحریر بھیج کر عہدے سے استعفا دے سکتا ھے ، اور

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(پ) اسے ناقابلیت یا عدم اعتماد کی بنا پر ایسے ریزولیوشن کے ذریعے عہدے سے ہٹایا جا سکتا ہے جسے اسمبلی کے تمام ممبروں کی اکثریت نے منظور کیا ہو -

لیکن اس دفعہ کے ضمن (پ) کی غرض سے کوئی ریزولیوشن اس وقت تک پیش نہ کیا جا سکے گا جب تک اسے پیش کرنے کے ارادے کی اطلاع چودہ دن پہلے نہ دے دی گئی ہو :

ایک شرط یہ بھی ہے کہ جب کبھی اسمبلی منتشر کی جائے تو سپیکر اپنے عہدے کو اسمبلی کے منتشر ہونے کے بعد جو پہلا اجلاس ہو اس سے ٹھیک پہلے تک خالی نہ کرے -

سپیکر کے عہدے کے فرائض انجام دینے یا سپیکر کی جگہ کام کرنے کا نائب سپیکر یا دوسرے لوگوں کو اختیار -

دفعہ ۱۵۹ - (۱) جب کبھی سپیکر کا عہدہ خالی ہو تو اس عہدے کے فرائض نائب سپیکر انجام دے گا ، یا اگر نائب سپیکر کا عہدہ بھی خالی ہو تو اسمبلی کا وہ ممبر جسے گورنر اس مقصد کے لئے مقرر کرے -

(۲) اگر اسمبلی کے کسی اجلاس میں سپیکر موجود نہ ہو تو نائب سپیکر، یا اگر وہ بھی موجود نہ ہو تو ایسا کوئی شخص جس کے متعلق اسمبلی کے ضابطوں میں طے کر دیا گیا ہو ، سپیکر کے طور پر کام کرے گا ، یا اگر ایسا کوئی شخص بھی موجود نہ ہو تو کوئی دوسرا شخص کام کرے گا جس کے بارے میں اسمبلی طے کرے -

کونسل کا صدر اور نائب صدر -

دفعہ ۱۶۰ - ریاست کی کونسل جلد سے جلد کونسل کے دو ممبروں کو چنے گی جن میں سے ایک اس کا صدر اور دوسرا نائب صدر کہلائے گا اور جب کبھی صدر یا نائب صدر کا عہدہ خالی ہوگا تو کونسل کسی دوسرے ممبر کو صدر یا نائب صدر (جیسی بھی صورت ہو) منتخب کرے گی -

صدر یا نائب صدر کے عہدے کو خالی کرنا ، اُس سے استعفا اور برطرفی -

دفعہ ۱۶۱ - جو ممبر کونسل کے صدر یا نائب صدر کے عہدے پر ہو -

(الف) اگر وہ کونسل کا ممبر نہ رہے تو اسے اپنے عہدے کو خالی کرنا ہوگا ؛

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

259
107

(ب) وہ اگر صدر ہو تو نائب صدر اور اگر نائب صدر ہو تو صدر کے پاس، جب چاہے اپنی دستخطی تحریر بھیج کر عہدے سے استعفا دے سکتا ہے، اور

(پ) ایسے نا قابلیت یا عدم اعتماد کی بنا پر ایسے ریزولیوشن کے ذریعے عہدے سے ہٹایا جا سکتا ہے جسے کونسل کے تمام ممبروں کی اکثریت نے منظور کیا ہو :

لیکن اس دفعہ کے ضمن (پ) کی غرض سے کوئی ریزولیوشن پیش نہ کیا جا سکے گا جب تک اسے پیش کرنے کے ارادے کی اطلاع چودہ دن پہلے نہ دے دی گئی ہو -

صدر کے عہدے کے فرائض انجام دینے یا صدر کی جگہ کام کرنے کا نائب صدر یا دوسرے لوگوں کو اختیار -

دفعہ ۱۶۲ - (۱) جب کبھی صدر کا عہدہ خالی ہو تو اس عہدے کے فرائض نائب صدر انجام دے گا یا اگر نائب صدر کا عہدہ بھی خالی ہو تو کونسل کا وہ ممبر جسے گورنر اس غرض سے مقرر کرے -

(۲) اگر کونسل کے کسی اجلاس میں صدر موجود نہ ہو تو نائب صدر، یا اگر وہ بھی موجود نہ ہو تو ایسا کوئی شخص جس کے متعلق کونسل کے ضابطوں میں طے کر دیا گیا ہو، صدر کے طور پر کام کرے گا، یا اگر ایسا کوئی بھی شخص موجود نہ ہو تو کوئی دوسرا شخص کام کرے گا جس کے بارے میں کونسل طے کرے -

سپیکر اور نائب سپیکر اور صدر اور نائب صدر کی تنخواہیں اور الاونس -

دفعہ ۱۶۳ - اسمبلی کے سپیکر اور نائب سپیکر اور کونسل کے صدر اور نائب صدر کو وہ تنخواہیں اور الاونس دئے جائیں گے جو ان میں سے ہر ایک کے لئے ریاست کی قانون ساز جماعت قانون کے ذریعے مقرر کرے، اور جب تک اس طریقے پر انتظام نہ کیا جائے، انہیں وہی تنخواہیں اور الاونس ملیں گے جو دوسرے شیڈیول میں ہیں -

کاروائی کا طریقہ

ایوانوں میں رائے دینے کا طریقہ، جگہیں خالی ہونے کے باوجود ایوانوں کو کام کرنے کا اختیار، اور کورم -

دفعہ ۱۶۴ - (۱) سوائے ان صورتوں کے جن کا ذکر اس دستور میں کر دیا گیا ہے، قانون ساز جماعت کے کسی ایوان میں یا مشترک اجلاس میں تمام معاملے سپیکر یا صدر یا اس شخص کو جو سپیکر یا صدر کی جگہ کام کر رہا ہو چھوڑ کر، ان ممبروں کی کثرت رائے سے طے ہوں گے، جو موجود ہوں اور رائے دیں -

سپیکر یا صدر یا وہ شخص جو ان میں سے کسی کی جگہ کام کر رہا ہو پہلے تو رائے نہ دے گا ، لیکن اگر دونوں طرف رائیں برابر ہوں تو اس صورت میں وہ رائے دے سکے گا اور دے گا -

(۲) ریاست کی قانون ساز جماعت کے کسی ایوان کو ، چاہے اس کے ممبروں میں سے کسی کی جگہ خالی ہی کیوں نہ ہو ، کام جاری رکھنے کا اختیار ہوگا ، اور ریاست کی قانون ساز جماعت میں جو کارروائیاں ہوں وہ جائز سمجھی جائیں گی ، چاہے بعد کو یہ معلوم ہو کہ کوئی شخص جسے حق نہیں تھا ایوان میں بیٹھا تھا یا اس نے رائے دی تھی یا کارروائیوں میں کسی اور طریقہ پر شریک ہوا تھا -

(۳) اگر ریاست کی اسمبلی یا کونسل کے اجلاس کے دوران میں کورم نہ ہو تو سپیکر یا صدر یا اس شخص کا جو سپیکر یا صدر کی جگہ کام کر رہا ہو ، فرض ہوگا کہ جب تک کورم نہ ہو جائے اجلاس کو ملتوی کر دے یا اجلاس کا کام بند کر دے -

کورم دس ممبر یا ایوان کے ممبروں کا چھٹا حصہ ہوگا جو بھی ان دونوں میں زیادہ ہو -

ممبروں کے نا قابل ہو جانے کی صورتیں

ممبروں کا اقرار نامہ -

دفعہ ۱۶۵ - ریاست کی اسمبلی یا کونسل کا ہر ممبر اپنی جگہ لینے سے پہلے گورنر یا کسی ایسے شخص کے سامنے جسے گورنر نے مقرر کیا ہو اس فارم کے مطابق جو اس غرض سے تیسرے شیڈیول میں دیا گیا ہے ، زبانی اقرار کرے گا اور اقرار نامے پر دستخط کرے گا -

جگہیں خالی ہونا -

دفعہ ۱۶۶ - (۱) کوئی شخص ریاست کی قانون ساز جماعت کے دونوں ایوانوں کا ممبر نہ ہو سکے گا ، اور ریاست کی قانون ساز جماعت قانون کے ذریعے اس کا انتظام کرے گی کہ جو شخص دونوں ایوانوں کا ممبر چن لیا گیا ہو ، وہ ایوانوں میں کسی ایک میں سے اپنی نشست خالی کر دے -

(۲) کوئی شخص پارلیمنٹ اور ریاست کی قانون ساز جماعت دونوں کا ایک ساتھ ممبر نہ ہو سکے گا اور اگر کوئی شخص پارلیمنٹ اور ریاست

261

کی قانون ساز مجلس دونوں کا ممبر چن لیا گیا ہو تو اس مدت کے گزرنے کے بعد جو ریاست کے گورنر نے مقرر کر دی ہو اس شخص کی جگہ ریاست کی قانون ساز جماعت میں خالی ہو جائے گی ، اگر اس نے پہلے ہی سے پارلیمنٹ کی نشست سے استعفا نہ دے دیا ہو -

(۳) اگر ریاست کی قانون ساز مجلس کے کسی ایوان کا کوئی ممبر——

(الف) ناقابلیت کی ان شرطوں میں سے کسی کی زد میں آجائے جن کا ذکر اس کے بعد کی دفعہ کی ضمن (۱) میں کیا گیا ہے ، یا

(ب) سپیکر یا صدر کے پاس (جیسی بھی صورت ہو) اپنی دستخطی تحریر بھیج کر اپنی نشست سے استعفا دے دے ،

تو اس وقت اس کی جگہ خالی ہو جائے گی -

(۴) اگر ریاست کی قانون ساز جماعت کے کسی ایوان کا کوئی ممبر ایوان کی اجازت کے بغیر ساٹھ دن تک ایوان کے تمام جلسوں سے غیر حاضر رہے تو ایوان اس کی نشست کو خالی قرار دے سکتا ہے -

لیکن ساٹھ دن کی اس مدت کا حساب لگانے میں اس زمانے کو شمار نہ کیا جائے گا جب ایوان برخاست کر دیا گیا تھا ، یا اس کا اجلاس لگا تار چار دن سے زیادہ کے لئے ملتوی کیا گیا تھا -

ممبری کے لئے ناقابل ہو جانے کی صورتیں -

دفعہ ۱۶۷ —(۱) وہ شخص ریاست کی اسمبلی یا کونسل کا ممبر منتخب ہونے اور ممبر رہنے کے ناقابل ہو جائے گا -

(الف) جو ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار کے ماتحت جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول میں ہے کسی ایسے عہدے پر ہو جس کا معاوضہ دیا جاتا ہو ، لیکن اس میں وہ عہدہ شامل نہ ہوگا جس کے بارے میں ریاست کی قانون ساز جماعت قانون کے ذریعے طے کر دے کہ جو اس عہدے پر ہے وہ ناقابل نہ سمجھا جائے گا ؛

(ب) جو پاگل ہو اور کسی بااختیار عدالت نے اس بارے میں یہی فیصلہ کیا ہو؛

(پ) جو دیوالیہ ہو اور اپنی ذمہ‌داری سے بری نہ کیا گیا ہو؛

(ت) جو کسی غیر مملکت کی فرماں برداری یا تابعداری کا اقرار کر چکا ہو یا کسی غیر مملکت کی رعایا یا اس کا شہری ہو یا رعایا یا شہری سمجھا جانے کا حقدار مانا جاتا ہو -

(ٹ) جو ریاست کی قانون ساز جماعت کے بنائے ہوئے قانون کے ذریعے یا ماتحت نا اہل ٹھیرایا گیا ہو -

(۲) اس دفعہ کی غرض کے لئے کسی شخص کو ہند سرکار یا کسی ایسی ریاستی سرکار کے ماتحت جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول میں کیا گیا ہے صرف اس بنا پر معاوضے دار عہدے پر نہ سمجھا جائے گا کہ—

(الف) وہ ہند کا یا کسی ایسی ریاست کا وزیر ہے جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں کیا گیا ہے، یا

(ب) وہ ایسی ریاست کا وزیر ہے جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے اگر وہ ریاست کی قانون ساز مجلس کے سامنے جواب دہ ہو، یا جہاں اس جماعت کے دو ایوان ہوں وہاں اس جماعت کے نچلے ایوان کے سامنے، اور اگر اس جماعت یا ایوان کے (جیسی بھی صورت ہو) کم سے کم تین چوتھائی ممبر چنے ہوئے ہوں -

دفعہ ۱۶۵ کے ماتحت اقرار کرنے سے پہلے یا قابلیت نہ رکھنے یا ناقابل ٹھیرائے جانے کے باوجود (اسمبلی یا کونسل میں) بیٹھنے اور رائے دینے کی سزا-

دفعہ ۱۶۸ — اگر کوئی شخص اس دستور کی دفعہ ۱۶۵ کی شرطیں پوری کرنے سے پہلے یا یہ جانتے ہوئے کہ وہ ممبری کے قابل نہیں ہے، یا نا قابل ٹھیرایا گیا ہے، یا ریاست کی قانون ساز جماعت کے بنائے ہوئے کسی قانون کی رو سے اسے اس کی مناہی کی گئی ہے، کہ اسمبلی یا کونسل میں ممبر کی حیثیت سے بیٹھے اور رائے دے، تو اس پر ہر دن کا جب وہ اس طرح بیٹھے یا رائے دے پانسو روپیہ جرمانہ کیا جائے گا اور یہ اس سے ریاست کے واجب وصول قرض کے طور پر لیا جائے گا -

ممبرون کے خاص حق اور رعاتیں

ممبروں کے حق وغیرہ -

دفعہ ١٦٩ - (١) ہر ریاست کی قانون ساز جماعت کی کارروائی کے طریقے کو ضابطے میں لانے کے لئے جو قاعدے اور مستقل حکم ہوں ان کا لحاظ رکھتے ہوئے قانون ساز جماعت میں تقریر کی آزادی ہوگی -

(٢) ریاست کی قانون ساز جماعت یا اس کی کسی کمیٹی میں کوئی بات کہنے یا رائے دینے کی بنا پر قانون ساز جماعت کے ممبروں کے خلاف عدالتی کارروائی نہ کی جا سکے گی اور قانون ساز جماعت کا کوئی ایوان کوئی رپورٹ ، کاغذ ، رایوں کا شمار ، یا روداد شائع کرے یا اپنے اختیار سے کرائے تو اس سلسلے میں بھی کسی شخص کے خلاف کسی عدالت میں کوئی کارروائی نہ کی جا سکے گی -

(٣) باقی ہر لحاظ سے ایوان کے ممبروں کے خاص حق اور رعایتیں وہ ہوں گی جو ریاست کی قانون ساز جماعت قانون کے ذریعے مقرر کرے اور جب تک وہ اس طرح مقرر نہ کی جائیں یہ وہی ہوں گی جو اس دستور کے جاری ہونے کے وقت برطانوی پارلیمنٹ کے ایوان عام کے ممبروں کو حاصل ہوں -

(٤) اس دفعہ کے ضمن (١) ، (٢) اور (٣) کا اطلاق ان شخصوں پر جنہیں اس دستور کی رو سے ریاست کی قانون ساز جماعت کے کسی ایوان میں تقریر کرنے اور دوسرے طریقوں سے کارروائی میں حصہ لینے کا حق ہو ، اسی طرح ہو گا جیسے کہ ان کا اطلاق اس قانون ساز جماعت کے ممبروں پر ہوتا ہے -

ممبروں کی تنخواہیں اور الاونس -

دفعہ ١٧٠ - اسمبلی اور کونسل کے ممبروں کو وہ تنخواہیں اور الاونس پانے کا حق ہوگا جو ریاست کی قانون ساز جماعت قانون کے ذریعے مقرر کیا کرے اور جب تک اس طریقے پر انتظام نہ کیا جائے انہیں ان شرحوں اور شرطوں کے مطابق الاونس پانے کا حق ہو گا جن کا اطلاق اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے صوبوں کی قانون ساز جماعتوں کے ممبروں پر ہوتا تھا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

قانون سازی کا ضابطہ

بلوں کو پیش کرنے اور منظور کرنے کے بارے میں قاعدے -

دفعہ ۱۷۱ - (۱) اس دستور کی دفعہ ۱۷۳ اور ۱۸۲ میں مالی اور دوسرے مالیاتی بلوں کے بارے میں جو قاعدے ہیں ان کا لحاظ رکھتے ہوئے ہر بل ریاست کی قانون ساز جماعت کے ایوانوں میں سے کسی میں بھی پہلی مرتبہ پیش کیا جا سکتا ہے -

(۲) کسی ریاست میں قانون ساز کونسل بھی ہو تو اس دستور کی دفعہ ۱۷۲ اور ۱۷۳ کا لحاظ رکھتے ہوئے کسی بل کے بارے میں یہ نہ سمجھا جائے گا کہ اسے ریاست کی قانون ساز جماعت کے ایوانوں نے پاس کردیا ہے جب تک دونوں ایوانوں نے اسے کسی ترمیم کے بغیر یا صرف ایسی ترمیموں کے ساتھہ جن پر دونوں ایوان راضی ہوں، منظور نہ کیا ہو۔

(۳) کوئی بل جو ریاست کی قانون ساز جماعت میں زیر غور ہو اس بنا پر خود بخود ختم نہ ہو جائے گا کہ ایوان برخاست کر دئے گئے ہیں -

(۴) کوئی بل جو ریاست کی کونسل میں زیر غور ہو اور اسمبلی میں منظور نہ ہوا ہو وہ اسمبلی کے منتشر ہونے پر خود بخود ختم نہ ہو جائے گا -

(۵) کوئی بل جو ریاست کی اسمبلی میں زیر غور ہو یا اسمبلی میں منظور ہونے کے بعد کونسل میں زیر غور ہو، اسمبلی کے منتشر ہونے پر خود بخود ختم ہو جائے گا -

ان ریاستوں میں جہاں کونسلیں ہوں بعض صورتوں میں دونوں ایوانوں کا مشترک جلاس -

دفعہ ۱۷۲ - (۱) اگر کوئی بل کسی ایسی ریاست کی اسمبلی میں جہاں کونسل بھی ہے، منظور ہونے کے بعد کونسل کو بھیج دیا گیا ہو اور اس تاریخ سے جب کہ بل کونسل میں وصول ہوا تھا چھہ مہینے گذر چکنے کے بعد بھی دونوں ایوانوں نے اسے پاس نہ کیا ہو تو اگر بل اسمبلی کے منتشر ہونے کی وجہ سے خود بخود ختم نہ ہو جائے تو گورنر مجاز ہوگا کہ دونوں ایوانوں کو مشترک اجلاس کے لئے طلب کرے، کہ وہ بل پر غور کریں اور رائے دیں؛

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

265

لیکن اس فقرے کی کسی بات کا اطلاق کسی مالی بل پر نہ ہوگا -

(۲) چھہ مہینے کی کسی ایسی مدت کا حساب لگاتے وقت جس کا ذکر ضمن (۱) میں کیا گیا ہے وہ زمانہ شمار نہ کیا جائے گا جب کہ دونوں ایوان برخاست کر دئے گئے تھے یا دونوں ایوانوں کے اجلاس چار دن سے زیادہ کے لئے ملتوی کئے گئے تھے -

(۳) اگر دونوں ایوانوں کے مشترک اجلاس میں ایوانوں کے ان ممبروں کی اکثریت نے جو موجود ہو اور رائے دے ، بل کو ایسی ترمیموں کے ساتھہ پاس کر دیا ہو جو مشترک اجلاس میں منظور کی گئی ہوں ، تو اس دستور کے لحاظ سے سمجھا جائے گا کہ دونوں ایوانوں نے بل کر منظور کو لیا ہے -

لیکن —

(الف) اگر بل کونسل میں ترمیموں کے ساتھہ منظور ہو کر اسمبلی میں واپس نہیں بھیجا گیا ہے تو مشترک اجلاس میں صرف ایسی ترمیموں کی تحریک کی جاسکے گی جو بل کی منظوری میں دیر لگنے کی وجہ سے ضروری ہو گئی ہوں ؛

(ب) اگر بل کونسل میں ترمیموں کے ساتھہ منظور ہو کر واپس کردیا گیا ہو تو مشترک اجلاس میں صرف ایسی ہی ترمیمیں جن کا ذکر اوپر آچکا ہے اور ایسی ترمیمیں جن کا ان معاملوں سے تعلق ہو جن پر ایوانوں نے اتفاق نہیں کیا ، پیش کی جا سکیں گی ؛ اور جو شخص صدارت کر رہا ہو اس کا فیصلہ اس بارے میں قطعی ہوگا کہ اس ضمن کے ماتحت کن ترمیموں کو پیش کرنے کی اجازت ہے -

"مالی بلوں" کے بارے میں خاص ضابطہ -

دفعہ ۱۷۳ - (۱) کونسل میں "مالی بل" کی ابتدا نہیں کی جا سکے گی -

(۲) جب کسی مالی بل کو کسی ایسی ریاست کی اسمبلی نے جہاں کونسل بھی ہو منظور کر لیا ہو ، تو وہ کونسل میں بھیجا جائے گا ، تاکہ وہ اپنی سفارشیں کرے ، اور کونسل بل کی وصولی کے تیس دن کے اندر اسے اسمبلی میں اپنی سفارشوں کے ساتھ واپس کر دے گی اور تب اسمبلی کو اختیار ہو گا کہ وہ کونسل کی کسی سفارش یا تمام سفارشوں کو منظور یا نامنظور کر دے -

(۳) اگر اسمبلی کسی مالی بل کے بارے میں کونسل کی کسی سفارش کو منظور کر لے تو سمجھا جائے گا کہ بل دونوں ایوانوں میں ان ترمیموں کے ساتھ پاس ہو گیا ہے جن کی کونسل نے سفارش کی تھی اور جنھیں اسمبلی نے منظور کر لیا تھا -

(۴) اگر اسمبلی کونسل کی کسی سفارش کو منظور نہ کرے تو سمجھا جائے گا کہ "مالی بل" اسمبلی میں ، بغیر ایسی ترمیموں میں سے کسی کے ، جن کی سفارش کونسل نے کی تھی ، منظور ہو گیا ہے -

(۵) اگر کوئی "مالی بل" جو اسمبلی میں منظور ہو کر کونسل میں اس کی سفارشوں کے لئے بھیج دیا گیا ہو، تیس دن کی مدت کے اندر واپس نہ آ جائے تو سمجھا جائے گا کہ اسے دونوں ایوانوں نے اس شکل میں منظور کر لیا ہے جس میں وہ اسمبلی میں پاس ہوا تھا -

"مالی بل" کی تعریف -

دفعہ ۱۷۴ - (۱) اس باب کی غرض سے وہ بل "مالی بل" سمجھا جائے گا جس میں صرف نیچے لکھے ہوئے معاملوں میں سے سب کے یا کسی ایک کے بارے میں تجویزیں ہوں :-

(الف) کوئی محصول لگانا ، اسے منسوخ کرنا ، اس میں سے کچھ چھوڑ دینا ، اس میں تبدیلی کرنا ، یا اس کے بارے میں قاعدے بنانا ؛

(ب) ریاستی سرکار کے لئے قرض لینے یا ضمانت دینے کے بارے میں قاعدے بنانا ، یا ریاستی سرکار نے جو مالی ذمہ داریاں لی ہوں یا لینے والی ہو ان کے بارے میں قانون کی ترمیم کرنا ؛

267

115

(پ) حکومت کے خرچ کے لئے روپیہ ؛

(ت) ریاست کی آمدنی کو صرف میں لانا ؛

(ٹ) کسی خرچ کو ایسا خرچ قرار دینا جو ریاست کی آمدنی سے واجب الادا ہو یا ایسے کسی خرچ کی رقم میں اضافہ کرنا ؛

(ث) ریاست کی آمدنی کی رقم کی وصولی ، یا اس کی تحویل ، یا اس کا نکالنا ، یا ریاستی سرکار کے حسابات کا آڈٹ ؛ یا

(ج) کوئی ذیلی معاملہ جو ان معاملوں کے متعلق ہو جن کا ذکر اس فقرے کے ضمن (الف) تا (ث) میں کیا گیا ہے -

(۲) کوئی بل صرف اس بنا پر "مالی بل" نہ سمجھا جائے گا کہ اس میں جرمانہ کرنے ، یا دوسرے قسم کے مالی تاوان لینے کی، یا لائسنسوں کی فیسوں کے مطالبے اور ادائگی ، یا سہولتیں بہم پہنچانے کی فیس وصول کرنے کے قاعدے ہیں ، یا اس بنا پر کہ اس میں کسی ایسے محصول کو لگانے ، منسوخ کرنے ، معاف کرنے ، یا اس میں تبدیلی کرنے ، یا اس کے لئے قاعدے بنانے کی تجویزیں ہیں جو کسی مقامی ادھیکاری نے مقامی مقصدوں کے لئے لگایا ہو ۔

(۳) اگر کسی بل کے سلسلے میں یہ سوال پیدا ہو کہ وہ "مالی بل" ہے یا نہیں تو اس بارے میں ایسی ریاست میں جہاں کونسل بھی ہو ، اسمبلی کے سپیکر کا فیصلہ قطعی ہو گا -

(۴) جب کوئی مالی بل اس دفعہ سے پہلے کی دفعہ کے بموجب کونسل میں بھیجا جائے ، یا اس دفعہ کے بعد کی دفعہ کے مطابق گورنر کے سامنے منظوری کے لئے پیش کیا جائے تو اس پر اسمبلی کے سپیکر کی یہ دستخطی تصدیق ہونی چاہئے کہ وہ مالی بل ہے -

بلوں کی منظوری -

دفعہ ۱۷۵ - جب کوئی بل ریاست کی اسمبلی سے یا ایسی ریاست میں جہاں کونسل بھی ہو ریاست کی قانون ساز جماعت کے دونوں ایوانوں سے پاس ہو جائے تو وہ گورنر کے سامنے پیش کیا

جائے گا ؛ اور گورنر یا تو اعلان کرے گا کہ وہ اُسے منظور کرتا ہے یا یہ کہ وہ اسے منظور نہیں کرتا یا یہ کہ اس نے بل کو پریذیڈنٹ کی منظوری کے لئے اُٹھا رکھا ہے ؛

لیکن گورنر کو اختیار ہوگا کہ جہاں قانون ساز جماعت کا ایک ہی ایوان ہو اور بل ایوان سے منظور ہو گیا ہو تو وہ اپنے اختیار تمیزی سے کام لے کر اسے ایک پیام کے ساتھہ واپس بھیج دے جسمیں یہ درخواست ہو کہ ایوان بل یا اس کی کسی خاص تجویز پر دوبارہ غور کرے اور اس پر خاص طور پر توجہ کرے کہ آیا ان ترمیموں کو شامل کرنا مناسب ہو گا جس کی اس نے اپنے پیام میں سفارش کی ہے ؛ اور جب بل اس طرح واپس کر دیا جائے تو ایوان پیام کے مطابق اس پر دوبارہ غور کرے گا اور اگر بل کسی ترمیم کے ساتھہ یا بغیر ترمیم کے پھر منظور ہو جائے اور گورنر کی منظوری کے لئے پیش کیا جائے تو گورنر منظوری سے انکار نہیں کریگا -

پریزیڈنٹ کے غور کے لئے بلوں کو اٹھا رکھنا ۔

دفعہ ۱۷۶ - جب کوئی گورنر کسی بل کو پریزیڈنٹ کے غور کے لئے اٹھا رکھے تو پریزیڈنٹ یا تو اس کی اطلاع دے گا کہ وہ اسے منظور کرتا ہے یا اس کی کہ وہ اسے منظور نہیں کرتا ؛

لیکن بل اگر مالی بل نہ ہو تو پریزیڈنٹ کو اختیار ہوگا کہ وہ گورنر کو یہ ہدایت دے کہ وہ بل کو ایک ایسے پیام کے ساتھہ جسکا ذکر اس دفعہ سے پہلے کی دفعہ کے شرطیہ فقرہ میں کیا گیا ہے ، ریاست کی قانون ساز جماعت کے ایوان یا ایوانوں میں (جیسی بھی صورت ہو) واپس بھیج دے اور جب کوئی بل اسطرح واپس بھیجدیا جائے تو ایوان یا دونوں ایوان پیام کے پہنچنے کی تاریخ سے چھہ مہینے کے اندر اس کے مطابق اس پر غور کریں گے اور اگر بل کسی ترمیم کے ساتھہ یا بغیر ترمیم کے پھر منظور ہو جائے تو یہ پریزیڈنٹ کے سامنے پھر پیش کیا جائے گا -

مالی معاملوں کا ضابطہ

سالانہ بجٹ۔

دفعہ ۱۷۷ - (۱) گورنر ریاست کی قانون ساز جماعت کے ایوان یا ایوانوں میں ہر مالی سال کے متعلق ریاستی سرکار کی اس سال

کی متوقع آمدنی اور خرچ کا تخمینہ پیش کرائے گا، جسے دستور کے اس حصہ میں "سالانہ بجٹ" کہا گیا ہے -

(۲) سالانہ بجٹ میں خرچ کے جو تخمینے شامل ہوں گے ان میں وہ رقمیں الگ الگ دکھلائی جائیں گی

(الف) جو اُس خرچ کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہوں جسے اس دستور میں ریاست کی آمدنی سے واجب الادا قرار دیا گیا ہے ؛

(ب) جس سے دوسرا خرچ جو ریاست کی آمدنی سے کیا جانا تجویز ہوا ہے، پورا ہو گا ؛

اور آمدنی وصول کرنے کے سلسلے میں جو خرچ ہوا ہو اس میں اور دوسری قسم کے خرچوں میں فرق کیا جائے گا ؛

(۳) نیچے لکھا ہوا خرچ وہ ہے جو ریاست کی آمدنی سے واجب الادا ہو گا :-

(الف) گورنر کی تنخواہ اور الاونس اور اسکے عہدے سے متعلق دوسرے خرچ ؛

(ب) اسمبلی کے سپیکر اور نائب سپیکر کی تنخواہیں اور الاونس، اور جس ریاست میں کونسل بھی ہو وہاں اسکے صدر اور نائب صدر کی تنخواہیں اور الاونس ؛

(پ) قرض سے متعلق مطالبے مع سود، قرض ادائی فنڈ، اور قرض چکانے کے خرچوں کے، جنہیں ادا کرنے کی ذمہ دار ریاستی سرکار ہو، اور دوسرے خرچ جو قرض لینے، اور جاری رکھنے، اور چکانے سے متعلق ہوں ؛

(ت) وہ خرچ جو ہائی کورٹ کے ججوں کی تنخواہوں، الاونسوں، اور پنشنوں کے متعلق ہو ؛

(ٹ) ایسی رقمیں جو کسی عدالت یا پنچایتی عدالت کے حکم، ڈگری، یا پنچ فیصلے کے مطابق ادا ہونا ضروری ہوں ؛

270

(ث) اور کوئی خرچ جسے یہ دستور یا ریاست کی قانون ساز جماعت قانون کے ذریعے واجب الادا قرار دے -

قانون ساز جماعت کا ضابطہ تخمینوں کے بارے میں -

دفعہ ۱۷۸ - (۱) خرچ کے تخمینوں کا وہ حصہ جو ریاست کی آمدنی سے واجب الادا خرچ قرار دیا گیا ہو اسمبلی کے سامنے ووٹ کے لئے پیش نہ کیا جائے گا ، مگر اس فقرے کے کسی حصے سے یہ نہ سمجھا جائے گا کہ قانون ساز جماعت میں ان تخمینوں میں سے کسی پر بحث نہیں کی جا سکتی -

(۲) ان تخمینوں کا وہ حصہ جس کا تعلق دوسرے خرچوں سے ہو گا اسمبلی میں خرچ کے مطالبوں کی شکل میں پیش کیا جائے گا ، اور اسمبلی کو اختیار ہو گا کہ وہ کسی مطالبے کو منظور یا نامنظور کر دے یا کسی مطالبے کو اس شرط کے ساتھ منظور کرے کہ اس میں جو رقم درج ہے وہ کم کر دی جائے -

(۳) خرچ کا مطالبہ صرف گورنر کی سفارش پر کیا جا سکے گا -

منظور کئے ہوئے خرچ کے شیڈیول کی تصدیق -

دفعہ ۱۷۹ - (۱) گورنر اپنے دستخط سے ایک شیڈیول کی تصدیق کرے گا جس میں

(الف) وہ رقمیں درج ہوں گی جو اسمبلی میں اس دفعہ سے پہلے کی دفعہ کے مطابق منظور کی گئی ہوں ؛

(ب) وہ مختلف رقمیں درج ہوں گی جو ریاست کی آمدنی سے واجب الادا خرچ کو پورا کرنے کے لئے ضروری ہوں، لیکن ان میں کوئی رقم اس رقم سے زیادہ نہ ہو گی جو اس بجٹ میں درج تھی جسے ریاست کے ایوان یا ایوانوں کے سامنے پیش کیا جا چکا ہو -

(۲) جس شیڈیول کی اس طرح تصدیق کر دی گئی ہو وہ اسمبلی میں پیش تو کیا جائے گا ، مگر قانون ساز جماعت میں اس پر نہ بحث ہوگی اور نہ ووٹ لیا جائے گا -

(۳) اس دفعہ کے بعد کی دو دفعوں کا لحاظ رکھتے ہوئے کسی خرچ کے بارے میں جو ریاست کی آمدنی سے کیا جائے یہ نہ سمجھا جائے گا کہ وہ با قاعدہ منظور کیا گیا ہے، اگر وہ اس شیڈیول میں درج نہ ہو جس کی گورنر نے تصدیق کی ہے -

271

خرچ کی ضمنی کیفیت -

دفعہ ۱۸۰ - اگر کسی مالی سال میں اس خرچ کے علاوہ جو ریاست کی آمدنی سے اس سال کے لئے پہلے سے منظور کر لیا گیا ہو، زائد خرچ کی ضرورت پڑ جائے، تو گورنر ایوان یا دونوں ایوانوں کے سامنے ایک ضمنی کیفیت پیش کرائے گا جس میں زائد خرچ کے تفصیلے درج ہوں گے، اور اُس ضابطے کا، جو پچھلی دفعوں میں بیان کیا گیا ہے، اس کیفیت اور ان خرچوں پر اسی طرح اطلاق ہوگا جیسے کہ سالانہ بجٹ اور ان خرچوں پر ہوتا ہے جس کا اس میں ذکر ہے -

زائد مطالبوں کی منظوری -

دفعہ ۱۸۱ - اگر کسی مالی سال میں ریاست کی آمدنی سے حکومت کے کسی ایسے محکمے پر، جس کے خرچ کے لئے اسمبلی کی منظوری ضروری ہو، اس رقم سے زیادہ خرچ ہو گیا ہے جو اس سال کے لئے منظور ہوئی تھی، تو اس زائد خرچ کے لئے اسمبلی میں مطالبہ پیش کیا جائے گا، اور ایسے مطالبے کے لئے دفعہ ۱۷۸ اور ۱۷۹ کے ضابطے کا اطلاق اس طرح ہو گا جیسے خرچ کے مطالبے پر ہوتا ہے -

مالیاتی بلوں کے متعلق خاص قاعدے -

دفعہ ۱۸۲ - (۱) کسی بل یا ترمیم کی ابتدا یا تحریک، جس سے اس دستور کی دفعہ ۱۷۴ کے فقرہ (۱) کی ضمن (الف) تا (ث) کے متعلق کوئی قاعدہ بنانا ہو، صرف گورنر کی سفارش پر ہو سکے گی، اور ایسے کسی بل کی ابتدا کونسل میں نہ کی جا سکے گی:

لیکن اس فقرے کے ماتحت ایسی ترمیموں کو پیش کرنے کے لئے گورنر کی سفارش درکار نہ ہوگی جس میں کسی محصول کو کم یا منسوخ کرنے کی کوئی تجویز ہو -

(۲) اگر کسی بل یا ترمیم میں جرمانے کرنے یا دوسری قسم کے مالی تاوان لگانے یا لائسنسوں کی فیسوں کے مطالبے یا ادائگی کے بارے میں یا سہولتیں بہم پہنچانے کی فیس وصول کرنے کے قاعدے ہیں، یا اگر اس میں کسی ایسے محصول کو لگانے، منسوخ کرنے، معاف کرنے، یا اس میں تبدیلی کرنے یا اس کے لئے قاعدے بنانے کی تجویزیں ہیں جو کسی مقامی حاکم یا جماعت نے مقامی مقصدوں کے لئے لگایا ہو، تو صرف اس بنا پر یہ نہ سمجھا جائے گا کہ اس میں مالی یا مالیاتی معاملوں کے متعلق کوئی تجویز ہے -

(٣) کوئی بل جس کے قانون بن جانے اور جاری ہونے سے ریاست کی آمدنی سے روپیہ خرچ ہو گا ریاستی قانون ساز جماعت کے کسی ایوان میں پاس نہ کیا جائے گا جب تک کہ گورنر نے اس ایوان سے اِس بل پر غور کرنے کی سفارش نہ کر دی ہو -

ضابطے کے متعلق عام باتیں

ضابطے -

دفعہ ١٨٣ - (١) اس دستور کے قاعدوں کا لحاظ رکھتے ہوئے کسی ریاست کی قانون ساز جماعت کے ہر ایوان کو اختیار ہو گا کہ اپنے ضابطے اور طریق کار کی تنظیم کے لئے قاعدے بنائے -

(٢) جب تک اس دفعہ کے ضمن (١) کے بموجب قاعدے نہ بنیں ، اس وقت تک ریاست کی قانون ساز جماعت کے لئے وہی ضابطے ، قاعدے اور مستقل قاعدے جاری رہیں گے جو صوبائی قانون ساز جماعت میں اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے جاری تھے ، مگر اسمبلی کے سپیکر یا کونسل کے صدر کو (جیسی بھی صورت ہو) اس کا اختیار ہو گا کہ ان میں ترمیمیں کرے اور حالات کے لحاظ سے مناسب تبدیلیاں کرے -

(٣) اُس ریاست کے گورنر کو جہاں کونسل بھی ہو ، اختیار ہو گا کہ اسمبلی کے سپیکر اور قانون ساز کونسل کے صدر سے مشورہ کرنے کے بعد مشترک اجلاس کے طریق کار اور ایوانوں کے درمیان سلسلے بھیجنے کے بارے میں قاعدے بنائے -

(٤) دونوں ایوانوں کے مشترک اجلاس کی صدارت قانون ساز اسمبلی کا سپیکر یا اس کی غیر موجودگی میں وہ شخص کرے گا جو اس دفعہ کے ضمن (٣) کے مطابق بنائے ہوئے طریق کار کی رو سے مقرر ہوا ہو -

زبان جو ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں میں استعمال ہو گی-

دفعہ ١٨٤ - (١) ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں میں کارروائی اس زبان یا ان زبانوں میں ہو گی جو اس ریاست میں عام طور پر رائج ہیں ، یا ہندی یا انگریزی میں ہو گی -

(٢) اسمبلی کے سپیکر یا کونسل کے صدر کو اختیار ہو گا کہ جب مناسب سمجھے اس کا انتظام کرے کہ اسمبلی یا

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

273
121

کونسل میں (جیسی بھی صورت ہو) ایسی تقریر کا خلاصہ ، جو کسی ممبر نے دوسری زبان میں کی ہو ، کسی ایسی زبان میں جو ریاست میں رائج ہے ، یا انگریزی میں فراہم کردیا جائے ، اور یہ خلاصہ اس ایوان کی کارروائی میں شامل کردیا جائے گا جہاں یہ تقریر کی گئی ہو -

قانون ساز جماعت میں بحث پر پابندیاں -

دفعہ ۱۸۵ -(۱) سپریم کورٹ یا کسی ھائی کورٹ کے کسی جج نے اپنے فرائض انجام دینے کے سلسلے میں جو روش اختیار کی ہو اس پر ریاست کی قانون ساز جماعت میں کوئی بحث نہ ہو سکے گی -

(۲) اس دفعہ میں ھائی کورٹ کی طرف جو اشارہ ہے؛ وہ ایسی عدالت کی طرف بھی اشارہ سمجھا جائے گا جو کسی ایسی ریاست میں ہو جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ہے ، اور جو اس دستور کے حصہ ٥ کے باب ۴ کے کسی مقصد کے لحاظ سے ھائی کورٹ کی حیثیت رکھتی ہو -

عدالتوں کو قانون ساز جماعت کی کارروائیوں کے بارے میں تحقیقات کی مناھی -

دفعہ ۱۸٦ - (۱) کسی ریاست کی قانون ساز جماعت کی کسی کارروائی کے قانونی طور پر درست ہونے کے بارے میں اس گمان کی بنا پر اعتراض نہ کیا جا سکے گا کہ وہ بےقاعدہ ہے -

(۲) ریاست کی قانون ساز جماعت کا کوئی عہدہ دار یا ممبر ، جسے اس دستور کے ذریعے یا اس کے ماتحت قانون ساز جماعت کے طریق کار کی ترتیب یا کارروائی کو عمل میں لانے یا اس میں نظام قائم رکھنے کے اختیار دئے گئے ہیں ، وہ جہاں تک ان اختیاروں سے کام لینے کا تعلق ہے ، کسی عدالت میں جواب دہ نہ ہوگا -

باب ۴ - گورنر کے قانون سازی کے اختیار

قانون ساز جماعت کی تعطیل کے زمانے میں گورنر کا آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار -

دفعہ ۱۸۷ - (۱) اگر کسی ایسے زمانے میں جب کہ اسمبلی کا اجلاس نہ ہو رہا ہو ، یا ایسی ریاست میں جہاں کونسل بھی ہو تو اگر دونوں ایوانوں کے اجلاس نہ ہو رہے ہوں ، گورنر کو یقین ہو جائے کہ ایسے حالات پیدا ہو گئے ہیں جنمیں اسے فوری تدبیر کرنا ضروری ہے ، تو وہ ایسے آرڈیننس جاری کر سکتا ہے جو حالات کو دیکھتے ہوئے اسے مناسب معلوم ہوں ؛ لیکن گورنر کو اس

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

کا اختیار نہ ہو گا کہ پریزیڈنٹ کی ہدایتوں کے بغیر کوئی ایسا آرڈیننس جاری کرے جس میں ایسی تجویزیں ہوں جو اس ریاست کی قانون ساز جماعت کے کسی ایکٹ میں ہوتیں تو وہ اس دستور کی دفعوں کے لحاظ سے صرف اس صورت میں جائز قرار دیا جاتا کہ گورنر ایکٹ کو پریزیڈنٹ کے غور کے لئے اٹھا رکھتا اور اس کے بعد پریزیڈنٹ اسے منظور کر لیتا -

(۲) اس دفعہ کے ماتحت جو آرڈیننس جاری کیا جائے اس کا زور اور اثر وہی ہوگا جو ریاست کی قانون ساز جماعت کے کسی ایسے ایکٹ کا ہوتا جس کو گورنر نے منظور کر لیا ہو ، لیکن ایسا ہر آرڈیننس

(الف) ریاست کی اسمبلی میں ، یا جہاں کسی ریاست میں کونسل بھی ہو تو دونوں ایوانوں میں ، پیش کیا جائے گا اور قانون ساز جماعت کے دوبارہ اکٹھا ہونے کے چھہ ہفتے سے وہ بےاثر ہو جائے گا، یا اگر اس مدت کے ختم ہونے سے پہلے اسمبلی نے ریزولیوشن کے ذریعے اسے نا پسند کردیا ہو ، اور اگر ریاست میں کونسل بھی ہو تو اس نے بھی اس سے اتفاق کرلیا ہو ، تو اس کا عمل اس وقت ختم ہو جائے گا جب یہ ریزولیوشن منظور ہو یا کونسل اتفاق کرے (جیسی بھی صورت ہو) ، اور

(ب) گورنر جب چاہے اسے واپس لے سکتا ہے -

تشریح — اگر ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کے ایوانوں کا اجلاس ، جہاں کونسل بھی ہے ، مختلف تاریخوں کے لئے طلب کیا گیا ہو ، تو اس فقرے کے منشا کے لئے چھہ ہفتے کی مدت ان تاریخوں میں سے بعد کی تاریخ سے شمار ہوگی -

(۳) اگر کسی آرڈیننس یا اس کے کسی حصے کے ذریعے جو اس دفعہ کے مطابق بنے، کوئی ایسا قانون بنایا جائے جو گورنر کی منظوری کے بعد ریاست کی قانون ساز جماعت کا ایکٹ بن جانے کی صورت میں بھی جائز نہ ہوتا، تو وہ آرڈیننس یا اس کا اس قدر حصہ باطل ہوگا ؛

لیکن اس دستور کی ان دفعوں کا لحاظ رکھتے ہوئے جنکا تعلق ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں کے ایسے ایکٹوں کے اثر سے ہے جو پارلیمنٹ کے کسی ایکٹ یا کسی ایسے موجودہ قانون کے خلاف ہو جو متوازی فہرست میں لکھے ہوئے کسی معاملے کے بارے میں ہے تو اس آرڈیننس کی حیثیت جو اس دفعہ کے ماتحت پریزیڈنٹ کی ہدایتوں پر جاری ہوا ہے، اس ریاست کی قانون ساز جماعت کے اس ایکٹ کی سی ہوگی جسے پریزیڈنٹ کے غور کے لئے اٹھا رکھا گیا ہو اور اس نے اسے منظور کر لیا ہو۔

باب ۵ - شدید ناگہانی صورتوں کے لئے بندوبست

شدید ناگہانی صورتوں میں گورنر کا اختیار۔

دفعہ ۱۸۸ -- (۱) اگر کسی وقت کسی ریاست کے گورنر کو یہ اطمینان ہو جائے کہ ایسی شدید ناگہانی صورت پیدا ہوگئی ہے جس سے ریاست کے امن و امان کو خطرہ ہے، اور اس دستور کی دفعوں کے مطابق حکومت چلانا ممکن نہیں، تو اس کو اختیار ہو گا کہ اعلان کے ذریعے ظاہر کر دے کہ وہ اپنے فرائض کو اس حد تک، جس کی تفصیل اعلان میں بیان کر دی گئی ہو، اپنے اختیار تمیزی سے انجام دے گا۔ اس طرح کے اعلان میں ایسی دفعیں بھی ہو سکتی ہیں جو ضمنی ہوں یا نتیجے کے طور پر نکلتی ہوں اور جنہیں گورنر اس اعلان کے مقصدوں پر عمل کرنے کے لئے ضروری یا مناسب سمجھتا ہو، اور ان میں ایسی دفعیں بھی شامل ہو سکتی ہیں جن کے ذریعے اس دستور کی کسی ایسی پوری دفعہ یا اس کے کسی حصے کے عمل کو جس کا تعلق ریاست کی کسی جماعت یا کسی عہدہ دار سے ہو روکا جا سکے۔

(۲) گورنر اعلان کی اطلاع فوراً ہی پریزیڈنٹ کو بھیج دے گا اور یہ مجاز ہو گا کہ یا تو اعلان کو رد کردے یا ان اختیاروں کی بنا پر جو اس کو اس دستور کی دفعہ ۲۷۸ کے ماتحت دئے گئے ہیں ایسی کارروائی کرے جسے وہ مناسب سمجھے۔

(۳) اس دفعہ کے ماتحت جو اعلان ہو اس پر دو ہفتے کے بعد عمل بند ہو جائے گا، اگر گورنر یا پریزیڈنٹ نے اُسے پہلے ہی رد نہ کردیا ہو۔

276

1241

(۴) اس دفعہ کے ماتحت گورنر اپنے فرضوں کو اپنے اختیار تمیزی سے انجام دے گا

باب ۶—شیڈیولی اور قبائلی علاقے

تعریفیں - دفعہ ۱۸۹—اس دستور میں

(الف) الفاظ "شیڈیولی علاقے" سے مراد وہ علاقے ہیں جن کا ذکر اُس فہرست کے حصہ ۱ تا ۷ میں ہے دیا گیا ہے جو پانچویں شیڈیول کے پارا ۱۸ میں شامل ہے اور جس کا تعلق ان ریاستوں سے ہے جن کا ذکر ترتیب وار ان حصوں میں کیا گیا ہے ؛

(ب) الفاظ "قبائلی علاقے" سے مراد وہ علاقے ہیں جن کا ذکر اس فہرست کے پہلے اور دوسرے حصوں میں کیا گیا ہے جو چھٹے شیڈیول کے پارا ۱۹ میں شامل ہے -

شیڈیولی اور قبائلی علاقوں کا انتظام - دفعہ ۱۹۰—(۱) پانچویں شیڈیول کی دفعوں کا اطلاق کسی ایسی ریاست کے شیڈیولی علاقوں اور شیڈیولی قبیلوں کے انتظام اور نگرانی پر ہوگا جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں کیا گیا ہے -

(۲) چھٹے شیڈیول کی دفعوں کا اطلاق ریاست آسام کے قبائلی علاقوں کے انتظام پر ہو گا -

باب ۷— ریاستوں کے ہائی کورٹ

"ہائی کورٹ" کے معنی - دفعہ ۱۹۱—(۱) اس دستور کے مقصد کے لئے نیچے لکھی ہوئی عدالتیں ہند کی سر زمین کے لئے ہائی کورٹ سمجھی جائیں گی لیکن اس سر زمین میں وہ ریاستیں شامل نہ سمجھی جائیں گی

جنکا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ٣ میں ہے -

(الف) کلکتہ ، مدراس ، بمبئی ، الہ آباد ، پٹنہ ، ناگپور ، اور مشرقی پنجاب کے ہائی کورٹ ، اور اودھ کا چیف کورٹ ؛

(ب) ان ریاستوں کی کوئی دوسری عدالت جو اس باب کے ماتحت ہائی کورٹ کی حیثیت سے قائم ہوئی ہو یا بطور ہائی کورٹ کے اسے نئی شکل دی گئی ہو ؛

(پ) ان ریاستوں میں سے کسی کی کوئی دوسری عدالت جس کے ہائی کورٹ ہونے کا اعلان ریاست کی قانون ساز جماعت اس دستور کے مقصد کے لئے قانون کے ذریعے کر دے ؛

لیکن اگر یہ قانون ساز جماعت کسی ایسی عدالت یا عدالتوں کی جگہ لینے کے لئے، جن کا ذکر اس فقرے میں ہے، کسی ہائی کورٹ کے قائم کرنے کا بندوبست کرے، تو نئی عدالت کے قائم ہوتے ہی اس دفعہ کا عمل اس طرح ہو گا گویا کہ اس دفعہ میں نئی عدالت کا ذکر اس عدالت یا ان عدالتوں کے بجائے کیا گیا ہے جن کی جگہ پر وہ قائم ہوں ،

(٢) کوئی دوسرا قاعدہ نہ ہونے کی صورت میں اس باب کی دفعوں کا اطلاق ہر اس ہائی کورٹ پر ہوگا جس کا ذکر اس دفعہ کے فقرہ (١) میں ہے -

ہائی کورٹ کی بناوٹ -

دفعہ ١٩٢ - ہر ہائی کورٹ ایک نظیری عدالت ہوگی اور اس کا ایک چیف جسٹس اور اتنے دوسرے جج ہوں گے جتنے پریزیڈنٹ مقرر کرنا ضروری سمجھے ؛

لیکن اس طرح مقرر کئے ہوئے جج ان زائد ججوں سمیت جنہیں پریزیڈنٹ نے اس باب میں لکھے ہوئے قاعدوں کے مطابق مقرر کیا ہو، کبھی اس انتہائی تعداد سے زیادہ نہ ہوں گے جسے پریزیڈنٹ اپنے حکم اس سے عدالت کے لئے مقرر کرے -

(J24) (126) (278)

ہائی کورٹ کے ججوں کے تقرر اور ان کے عہدے کی شرطیں -

دفعہ ۱۹۳ - (۱) ہائی کورٹ کے ہر ایک جج کو پریزیڈنٹ اپنے دستخطی حکم نامہ سے، جس پر اس کی مہر لگی ہو، ہند کے چیف جسٹس اور اس ریاست کے گورنر سے ، اور اگر چیف جسٹس کے علاوہ کسی دوسرے جج کو مقرر کرنا ہو تو اس ریاست کے ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سے بھی ، مشورہ کرنے کے بعد مقرر کرے گا ، اور یہ جج ساٹھ سال کی عمر تک اپنے عہدے پر رہے گا ، یا اتنی عمر تک جو پینسٹھ سال سے زیادہ نہ ہو اور جسے ریاست کی قانون ساز جماعت قانون کے ذریعے طے کرے -

لیکن —

(الف) ہر ایک جج جب وہ چاہے گورنر کے نام اپنی تحریر بھیج کر عہدے سے استعفا دے سکتا ہے ؛

(ب) پریزیڈنٹ کسی جج کو اس کے عہدے سے اس طریقے سے ہٹا سکتا ہے جو سپریم کورٹ کے کسی جج کی برطرفی کے لئے اس دستور کی دفعہ ۱۰۳ کے فقرہ ۴ میں بیان کیا گیا ہے ؛

(پ) پریزیڈنٹ کے حکم سے کوئی جج سپریم کورٹ یا کسی دوسرے ہائی کورٹ کا جج مقرر کردیا جائے تو اس جج کا عہدہ خالی ہو جائے گا ؛

(۲) کوئی شخص کسی ہائی کورٹ کا جج مقرر ہونے کا اہل نہ ہوگا ، سوائے اس حالت کے کہ وہ ہند کا شہری ہو اور

(الف) کم سے کم دس سال تک کسی ایسی ریاست میں، جس میں یا جس کے واسطے ایک ہائی کورٹ ہو ، کسی عدالتی عہدے پر رہ چکا ہو ؛ یا

(ب) کم سے کم دس سال تک کسی ایک ہائی کورٹ کا ، یا مسلسل دو یا دو سے زیادہ ایسی ہی عدالتوں کا ایڈوکیٹ رہا ہو -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

279

127

تشریح ۱ — اس فقرے کے مقصد کے لئے —

(الف) اس مدت کا شمار کرتے وقت جس میں کوئی شخص هائی کورٹ کا ایڈوکیٹ رہا ہے وہ مدت بھی شامل کی جائے گی جب ایڈوکیٹ بننے کے بعد وہ ججی کے عہدے پر تھا -

(ب) اس مدت کا شمار کرتے وقت جس میں کوئی شخص کسی ایسی ریاست میں ججی پر رہا ہو، جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ یا حصہ ۲ میں کیا گیا ہے، یا کسی هائی کورٹ کا ایڈوکیٹ رہا ہو، وہ مدت بھی شامل ہوگی جس میں اس دستور کے جاری ہونے سے پہلے وہ کسی ایسے علاقے میں جج یا هائی کورٹ کا ایڈوکیٹ رہا ہو جو ۱۵ اگست سنہ ۱۹۴۷ ع سے پہلے برطانوی ہند میں (جس کی تعریف قانون حکومت ہند سنہ ۱۹۳۵ع میں کی گئی ہے) شامل تھا -

تشریح ۲ - اس فقرے کے ضمن (الف) اور (ب) میں جو اشارہ هائی کورٹ کی طرف ہے اس سے سمجھا جائے گا کہ یہ اس عدالت کی طرف بھی اشارہ ہے جو ایسی ریاست میں واقع ہو جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ہے، اور جو اس دستور کی دفعہ ۱۰۳ اور ۱۰۶ کی غرض کے لئے هائی کورٹ کی حیثیت رکھتی ہے-

سپریم کورٹ کے متعلق چند قاعدوں کا هائی کورٹوں پر اطلاق-

دفعہ ۱۹۴ - اس دستور کی دفعہ ۱۰۳ کے فقرہ (۴) اور (۵) کا اطلاق کسی هائی کورٹ پر اسی طرح ہوگا جیسا سپریم کورٹ پر ہوتا ہے، لیکن جہاں سپریم کورٹ کا ذکر ہے وہاں اس کی جگہ هائی کورٹ کا ذکر سمجھا جائے گا -

عہدہ سنبھالنے سے پہلے هائی کورٹوں کے ججوں کا عہد -

دفعہ ۱۹۵ - ہر شخص جو کسی ریاست کے هائی کورٹ کا جج مقرر ہو اپنا عہدہ سنبھالنے سے پہلے اس کے گورنر یا کسی ایسے شخص کے سامنے جسے گورنر نے اس غرض سے مقرر کیا ہو اس فارم کے مطابق جو اس مقصد سے تیسرے شیڈیول میں درج ہے، زبانی عہد کرے گا اور عہد کے فارم پر دستخط کرے گا -

عدالت یا کسی حاکم کے سامنے کسی ایسے شخص کے لئے جو ہائی کورٹ کی ججی کے عہدے پر رہ چکا ہو وکالت کرنیگی مناہی۔

دفعہ ۱۹۶ – کوئی شخص جو

(الف) کسی ہائی کورٹ کا جج رہ چکا ہو ، یا

(ب) جو براہ راست باہر سے بھرتی ہوکر کسی ہائی کورٹ کا زائد جج یا عارضی جج رہ چکا ہو ہند کی سرزمین میں کسی عدالت یا کسی حاکم کے سامنے وکالت یا وکیل کے طور پر کام نہ کر سکے گا۔

ججوں کی تنخواہیں ، وغیرہ -

دفعہ ۱۹۷ – ہر ہائی کورٹ کے جج ان تنخواہوں اور الاؤنسوں کے حقدار ہونگے اور رخصت اور پنشن کے بارے میں ان کے وہی حق ہونگے جو اس ریاست کی قانون ساز جماعت جس میں ہائی کورٹ کا صدر مقام ہے ، قانون کے ذریعے یا اس کے تحت مقرر کیا کرے اور جب تک وہ اس طرح مقرر نہ کرے ، ان کی تنخواہوں اور الاؤنسوں اور رخصت اور پنشن کے بارے میں وہ حق ہونگے جس کی تفصیل دوسرے شیڈیول میں دی گئی ہے -

لیکن کسی ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کی تنخواہ چار ہزار روپیے ماہانہ سے کم اور کسی ہائی کورٹ کے جج کی تنخواہ تین ہزار پانسو روپیے سے کم نہ ہوگی -

ایک شرط یہ بھی ہے کہ کسی جج کی تنخواہ اور رخصت اور پنشن کے حق میں اس کے مقرر ہونے کے بعد کوئی ایسی تبدیلی نہ کی جائیگی جس سے اس کا نقصان ہو -

عارضی جج -

دفعہ ۱۹۸ – (۱) جب کسی ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کا عہدہ خالی ہو ، یا جب یہ چیف جسٹس اپنی غیر موجودگی یا کسی اور سبب سے اپنے عہدے کے فرائض انجام نہ دے سکتا ہو ، تو عہدے کے فرائض کورٹ کا کوئی دوسرا جج انجام دے گا جسے پریزیڈنٹ اس غرض سے مقرر کرے -

(۲) (الف) جب کسی ہائی کورٹ کے کسی دوسرے جج کا عہدہ خالی ہو یا جب کوئی ایسا جج عارضی طور پر چیف جسٹس کے فرائص انجام دینے کے لئے

مقرر کیا گیا ہو یا وہ غیر موجودگی یا کسی اور وجہ سے اپنے عہدے کے فرائض انجام نہ دے سکتا ہو، تو پریزیڈنٹ کسی شخص کو جو جج بنائے جانے کی پوری اہلیت رکھتا ہو، اس کورٹ کا جج مقرر کر سکتا ہے -

(ب) جو شخص اس طرح مقرر کیا جائے وہ اس وقت تک اس کورٹ کا جج مانا جائیگا جب تک کہ وہ اس طرح قائم مقامی کرتا رہے -

(پ) پریزیڈنٹ کو اس فقرے کا کوئی حصہ کسی ایسے تقرر کو، جو اس فقرے کے ماتحت کیا گیا ہو، منسوخ کرنے سے نہ روک سکے گا -

ایڈیشنل جج-

دفعہ ۱۹۹ - اگر کسی ہائی کورٹ کے کام میں عارضی اضافے کی وجہ سے یا کسی ایسے ہائی کورٹ میں کام کے بقایا کی وجہ سے پریزیڈنٹ کو ضروری معلوم ہو کہ کورٹ کے ججوں کی تعداد وقتی طور پر بڑھا دینا چاہئے، تو پریزیڈنٹ ججوں کی انتہائی تعداد کے متعلق اس باب میں جو شرطیں بیان کی جا چکی ہیں ان کے ماتحت ایسے شخصوں کو جو جج بنائے جانے کے پورے طور پر اہل ہوں اتنی مدت کے لئے جو وہ طے کرے اور جو دو سال سے زیادہ نہ ہو زائد جج مقرر کرے گا -

پنشن یاب (ریٹائرڈ) ججوں کی ہائی کورٹ کے اجلاس میں شرکت -

دفعہ ۲۰۰ - اس باب میں جو کچھ ہے اس کے باوجود ہر ہائی کورٹ کے چیف جسٹس کو اختیار ہوگا کہ اس دفعہ کی شرطوں کا لحاظ رکھتے ہوئے کسی ایسے شخص سے جو اس عدالت کا جج رہ چکا ہو کسی وقت درخواست کرے کہ وہ جج کی حیثیت سے اجلاس میں شریک ہو اور کام کرے، اور ہر اس شخص کو جس سے ایسی درخواست کی جائے اس طرح کام کرنے اور اجلاس میں شرکت کرنے کی حالت میں وہی اختیار سماعت، دوسرے اختیار اور خاص حق حاصل ہونگے جو اس عدالت کے جج کو ہوتے ہیں، لیکن وہ کسی اور اعتبار سے اس عدالت کا جج نہ سمجھا جائے گا -

282
130

لیکن اس دفعہ کے کسی حصے کے معنی یہ نہ سمجھے جائیں گے کہ کسی ایسے شخص کو جس کا ذکر اوپر ہو چکا ھے جج کی حیثیت سے اجلاس میں شریک ہونے اور کام کرنے پر مجبور کیا جائیگا جب تک وہ راضی نہ ہو -

موجودہ ھائی کورٹوں کا دائرہ اختیار -

دفعہ ۲۰۱ - اس دستور کی ، اور کسی ایسے دوسرے قانون کی دفعوں کا لحاظ رکھتے ہوئے جو کسی ریاست کی قانون ساز جماعت نے ان اختیاروں کی بنا پر بنایا ہو جو اسے اس دستور نے دئیے ہوں ، کسی موجودہ ھائی کورٹ کے سب اختیار وھی ہونگے جو اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے تھے- ان اختیاروں میں دائرہ اختیار اور عدالت میں قانون کے اجرا اور اس کے ججوں کے الگ الگ اختیار ، جن کا تعلق اس عدالت کی انصاف پروری سے ھے ، اور جن میں قاعدے بنانے اور عدالت اور اس کے ججوں کے اجلاس کی تنظیم کے اختیار ، خواہ وہ الگ الگ یا ڈویژن کورٹ کی شکل میں اجلاس کرے ، شامل ھیں :

لیکن اگر اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے کوئی پابندی کسی ھائی کورٹ کے ابتدائی اختیار سماعت پر ایسے معاملے کے بارے میں تھی جس کا تعلق مالیہ سے یا کسی ایسی کارروائی سے تھا جس کا حکم مالیہ وصول کرنیکے سلسلے میں دیا گیا ہو ، یا جو اس سلسلے میں کی گئی ہو ، تو آئندہ اس پابندی کا اطلاق ھائی کورٹ کے اختیار سماعت پر نہ ہوگا -

ھائی کورٹوں کو بعض پروانے جاری کرنے کا اختیار -

دفعہ ۲۰۲ — (۱) اس دستور کی دفعہ ۲۵ میں جو کچھ لکھا ھے ، اُس کے باوجود ہر ھائی کورٹ کو اختیار ہوگا کہ اُن سارے علاقوں میں جو اس کے دائرہ اختیار میں ھیں ان تمام حقوں کو منوانے کے لئے جو اس دستور کے حصہ ۳ کے ذریعے عطا ہوئے ھیں یا کسی اور مقصد سے اس قسم کی ھدایتیں یا حکم جاری کرے جیسے کہ پروانہ حاضری ملزم (ھیبئس کارپس) ، پروانہ امر (منڈامس) ، پروانہ نہی (پروھی بشن) ، پروانہ اظہار حق (کئو وارنٹو) اور پروانہ مسل طلبی (سرشیاوراری) -

283

131

(٢) اس دفعہ کے فقرہ (١) کے ذریعے جو اختیار کسی ہائی کورٹ کو دئے گئے ہیں ان کی وجہ سے کسی ایسے اختیار میں کمی نہ ہوگی جو اس دستور کی دفعہ ٢٥ کے فقرہ (٢) کے ذریعے سپریم کورٹ کو ملے ہیں۔

ہائی کورٹوں کے انتظامی فرائض۔

دفعہ ٢٠٣ - (١) ہر ہائی کورٹ کو ان سارے علاقوں کی جو اس کے دائرۂ اختیار میں ہیں تمام عدالتوں پر نگرانی کا اختیار ہوگا۔

(٢) ہائی کورٹ کو مجاز ہوگا کہ —

(الف) ماتحت عدالتوں سے کیفیتیں طلب کرے ؛

(ب) کسی مقدمے یا اپیل کو ایک عدالت سے ایسی دوسری عدالت کو منتقل کرنے کی ہدایت دے جس کا اختیار سماعت اس کے برابر یا اس سے بلند ہو، یا کسی مقدمے یا اپیل کو ماتحت عدالت سے اپنے یہاں طلب کرلے ؛

(پ) عام قاعدے بنائے اور جاری کرے اور ماتحت عدالتوں کے معمول اور کارروائیوں کی تنظیم کے لئے فارم مقرر کرے ؛

(ت) وہ فارم مقرر کرے جن کے مطابق ماتحت عدالتوں کے عہدہ دار بہی کھاتے رجسٹر اور حساب رکھیں ۔

(٣) ہائی کورٹ کو اس کا بھی مجاز ہوگا کہ ان فیسوں کی شرحیں مقرر کرے جن کو ماتحت عدالتوں کے ناظر اور تمام اہل کاروں اور حاکموں اور اس میں وکالت کرنے والے اٹارنیوں، ایڈوکیٹوں اور وکیلوں کو لینے کی اجازت ہو ؛

لیکن اس دفعہ کے فقرہ (٢) یا فقرہ (٣) کے ماتحت مقرر کئے ہوئے قاعدوں اور بنائے ہوئے فارموں یا شرحوں کو کسی رائج قانون کی دفعوں کے خلاف نہ پڑنا چاہئے اور یہ بھی ضروری ہوگا کہ ان کے لئے گورنر کی منظوری پہلے سے لے لی جائے۔

بعض مقدموں کی ھائی کورٹ میں سماعت کے لئے منتقلی -

دفعہ ۲۰۴ - اگر ھائی کورٹ کو اطمینان ہو جائے کہ کسی مقدمے میں جو اس کی کسی ماتحت عدالت میں زیر تجویز ھے ایک ایسا اھم قانونی مسئلہ موجود ھے جس کا تعلق اس دستور کا مطلب سمجھنے سے ھے تو وہ مقدمے کو اپنے یہاں منتقل کرلے گا اور اس کا خود فیصلہ کرے گا -

تشریح — اس دفعہ میں "ھائی کورٹ" میں وہ عدالت بھی شامل سمجھی جائے گی جو اس طرح کے زیر تجویز مقدمے کے لئے ایسی کسی ریاست کی آخری اختیار سماعت رکھنے والی عدالت ہو جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ھے -

ھائی کورٹوں کے افسروں اور ملازموں کی تنخواھیں ، الاونس اور پنشنیں اور ان کے خرچ -

دفعہ ۲۰۵— (۱) ھائی کورٹ کا چیف جسٹس ، اس ریاست کے گورنر کے مشورے سے جہاں اس ھائی کورٹ کا صدر مقام ھے ، ھائی کورٹ کے افسروں اور ملازموں کی تنخواھیں ، الاونس اور پنشنیں جو ان کو یا ان کے بارے میں ادا کرنا ھوں مقرر کرے گا -

(۲) ھائی کورٹ کے انتظامی خرچ ، جس میں وہ سب تنخواھیں ، الاونس اور پنشنیں شامل ھیں جو عدالت کے افسروں اور ملازموں یا ان کے بارے میں دی جائیں اور عدالت کے ججوں کی تنخواھیں اور الاونس ، سب اس ریاست کی آمدنی سے واجب الادا ھوں گے ، اور کوئی فیس یا دوسری رقمیں جو عدالت وصول کرے وہ ریاست کی آمدنی کا حصہ سمجھی جائیں گی -

ھائی کورٹ قائم کرنے یا اسے نئی شکل دینے کا اختیار -

دفعہ ۲۰۶-(۱) کسی ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کو ، جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ھے ، اختیار ھوگا کہ اس ریاست یا اُسی کے کسی حصے کے لئے ایک ھائی کورٹ قائم کرے یا اسی طرح ریاست یا اس کے کسی حصہ کے لئے کسی موجودہ ھائی کورٹ کو نئی شکل دے دے ، اور اگر اس ریاست میں دو ھائی کورٹ ھوں تو انہیں ملاکر ایک کر دے -

(۲) جہاں کسی کورٹ کو نئی شکل دی گئی ہو یا دو کورٹوں کو ملاکر ایک کر دیا گیا ہو تو ریاست کی قانون ساز جماعت جو قانون بنائے گی اس میں نیچے لکھی ہوئی باتوں کا انتظام کرے گی —

(الف) کورٹ یا کورٹوں کے موجودہ ججوں اور ایسے افسروں اور ملازموں کو جو ضروری سمجھے جائیں ان کے عہدوں پر بدستور بحال رکھا جائے ، اور

(ب) نئے کورٹ یا ایسے کورٹ کے سامنے جسے نئی شکل دی گئی ہو تمام زیر تجویز معاملے جاری رہیں -

اور اس میں ایسی تجویزیں بھی ہو سکتی ہیں جو کورٹ کو نئی شکل دینے یا دو کورٹوں کو ملا کر ایک کرنے کی وجہ سے ضروری ہو گئی ہوں -

ہائی کورٹوں کے دائرۂ اختیار میں اضافہ یا کمی -

دفعہ ۲۰۷ - پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ قانون کے ذریعے کسی ریاست کو یا کسی علاقے کو ، جو اس ریاست میں شامل نہیں ہے جس میں ہائی کورٹ کا صدر مقام ہے ،

(الف) شامل کرکے کسی ہائی کورٹ کے دائرہ اختیار میں اضافہ کر دے ، یا

(ب) اس کو نکال کر کسی ہائی کورٹ کے دائرۂ اختیار میں کمی کر دے -

لیکن ایسے کسی مقصد سے کوئی بل پارلیمنٹ کے کسی ایوان میں پیش نہ کیا جائے گا جب تک —

(۱) اس ریاست کی رضامندی حاصل نہ کر لی گئی ہو جس کو ، یا جس کے کسی علاقے کو ، دائرہ اختیار میں شامل کرنا ہو ، اگر یہ ان ریاستوں میں سے ہے جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ یا حصہ ۳ کے ڈویژن الف میں ہے -

(۲) اس ریاست کی رضامندی حاصل نہ کر لی گئی ہو جس کے اندر ہائی کورٹ کا صدر مقام ہے ، اگر کورٹ کے دائرہ اختیار کو بڑھانا مقصود ہو -

286
132

ریاستی قانون ساز جماعت کے ایسے ہائی کورٹ کے بارے میں قانون بنانے کے اختیار پر پابندیاں جس کا دائرہ اختیار ریاست سے باہر بھی ہے -

دفعہ ۲۰۸ - اگر کوئی ہائی کورٹ اس ریاست سے باہر کسی علاقے کے متعلق جہاں اس کا صدر مقام ہے اپنا اختیار سماعت استعمال کرتا ہے ، تو اس دستور کے کسی حصے سے یہ نہ سمجھا جائے گا کہ

(الف) اس ریاست کی قانون ساز جماعت کو جہاں کورٹ کا صدر مقام ہے یہ اختیار ہے کہ وہ کورٹ کے اختیار کو بڑھا دے یا گھٹا دے یا ختم کر دے ؛

(ب) ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کو جس میں یہ علاقہ واقع ہے اور جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ یا ۳ میں ہے یہ اختیار ہے کہ وہ اس اختیار کو منسوخ کر دے -

(پ) اس دفعہ کے فقرہ (ب) کا لحاظ رکھتے ہوئے اس قانون ساز جماعت کو ، جو کسی ایسے رقبے میں دائرۂ اختیار کے بارے میں قانون بنا سکتی ہے ، اس اختیار کے متعلق ایسے قانون پاس کرنے سے روکا گیا ہے جنھیں وہ پاس کرنے کی اس حالت میں مجاز ہوتی جب کورٹ کا صدر مقام اس رقبے میں ہوتا -

مطلب -

دفعہ ۲۰۹ - جہاں کوئی ہائی کورٹ ایک سے زیادہ ریاستوں کے متعلق یا کسی ایک ریاست اور کسی ایسے علاقے کے متعلق جو اس ریاست کا حصہ نہیں ہے اپنا اختیار سماعت استعمال کرتا ہو ، تو

(الف) اس باب میں ہائی کورٹ کے ججوں کے سلسلے میں گورنر کی طرف جو اشارہ ہے اس سے مراد اس ریاست کے گورنر سے ہوگی جس میں کورٹ کا صدر مقام ہے ؛

(ب) ماتحت عدالتوں کے قاعدوں ، فارموں ، اور نقشوں کے متعلق گورنر کی منظوری کی طرف جو اشارہ ہے اس سے مراد اس ریاست کے گورنر یا حکمران کی منظوری سے ہوگی جس میں یہ ماتحت عدالت واقع ہے ، یا اگر وہ کسی ایسے علاقے میں واقع ہے جو کسی ایسی ریاست کا حصہ نہیں ہے جس کا ذکر اس وقت پہلے

شیڈیول کے حصے ۱ یا حصہ ۳ میں ہے ، تو اس سے مراد پریزیڈنٹ سے ہو گی ، اور

(پ) ریاست کے مالیہ کی طرف اشارہ سے مراد اس ریاست کی مالیہ سے ہو گی جس میں کورٹ کا صدر مقام ہے -

ریاستوں کے لئے آڈیٹر انچیف -

دفعہ ٢١٠ - (١) اس ریاست کی قانون ساز جماعت جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں کیا گیا ہے ، ریاست کے ایک آڈیٹر انچیف کو مقرر کرنے کا انتظام قانون کے ذریعے کر سکے گی ، اور جب یہ انتظام ہوچکے تو گورنر اپنے اختیار تمیزی سے اس ریاست کے لئے آڈیٹر انچیف مقرر کر سکتا ہے ، اور آڈیٹر انچیف ، جس کا تقرر اس طرح کیا جائے ، اپنے عہدے سے صرف اس طریقے پر اور ان ہی وجھوں سے علیحدہ کیا جا سکے گا جس طرح ریاست کے ہائی کورٹ کا جج علیحدہ کیا جا سکتا ہے -

(۲) اس دفعہ کے فقرہ (۱) کے ماتحت کسی ریاست کی قانون ساز جماعت کوئی قانون پاس کرے تو اس میں یہ شرط ضروری ہو گی کہ آڈیٹر انچیف اس وقت تک مقرر نہیں کیا جائے گا جب تک قانون کی منظوری کی اشاعت کے بعد تین سال نہ گزر چکے ہوں -

(۳) ایسا ہر قانون تجویز کرے گا کہ آڈیٹرانچیف کی ملازمت کی شرطیں کیا ہوں گی ، اور ریاستی حسابوں کے بارے میں وہ کیا کیا فرائض انجام دے گا اور اس کے کیا کیا اختیار ہوں گے ، اور یہ طے کرے گا کہ آڈیٹر انچیف کو یا اس کے متعلق جو تنخواہ الاونس اور پنشن دی جائے گی وہ ریاست کی آمدنی سے واجب‌الادا ہو گی -

(۴) کسی ریاست کا آڈیٹر انچیف ہند کا آڈیٹر جنرل یا کسی ایسی دوسری ریاست کا آڈیٹر انچیف ہونے کا اہل ہوگا جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں کیا گیا ہے ، لیکن اپنے عہدے سے علیحدگی کے بعد وہ ہند کی حکومت یا کسی ریاست کی حکومت کے ماتحت کسی دوسرے عہدے کا اہل نہ ہوگا -

(۵) کسی ریاست کے آڈیٹر انچیف کے عملے کی تنخواہیں ، الاونس اور پنشنیں جو ان کو یا ان کے متعلق دی جائیں گی ،

آڈیٹر انچیف گورنر کے مشورے سے مقرر کرے گا اور یہ ریاست کی آمدنی سے واجب الادا ہوں گی۔

(٦) اس دفعہ کے کسی حصے سے یہ نہ سمجھا جائے گا کہ ھند کے آڈیٹر جنرل کو، ان ریاستوں کے حساب کتاب کے متعلق جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ہے، ان ھدایتوں کے دینے کے اختیار میں کوئی کمی ہوگی جو اس دستور کی دفعہ ١٢٦ میں درج ھیں -

آڈٹ رپورٹیں -

دفعہ ٢١١ - کسی ریاست کے حساب کتاب کے بارے میں ھند کے آڈیٹر جنرل یا ریاست کے آڈیٹر انچیف کی رپورٹیں (جیسی بھی صورت ہو) ریاست کے گورنر کی خدمت میں پیش کی جائیں گی، جو ان کو ریاست کی قانون ساز مجلس کے سامنے پیش کروائے گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

289

132

حصه ۷— وہ ریاستیں جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصه ۲ میں ھے

ان ریاستوں کا انتظام جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصه ۲ میں ھے -

دفعه ۲۱۲ - (۱) اس حصه کی دوسری دفعوں کا لحاظ رکھتے ہوئے کسی ایسی ریاست کا انتظام جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصه ۲ میں ھے پریزیڈنت ، جہاں تک وہ مناسب سمجھے ، ایسے چیف کمشنر یا لفٹنٹ گورنر کے ذریعے جس کو وہ خود مقرر کرے یا کسی پڑوسی ریاست کے گورنر یا حکمران کے ذریعے کرے گا -

لیکن پریزیڈنت کسی پڑوسی ریاست کے گورنر یا حکمران کے ذریعے یه انتظام نه کرے گا جب تک

(الف) وہ اس گورنر یا حکمران سے مشورہ نه کر لے ؛ اور

(ب) وہ ایسے طریقے سے جسے وہ سب سے زیادہ مناسب سمجھتا ھو اس ریاست کے باشندوں کی مرضی معلوم نه کرے جس کا انتظام کرنا ھے -

(۲) اگر کسی ایسی ریاست کے حکمران نے جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصه ۳ میں ھے ریاست کی حکومت چلانے کے لئے اور اس کے متعلق اپنے سارے اختیاروں ، عملداری اور حقوق کو پورے طور پر ھند سرکار کے حوالے کر دئے ھوں تو اس ریاست کا انتظام ھر لحاظ سے اس طرح کیا جائے گا گویا اسوقت اسکا ذکر پہلے شیڈیول کے حصه ۲ میں کیا گیا ھے اور اسکے مطابق اس دستور کی ان تمام دفعوں کا اطلاق اس ریاست پر اس طرح ھو گا جیسے اُن ریاستوں پر جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصه ۲ میں ھے -

مقامی قانون ساز جماعت یا مشیروں کی کونسل بنانا یا ان کو قائم رکھنا -

دفعه ۲۱۳ - پریزیڈنت کو اختیار ھوگا که اپنے حکم سے کسی ایسی ریاست کے لئے جس کا ذکر اسوقت پہلے شیڈیول کے حصه ۲ میں ھے اور جسکی حکومت کا انتظام چیف کمشنر یا لیفٹیننٹ گورنر کے ذریعے ھوتا ھے ،

(الف) مقامی قانون ساز جماعت یا

(ب) مشیروں کی کونسل

یا دونوں بنادے ، اور ان کا دستور ، ان کے اختیار اور فرائض وہ ہوں گے جن کا حکم میں خاص طور پر ذکر کر دیا گیا ہو -

کورگ - دفعہ ۲۱۴ - جب تک پریزیڈنٹ اسکے لئے کوئی دوسری صورت تجویز نہ کرے ، اسوقت تک کورگ کی قانون ساز کونسل کے دستور ، اسکے اختیاروں اور فرائض اور ان انتظاموں میں جن کا تعلق کورگ میں وصول کی ہوئی آمدنی اور وہاں کے خرچ سے ہے ، کوئی تبدیلی نہیں ہو گی-

291

139

حصہ ۸ — وہ علاقے جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۴ میں ہے اور دوسرے علاقے جن کا ذکر اس شیڈیول میں نہیں ہے۔

ان علاقوں کا انتظام جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۴ میں ہے اور دوسرے علاقوں کا انتظام جن کا ذکر اس شیڈیول میں نہیں ہے -

دفعہ ۲۱۵ - (۱) ہر اس علاقے کا انتظام جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۴ میں ہے اور دوسرے کسی علاقے کا انتظام جو ہند کی حدوں کے اندر ہے مگر جس کا ذکر اس شیڈیول میں نہیں کیا گیا پریزیڈنٹ ، جس حد تک وہ مناسب سمجھے ، ایک چیف کمشنر یا کسی بالختیار حاکم کے ذریعے کرے گا جس کو وہ مقرر کرے -

(۲) پریزیڈنٹ کو اختیار ہوگا کہ وہ کسی ایسے علاقے کے امن اور اچھی حکومت کے لئے قاعدے بنائے اور کسی ایسے قاعدے کے ذریعے پارلیمنٹ کا بنایا ہوا کوئی قانون یا کوئی ایسا موجودہ قانون جو اس وقت ایسے علاقے میں رائج ہے ، رد کیا جا سکتا ہے یا اس میں ترمیم کی جا سکتی ہے ، اور جب پریزیڈنٹ ان قاعدوں کو جاری کرے تو ان کا وہی زور اور اثر ہوگا جو پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے کسی ایسے ایکٹ کا ہوتا جو اس علاقے میں جاری ہوتا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

حصہ ۹—یونین اور ریاستوں کا سمبندھ

باب ۱—قانون سازی کے رشتے

قانون سازی کے اختیاروں کی تقسیم

پارلیمنٹ اور ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں کے بنائے ہوئے قانونوں کا پھیلاؤ۔

دفعہ ۲۱۶ — (۱) اس دستور کی دفعوں کا لحاظ رکھتے ہوئے پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ ہند کی پوری سرزمین یا اس کے کسی حصے کے لئے قانون بنائے، اور ریاست کی قانون ساز جماعت کو اختیار ہوگا کہ ساری ریاست یا اس کے کسی حصے کے لئے قانون بنائے ۔

(۲) پارلیمنٹ کا بنایا ہوا کوئی قانون اس وجہ سے ناجائز نہیں سمجھا جائے گا کہ اسکا عمل ملک کے باہر ہوگا ۔

وہ معاملے جن کے بارے میں پارلیمنٹ اور ریاستوں کی قانون ساز جماعتیں قانون بنا سکتی ہیں۔

دفعہ ۲۱۷ — (۱) نیچے لکھے ہوئے دونوں فقروں میں جو کچھ درج ہے اسکے باوجود ان باتوں میں سے کسی کے بارے میں جن کی تفصیل ساتویں شیڈیول کی فہرست ۱ میں ہے (جس کو اس دستور میں "یونین فہرست" کہا گیا ہے) قانون بنانے کا اختیار صرف پارلیمنٹ کو ہوگا ۔

(۲) نیچے لکھے ہوئے فقرے میں جو کچھ درج ہے اس کے باوجود پارلیمنٹ کو اور اوپر لکھے ہوئے فقرے میں جو کچھ درج ہے اس کے ماتحت کسی ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کو بھی جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے ان باتوں میں سے کسی کے بارے میں جس کی تفصیل ساتویں شیڈیول کی فہرست ۳ میں ہے (جسے اس دستور میں "متوازی فہرست" کہا گیا ہے) قانون بنانے کا اختیار ہوگا ۔

(۳) اس سے پہلے کے دو فقروں کے ماتحت ان باتوں میں سے کسی کے بارے میں جن کی تفصیل ساتویں شیڈیول کی فہرست ۲ میں دی گئی ہے (جسے اس دستور میں "ریاستی فہرست" کہا گیا ہے) قانون بنانے کا اختیار صرف ان ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں کو ہوگا جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں کیا گیا ہے ۔

293

(۴) پارلیمنٹ کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی معاملے کے لئے ہند کے کسی علاقے کے متعلق جو اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ یا حصہ ۳ میں شامل نہیں ہے قانون بنائے ، چاہے یہ ایسا معاملہ ہی کیوں نہ ہو جو ریاستی فہرست میں درج ہے۔

سپریم کورٹ کے بارے میں قانون بنانا۔

دفعہ ۲۱۸ — سپریم کورٹ کے دستور ، اس کی تنظیم ، اس کے دائرہ اختیار اور دوسرے اختیاروں کے بارے میں قانون بنانے کا حق صرف پارلیمنٹ کو ہے —

پارلیمنٹ کو بعض زائد عدالتوں کو قانون کے ذریعے قائم کرنے کا اختیار۔

دفعہ ۲۱۹ — اس باب میں جو کچھ لکھا ہے اس کے باوجود پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ قانون کے ذریعے زائد عدالتیں قائم کرے ، جن کا مقصد یہ ہو کہ پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قانون یا دوسرے موجودہ قانون کی ، جو یونین فہرست میں گنائی ہوئی کسی بات کے بارے میں ہو ، بہتر تعمیل کرائی جا سکے —

ہائی کورٹوں کو قائم کرنے اور ان کی تنظیم کے بارے میں قانون سازی۔

دفعہ ۲۲۰ — (۱) کسی ایسے ہائی کورٹ کے قائم کرنے اور اس کی تنظیم کے بارے میں ، جس کا صدر مقام ریاست کے اندر ہو ، قانون بنانے کا اختیار صرف ان ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں کو ہوگا جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے —۔

(۲) پارلیمنٹ کو اختیار ہے کسی ایسے ہائی کورٹ کے قائم کرنے اور تنظیم کے بارے میں قانون بنائے جس کا صدر مقام ایسی ریاست میں ہو جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۲ میں کیا گیا ہے ۔

ہائی کورٹوں کے دائرہ اختیار اور دوسرے اختیاروں کے بارے میں قانون بنانا۔

دفعہ ۲۲۱ — (۱) ان باتوں میں سے کسی کے بارے میں جن کو یونین کی فہرست میں گنایا گیا ہے قانون بنانے کا اختیار صرف پارلیمنٹ کو ہوگا ۔

(۲) صرف ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کو جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے یہ اختیار ہوگا کہ اس ریاست یا اس کے کس رقبے کے بارے میں جو کسی ہائی کورٹ کے دائرہ اختیار میں ہے ، اس ہائی کورٹ کے اختیار سماعت اور دوسرے

142
294

اختیاروں کے بارے میں قانون بنائے جن کا تعلق اس ریاست یا اس کے کسی رقبے کی ان باتوں میں سے کسی سے ہے جو ریاستی فہرست میں درج ہیں -

(۳) پارلیمنٹ اور کسی ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کو بھی جسکا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے یہ اختیار ہے کہ اس ریاست یا اسکے کسی رقبے کے بارے میں جو کسی ہائی کورٹ کے دائرہ اختیار میں ہے اس ہائی کورٹ کے اختیار سماعت اور دوسرے اختیاروں کے بارے میں قانون بنائے جن کا تعلق اس ریاست یا اسکے کسی رقبے کی ان باتون میں سے کسی سے ہے جو متوازی فہرست میں درج ہیں -

(۴) پارلیمنٹ کو اختیار ہے کہ کسی ایسے ہائی کورٹ کی حدود سماعت اور دوسرے اختیاروں کے بارے میں جنکا تعلق کسی ایسی ریاست یا اس کے کسی رقبے سے ہو جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۲ میں ہے ان باتوں میں سے کسی کے بارے میں قانون بنائے جو ریاستی فہرست میں گنائی گئی ہے -

دیوانی اور فوجداری کے معاملوں میں ہائی کورٹ جن ضابطوں پر عمل کریں گے ان کے متعلق قانون بنانا -

دفعہ ۲۲۲ - پارلیمنٹ کو اور کسی ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کو جس کا ذکر اسوقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے اور جس میں کسی ہائی کورٹ کا صدر مقام ہے اختیار ہوگا کہ دیوانی اور فوجداری کے معاملوں میں ان ضابطوں کے بارے میں قانون بنائے جس پر یہ ہائی کورٹ عمل کریں گے -

قانون بنانے کے متعلق باقی اختیار -

دفعہ ۲۲۳ - (۱) صرف پارلیمنٹ کو یہ اختیار ہے کہ کسی ایسے معاملے کے متعلق کوئی قانون بنائے جسکو متوازی فہرست یا ریاستی فہرست میں نہیں گنایا گیا ہے -

(۲) اس اختیار میں ایسا قانون بنانے کا اختیار بھی شامل ہوگا جسکے ذریعے ایسا ٹیکس لگایا جائے جس کا ذکر ان دونوں فہرستوں میں نہیں ہے -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

295

بعض معاملوں میں ان ریاستوں کے لئے جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے پارلیمنٹ کے قانون بنانے کے اختیار پر پابندی -

دفعہ ۲۲۴ - اس دستور کی دفعہ ۲۱۷ کے فقرہ (۱) میں جو کچھ درج ہے اس کے باوجود -

(الف) پارلیمنٹ کو اختیار نہ ہوگا کہ وہ پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں درج کی ہوئی کسی ریاست یا ریاستوں کے مجموعے کے محکمہ ڈاک اور تار کے کسی اس حق کے متعلق قانون بنائے جو اس دستور کے جاری ہونے کی تاریخ پر مانا جاتا تھا جب تک کہ اس حق کو ہند سرکار اور اس ریاست یا ریاستوں کے مجموعے کے درمیان معاہدے کے ذریعے ختم نہ کر دیا جائے یا جب تک کہ ہند سرکار اسکو خود حاصل نہ کر لے -

لیکن پارلیمنٹ کو اس فقرے کی کوئی بات کسی ایسی ریاست یا ریاستوں کے مجموعے کے ڈاک اور تار کے محکمے کی باقاعدگی اور نگرانی کے لئے قانون بنانے سے نہ روکے گی ؛

(ب) کسی ایسی ریاست کے جس کا ذکر اسوقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے ٹیلیفون، وائرلیس، ریڈیو اور اسی طرح کے دوسرے خبر رسانی کے طریقوں کے متعلق پارلیمنٹ کے اختیار قانون سازی کا پہلو صرف باقاعدگی اور نگرانی کے بارے میں قانون بنانے کی حد تک ہوگا -

(پ) کارپوریشنوں کے متعلق پارلیمنٹ کے قانون بنانے کے اختیار میں یہ اختیار شامل نہ ہوگا کہ وہ ان کارپوریشنوں کو ایک دوسرے میں ملا دے یا انہیں باقاعدہ کرنے یا توڑ دینے کے بارے میں قانون بنائے جو کسی ایسی ریاست کی ملکیت یا نگرانی میں ہیں جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے اور جو صرف ریاست کے اندر ہی اپنا کاربار چلا رہے ہیں -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

ان ریاستوں کے بارے میں قانون بنانے کا اختیار جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے -

دفعہ ۲۲۵ - اس باب میں جو کچھ ہے اس کے باوجود کسی ایسی ریاست یا ریاستوں کے مجموعے کے بارے میں جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے پارلیمنٹ کو قانون بنانے کا اختیار کسی ایسے معاہدے کی شرطوں اور اس میں درج کی ہوئی پابندیوں کے ماتحت ہوگا جو اس ریاست یا ریاستوں کے مجموعے اور ھند سرکار کے درمیان ہوا ہو -

قومی ضرورت کے لئے ریاستی فہرست کے کسی معاملے کے متعلق پارلیمنٹ کو قانون بنانے کا اختیار -

دفعہ ۲۲۶ - اس باب کی پچھلی دفعوں میں جو کچھ ہے اس کے باوجود اگر ریاستوں کی کونسل کے کم سے کم دو تہائی موجود ممبروں کی رائے سے کسی ریزولیوشن کے ذریعے یہ اعلان کیا ہو کہ قومی مفاد کی خاطر یہ ضروری یا مناسب ہے کہ پارلیمنٹ، کسی ایسے معاملے کے لئے جس کو ریاستی فہرست میں گنایا گیا ہے اور جس کا ذکر ریزولیوشن میں کر دیا گیا ہے، قانون بنائے تو پارلیمنٹ کو حق ہوگا کہ وہ ھند کی پوری سر زمین یا اس کے کسی حصے کے بارے میں، جس کا تعلق اس معاملے سے ہو، قانون بنائے -

اگر ناگہانی حالت کا اعلان ہو گیا ہو تو پارلیمنٹ کو ریاستی فہرست کے کسی معاملے کے متعلق قانون بنانے کا اختیار-

دفعہ ۲۲۷ - (۱) اس باب میں جو کچھ لکھا ہے اس کے باوجود جب کبھی ناگہانی حالت کے اعلان پر عمل کیا جا رہا ہو تو پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ وہ ھند کی پوری سر زمین یا اسکے کسی حصے کے لئے ان معاملوں میں سے کسی کے بارے میں قانون بنائے جن کو ریاستی فہرست میں گنایا گیا ہے -

(۲) پارلیمنٹ کا بنایا ہوا کوئی قانون جسکو اگر ناگہانی حالت کا اعلان جاری نہ ہو گیا ہوتا تو پارلیمنٹ بنانے کی مجاز نہ ہوتی، اعلان کے عمل کے ختم ہو جانے پر چھ مہینے گذرنے کے بعد جائز نہ ہونے کی حد تک بے اثر ہو جائے گا، سوائے ان باتوں کے جو اوپر لکھی ہوئی مدت کے ختم ہونے سے پہلے کی جا چکی ہوں یا جن پر عمل درآمد ہونے سے رہ گیا ہو -

دفعہ ۲۲۶ اور ۲۲۷ کے ماتحت پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قانونوں اور ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں کے بنائے ہوئے قانونوں میں اختلاف -

دفعہ ۲۲۸ - اس دستور کی دفعہ ۲۲۶ اور ۲۲۷ میں جو کچھ درج ہے وہ کسی ریاست کی قانون ساز جماعت کے قانون بنانے کے اختیار کو، جو اس دستور کی رو سے اسے حاصل ہے، کم نہ کریگا ، لیکن اگر کسی ریاست کی قانون ساز جماعت کا بنایا ہوا قانون ایسے قانون کی کسی دفعہ کے خلاف پڑتا ہے جسے بنانے کا حق پارلیمنٹ کو ان دونوں دفعوں میں سے کسی کے مطابق حاصل ہے تو پارلیمنٹ ہی کا بنایا ہوا قانون مانا جائیگا، چاہے وہ ریاست کی قانون ساز جماعت کے بنائے ہوئے قانون سے پہلے منظور ہوا ہو یا بعد میں ، اور ریاست کی قانون ساز جماعت کے بنائے ہوئے قانون پر اس حد تک عمل نہ ہوگا جہاں تک کہ وہ پارلیمنٹ کے قانون کے خلاف پڑتا ہو اور جب تک کہ پارلیمنٹ کا قانون نافذ رہے -

پارلیمنٹ کو ایک یا اس سے زیادہ ریاستوں کے لئے ان کی رضامندی سے قانون بنانے کا حق، اور دوسری ریاستوں کا ایسے قانون کو اپنانا -

دفعہ ۲۲۹ - (۱) اگر کسی ایک یا ایک سے زیادہ ریاستوں کی قانون ساز جماعت مناسب سمجھے کہ ان معاملوں میں سے کسی میں جس میں پارلیمنٹ کو ریاست یا ریاستوں کے بارے میں قانون بنانے کا اختیار نہیں ہے، سوائے اس اختیار کے جو اس کو اس دستور کی دفعہ ۲۲۶ اور ۲۲۷ کی رو سے حاصل ہے، وہ اس معاملے کی ایسی ریاست یا ریاستوں میں قانون کے ذریعے تنظیم کر دے ، اور اس کے متعلق کوئی تجویز یا تجویزیں ایوان میں یا جہاں دو ایوان ہوں وہاں ریاست کی قانون ساز جماعت کے دونوں ایوانوں میں یا ہر ایک ریاست کے ایوان میں منظور ہو جائے یا ہو جائیں، تو پارلیمنٹ کو حق ہوگا کہ اس معاملے کی اسی طریقے سے تنظیم کے لئے قانون بنائے اور اس طرح سے جو قانون پاس ہو اس کا اطلاق اس ریاست یا ان ریاستوں پر ہوگا ، اور کسی دوسری ریاست پر بھی ہوگا جو بعد میں اس کے متعلق ایوان میں، یا جہاں دو ایوان ہیں وہاں قانون ساز جماعت کے ہر ایک ایوان میں ، منظور کر لے -

(۲) پارلیمنٹ نے اس طرح سے جو ایکٹ پاس کیا ہو اس میں وہ اپنے ہی کسی ایکٹ کے ذریعے سے ترمیم کر سکتی ہے ، یا اسے منسوخ کر سکتی ہے ، لیکن جس ریاست میں وہ جاری ہو اس کی قانون ساز جماعت کے کسی ایکٹ کے ذریعے اس میں ترمیم یا اس کی منسوخی نہیں کی جا سکتی -

بین الاقوامی سمجھوتوں پر عمل درآمد کی غرض سے قانون بنانا۔

دفعہ ۲۳۰ - کسی ایسے قاعدے کے باوجود جو اس سے پہلے کی دفعوں میں ہو، پارلیمنٹ کو اختیار ہے، کہ کسی ریاست یا اس کے کسی حصے کے لئے کسی صلح نامے، معاہدے یا سمجھوتے کی تعمیل کی غرض سے، جو کسی ملک یا ملکوں کے ساتھ کیا جائے، کوئی قانون بنائے -

پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قانونوں اور ریاستوں کے بنائے ہوئے قانونوں کے درمیان اختلاف -

دفعہ ۲۳۱ - (۱) اگر کسی، ریاست کے قانون کی کوئی دفعہ پارلیمنٹ کے کسی قانون کی کسی دفعہ کے خلاف ہو جس کو پارلیمنٹ بنانے کی مجاز ہے، یا کسی موجودہ قانون کی ایسی دفعہ کے خلاف ہو جس کا تعلق ایسے معاملے سے ہے جس کے بارے میں پارلیمنٹ کو قانون بنانے کا اختیار ہے، تو اس دفعہ کے فقرہ (۲) کا لحاظ رکھتے ہوئے پارلیمنٹ کا بنایا ہوا قانون، چاہے وہ ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کے قانون بنانے سے پہلے یا بعد میں منظور ہوا ہو، یا موجودہ قانون (جیسی بھی صورت ہو)، مانا جائے گا اور ریاست کا بنایا ہوا قانون اس کے خلاف ہونے کی حد تک بے اثر ہو جائے گا -

(۲) جہاں کسی ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کے، جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے، متوازی فہرست کے معاملوں میں سے کسی کے بارے میں بنائے ہوئے قانون میں کوئی ایسی دفعہ ہو جو پارلیمنٹ کے کسی ایسے ہی قانون کی دفعوں کے خلاف ہو جو اس سے پہلے بنایا جا چکا ہو، یا کسی موجودہ قانون کے خلاف ہو جو اس معاملے کے متعلق ہو، تو ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کا بنایا ہوا قانون ہی مانا جائے گا، بشرطیکہ یہ پریزیڈنٹ کے غور کے لئے اٹھا رکھا گیا ہو اور پریزیڈنٹ نے اسے منظور کر لیا ہو؛

لیکن اس دفعہ کا کوئی حصہ کسی وقت بھی پارلیمنٹ کو اس معاملے کے بارے میں قانون بنانے سے نہ روکے گا، اور اس قانون کے ذریعے ریاست کی قانون ساز جماعت کے بنائے ہوئے قانون میں اضافہ، ترمیم اور تبدیلی کی جا سکتی ہے اور اسے منسوخ بھی کیا جاسکتا ہے -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

قانون سازی کے اختیاروں پر پابندی

سفارشوں کے بارے میں ہدایت صرف ضابطے کی بابت سمجھی جائے گی -

دفعہ ٢٣٢ - پارلیمنٹ یا کسی ایسی ریاست کا ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ہے ، کوئی ایکٹ یا اس ایکٹ کی کوئی دفعہ صرف اس وجہ سے ناجائز قرار نہیں دی جائے گی کہ بعض سفارشیں جن کی اس دستور کے لحاظ سے ضرورت ہے نہیں کی گئی ہیں ، اگر اس ایکٹ کو

(الف) جہاں گورنر کی سفارش کی ضرورت ہو وہاں گورنر نے یا پریزیڈنٹ نے ،

(ب) جہاں پریزیڈنٹ کی سفارش کی ضرورت ہو وہاں پریزیڈنٹ نے ،

منظور کرلیا ہو -

باب ٢ - انتظامی رشتے

عام باتیں

ریاستوں اور یونین کی ذمہ داریاں -

دفعہ ٢٣٣ - ہر ریاست کا عاملانہ اختیار اس طرح پر کام میں لایا جائے گا کہ پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قانون کی ، اور کسی بھی ایسے موجودہ قانون کی تعمیل جس کا اس ریاست پر اطلاق ہوتا ہے یقینی ہو جائے ، اور کسی ریاست کو ایسی ہدایتیں دینا جنہیں ہند سرکار اس مقصد کے لئے ضروری سمجھے ، یونین کے عاملانہ اختیار میں شامل ہوگا -

ریاستوں کا فرض کہ وہ یونین کے اختیار میں رکاوٹ نہ ڈالیں اور اُسے نقصان نہ پہنچائیں -

دفعہ ٢٣٤ - (١) ریاست کا عاملانہ اختیار اس طرح کام میں لایا جائے گا کہ یونین کے عاملانہ اختیار کے عمل درآمد میں رکاوٹ نہ ہو ، یا اسے نقصان نہ پہنچے اور کسی ریاست کو ایسی ہدایتیں دینا جو ہند سرکار اس مقصد کے لئے ضروری سمجھے ، یونین کے عاملانہ اختیار میں شامل ہوگا -

(٢) یونین کے عاملانہ اختیار میں یہ بھی شامل ہوگا کہ وہ کسی ریاست کو ایسی ہدایتیں دے جن کا تعلق سفر خبر کے ان ذریعوں

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

کو بنانے اور قائم رکھنے سے ہے جن کے متعلق ان ہدایتوں میں اعلان کر دیا گیا ہو کہ ان کی اہمیت قومی یا فوجی ہے ، لیکن اس فقرے کی کسی بات کا یہ مطلب نہ لیا جائے گا کہ پارلیمنٹ کے اس اختیار میں کمی کی گئی ہے کہ وہ خشکی یا تری کے راستوں کو قومی راستے قرار دینے کا اعلان کرے ، اور نہ اس اختیار میں کمی کی گئی ہے جو یونین کو ایسے خشکی اور تری کے راستوں پر یا ان فرائض کے سلسلے میں جو اس کے ذمہ دریائی ، ہوائی اور خشکی کی فوجوں کی عمارتوں اور کارخانوں کے متعلق سفر خبر کے ذریعوں کو بنانے اور قائم رکھنے پر حاصل ہے -

بعض صورتوں میں یونین کو ریاستوں کو اختیار وغیرہ دینے کا حق -

دفعہ ۲۳۵ - (١) کسی ایسے قاعدے کے باوجود جو اس دستور میں ہو ، کسی ریاست کی حکومت کی رضامندی سے پریزیڈنٹ اس کا مجاز ہوگا کہ کسی شرط کے ساتھ ، یا بغیر کسی شرط کے اس حکومت یا اس کے افسروں کو ایسے معاملے کے بارے میں فرائض سپرد کردے جو یونین کے اختیار میں ہو -

(٢) پارلیمنٹ کا بنایا ہوا کوئی قانون ، جس کا اطلاق کسی ریاست پر ہو ، چاہے اس کا تعلق کسی ایسے معاملے سے ہو جس کے بارے میں ریاست کو قانون بنانے کا اختیار نہیں ہے ، اختیار دے سکتا ہے اور فرض عائد کرسکتا ہے ، یا ریاست یا اس کے افسروں یا ادھیکاریوں کو اختیار دینے یا ان پر فرض عائد کرنے کی اجازت دے سکتا ہے -

(٣) جہاں اس دفعہ کی وجہ سے کسی ریاست یا اس کے افسروں یا ادھیکاریوں کو اختیار دئے گئے ہوں یا ان پر فرض عائد کئے گئے ہوں وہاں ہند سرکار ریاست کو ایسی رقم ادا کرے گی جو آپس میں طے ہو جائے ، یا اگر کچھ طے نہ ہو تو اس زائد خرچ کے متعلق جو ان اختیاروں اور فرضوں پر عمل کرانے کے سلسلے میں ریاست نے کیا ہو ایک ایسا پنچ فیصلہ کرے گا جسے ہند کا چیف جسٹس مقرر کرے -

یونین کا اختیار بعض ریاستوں میں قانون سازی ، عاملہ یا عدالتی کاموں کو اپنے ذمے لے لے -

دفعہ ۲۳٦ - (١) ہند سرکار مجاز ہوگی کہ کسی ایسی ریاست سے ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ٣ میں کیا گیا ہے ، سمجھوتے کے ذریعے ، مگر اس دستور کی ان دفعوں کا لحاظ رکھتے ہوئے جو یونین اور ایسی ریاست کے رشتوں کے بارے میں ہوں ، اس ریاست کے عاملہ ، قانون سازی یا عدالت کے کسی کام کو اپنے ذمے لے لے -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

301

(۱۴۹)

(٢) هند سرکار مجاز هوگی که کسی ایسی هندوستانی ریاست کے ساتھ ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول میں نہیں هے ، ایسا هی سمجھوتا کرلے ، لیکن هر ایسا سمجھوتا اس قانون کے ماتحت اور اس کے مطابق هوگا جو اس وقت غیر ملکوں کے متعلق نافذ هے -

تشریح — اس فقرے میں " هندوستانی ریاست " سے مراد وہ علاقه هے جو هند کی سر زمین میں شامل نہیں هے ، لیکن جسے پریزیڈنٹ هند کی ریاست تسلیم کر لے -

(٣) اگر اس دفعه کے فقرہ (١) کے ماتحت کسی ریاست سے معاهدہ هو اور اس کی رو سے کسی معاملے کے بارے میں کوئی بات طے پائے جو اس سے پہلے اس دستور کی دفعه ٢٣٧ کے مطابق کسی ایسی ریاست سے بھی معاهدے کے ذریعے طے پائی هو ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصه ١ میں هے ، تو دفعه ٢٣٧ کے ماتحت معاهدہ اس تاریخ سے اور اس حد تک منسوخ اور بے اثر سمجھا جائے گا جس حد تک وہ اسی معاملے کے متعلق هے جس کے بارے میں اس دفعه کے فقرہ (١) کے ماتحت معاهدہ کیا گیا هے -

(٤) اس دفعه کے فقرہ (١) کے ماتحت یونین اور کسی ایسی ریاست کے درمیان جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصه ٣ میں کیا گیا هے ، معاهدہ هو جانے پر

(الف) یونین کے عاملانه اختیار میں هر ایسا معامله آ جائے گا جس کا ذکر اس معاهدے میں کر دیا گیا هے ؛

(ب) پارلیمنٹ کو اختیار هوگا که کسی معاملے کے متعلق جس کا اس معاهدے میں ذکر کر دیا گیا هو قانون بنائے ؛ اور

(پ) هند کے سپریم کورٹ کو اس دستور کی دفعه ١١٤ کے فقرہ (٢) کا لحاظ رکھتے هوئے کسی ایسے معاملے کے متعلق جس کا ذکر اس معاهدے میں هو ، اختیار سماعت حاصل هوگا -

148 150 302

ن ریاستوں کو، جنکا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں کیا گیا ہے، ان ریاستوں میں جنکا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ہے، قانون سازی عاملہ اور عدالت کے فرائض اپنے ذمے لے لینے کا اختیار۔

دفعہ ۲۳۷ - (۱) ہر اس ریاست کی حکومت، جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے، مجاز ہوگی کہ پریزیڈنٹ کی منظوری لیکر کسی معاہدے کے ذریعے جو ایسی ریاست کے ساتھ کیا گیا ہو جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے اس ریاست کے قانون سازی، عاملہ یا عدالت کے فرائض اپنے ذمے لے لے، بشرطیکہ معاہدے کا تعلق صرف ایسے معاملے سے ہو جس کو ریاستی فہرست یا متوازی فہرست میں گنایا گیا ہے -

(۲) اس دفعہ کے فقرہ (۱) کے ماتحت کسی ایسی ریاست کے، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول و حصہ ۱ میں ہے اور کسی ایسی دوسری ریاست کے درمیان جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے، معاہدہ ہو جانے پر،

(الف) اس ریاست کے عاملانہ اختیار میں، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں کیا گیا ہے، ہر وہ معاملہ آجائے گا جس کا ذکر معاہدے میں کر دیا گیا ہو؛۔

(ب) اس ریاست کی قانون ساز جماعت کو، جسکا ذکر اس شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے، اختیار ہوگا کہ ان معاملوں کے متعلق جن کا ذکر معاہدے میں کر دیا گیا ہو، قانون بنائے؛ اور

(پ) ہر اس ریاست کے، جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے، ہائی کورٹ اور اسی مرتبے کی دوسری عدالتوں کو ایسے معاملوں کے متعلق جن کا ذکر معاہدے میں کر دیا گیا ہو، اختیار سماعت حاصل ہوگا -

عام قانون، سرکاری کاغذات اور عدالتی کارروائیاں۔

دفعہ ۲۳۸ - (۱) ہند کی پوری سرزمین میں یونین اور ہر ایک ریاست کے عام قانونوں، سرکاری کاغذات اور عدالتی کارروائیوں پر پورا بھروسہ رکھا جائے گا اور ان پر پورا اعتبار کیا جائے گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

303

(۲) وہ طریقے اور شرطیں قانون کے ذریعہ طے کی جائیں گی جن کے مطابق ان قانونوں، کاغذات اور کارروائیوں کی تصدیق کی جائے گی جن کی طرف اس دفعہ کے فقرہ (۱) میں اشارہ ہے، اور یہ بھی قانون کے ذریعے طے کیا جائے گا کہ ان کا اثر کیا ہوگا۔

(۳) ہند کی سرزمین کے کسی حصے کی دیوانی عدالتوں کے آخری فیصلوں اور حکموں کی تعمیل اس سرزمین میں ہر جگہ قانون کے مطابق کرائی جا سکے گی؛

لیکن اس دفعہ کے فقرہ (۱) اور (۳) کی شرطوں کا اطلاق کسی ایسی ریاست کی دیوانی عدالتوں کے عام قانونوں، کاغذات اور دیوانی عدالتوں، کارروائیوں اور ان کے جاری کئے ہوئے آخری فیصلوں اور حکموں پر نہ ہوگا جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ہے، جب تک کہ پارلیمنٹ کو کسی ایسے سمجھوتے کی شرطوں کے ماتحت یہ اختیار حاصل نہ ہو جو اس ریاست نے یونین کے ساتھ ان معاملوں کے متعلق کیا ہو جو متوازی فہرست کی مد ۲، ۴، اور ۵ میں گنائے گئے ہیں۔

آب رسانی میں مداخلت

آب رسانی میں مداخلت کے بارے میں شکایتیں۔

دفعہ ۲۳۹— اگر کسی ایسی ریاست کی حکومت کو، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ یا حصہ ۳ میں ہے، یہ معلوم ہو کہ اس ریاست یا اس کے کسی بسنے والے کے مفاد کو، جس کا تعلق کسی دوسری ریاست کے آب رسانی کے قدرتی ذریعے سے ہے، اور اس ذریعے سے جو پانی آتا ہے اس کے استعمال، اس کی تقسیم اور اس کی نگرانی میں

(الف) کسی انتظامی کارروائی یا اس کی تجویز سے یا کسی قانون کے پاس ہونے یا اس کی تجویز سے، یا

(ب) کسی اختیاری کا اپنے اختیاروں سے کام نہ لینے کی وجہ سے نقصان پہنچتا ہے یا پہنچنے کا امکان ہے، تو ریاست کی حکومت پریزیڈنٹ سے شکایت کر سکتی ہے۔

شکایتوں کا فیصلہ -

دفعہ ۲۴۰ - (۱) اگر پریزیڈنٹ سے کوئی ایسی شکایت کی جائے جس کا ذکر اوپر کیا گیا ہے ، اور اس کی رائے یہ نہ ہو کہ ان مسئلوں کی اتنی اہمیت نہیں ہے کہ ان کے متعلق کوئی کارروائی کی جائے ، تو وہ ایک کمیشن مقرر کرے گا جس کے ممبر ایسے لوگ ہوں گے جنہیں وہ مناسب سمجھے اور جن کو آب پاشی ، انجینئری ، انتظام حکومت ، مالیات یا قانون کا خاص علم اور تجربہ ہو ، اور وہ اس کمیشن سے درخواست کرے گا کہ ان ہدایتوں کے مطابق جو اسے دی جائیں تحقیقات کرے اور ان معاملوں کے بارے میں جن کے متعلق شکایت کی گئی ہے یا ان کے متعلق جن کے بارے میں اس سے مشورہ طلب کیا گیا ہے ، رپورٹ بھیجے -

(۲) جو کمیشن اس طرح مقرر کیا جائے وہ ان معاملوں کے بارے میں تحقیقات کرے گا جو اس کے سپرد کئے جائیں ، اور ان واقعات کو جو اس کے علم میں [illegible] بیان کرکے ایسی سفارش سمیت جنہیں وہ مناسب سمجھے پریزیڈنٹ کو رپورٹ بھیجے گا -

(۳) اگر کمیشن کی رپورٹ پر غور کرنے کے بعد پریزیڈنٹ پر یہ ظاہر ہو کہ جو کچھ اس میں درج ہے اس کی تشریح کی ضرورت ہے یا کسی ایسے مسئلے کے متعلق جس کے بارے میں اس نے شروع میں کمیشن سے مشورہ طلب نہیں کیا تھا رہنمائی کی ضرورت ہے ، تو وہ اس معاملے کو مزید تحقیقات اور مزید رپورٹ کے لئے کمیشن کے حوالے کر سکتا ہے -

(۴) اس دفعہ کے ماتحت مقرر کئے ہوئے کمیشن کو ان معاملوں میں سے کسی میں جو تحقیقات کے لئے اس کے سپرد کئے گئے ہوں مدد دینے کی غرض سے کمیشن کی درخواست پر سپریم کورٹ اس طرح کے حکم صادر کریگا جیسے کہ وہ اپنے دائرہ اختیار میں کرتا ہے -

(۵) کمیشن کی رپورٹ میں اس کی بھی سفارش ہوگی کہ کمیشن پر جو روپیہ صرف ہوا ہے ، اور کسی ریاست یا کسی شخص کی جو گواہی ہوئی ہے ، اس کی وجہ سے جو خرچ پڑا ہے ، اسے

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

کون سی حکومت یا شخص ادا کرے، اور ان اخراجات یا خرچہ کی رقم کیا ہو، اور اس دفعہ کے مطابق پریزیڈنٹ جو حکم جاری کرے اس پر اسی طرح سے عمل ہوگا جیسے کہ سپریم کورٹ کے حکم پر ہوتا۔

(۶) کمیشن نے اس کو جو رپورٹ بھیجی ہو اس پر غور کرنے کے بعد پریزیڈنٹ ان شرطوں کے ماتحت جو نیچے لکھی ہوئی ہیں، رپورٹ کے مطابق حکم صادر کرے گا۔

(۷) اگر کمیشن کی رپورٹ پر غور کرنے کے بعد پریزیڈنٹ کی یہ رائے ہو کہ اس میں کوئی اہم قانونی مسئلہ موجود ہے تو وہ اس دستور کی دفعہ ۱۱۹ کی ماتحت مسئلے کو سپریم کورٹ کے پاس رائے کے لئے بھیجے گا، اور سپریم کورٹ کی رائے وصول ہونے پر رپورٹ کو رائے کے ساتھ کمیشن کو واپس بھیج دے گا، سوا اس صورت کے کہ سپریم کورٹ نے کمیشن کی رپورٹ سے اتفاق کیا ہو، اور تب کمیشن رپورٹ میں اس رائے کے مطابق ضروری تبدیلیاں کرکے ترمیم کی ہوئی رپورٹ پریزیڈنٹ کے سامنے پیش کرے گا۔

(۸) اس دفعہ کے ماتحت پریزیڈنٹ جو حکم جاری کرے اسے اس ریاست میں نافذ کیا جائیگا جس سے اس حکم کا تعلق ہو، اور کسی ریاست کی قانون ساز جماعت کا کوئی ایکٹ جو اس حکم کے خلاف پڑے، اختلاف کی حد تک باطل ہوگا۔

(۹) اگر پریزیڈنٹ سے وہ ریاست جس پر اس حکم کا اثر پڑا ہو درخواست کرے، تو وہ ایسے کمیشن کی سفارش کے بعد جو اوپر لکھے ہوئے طریقے سے مقرر کیا گیا ہو، اس دفعہ کے ماتحت جاری کئے ہوئے حکم کو جب چاہے بدل سکتا ہے۔

ان ریاستوں کی آب رسانی میں مداخلت جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۲ میں کیا گیا ہے۔

دفعہ ۲۴۱ - اگر پریذیڈنٹ کو یہ معلوم ہو کہ کسی ایسی ریاست کے، جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۲ میں ہے یا اس ریاست کے کسی بسنے والے کے مفاد کو، جس کا تعلق آب رسانی کے کسی قدرتی ذریعے سے ہے، اور اس ذریعے سے جو پانی آتا ہے اس کے استعمال، اس کی تقسیم اور اس کی نگرانی میں

(الف) کسی انتظامی کارروائی یا اس کی تجویز سے یا کسی قانون کے پاس ہونے یا اس کی تجویز سے یا

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(ب) کسی ادھیکاری کے اپنے اختیاروں سے کام نہ لینے کی وجہ سے نقصان پہنچا ہے یا پہنچنے کا امکان ہے تو پریزیڈنٹ ، اگر وہ مناسب سمجھے ، معاملے کو ایک ایسے کمیشن کے حوالے کردے جو اس سے پہلی دفعہ کے مطابق مقرر کیا گیا ہو ، اور تب اس دفعہ کی شرطوں کا نفاذ اس طرح ہوگا گویا وہ ریاست جو اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۲ میں درج ہے ، ایسی ریاست ہے جس کا ذکر اس وقت اسی شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے ، اور گویا اس معاملے کے متعلق اس ریاست کی حکومت نے پریزیڈنٹ سے شکایت کی ہے -

عدالتوں کو اختیارسماعت نہ ہوگا-

دفعہ ۲۴۲ - کسی ایسی بات کے باوجود جو اس دستور میں پائی جائے ، نہ تو سپریم کورٹ کو اور نہ کسی دوسری عدالت کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ کسی ایسے معاملے کی بابت نالش یا مقدمے کو اپنے یہاں دائر ہونے دے جس کے بارے میں ریاست کی حکومت یا پریزیڈنٹ اس سے پہلے کی تین دفعوں کے مانند کارروائی کر سکتا ہو -

ریاستوں کے درمیان بیوپار اور تجارت

تجارت اور کاروبار کے متعلق کسی قانون یا ضابطے کے ذریعے ایک ریاست کو دوسری پر ترجیح دینے کی مناہی-

دفعہ ۲۴۳ - ایک ریاست کو دوسری ریاست پر ترجیح نہیں دی جائے گی اور نہ ایک ریاست اور دوسری ریاست کے درمیان بیوپار اور تجارت کے بارے میں کسی قانون یا ضابطے کے ذریعے کوئی فرق کیا جائیگا ، چاہے یہ تجارت خشکی کے راستوں سے ہو یا پانی یا ہوا کے راستوں سے -

ریاستوں کے درمیان تجارت اور بیوپار پر پابندیاں -

دفعہ ۲۴۴ - کسی ایسے قاعدے کے باوجود جو اس دستور کی دفعہ ۱۶ یا دفعہ ۲۴۳ میں پایا جائے ، ہر ریاست کو یہ قانونی حق ہوگا کہ

(الف) وہ دوسری ریاستوں سے انیوالے مال پر اتنا ٹیکس لگائے جو اس ریاست میں بنائے یا پیدا کئے ہوئے ایسے

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

307

هی مال پر لگایا جاتا ہو ، لیکن اس طرح کے باہر سے آئے ہوئے مال اور ریاست کے اندر بنائے ہوئے یا پیدا کئے ہوئے مال کے درمیان کوئی امتیاز نہ کیا جائے ، اور

(ب) اس ریاست کے ساتھہ تجارت ، بیوپار یا بیوهار پر قانون کے ذریعے ایسی واجبی پابندیاں لگائے جو پبلک مفاد کے لئے ضروری ہوں ؛

لیکن اس دستور کے جاری ہونے سے پانچ برس بعد تک اس دفعہ کے فقرہ (ب) کی شرطوں کا نفاذ تجارت یا کاروبار کی ان جنسوں میں سے کسی پر نہ ہوگا جن کا ذکر اس دستور کی دفعہ ٣٠٦ کے فقرہ (الف) میں ہے -

دفعہ ٢٤٣ اور ٢٤٤ کی شرطوں پر عمل درآمد کرنے کے لئے ادھیکاریوں کا مقرر ہونا -

دفعہ ٢٤٥ - پارلیمنٹ قانون کے ذریعے ایسے ادھیکاریوں کو جنھیں وہ مناسب سمجھے اس دستور کی دفعہ ٢٤٣ اور ٢٤٤ کی شرطوں پر عمل کرنے کے لئے مقرر کرے گی ، اور اس طرح مقرر کئے ہوئے ادھیکاریوں کو ایسے اختیار دے گی اور ان کے سپرد ایسے فرض کرے گی جنھیں وہ ضروری سمجھے -

ریاستوں میں ہم آہنگی

بین ریاستی کونسل کے بارے میں قاعدے -

دفعہ ٢٤٦ - اگر کسی وقت پریزیڈنٹ کو یہ معلوم ہو کہ ایک ایسی کونسل قائم کرنے سے پبلک کی بھلائی ہوگی جس کے ذمے

(الف) ایسے جھگڑوں کی تحقیقات کرنا اور ان کے بارے میں مشورہ دینا ہو جو ریاستوں کے درمیان پیدا ہو گئے ہوں ؛

(ب) ایسے معاملوں کی چھان بین اور ان پر بحث کرنا ہو جن میں بعض یا سب ریاستوں یا یونین اور ایک یا ایک سے زیادہ ریاستوں کے مفاد مشترک ہوں ؛ یا

(پ) کسی ایسے مشترک مفاد کے معاملے کے متعلق سفارشیں کرنا ہو اور خاص کر اس معاملے میں پالیسی اور عمل میں بہتر ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے سفارشیں کرنا؛

تو پریزیڈنٹ مجاز ہوگا کہ اپنے حکم سے ایسی کونسل قائم کرے اور یہ صاف صاف بیان کرے کہ اس کے کام کیا کیا ہونگے، اور اس کی تنظیم اور ضابطہ کیا ہوگا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

حصہ ١٠ — مالیات، جائداد، معاہدے اور مقدمے

باب ١ — مالیات

یونین اور ریاستوں کے درمیان آمدنی کی تقسیم

معنی اور مطلب۔

دفعہ ٢٤٧ - اگر اس باب کی عبارت سے کوئی دوسرا مطلب نہ نکلتا ہو تو

(الف) - "مالیاتی کمیشن" سے مراد وہ مالیاتی کمیشن ہوگا جو اس دستور کی دفعہ ٢٦٠ کے مطابق بنایا گیا ہو؛

(ب) "ریاست" سے مراد کوئی ایسی ریاست نہ ہوگی جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ٢ میں ہے؛

(پ) جہاں ان ریاستوں کی طرف اشارہ ہے جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ٢ میں ہے، وہاں وہ علاقے بھی شامل سمجھے جائیں گے جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ٤ میں ہے، اور وہ دوسرے علاقے بھی شامل سمجھے جائیں گے جو ہند کی سرزمین میں تو ہیں مگر ان کا ذکر اس شیڈیول میں نہیں کیا گیا -

"ہند کی آمدنی" اور "ریاست کی آمدنی" سے مراد۔

دفعہ ٢٤٨ - اس باب کی ان اگلی دفعوں کا لحاظ رکھتے ہوئے جن کا تعلق ٹیکس اور محصول کی خالص آمدنی یا اس کے کسی حصے کو ریاستوں میں تقسیم کرنے سے ہے، الفاظ "ہند کی آمدنی" میں وہ سب آمدنی اور سرکاری رقمیں شامل ہوں گی جو ہند سرکار نے جمع یا وصول کی ہوں، اور الفاظ "ریاست کی آمدنی" میں وہ تمام آمدنی اور سرکاری رقمیں شامل ہوں گی جو ریاستی سرکار نے جمع یا وصول کی ہوں -

310

وہ محصول جو یونین نے لگائے ہوں مگر جن کو ریاستوں نے جمع کیا ہو اور خرچ کیا ہو -

<u>دفعہ ٢٤٩</u> - (١) ایسے اسٹامپ کے محصول اور دوا اور سنگار کی چیزوں کے محصول جن کا ذکر یونین کی فہرست میں کیا گیا ہے ، ہند سرکار لگائے گی ، مگر

(الف) جب کہ محصول کسی ایسی ریاست میں لگائے جائیں، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ٢ میں ہے تو انہیں ہند سرکار وصول کرے گی ؛ اور

(ب) دوسری صورتوں میں وہ ریاستیں وصول کریں گی جن کے علاقوں کے اندر یہ محصول لگائے جائیں -

(٢) کسی ریاست میں ایسے محصولوں سے ہر مالی سال میں جو آمدنی ہوا کرے گی وہ ہند کی آمدنی میں شامل نہیں کی جائے گی بلکہ اس ریاست کے حوالے کر دی جائے گی -

ٹیکس جو یونین لگائے اور جمع کرے مگر ریاستوں کے حوالے کر دے -

<u>دفعہ ٢٥٠</u> - (١) نیچے لکھے ہوئے ٹیکس اور محصول ہند سرکار لگائے گی اور جمع کرے گی ، مگر انہیں اس طریقے سے جو اس دفعہ کے فقرہ ٢ میں درج ہے ریاستوں کے حوالے کر دے گی :—

(الف) زراعتی زمینوں کو چھوڑ کر باقی جائداد جو ترکے میں آئے اس پر ٹیکس ؛

(ب) زراعتی زمینوں کو چھوڑ کر غیر منقولہ جائداد پر ٹیکس ؛

(پ) حد واری چنگیاں جو ریل یا ہوائی جہاز سے جانے والے مال یا مسافروں پر لگائی جائیں ؛

(ت) ریل کے مسافروں اور سامان کے کرائے پر ٹیکس -

(٢) اُس آمدنی کو چھوڑ کر جو ان ریاستوں کے حساب میں وصول ہوئی ہو جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ٢ میں ہے ، ہر مالی سال میں کسی ایسی چنگی یا ٹیکس کے ذریعے جو خالص آمدنی ہو اسے ہند کی آمدنی میں شامل نہیں کیا جائیگا بلکہ ان ریاستوں کے حوالے کر دیا جائیگا جن میں اُس سال وہ چنگی یا ٹیکس لیا جا سکتا ہو ، اور اسے ان ریاستوں کے درمیان تقسیم کے ایسے اصولوں

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

311

159

کے مطابق بانٹ دیا جائیگا جنھیں پارلیمنٹ قانون کے ذریعے مقرر کرے -

ٹیکس جو یونین لگائے اور جمع کرے اور جو یونین اور ریاستوں کے درمیان ہو - تقسیم

دفعہ ۲۵۱ - (۱) زراعتی آمدنی کو چھوڑ کر تمام آمدنی پر ٹیکس ہند سرکار لگائے گی اور جمع کریگی ، اور یونین اور ریاستوں کے درمیان اس دفعہ کے فقرہ (ب) میں تجویز کئے ہوئے طریقے پر تقسیم کرے گی -

(۲) ہر مالی سال میں کسی ایسے ٹیکس کے ذریعے جو خالص آمدنی ہوئی ہو اس کا اس قدر فیصدی حصہ جو تجویز کیا جائے ہند کی آمدنی میں شامل نہ ہوگا ، بلکہ ان ریاستوں کے حوالے کر دیا جائیگا جن میں اس سال وہ ٹیکس لیا جا سکتا ہے ، اور ان ریاستوں کے درمیان اس طریقے پر اس تاریخ سے جو تجویز کی جائے تقسیم ہوگا ، مگر اس میں وہ آمدنی شامل نہ ہوگی جو ان ریاستوں کے حساب میں وصول ہوئی ہو جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۲ میں کیا گیا ہے ، نہ وہ ٹیکس شامل ہونگے جو یونین کی تنخواہوں کے سلسلے میں ادا کئے جائیں -

(۳) اس دفعہ کے فقرہ ۲ کے مقصد کے لئے یہ سمجھا جائے گا کہ ہر مالی سال میں آمدنی کے اس ٹیکس کا جو فیصدی حصہ مقرر کیا جائے ، جس میں یونین کی تنخواہوں کے ٹیکس سے جو خالص آمدنی ہو وہ شامل نہ ہوگی ، یہ ایک ایسی آمدنی ہے جو ان ریاستوں کے حساب میں وصول ہوئی ہے جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۲ میں ہے -

(۴) اس دفعہ میں —

(الف) "آمدنی کے ٹیکس" میں ہر وہ رقم شامل ہوگی جو ہند سرکار نے آمدنی پر کسی ایسے ٹیکس کی جگہ لگایا ہو جس کا اشارہ اس دستور کی دفعہ ۲۶۶ فقرہ (الف) کے شرطیہ فقرے میں ہے ، مگر اس میں کارپوریشن ٹیکس شامل نہ ہوگا ؛

312

(ب) "تجویز کرنے" سے

(۱) مالیاتی کمیشن کے مقرر ہونے تک پریزیڈنٹ کے حکم کے ذریعے تجویز کرنا مراد ہے ؛ اور

(۲) مالیاتی کمیشن کے مقرر ہونے کے بعد مالیاتی کمیشن کی سفارشوں پر غور کر کے پریزیڈنٹ کے حکم کے ذریعے تجویز کرنا مراد ہے -

(پ) "یونین کے متعلق تنخواہوں" میں ایسی تمام تنخواہیں اور پنشنیں شامل ہیں جو ہند کی آمدنی سے ادا کی جائیں اور جن کے بارے میں آمدنی کا ٹیکس وصول کیا جا سکے -

بعض ٹیکسوں اور محصولوں پر یونین کے مقصدوں کے لئے زائد مطالبے -

دفعہ ۲۵۲ - کسی ایسی بات کے باوجود جو اس دستور کی دفعہ ۲۵۰ اور دفعہ ۲۵۱ میں پائی جائے ، پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ کسی وقت بھی کسی ایسے محصول یا ٹیکس میں جس کی طرف اوپر والی دفعوں میں اشارہ کیا گیا ہے ، یونین کے مقصدوں کے لئے زائد مطالبے کے ذریعے اضافہ کر دے اور کسی ایسے زائد مطالبے کی پوری آمدنی ہند کی آمدنی میں شامل کی جائے گی -

وہ ٹیکس جن کو یونین لگائے اور جمع کرے اور جو یونین اور ریاستوں کے درمیان تقسیم کئے جاسکتے ہیں -

دفعہ ۲۵۳ - (۱) یونین نمک پر کوئی ٹیکس نہیں لگائے گی -

(۲) ان محصولوں کو چھوڑ کر جن کا تعلق دوا اور سنگار کی چیزوں سے ہے اور جن کا ذکر یونین کی فہرست میں کیا گیا ہے ، ملکی مال پر ایسے ٹیکس جو یونین کے متعلق ہیں ہند سرکار لگائے گی اور جمع کرے گی ، لیکن اگر پارلیمنٹ قانون کے ذریعے اسطرح کا بندوبست کرے تو ہند کی آمدنی سے ان ریاستوں کو جن پر اس قسم کے محصول لگانے کے قانون کا اثر پڑتا ہے ، ایسی رقمیں ادا کی جائیں گی جو اس محصول کی پوری خالص آمدنی یا کسی حصے کے برابر ہوں ، اور وہ رقمیں ان ریاستوں کے درمیان تقسیم کے ان اصولوں کے مطابق بانٹی جائیں گی جو اس قانون کے ذریعے طے کئے جائیں -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

313

161

سن یا سن کی بنائی ہوئی چیزوں پر محصول کی تقسیم -

دفعہ ۲۵۴ - کسی ایسی بات کے باوجود جو اس دستور کی دفعہ ۲۵۳ میں پائی جائے ، ہر سال سن یا سن کی بنائی ہوئی چیزوں کی بر آمد پر محصول کی خالص آمدنی کا وہ حصہ جو پارلیمنٹ قانون کے ذریعے طے کرے ، ہند کی آمدنی کا حصہ نہیں سمجھا جائے گا ، بلکہ تقسیم کے اُن اصولوں کے مطابق جو اس قانون کے ذریعے مقرر کئے جائیں ، ان ریاستوں کے حوالے کر دیا جائے گا جہاں سن پیدا ہوتا ہے :

لیکن جب تک پارلیمنٹ اسطرح فیصلہ نہ کرے ، ہر سال کے محصول کی خالص آمدنی میں سے وہ حصہ اس نسبت سے ان ریاستوں کے حوالے کیا جائے گا جو قانون حکومت ہند سنہ ۱۹۳۵ ؁ کے ماتحت صادر کئے ہوئے حکم کے ذریعہ مقرر کی گئی ہو ، اور یہ حکم اس دستور پر عمل ہونے سے پہلے نافذ رہا ہو -

بعض ریاستوں کو یونین کی طرف سے مالی امداد -

دفعہ ۲۵۵ - ہر سال وہ رقمیں جو پارلیمنٹ قانون کے ذریعے مقرر کرے ہند کی آمدنی سے مالی امداد کے طور پر ان ریاستوں کو ادا کی جائیں گی جن کے متعلق پارلیمنٹ یہ فیصلہ کرے کہ انکو امداد کی ضرورت ہے اور مختلف ریاستوں کے لئے مختلف رقمیں مقرر کی جاسکیں گی :

لیکن کسی ایسی ریاست کو جسکا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ہے ، ہند کی آمدنی سے امدادی رقمیں پونجی کے طور پر اور بار بار بھی دی جائیں گی تاکہ ریاست ترقی کی ان اسکیموں کا خرچ اُٹھا سکے جو وہ ہند سرکار کی منظوری سے اپنے شیڈیولی قبیلوں کی بھلائی کے لئے چلائے یا اپنے شیڈیولی علاقوں کے انتظام کو اتنا بہتر بنا سکے کہ وہ باقی علاقوں کے برابر ہو جائے -

اسی کے ساتھ ہند کی آمدنی سے آسام کی ریاست کو امدادی رقمیں پونجی کے طور پر ، اور بار بار دی جا سکیں گی جو نیچے لکھے ہوئے خرچوں کو پورا کر سکیں —

(الف) اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے تین برسوں میں ان قبائلی علاقوں کے انتظام پر ، جنکا ذکر چھٹے

شیڈیول کے پیرا ۱۹ کے حصہ ۱ کی فہرست میں کیا گیا ہے ، آمدنی کے مقابلے میں جو زیادہ خرچ ہوا ہے اس کا اوسط ؛

(ب) ایسی ترقی کی اسکیموں کا خرچ جن کو وہ ریاست ہند سرکار کی منظوری سے اوپر لکھے ہوئے علاقوں کے انتظام کو اتنا بہ‍تر بنانے کے لئے چلائے کہ وہ باقی علاقوں کے برابر ہو جائے -

پیشوں، بیوپاروں، روزگاروں اور نوکریوں پر ٹیکس -

دفعہ ۲۵۶ - (۱) کسی ایسی بات کے باوجود جو اس دستور کی دفعہ ۲۱۷ میں پائی جائے مگر اس دفعہ کے فقرہ (۲) اور (۳) کا لحاظ رکھتے ہوئے ، ہر ریاست کی قانون ساز جماعت کو اختیار ہو گا کہ ریاست ، یا کسی میونسپلٹی یا ڈسٹرکٹ بورڈ ، لوکل بورڈ ، یا کسی دوسرے ادھیکاری کے فائدے کے لئے پیشوں ، بیوپاروں ، روزگاروں ، اور نوکریوں پر ٹیکس لگانے کے متعلق قانون بنائے -

(۲) وہ رقم جو کسی شخص کے بارے میں ریاست کو یا کسی میونسپلٹی ، ڈسٹرکٹ بورڈ ، لوکل بورڈ یا ریاست کے کسی دوسرے مقامی بورڈ کو پیشوں ، بیوپاروں ، دھندوں ، اور نوکریوں پر لگائے ہوئے ٹیکسوں کے ذریعے واجب الادا ہو گی ، اس کی میزان دو سو پچاس روپیہ سالانہ سے زیادہ نہ ہو گی -

لیکن اس دس‍تور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے کے مالیاتی سال میں کسی ریاست یا کسی ایسی میونسپلٹی ، بورڈ ، یا کسی دوسرے سرکاری ادارے میں اگر کوئی ایسا ٹیکس پیشوں ، بیوپاروں ، دھندوں ، یا نوکریوں پر لگا ہوا ہو جس کی انتہائی شرح دو سو پچاس روپیہ سالانہ سے زیادہ نہ ہو ، تو وہ ٹیکس اس وقت تک لگتا رہے گا جب تک کہ اس کے خلاف پارلیمنٹ کوئی قانون نہ بنا دے ، اور جو قانون پارلیمنٹ اس طرح بنائے گی ، وہ یا تو عام قانون ہو گا یا ان ریاستوں ، میونسپلٹیوں ، بورڈوں ، یا ادھیکاریوں کے متعلق ہوگا جن کا اس میں ذکر کیا جائے -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

315

(۳) کسی ریاست کی قانون ساز جماعت کو پیشوں ، بیوپاروں ، دھندوں ، اور نوکریوں کے متعلق قانون بنانے کے جس اختیار کا اوپر ذکر کیا گیا ھے ، اس سے یہ مطلب نہ ہوگا کہ کسی طرح بھی پارلیمنٹ کے قانون بنانے کا وہ اختیار جو پیشوں ، بیوپاروں ، دھندوں ، اور نوکریوں پر لگائے ہوئے ٹیکسوں کی آمدنی کے متعلق ھے، کم ہو جائے گا -

شرط -

دفعہ ۲۵۷ - اگر اس دستور کے نفاذ سے ٹھیک پہلے کسی ریاست کی سرکار یا کوئی میونسپلٹی یا کوئی مقامی ادھیکاری یا جماعت ، ریاست ، میونسپلٹی ، ضلع ، یا کسی دوسرے مقامی علاقے کے کاموں کے لئے کوئی ٹیکس ، چنگی ، مقامی ٹیکس ، یا فیسیں قانون کے مطابق لگاتا تھا، تو وہ پہلے کی طرح لگاتا رھے گا اور انہیں کاموں میں خرچ کرتا رھے گا ، جب تک کہ پارلیمنٹ اس کے خلاف کوئی قاعدہ نہ بنائے ، چاھے یہ ٹیکس ، چنگی ، مقامی ٹیکس ، یا فیسیں یونین کی فہرست میں درج ھی کیوں نہ ہوں -

ان ریاستوں کے ساتھ جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ھے، ٹیکسوں اور چنگیوں کے لگانے، جمع کرنے اور تقسیم کرنے کے متعلق معاہدہ-

دفعہ ۲۵۸ - (۱) باوجود کسی ایسی بات کے جو اس باب میں پائی جائے ، یونین کو مجاز ہوگا کہ اس دفعہ کے فقرہ (۲) کے ماتحت کسی ایسی ریاست کے ساتھ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ھے ، اس ریاست میں کسی ٹیکس یا چنگی کے لگانے یا جمع کرنے کے بارے میں ، جس کے لگانے کا حق ھند سرکار کو ھے ، اور اس کی آمدنی کو ، اس باب کی دفعوں کے خلاف تقسیم کرنے کے لئے کوئی سمجھوتا کر لے ، اور جب کوئی ایسا سمجھوتا ہو جائے تو اس باب کی ان دفعوں کو ، جن کا تعلق اس ریاست سے ہو ، سمجھوتے کی شرطوں کے مطابق نافذ کیا جائے گا -

(۲) جو سمجھوتا اس دفعہ کے فقرہ (۱) کے ماتحت کیا گیا ہو وہ اس دستور کے شروع ہونے کے بعد دس سال سے زیادہ عرصے تک جاری نہ رھے گا -

لیکن اگر پریزیڈنٹ مالیاتی کمیشن کی رپورٹ پر غور کرنے کے بعد ضروری سمجھے ، تو وہ مجاز ہوگا کہ دستور کے نفاذ سے پانچ سال گزر جانے پر کسی ایسے سمجھوتے کو ختم کر دے ، یا اس میں کوئی ترمیم کر دے -

خالص آمدنی وغیرہ کا حساب۔

دفعہ ٢٥٩ - (١) اس باب کی پچھلی دفعوں میں کسی ٹیکس یا چنگی کے سلسلے میں "خالص آمدنی" سے مراد وہ آمدنی ہوگی جس سے وصول کرنے کا خرچ گھٹا دیا گیا ہو ، اور ان دفعوں کی غرض سے ٹیکس یا چنگی یا ٹیکس یا چنگی کے کسی حصے کی خالص آمدنی کو ، جو کسی رقبے سے وصول ہوئی ہو یا اسکی طرف ملسوب کی جا سکتی ہو ، ھند کا آڈیٹر جنرل معلوم کرے گا اور اس کی تصدیق کرے گا ، اور اس کی یہ تصدیق قطعی ہوگی -

(٢) جو کچھ اوپر لکھا گیا ہے اس کا ، اور اس باب کی کسی دوسری دفعہ کی واضح شرط کا ، لحاظ رکھتے ہوئے ایسی صورتوں میں جہاں دستور کے اس حصے کے مطابق کسی چنگی یا ٹیکس کی آمدنی کسی ریاست کے حوالے کی گئی ہے یا کی جا سکتی ہے ، پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے کسی قانون یا پریزیڈنٹ کے حکم کے ذریعے یہ تجویز کیا جا سکتا ہے کہ آمدنی کا حساب کس طریقے پر لگایا جائے ، کس وقت سے یا کس وقت پر یا کس طریقے سے ادائیگیاں کی جائیں ، ایک مالی سال کا حساب دوسرے مالی سال سے کس طرح ملا دیا جائے ، اور ساتھ ھی دوسرے اتفاقی یا ضمنی معاملوں کے لئے بھی تجویزیں پیش کی جا سکتی ھیں ۔

مالیاتی کمیشن -

دفعہ ٢٦٠ - (١) پریزیڈنٹ اس دستور کے جاری ہونے سے پانچ سال گزر جانے پر ، اور پھر ھر پانچ برس کے ختم ہونے پر ، یا جب کبھی وہ ضروری سمجھے ، اپنے حکم سے ایک مالیاتی کمیشن بنا سکتا ہے جس کا ایک صدر اور چار دوسرے ممبر ہوا کریں گے اور انہیں پریزیڈنٹ مقرر کرے گا -

(٢) پارلیمنٹ مجاز ہوگی کہ قانون کے ذریعے کمیشن کے ممبروں کو مقرر کرنے کے لئے اہلیت کی شرطوں اور ان کی نامزدگی کے طریقے کو تجویز کرے۔

(٣) کمیشن کا فرض ہوگا کہ وہ پریزیڈنٹ کو نیچے لکھے ہوئے معاملوں کے متعلق سفارشیں بھیجے —

(الف) یونین اور ریاستوں کے درمیان ان ٹیکسوں کی خالص آمدنی کی تقسیم ، جس کو ان کے درمیان اس باب کے

317

163

ماتحت تقسیم کرنا ہے ، یا کیا جا سکتا ہے ، اور ریاستوں کے درمیان ان میں سے ہر ایک کے اپنے اپنے حصے کی تقسیم -

(ب) وہ اصول جنہیں ہند کی آمدنی سے ریاستوں کو امدادی رقمیں دینے میں برتنا چاہئیے -

(پ) کسی ایسے معاہدے کی شرطوں پر عمل جاری رکھنا یا ان میں ترمیم کرنا ، جو یونین اور کسی ایسی ریاست کے درمیان ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے ، کسی ایسے ٹیکس یا چنگی کے لگانے ، جمع کرنے ، اور تقسیم کرنے کے متعلق ہوا ہو ، جو ہند سرکار کی طرف سے اس ریاست میں وصول کیا جا سکتا ہے -

(ت) کوئی دوسرا معاملہ جس کو پریزیڈنٹ مالیات کی ساکھ کے لئے کمیشن کے حوالے کرے -

(۴) کمیشن اپنے لئے ضابطے بنائے گا اور اپنے فرائض انجام دینے کے سلسلے میں اس کو وہ اختیار حاصل ہوں گے جو پارلیمنٹ قانون کے ذریعے اسے دے -

مالیاتی کمیشن کی سفارشیں-

دفعہ ۲۶۱ - پریزیڈنٹ اِس باب کی دفعوں کے ماتحت مالیاتی کمیشن کی ہر سفارش کو ایک یادداشت کے ساتھ پارلیمنٹ کے سامنے پیش کرائے گا جس میں اس کارروائی کی تفصیل ہوگی جو اس کے متعلق کی گئی ہو -

متفرق مالیاتی قاعدے

خرچ جو ہند کی آمدنی سے ادا ہوگا -

دفعہ ۲۶۲ - یونین یا کوئی ریاست کسی پبلک مقصد کے لئے کسی قسم کی بھی امدادی رقم دے سکتی ہے ، چاہے یہ مقصد ایسا نہ ہو جس کے بارے میں پارلیمنٹ یا ریاست کی قانون ساز مجلس (جیسی بھی صورت ہو) قانون بنانے کی مجاز ہو -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

سرکاری روپیہ کی تحویل کے قاعدے -

دفعہ ۲۶۳ - (۱) پریزیڈنٹ اور ہر ریاست کا گورنر مجاز ہوگا کہ اس کا انتظام کرنے کے لئے قاعدے بنائے کہ ہند یا ریاست کی (جیسی بھی صورت ہو) آمدنی کے حساب میں وصول کی ہوئی ساری رقمیں، ان رقموں کو چھوڑ کر جن کے چھوڑنے کا ذکر قاعدوں میں کردیا گیا ہو، ہند کے یا ریاست کے سرکاری حساب میں داخل کی جائیں گی، اور اس قسم کے بنائے ہوئے قاعدوں میں تجویز کیا جا سکتا ہے، یا کسی شخص کو تجویز کرنے کا اختیار دیا جا سکتا ہے، کہ وہ اوپر بیان کئے ہوئے حساب میں رقمیں داخل کرنے، اس سے رقمیں نکالنے، اس کی رقموں کی تحویل، اور کسی بھی متعلق یا ضمنی معاملے کے بارے میں ایسے ضابطے بنائے جن پر عمل کرنا ضروری ہوگا -

(۲) کسی ایسی بات کے باوجود جو اس دفعہ میں پائی جائے پارلیمنٹ مجاز ہوگی کہ قانون کے ذریعے ہند کی آمدنی کے حساب میں وصول کی ہوئی رقموں کی تحویل، ہند کے سرکاری حساب میں ان کو داخل کرنے اور رقموں کو اس حساب سے نکالنے کے لئے قاعدے بنائے؛ اور کسی ریاست کی قانون ساز جماعت مجاز ہوگی کہ قانون کے ذریعے ریاست کی آمدنی کے حساب میں وصول کی ہوئی رقموں کی تحویل، ریاست کے سرکاری حساب میں داخل کرنے اور رقموں کو اس حساب سے نکالنے کے لئے قاعدے بنائے؛ اور اس دفعہ کے ماتحت بنایا ہوا قاعدہ اس قانون کی تجویزوں کا لحاظ رکھ کر جاری کیا جائیگا جسے پارلیمنٹ یا ریاستی قانون ساز جماعت نے بنایا ہو -

بعض سرکاری ملکیت کا ٹیکس سے بری ہونا -

دفعہ ۲۶۴ - اگر پارلیمنٹ کسی قانون کے ذریعے کچھ اور تجویز نہ کرے تو یونین کی، ملکیت ان تمام ٹیکسوں سے بری ہوگی جو کسی ریاست نے یا اس کے اندر کسی ادھیکاری نے لگائے ہوں:

مگر جب تک پارلیمنٹ قانون کے ذریعے اس کے خلاف کچھ اور تجویز نہ کرے، یونین کی وہ ملکیت جس پر اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے کوئی ٹیکس لگتا تھا یا جس کے بارے میں سمجھا جاتا تھا کہ اس پر ٹیکس لگ سکتا ہے، تو اس ملکیت پر وہ ٹیکس برابر لگتا رہے گا یا یہ سمجھا جاتا رہے گا کہ اس پر یہ ٹیکس لگ سکتا ہے، جب تک یہ ٹیکس رہے -

319

167

ٹیکسوں سے بجلی کا بری ہونا -

دفعہ ۲۶۵-اگر پارلیمنٹ قانون کے ذریعے کچھ اور تجویز نہ کرے، تو ریاست کا کوئی قانون نہ تو کوئی ٹیکس اس بجلی کے خرچ یا بکری پر لگائے گا اور نہ کسی کو لگانے کا اختیار دے گا (چاہے اس کو حکومت پیدا کرتی ہو یا کوئی دوسرا شخص) جسے —

(الف) ہند سرکار خرچ کرتی ہو یا ہند سرکار کے ہاتھ اس کے خرچ کے لئے وہ حکومت بیچتی ہے ؛

(ب) یونین کی کسی ریلوے کے بنانے ، قائم رکھنے ، یا چلانے کے لئے ہند سرکار خرچ کرے ، یا کوئی ایسی کمپنی خرچ کرے جو اس ریلوے کو چلاتی ہو ، یا وہ بجلی جو حکومت کے ہاتھ یا کسی کمپنی کے ہاتھ یونین کی کسی ریلوے کو بنانے ، قائم رکھنے ، یا چلانے کے لئے بیچی جائے ،

اور ایسے قانون میں جس کے ذریعے بجلی کی بکری پر کوئی ٹیکس لگایا جائے یا کسی کو لگانے کا اختیار دیا جائے ، اس کا خاص خیال رکھا جائے گا کہ اس بجلی کی قیمت جو ہند سرکار کے خرچ کے لئے اس کے ہاتھ بیچی گئی ہو یا کسی ایسی کمپنی کے ہاتھ بیچی گئی ہو جس کا ذکر اوپر کیا جا چکا ہے اور جسے وہ یونین کی کسی ریلوے کو بنانے، قائم رکھنے ، یا چلانے کے لئے خرچ کرے ، بجلی کی قیمت سے ٹیکس کی اتنی رقم کم کرنے کے بعد لی جائے گی جو دوسرے بڑے گاہکوں سے وصول کی جاتی ہو -

ریاستی سرکاروں کا یونین کے ٹیکسوں سے بری ہونا -

دفعہ ۲۶۶- جو کچھ نیچے لکھا گیا ہے اس کا لحاظ رکھتے ہوئے کسی ریاستی سرکار پر ان زمینوں یا عمارتوں کی بابت جو ہند کی سرزمین میں واقع ہوں ، یا اس آمدنی کی بابت جو اس سرزمین میں جمع، حاصل یا وصول ہوتی ہو، یونین کا کوئی ٹیکس نہ لگے گا؛ مگر

(الف) جہاں کوئی ریاستی سرکار کسی قسم کا بیوپار یا کار بار کرے یا اس کی طرف سے کیا جاتا ہو ، تو اس دفعہ کی کوئی بات اس سرکار کو اس بیوپار یا کاربار یا کسی بھی ایسے کام کی بابت جو اس سے متعلق ہو یا جس سے کوئی آمدنی ہوتی ہو یا کسی بھی جائداد کی بابت جو کاروبار

کے لئے ہو ، یونین کے کسی ٹیکس یا اس کے بدلے میں کسی رقم کی ادائیگی سے بری نہیں کرے گی -

(ب) اس دفعہ کی کوئی بات ایسی ریاست کے حکمران کی ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ہے ، ذاتی زمینوں ، عمارتوں ، یا آمدنی کو کسی یونین ٹیکس سے بری نہیں کرے گی -

تشریح — اس دفعہ کے مقصد کے لئے کوئی کام ، جو ریاست کی سرکار کے معمولی فرائض میں ذیلی طور پر آ جائیں ، جیسے کسی ریاست کے جنگلات کی پیداوار جو اس کے اپنے قبضے میں ہو ، یا کوئی ایسی چیز جو کسی ریاست کے اندر کسی جیل خانے میں بنائی جاتی ہو ، اس کے بارے میں یہ نہ سمجھا جائے گا کہ وہ کوئی ایسا بیوپار یا کار بار ہے جو ریاست کر رہی ہے یا اس کی طرف سے کیا جا رہا ہے -

بعض خرچوں اور پنشنوں کے متعلق ایسی حساب کتاب -

دفعہ ۲۶۷ - جب کبھی اس دستور کی تجویزوں کے ماتحت کسی عدالت یا کمیشن کے خرچ یا پنشنوں کا بار ، جو کسی ایسے شخص کو دینی ہوں جس نے اس دستور کے جاری ہونے سے پہلے ہند میں تاج کے ماتحت کام کیا ہو ، ہند کی یا ایسی ریاست کی آمدنی پر پڑتا ہو جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں کیا گیا ہے ، تب

(الف) ہند کی آمدنی پر بار پڑنے کی صورت میں ، اگر عدالت یا کمیشن کسی ریاست کی علیحدہ ضرورت ہی کو پورا کرتی ہو یا اگر کسی شخص نے ایسی ریاست کے معاملوں کے سلسلے میں پورے طور پر ، یا کچھ ، خدمت انجام دی ہو ، یا

(ب) کسی ریاست کی آمدنی پر بار پڑنے کی صورت میں اگر عدالت یا کمیشن یونین کی یا کسی دوسری ریاست کی علیحدہ ضرورت پوری کرتا ہو، یا اگر کسی شخص نے یونین یا کسی دوسری ریاست کے معاملوں کے بارے میں پورے طور پر ، یا کچھ ، خدمت انجام دی ہو ،

تو ریاست یا ہند یا کسی دوسری ریاست کی آمدنی سے (جیسی بھی صورت ہو) خرچوں یا پنشنوں کی بابت اتنا اتنا حصہ دیا جائے گا، جو سمجھوتے کے ذریعے طے ہو جائے، یا اگر سمجھوتا نہ ہوا ہو تو جتنا حصہ ہند کے چیف جسٹس کا مقرر کیا ہوا پنچ طے کرے -

باب ۲ — قرض لینا

ہند سرکار کا قرض لینا -

دفعہ ۲۶۸ - یونین کے عاملانہ اختیار میں یہ داخل ہوگا کہ وہ ہند کی آمدنی کی کفالت پر ان حدوں کے اندر قرض لے جنہیں پارلیمنٹ قانون کے ذریعے مقرر کیا کرے، اور یہ بھی داخل ہوگا کہ ضمانت کی جو حدیں پارلیمنٹ مقرر کرے ان کے اندر ضمانتیں دے -

ریاستوں کا قرض لینا -

دفعہ ۲۶۹ - (۱) اس دفعہ کے تجویزوں کا لحاظ رکھتے ہوئے کسی ریاست کے عاملانہ اختیار میں، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے، یہ داخل ہوگا کہ وہ ہند کی سر زمین میں ریاستی آمدنی کی کفالت پر ان حدوں کے اندر قرض لے جن کو ریاست کی قانون ساز جماعت قانون کے ذریعے مقرر کیا کرے، اور یہ بھی داخل ہوگا کہ ضمانت کی جو حدیں قانون ساز جماعت مقرر کرے اس کے اندر ضمانتیں دے -

(۲) ہند سرکار مجاز ہوگی کہ ان شرطوں کے ماتحت جن کو لگانا وہ مناسب سمجھے، ان ریاستوں کو قرض دے جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ یا ۳ میں ہے، اور جب تک کہ ریاست ان حدوں میں سے کسی حد سے آگے نہ بڑھے جن کا ذکر پچھلی دفعہ میں کیا جا چکا ہے، ہند سرکار اس قرض کے متعلق جو اس ریاست نے حاصل کیا ہو ضمانتیں دے سکتی ہے، اور ایسے قرضے دینے کے لئے جن رقموں کی ضرورت ہو وہ ہند کی آمدنی سے واجب الادا ہوں گی -

(۳) کوئی ایسی ریاست جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ یا تین میں ہے، ہند سرکار کی منظوری کے بغیر اس کی مجاز نہ ہوگی کہ وہ کس قسم کا قرض اس صورت میں حاصل کرے جب کہ اس کے ذمہ ایسے قرض کا کوئی حصہ باقی رہ گیا ہو جو ہند

322
140

سرکار نے یا اس سے پہلے کی سرکار نے اس کو دیا تھا ، یا جس کی بابت ہند سرکار نے یا اس سے پہلے کی سرکار نے کوئی ضمانت دی تھی -

اس فقرے کے ماتحت قرض لینے کی منظوری ان شرطوں کے مطابق دی جا سکتی ہے جنہیں ہند کی حکومت لگانا مناسب سمجھے -

باب ۳ - ملکیت ، معاہدے ، مالی ذمہ واریاں اور مقدمے

پونجی اور قرضے ، حقوق اور مالی ذمہ داریاں -

دفعہ ۲۷۰ - اس دستور کے جاری ہوتے ہی ہند سرکار اور ہر اس ریاست کی سرکار ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں کیا گیا ہے ، ساری ملکیت ، پونجیوں اور مالی ذمہ داریوں کے تعلق رکھنے والے معاملوں میں ایسی کمی بیشی کا لحاظ رکھتے ہوئے جو اس دستور کے جاری ہونے سے پہلے پاکستان ڈومینین یا پچھمی بنگال ، پوربی بنگال ، پچھمی پنجاب ، اور پوربی پنجاب کے صوبوں کے بن جانے کی وجہ سے کی گئی ہو ، یا کی جانے والی ہو ، یہ سرکاریں ترتیب وار ہند ڈومینین اور متعلقہ گورنروں کے جوابی صوبوں کی جگہ لے لیں گی -

لاوارثی مال کی ضبطی یا منتقلی یا لاوارثی کی وجہ سے ملکیت پر قبضہ -

دفعہ ۲۷۱ - اس کے بعد کی دفعہ کا لحاظ رکھتے ہوئے ، ان ریاستوں کو چھوڑ کر جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے ہند کی سرزمین میں کوئی ملکیت ، جو اگر اس دستور کا نفاذ نہ ہوتا تو جائز مالک نہ ہونے کی وجہ سے لاوارثی ، یا منتقلی ، یا خالی ہونے کی صورت میں ملک معظم کے حق میں ضبط ہو جاتی ، اگر یہ کسی ایسی ریاست میں واقع ہو جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے ، تو وہ ریاست سرکاری کاموں کی غرض سے اس کی مالک ہوگی اور کسی دوسری صورت میں ہند سرکار کے مقصدوں کے لئے یونین اس کا مالک سمجھا جائے گا -

بشرطیکہ کوئی جائداد جو اس تاریخ پر جب وہ ملک معظم کو اس طرح حاصل ہوتی ، ہند سرکار یا کسی ایسی ریاست کی ملکیت یا قبضہ میں تھی جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

323

میں ہے ، تو ان کاموں کے لئے جن کے واسطے وہ اس وقت استعمال کی گئی تھی یا قبضے میں رکھی گئی تھی ، اگر وہ کام یونین یا کسی ایسی ریاست کے متعلق تھے جس کا اس شیڈیول میں ذکر کیا گیا ہے ، تو یہ ہند سرکار کے کاموں کے لئے یونین کو یا ریاست کے کاموں کے لئے اس ریاست کی سرکار کو مل جائے گی -

ملکیت حاصل کرنے کا اختیار -

دفعہ ۲۷۲ - (۱) اپنی اپنی قانون ساز جماعتوں کے قانون کے ماتحت یونیں کے ، اور ہر اس ریاست کے، عاملانہ اختیار کا عمل جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ہے ، ہر اس ملکیت کو دے دینے ، بیچنے ، الگ کرنے ، یا گروی رکھنے تک ہوگا جو یونین یا ریاست کے (جیسی بھی صورت ہو) مقصدوں کے لئے یونین یا ریاست کے قبضے میں ہو ، اور ان مقصدوں کے لئے ملکیت خریدنے یا حاصل کرنے اور معاہدے کرنے تک بھی اس اختیار کا عمل ہوگا -

(۲) یونین یا ایسی ریاست جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ہے ، اس تمام جائداد کی مالک ہوگی جو یونین یا ریاست کے کاموں کے لئے (جیسی بھی صورت ہو) حاصل کی جائے -

معاہدے -

دفعہ ۲۷۳ - (۱) تمام معاہدے جو یونین نے یا کسی ایسی ریاست نے ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ہے، اپنے عاملانہ اختیار کو کام میں لاکر کئے ہوں ، پریزیڈنٹ یا ریاست کے گورنر کے نام سے (جیسی بھی صورت ہو) کئے جائیں گے ، اور ایسے سب معاہدے اور ملکیت کے بارے میں وہ دستاویزیں جن کی اس اختیار کو کام میں لاتے ہوئے تکمیل کی جانے والی ہو ، پریزیڈنٹ یا گورنر کی طرف سے ایسے شخصوں کے ذریعے اور اس طریقے پر جس طرح وہ کہے یا اختیار دے ، تکمیل کی جائیں گی -

(۲) پریزیڈنٹ یا گورنر اپنی ذاتی حیثیت سے کسی ایسے معاہدے یا دستاویز کا ذمہ دار نہ ہوگا جس کی اس دستور یا کسی ایسے قانون کی غرض سے تکمیل کی گئی ہو جو ہند سرکار کے متعلق اس وقت جاری ہو ، اور کوئی شخص جو ان میں سے کسی کی طرف سے اس طرح کے معاہدے یا دستاویز کی تکمیل کرے وہ اپنی ذاتی حیثیت سے اس کا ذمہ دار نہ ہوگا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

مقدمے اور کارروائیاں -

دفعہ ۲۷۴ - (۱) هند سرکار اپنے نام سے مقدمہ دائر کرسکے گی یا اس پر مقدمہ چلایا جاسکے گا ، اور کسی ایسی ریاست کی سرکار ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ھے ، خود مقد مہ دائر کرسکے گی یا اس پر مقد مہ چلایا جاسکے گا ، اور ایسے قاعدوں کے ماتحت جو پارلیمنٹ یا کسی ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کے ایکٹ کے ذریعے ان اختیاروں کی بنا پر بنائے جائیں جو اس دستور نے عطا کئے ھیں ، اور ان صورتوں میں هند سرکار اور ریاستیں اپنے آپسی معاملات میں اپنے نام سے دعوے کرسکیں گی یا ان پر دعوے هوسکیں گے جن میں اگر یہ دستور نافذ نہ هوتا تو هند ڈومینین اور جوابی صوبے اپنے نام سے دعوے کرسکتے یا ان پر دعویٰ هو سکتا -

(۲) اگر اس دستور کے نفاذ کی تاریخ پر ،

(الف) کسی زیر سماعت قانونی کارروائی میں هند ڈومینین ایک فریق هو تو یہ سمجھا جائے گا کہ اس کارروائی میں هند سرکار نے ڈومینین کی جگہ لے لی ھے ؛ اور

(ب) کسی زیر سماعت قانونی کارروائی میں کوئی صوبہ ایک فریق هو تو یہ سمجھا جائے گا کہ اس کارروائی میں جوابی ریاست نے صوبے کی جگہ لے لی ھے -

حصہ ۱۱ — ناگہانی حالت کے متعلق قاعدے

ناگہانی حالت کا اعلان۔

دفعہ ۲۷۵ — (۱) اگر پریزیڈنٹ کو اطمینان ہو جائے کہ ایک ایسی سخت ناگہانی حالت پیدا ہوگئی ہے جس کی وجہ سے ہند کی سلامتی خطرے میں پڑ گئی ہے، چاہے یہ ناگہانی حالت جنگ چھڑ جانے کی وجہ سے ہو یا آپس کے فساد سے، تو وہ اعلان کرسکتا ہے کہ ناگہانی حالت پیدا ہو گئی ہے۔

(۲) جو اعلان اس دفعہ کے فقرہ (۱) کے ماتحت جاری کیا جائے (جسے اس دستور میں ناگہانی حالت کے اعلان کا نام دیا گیا ہے)،

(الف) اس کو بعد میں ایک اور اعلان جاری کرکے منسوخ کیا جاسکتا ہے،

(ب) اس کو پارلیمنٹ کے ہر ایوان کے سامنے پیش کرنا ہوگا،

(پ) وہ چھ مہینے گزرنے کے بعد بے اثر ہو جائے گا، اگر اس مدت کے ختم ہونے سے پہلے اسے پارلیمنٹ کے دونوں ایوان ریزولیوشن پاس کرکے منظور نہ کرلیں۔

(۳) اگر پریزیڈنٹ کو اطمینان ہوجائے کہ کسی ناگہانی حالت کے پیدا ہونے کا کوئی فوری خطرہ ہے تو واقعی جنگ چھڑ جانے یا آپس کے فساد کے شروع ہونے سے پہلے ہی اس کا اعلان کیا جاسکتا ہے کہ ہند کی سلامتی کے لئے جنگ یا آپس کی فساد کی وجہ سے خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔

ناگہانی حالت کے اعلان کا اثر۔

دفعہ ۲۷۶ — جب ناگہانی حالت کے اعلان پر عمل کیا جارہا ہو تو اس دستور میں جو کچھ ہے اس کے باوجود ——

(الف) یونین کے عاملانہ اختیار میں یہ بھی شامل ہو جائے گا کہ وہ ہر ریاست کو اس کی ہدایت دے سکے کہ اسے اپنا عاملانہ اختیار کس طرح کام میں لانا چاہئے،

(ب) پارلیمنٹ کے کسی معاملے کے متعلق قانون بنانے کے اختیار میں وہ اختیار بھی شامل ہو جائے گا جس کے ذریعے سے کسی معاملے کی بابت وہ ھند سرکار کو یا اس کے عہدہ داروں اور حاکموں کو کوئی اختیار دے سکے ، اور ان کے سپرد فرائض کرسکے یا انہیں دوسروں کو اختیار دینے یا فرائض سپرد کرنے کا مجاز کر سکے -

ناگہانی حالت کے اعلان کے زمانے میں آمدنی کی تقسیم کی بابت تجویزوں پر عمل

دفعہ ۲۷۷ — پریزیڈنٹ کو اس کا اختیار ہوگا کہ اس دوران میں جب کہ ناگہانی حالت کے اعلان پر عمل ہورہا ہو ایک حکم کے ذریعے اس کی ھدایت کردے کہ اس دستور کی دفعہ ۲۴۹ سے ۲۵۹ تک کی تمام تجویزوں یا کسی ایک تجویز پر ، ان باتوں کو چھوڑ کر یا ان میں تبدیلی کرکے جن کا اس حکم میں ذکر ہو اس مدت تک عمل ہوگا جو اس مالی سال سے آگے نہ بڑھے گی جس میں اس اعلان کا اثر ختم ہوتا ہو -

پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں جن ریاستوں کا ذکر ہے ان میں دستوری نظام کے ٹوٹ جانے کی حالت کے لئے قاعدے -

دفعہ ۲۷۸ — (ا) اس دستور کی دفعہ ۱۸۸ کے ماتحت کسی ریاست کے گورنر کے جاری کئے ہوئے اعلان کے وصول ہونے کے بعد اگر پریزیڈنٹ کو اس کا اطمینان ہوجائے کہ ایسے حالات پیدا ہو گئے ہیں جن میں ریاست کی حکومت اس دستور کے قاعدوں کے مطابق نہیں چلائی جاسکتی تو وہ حکم کے ذریعے سے —

(الف) ریاستی سرکار کے سارے یا کوئی فرض ، یا سارے یا کوئی اختیار ، جو ریاست کی قانون ساز جماعت کو چھوڑ کر گورنر یا کسی جماعت یا کسی بااختیار حاکم کو حاصل ہیں یا جن کو وہ استعمال کرسکتے ہیں اپنے ہاتھ میں لے لے ؛

(ب) اعلان کرسکتا ہے کہ ریاست کی قانون ساز جماعت کے اختیاروں کو صرف پارلیمنٹ ہی عمل میں لائے گی ،

اور ایسے کسی حکم میں وہ تجویزیں شامل ہوسکتی ہیں جو ذیلی ہوں اور نتیجہ کے طور پر ضروری ہوں اور جن کو پریزیڈنٹ ، حکم کے منشا کو عمل میں لانے کے لئے ، ضروری یا مناسب خیال کرے ، اور

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

327

اس میں ریاست کی کسی جماعت یا ادھیکاری کے لئے اس دستور کی تجویز کے عمل کو پورے طور پر یا کسی حد تک روکنے کے حکم شامل ہو سکتے ھیں :

مگر اس فقرے میں جو کچھ درج ھے اس سے پریزیڈنٹ ان اختیاروں کو جو کسی ھائی کورٹ کو حاصل ھوں یا جنھیں ھائی کورٹ استعمال کرسکتا ھو ، اپنے ھاتھ میں لینے ، یا ھائی کورٹ کے بارے میں اس دستور کے کسی بھی حکم کو پورے طور پر یا کسی حد تک معطل کرنے کا مجاز نہ ھو گا -

(۲) ایسے اعلان کو بعد میں دوسرے اعلان کے ذریعے منسوخ یا تبدیل کیا جا سکتا ھے -

(۳) اس دفعہ کے ماتحت جو اعلان جاری کیا جائے گا —

(الف) اسے پارلیمنٹ کے ھر ایوان کے سامنے پیش کیا جائے گا ،

(ب) اگر وہ کسی پہلے اعلان کو منسوخ کرنے کے لئے نہ ھو تو وہ چھ مہینے گزرنے پر بے اثر ھو جائے گا -

لیکن جب کبھی پارلیمنٹ کے دونوں ایوان کوئی ایسی تجویز پاس کر دیں جس کی رو سے اس قسم کے اعلان کے عمل کو جاری رکھنے کی منظوری دی گئی ھو ، تو اگر اعلان منسوخ نہ کر دیا گیا ھو تو وہ اس تاریخ سے جس سے کہ اس فقرے کے ماتحت اس کا عمل ختم ھوجاتا ایک سال اور جاری رھے گا ، لیکن کسی حالت میں بھی ایسا کوئی اعلان تین سال سے زیادہ نافذ نہ رہ سکے گا -

(۴) جب کبھی اس دفعہ کے فقرہ (۱) کے ماتحت جاری کئے ھوئے حکم کے ذریعے اس بات کا اعلان کردیا گیا ھو کہ ریاست کی قانون ساز جماعت کے اختیاروں کو صرف پارلیمنٹ ھی عمل میں لائے گی تو -

(الف) پارلیمنٹ مجاز ھوگی کہ ھند سرکار یا اس کے عہدہ داروں اور حاکموں کو اختیار دے اور ان کے سپرد فرائض کرے یا انھیں دوسروں کو اختیار دینے اور فرائض سپرد کرنے کا اختیار دے ،

(ب) اگر پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا اجلاس نہ ہو رہا ہو تو پریزیڈنٹ مجاز ہوگا کہ اس دستور کی دفعہ ۱۰۲ کے ماتحت آرڈیننس جاری کرے۔

(۵) پارلیمنٹ کا بنایا ہوا کوئی ایسا قانون جس کے بنانے کا اختیار پارلیمنٹ کو نہ ہوتا اگر اس دفعہ کے ماتحت اعلان جاری نہ کیا جاتا اعلان کی مدت ختم ہونے کے ایک سال بعد اس حد تک بے اثر ہو جائے گا جس حد تک کہ پارلیمنٹ کو اس کے بنانے کا اختیار نہ تھا، سوائے ایسے کاموں کے جو اس مدت کے ختم ہونے سے پہلے کئے جا چکے ہوں یا کرنے سے رہ گئے ہوں، بشرطیکہ ان قاعدوں کے بے اثر ہونے سے پہلے ہی ریاست کی قانون ساز جماعت نے انہیں منسوخ نہ کردیا ہو یا ایکٹ کے ذریعے ترمیم کے ساتھ یا بغیر ترمیم کے انہیں دوبارہ قانون کی شکل نہ دے دی ہو۔

ناگہانی حالت کے زمانے میں دفعہ ۱۳ کا عمل روک دیا جائے گا۔

دفعہ ۲۷۹ — جس زمانہ میں ناگہانی حالت کے اعلان پر عمل ہو رہا ہو تو اس دستور کے حصہ ۳ کی دفعہ ۱۳ کی کوئی بات مملکت کے قانون بنانے یا عاملانہ کاروائی کرنے کے ان اختیاروں کو کم نہ کرے گی جن کا ذکر اس حصے میں کیا گیا ہے اور جنھیں مملکت کسی دوسری صورت میں بنانے یا کرنے کی مجاز ہوتی۔

وہ حق جن کا ذمہ اس دستور کی دفعہ ۲۵ میں لیا گیا ہے ناگہانی حالت کے دوران میں معطل ہو جائیں گے۔

دفعہ ۲۸۰ — جب کبھی ناگہانی حالت کے اعلان پر عمل ہو رہا ہو تو پریزیڈنٹ یہ حکم جاری کرسکتا ہے کہ اس دستور کی دفعہ ۲۵ کی رو سے جن حقوں کی حفاظت کا ذمہ لیا گیا ہے وہ اتنی مدت تک معطل رہیں گے جو اس حکم میں مقرر کی گئی ہو، لیکن اعلان کا زمانہ ختم ہونے کے بعد اس حکم کی مدت چھ مہینے سے زیادہ نہ رہے گی۔

329

حصہ ١٢ — یونین اور ریاستوں کی نوکریاں

باب ١ — نوکریاں

تشریح -

دفعہ ٢٨١ - اس حصے میں اگر عبارت سے دوسرا مطلب نہ نکلتا ہو، "ریاست" سے مراد وہ ریاست ہے جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ١ میں کیا گیا ہے -

یونین یا ریاست کے ملازموں کی بھرتی اور ملازمت کی شرطیں -

دفعہ ٢٨٢ - (١) اس دفعہ کے فقرہ (٢) کی تجویزوں کا لحاظ رکھتے ہوئے یونین یا کوئی ریاست اپنی قانون ساز جماعت کے ایکٹ کے ذریعے اپنی سرکاری نوکریوں اور ان عہدوں کے لئے جو ان کے کاموں سے تعلق رکھتے ہوں بھرتی اور ملازمت کی شرطوں کے قاعدے بنا سکتی ہے -

(٢) کسی شخص کو جو سول سروس کا ممبر ہو یا کسی ریاست یا ہند سرکار کے ماتحت کسی عہدے پر ہو، نہ تو برخاست کیا جائے گا نہ علیحدہ کیا جائے گا نہ اس کا درجہ گھٹایا جائے گا جب تک اس کو یہ ظاہر کرنے کا کافی موقع نہ ملے کہ اس کے خلاف زیر تجویز کارروائی کیوں نہ کی جائے :

مگر اس فقرے کا نیچے لکھی ہوئی صورتوں پر اطلاق نہ ہو گا ——

(الف) جب کسی شخص کو ملازمت سے اس کے کسی ایسے چلن کی بناء پر جس کی وجہ سے اسے فوجداری کے کسی الزام میں سزا ملی ہو، برخاست کیا گیا ہو، علیحدہ کیا گیا ہو یا اس کا درجہ گھٹایا گیا ہو -

(ب) اگر کوئی حاکم جسے کسی شخص کو ملازمت سے برخاست کرنے، علیحدہ کرنے، یا اس کا درجہ گھٹانے کا اختیار ہو، اس کا اطمینان کرے کہ کسی خاص وجہ سے (جس کو وہ تحریر میں لے گا) اس شخص کو صفائی پیش کرنے کا موقع دینا عملاً ممکن نہیں ہے -

178

330

درمیانی زمانے کے لئے قاعدے -

دفعہ ۲۸۳ - جب تک کہ اس دستور کے ذریعے دوسرے قاعدے نہ بنائے جائیں، اس وقت تک وہ قاعدے جن پر اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے عمل کیا جاتا تھا اور جن کا اطلاق ایسی سرکاری نوکری یا عہدہ پر ہوتا تھا جو اس دستور کے جاری ہونے کے بعد بھی کسی ریاست یا یونین میں قائم ہے، تو ان قاعدوں پر، جس حد تک کہ وہ اس دستور کی تجویزوں کے مطابق ہیں، عمل ہوتا رہے گا -

باب ٦ — سرکاری ملازمت کمیشن

یونین کے لئے اور ہر ریاست کے لئے سرکاری ملازمت کمیشن-

دفعہ ۲۸۴ - (۱) اس دفعہ کے قاعدوں کا لحاظ رکھتے ہوئے یونین کا اور ہر ریاست کا الگ الگ سرکاری ملازمت کمیشن ہو گا -

(۲) دو یا زیادہ ریاستیں آپس میں سمجھوتا کر سکتی ہیں کہ —

(الف) ریاستوں کے اس مجموعے کے لئے ایک ہی سرکاری ملازمت کمیشن ہو، یا

(ب) ایک ہی ریاست کا سرکاری ملازمت کمیشن دوسری سب ریاستوں کی ضرورتوں کو پورا کرے -

اور ایسے سمجھوتے کے مقصدوں کو پورا کرنے کے لئے اس میں وہ تمام شرطیں ہو سکتی ہیں جو ضمنی ہوں یا نتیجہ کے طور پر نکلتی ہوں، اگر ان کا شامل کرنا ضروری یا مناسب معلوم ہو، اور اگر ایسے سمجھوتے کی صورت یہ ہو کہ ریاستوں کے کسی مجموعے کے لئے ایک ہی کمیشن ہونا چاہئیے، تو اس میں صاف صاف بتا دیا جائیگا کہ کون سا یا کون سے گورنر ان فرائض کو انجام دینگے جو دستور کے اس حصے میں گورنر کے سپرد کئے گئے ہیں -

(۳) اگر یونین کے سرکاری ملازمت کمیشن سے کسی ریاست کا گورنر درخواست کرے تو وہ پریزیڈنٹ کی منظوری کے بعد اس ریاست کی تمام یا چند ضرورتوں کو پورا کرنے کے لئے راضی ہو سکتا ہے -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

331

(۴) اس دستور میں جہاں جہاں یونین کے سرکاری ملازمت کمیشن یا کسی ریاست کے سرکاری ملازمت کمیشن کی طرف اشارے ہیں ان سے ، اگر عبارت سے کوئی اور مطلب نہ نکلتا ہو ، مراد اس کمیشن سے ہوگی جو یونین یا کسی ریاست کی وہ ضرورتیں پوری کرتا ہو جنکا تعلق زیر بحث معاملے سے ہو -

کمیشنوں کی بناوٹ اور ان کا عملہ -

دفعہ ۲۸۵ - (۱) پریزیڈنٹ یونین کے سرکاری ملازمت کمیشن کے صدر اور دوسرے ممبروں کو ، اور ریاست کا گورنر ریاستی کمیشن کے صدر اور اس کے ممبروں کو اپنے اختیار سے مقرر کرے گا ؛

مگر ہر سرکاری ملازمت کمیشن کے کم سے کم آدھے ممبر ایسے لوگ ہونگے جو مقرر ہونے کی تاریخ پر کم سے کم دس سال تک ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار میں کسی عہدے پر رہ چکے ہوں ، اور اس دس سال کی مدت میں وہ زمانہ بھی شمار ہوگا جس میں کوئی ممبر اس دستور کے جاری ہونے سے پہلے تاج کی نوکری کرچکا ہو -

(۲) پریزیڈنٹ مجاز ہوگا کہ یونین کمیشن کے لئے ، اور گورنر مجاز ہوگا کہ ریاستی کمیشن کے لئے ، اپنے اختیار سے ضابطے بنائے ، اور

(الف) کمیشن کے ممبروں کی تعداد ، ان کے عہدوں کی مدت اور ان کی ملازمت کی شرطیں مقرر کرے ؛ اور

(ب) کمیشن کے عملے کی تعداد اور اس کی ملازمت کی شرطوں کے بارے میں قاعدے بنائے -

(۳) عہدہ چھوڑنے پر -

(الف) یونین کمیشن کا صدر ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار کی کوئی ملازمت قبول نہ کرسکے گا ؛

(ب) ریاستی کمیشن کا صدر یونین کمیشن کا صدر یا ممبر، یا کسی دوسرے ریاستی کمیشن کا صدر بننے کا تو اہل ہوگا ، مگر ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار میں کوئی دوسرا عہدہ قبول نہ کر سکے گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(پ) یونین یا کسی ریاستی کمیشن کا کوئی دوسرا ممبر ھند سرکار میں یا کسی ریاستی سرکار میں ریاستی کاموں سے متعلق کوئی عہدہ ہو ، تو اسے اس ریاست کے گورنر کی منظوری کے بغیر اور کوئی دوسرا عہدہ ہو ، تو اسے پریزیڈنٹ کی منظوری کے بغیر، قبول نہ کر سکے گا۔

سرکاری ملازمت کمیشن کے کام -

دفعہ ۲۸۶ - (۱) یونین کے سرکاری ملازمت کمیشن کا فرض ہوگا کہ وہ یونین کی نوکریوں کے لئے ، اور ہر ریاست کے کمیشن کا فرض ہوگا کہ ریاستی نوکریوں کے لئے ، امتحانوں کا انتظام کرے -

(۲) اگر دو یا زیادہ ریاستیں اس کی درخواست کریں تو یونین کے سرکاری ملازمت کمیشن کا یہ بھی فرض ہوگا کہ ایسی نوکریوں کے لئے جہاں کسی خاص قابلیت کے امیدواروں کی ضرورت ہو ، ملی جلی بھرتی کی تجویزیں تیار کرنے اور ان پر عمل کرانے میں ان ریاستوں کی مدد کرے -

(۳) پریزیڈنٹ کل ھند ملازمتوں کے بارے میں اور یونین کے کاموں سے متعلق دوسری نوکریوں اور عہدوں کے بارے میں ، اور گورنر کسی ریاست کے کاموں سے تعلق رکھنے والی نوکریوں اور عہدوں کے بارے میں ایسے ضابطے بنا سکتا ہے جن کی رو سے عام طور پر یا کسی خاص قسم کی نوکری کی بابت یا کسی خاص حالت میں سرکاری ملازمت کمیشن سے مشورہ کرنا ضروری نہ ہوگا ، لیکن اس طور سے بنائے ہوئے ضابطوں اور اس کے بعد کے فقرے کی تجویزوں کو دھیان میں رکھتے ہوئے یونین کمیشن یا ریاستی کمیشن سے (جیسی بھی صورت ہو) نیچے لکھے ہوئے معاملوں میں مشورہ کرنا لازم ہو گا : -

(الف) ان تمام باتوں میں جو سول ملازمتوں اور عہدوں کی بھرتی کے طریقوں سے تعلق رکھتی ہوں ؛

(ب) سول ملازمتوں اور عہدوں پر مقرر کرنے ، ایک ملازمت سے دوسری پر ترقی دینے ، تبادلہ کرنے ، اور ایسے عہدوں کے لئے امیدواروں کے مناسب ہونے ، ان کو ترقی دینے، یا ان کا تبادلہ کرنے میں جو اصول برتے جائیں -

(پ) قاعدہ‌داری کے سب معاملوں کی بابت جو ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار میں سول عہدہ داروں سے تعلق رکھتے ہوں ، جن میں ایسے معاملوں کی بابت عرضیاں اور درخواستیں بھی شامل سمجھی جائیں گی ؛

(ت) ہر اس دعوے کے بارے میں جو کسی ایسے شخص کی طرف سے یا اس کی بابت ، جو کسی سول عہدے پر ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار یا تاج کا ملازم ہے یا ملازم رہ چکا ہے ، پیش کیا گیا ہو ، اور اس میں یہ مطالبہ کیا گیا ہو کہ ایسے مقدموں کی پیروی کا خرچ جو ان کاموں کے سلسلے میں اس کے خلاف دائر ہوئے ہوں جو اس نے اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے خود کئے ہیں یا ان کے نام سے ہوئے ہیں ، ہند سرکار کی آمدنی یا ریاستی سرکار کی آمدنی سے ادا ہونا چاہیئے ؛

(ٹ) پنشن کے ہر اس مطالبے کے بارے میں جو اس بنا پر ہو کہ کسی شخص کو اس وقت جسمانی نقصان پہنچا جب کہ وہ ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار یا تاج کے ماتحت کسی سول عہدہ پر تھا ، اور ایسی پنشن کی رقم طے کرنے کے بارے میں ،

اور سرکاری ملازمت کمیشن کا فرض ہوگا کہ جو معاملے بھی اس کے پاس بھیجے جائیں ان کے متعلق وہ مشورہ دے ، اور ان معاملوں میں بھی مشورہ دے جو پریزیڈنٹ یا گورنر اس کے پاس مشورے کے لئے بھیجے -

(۴) اس دفعہ کی کسی شرط کی رو سے یونین یا کسی ریاست کی نوکریوں اور عہدوں کو مختلف فرقوں میں تقسیم کرنے کے طریقے کے بارے میں سرکاری ملازمت کمیشن سے مشورہ کرنا ضروری نہ ہوگا -

سرکاری ملازمت کمیشن کے فرائض کو بڑھانے کا اختیار -

دفعہ ۲۸۷ - اس دفعہ کے قاعدوں کا لحاظ رکھتے ہوئے یونین کے سرکاری ملازمت کمیشن کے فرائض کو پارلیمنٹ اور ریاستی سرکاری ملازمت کمیشن کے فرائض کو ریاست کی قانون ساز جماعت قانون بناکر بڑھا سکتی ہے ؛

لیکن اگر یہ ایکٹ کسی ریاستی قانون ساز جماعت نے بنایا ہو تو اس میں یہ شرط رکھی جائیگی کہ اس کے ذریعے سے دئے ہوئے اختیاروں کو پریزیڈنٹ کی منظوری کے بغیر کسی ایسے شخص کے لئے استعمال نہ کیا جاسکے گا جو اس ریاست کی ملازمتوں میں سے کسی پر نہیں ہے -

سرکاری ملازمت کمیشن کا خرچ-

دفعہ ۲۸۸ - یونین یا کسی ریاست کے سرکاری ملازمت کمیشن کا خرچ ، جس میں کمیشن کے ممبروں اور ان کے عملے کی ، اور انکے متعلق ، تنخواہیں ، بھتے ، اور پنشنیں شامل ہیں ، ہند سرکار یا ریاست کی (جیسی بھی صورت ہو) آمدنی سے دیا جائے گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

حصہ ۱۳ — چناؤ

چناؤ کی نگرانی، اس کے بارے میں ہدایتیں دینا اور دیکھ بھال ایک انتخابی کمیشن کے ذمے ہوگا۔

دفعہ ۲۸۹ — (۱) اس دستور کے ماتحت پارلیمنٹ کے لئے جو چناؤ ہوں گے ان کی، اور پریزیڈنٹ اور وائس پریزیڈنٹ کے عہدوں کے لئے چناؤ کی نگرانی، ان کے بارے میں ہدایتیں دینا، اور ان کی دیکھ بھال، جس میں ان شبہوں اور جھگڑوں کے بارے میں جو پارلیمنٹ کے چناؤ کے سلسلے میں پیدا ہوں، فیصلہ کرنے کے لئے انتخابی عدالتوں کا قائم کرنا بھی شامل ہے، ایک کمیشن کے سپرد کیا جائے گا جسے پریزیڈنٹ مقرر کرے گا۔

(۲) کسی ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کے، جس کا ذکر اسوقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے، اور ریاست کے گورنر کا چناؤ۔ ریاست کے گورنر کو مقرر کرنے کے لئے پینل کا چناؤ۔ جو اس دستور کے ماتحت کیا جائے گا، اُس کی نگرانی، اس کے بارے میں ہدایتیں دینا اور اس کی دیکھ بھال، اور ساتھ ہی اُس ریاست کی قانون ساز جماعت کے چناؤ کے سلسلے میں جو شبہے اور جھگڑے پیدا ہوں ان کے بارے میں فیصلہ کرنے کے لئے انتخابی عدالتوں کو قائم کرنے کا کام ایک کمیشن کے سپرد کیا جائے گا جسے ریاست کا گورنر مقرر کرے گا۔

پارلیمنٹ کے لئے چناؤ۔

دفعہ ۲۹۰ — اس دستور کے قاعدوں کو دھیان میں رکھتے ہوئے پارلیمنٹ کو اختیار ہوگا کہ اپنے ہر ایک ایوان کے چناؤ کے لئے یا ان کے متعلق تمام معاملوں کی بابت قانون کے ذریعے قاعدے بنایا کرے، جس میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا باقاعدہ قائم کرنا اور چناؤ کے حلقوں کی حد بندی بھی شامل ہو گی۔

ریاستوں کی قانون ساز جماعت کے لئے چناؤ۔

دفعہ ۲۹۱ — اس دستور کے قاعدوں کو دھیان میں رکھتے ہوئے ایسی ریاست کی قانون ساز جماعت کو، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے، اختیار ہوگا کہ قانون ساز جماعت کے ایوان یا ایوانوں کے چناؤ کے لئے، یا ان کے متعلق، تمام معاملوں کی بابت قانون کے ذریعے قاعدے بنایا کرے، جس میں قانون ساز مجلس کے ایوان یا ایوانوں کا باقاعدہ قائم کرنا اور چناؤ کے حلقوں کی حد بندی بھی شامل ہو گی۔

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

336

حصہ ۱۴ — اقلیتوں کے بارے میں خاص تجویزیں

ایوان عام میں اقلیتوں کے لئے جگہوں کا مخصوص ہونا۔

دفعہ ۲۹۲ - اس شرح کے بموجب جو اس دستور کی دفعہ ۶۷ فقرہ ۵ ضمن (ب) میں دی ہوئی ہے ایوان عام میں نیچے لکھی ہوئی جماعتوں کے لئے جگہیں مخصوص کی جائیں گی :—

(الف) مسلمانوں اور شیڈیولی ذاتوں کے لئے ؛

(ب) ہر اس ریاست کے شیڈیولی قبیلوں کے لئے جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے -

(پ) بمبئی اور مدراس کی ریاستوں میں ہندوستانی عیسائیوں کے لئے -

ایوان عام میں اینگلو انڈین جماعت کی نمائندگی کے لئے خاص تجویزیں۔

دفعہ ۲۹۳ - اس دستور کی دفعہ ۶۷ کی کسی تجویز کے باوجود اگر پریزیڈنٹ کی رائے میں اینگلو انڈین جماعت کی ایوان عام میں نمائندگی کافی نہیں ہے تو اسے اختیار ہوگا کہ اس جماعت کے زیادہ سے زیادہ دو ممبر ایوان عام کے لئے نامزد کرے -

ریاستوں کی قانون ساز جماعتوں میں اقلیتوں کے لئے جگہوں کا مخصوص ہونا۔

دفعہ ۲۹۴ - (۱) اس شرح کے بموجب جو اس دستور کی دفعہ ۱۴۹ کے فقرہ ۳ میں دی ہوئی ہے نیچے لکھی ہوئی جماعتوں کے لئے جگہیں مخصوص کی جائیں گی —

(الف) ہر ریاست کی اسمبلی میں جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے مسلمانوں ، شیڈیولی ذاتوں ، اور شیڈیولی قبیلوں کے لئے (سوائے ان شیڈیولی قبیلوں کے جو آسام کے خود مختار ضلعوں میں آباد ہیں) اور

(ب) مدراس اور بمبئی کی ریاستوں کی اسمبلیوں میں ہندوستانی عیسائیوں کے لئے -

(۲) ریاست آسام کی اسمبلی میں خود مختار ضلعوں کے نمائندوں کے لئے بھی جگہیں مخصوص کی جائیں گی -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(۳) اس ریاست کی اسمبلی میں جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈول کے حصہ ا میں ہے کسی جماعت کے لئے جو جگہیں مخصوص کی جائیں گی ان کی نسبت اسمبلی کی کل جگہوں سے ، جہاں تک ممکن ہوگا ، وہی ہوگی جو اس ریاست کی کل آبادی اور اس خاص جماعت کی آبادی کے درمیان ہے -

تشریح - اس فقرے کے مقصد کے لئے کسی ریاست کی سب شیڈولی ذاتوں کو ایک ہی جماعت سمجھا جائے گا اور اسی طرح ہر ریاست کے سب شیڈولی قبیلوں کو ، یک ہی جماعت سمجھا جائے گا -

(۴) ریاست آسام کی اسمبلی کی کل جگہوں میں کسی خود مختار ضلع کی نمائندگی کے لئے جو جگہیں مخصوص کی جائیں گی ان کی نسبت اس نسبت سے کم نہ ہوگی جو ریاست کی کل آبادی اور اس ضلع کی آبادی کے درمیان ہے -

(۵) ریاست آسام کے کسی خود مختیار ضلع کے لئے جو جگہیں مخصوص ہوں ان کے چناؤ کے حلقہ میں اس ضلع کے باہر کا کوئی رقبہ شامل نہیں کیا جائے گا -

(۶) کوئی شخص جو ریاست آسام کے کسی خود مختار ضلع کے شیڈولی قبیلے کا نہ ہو ریاست کی اسمبلی کے لئے اس ضلع کے کسی چناؤ کے حلقہ سے (سوائے شیلانگ کی میونسپلٹی اور چھاؤنی کے حلقہ کے) امیدوار بننے کا اہل نہ ہوگا -

ریاستوں کی اسمبلیوں میں اینگلو انڈین جماعت کے لئے خاص تجویزیں -

دفعہ ۲۹۵ - اس دستور کی دفعہ ۱۴۹ میں جو کچھ لکھا ہے اس کے باوجود اگر کسی ریاست کے گورنر کی رائے میں کسی ریاست کی اسمبلی میں اینگلو انڈین جماعت کی نمائندگی کافی نہیں ہے تو اسے اختیار ہوگا کہ اس جماعت کے جتنے لوگوں کو وہ مناسب سمجھے اسمبلی کی ممبری کے لئے نامزد کر دے -

اقلیتوں کے لوگوں کا نوکریوں اور عہدوں کے لئے حق -

دفعہ ۲۹۶ - اس کے بعد کی دفعہ کی تجویزوں کے ماتحت یونین کی ، ... کسی ایسی ریاست کی ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈول کے حصہ ا میں ہے ، ملازمتوں اور عہدوں پر مقرر کرتے وقت سرکاری انتظام

کی خوبی کو مدنظر رکھتے ہوئے ہر اقلیت کے لوگوں کے حق کا لحاظ کیا جائے گا -

بعض ملازمتوں کے سلسلے میں اینگلو انڈین جماعت کے لئے خاص تجویزیں -

دفعہ ۲۹۷ - (۱) اس دستور کے جاری ہونے کے بعد دو سال تک اینگلو انڈین جماعت کے لوگوں کو یونین کی ریل ، بندرگاہی محصول ، ڈاک اور تار کے محکموں میں اس بنیاد پر نوکریاں دی جاتی رہیں گی جس پر کہ ان کو ۱۵ اگست سنہ ۱۹۴۷ع سے ٹھیک پہلے دی جاتی تھیں - اس کے بعد ہر دو سال کی مدت کے دوران میں اوپر بتائی ہوئی ملازمتوں میں اس جماعت کے لئے عہدوں کی جو تعداد مخصوص کی گئی ہو اس میں سے جہاں تک ممکن ہوگا دس فیصدی کی کمی اس تعداد کے مقابلہ میں کر دی جائے گی جو ٹھیک پہلے کے دو سال کی مدت میں ان کے لئے مخصوص تھیں -

مگر اس دستور کے جاری ہونے سے دس سال گزر جانے پر عہدوں کی تعداد کا اس طرح مخصوص ہونا ختم ہو جائے گا -

(۲) فقرہ ۱ کی کوئی بات اینگلو انڈین جماعت کے لوگوں کو اس فقرہ میں مخصوص کئے ہوئے عہدوں کے علاوہ یا ان سے زیادہ نوکریاں حاصل کرنے سے نہ روکے گی ، بشرطیکہ وہ لوگ دوسری جماعتوں کے لوگوں کے مقابلہ میں اپنی قابلیت کی بنا پر نوکری کے لئے زیادہ اہل ثابت ہوں -

اینگلو انڈین جماعت کی تعلیم کے لئے مالی امداد دینے کی خاص تجویزیں -

دفعہ ۲۹۸ - یونین اور ہر ایک ایسی ریاست ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے ، اس دستور کے جاری ہونے کے بعد پہلے تین سال کے دوران میں اینگلو انڈین جماعت کے تعلیمی مفاد کے لئے وہی امداد دیتی رہے گی جو ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۴۸ کو ختم ہونے والے مالی سال میں دی گئی تھی -

آئندہ ہر تین سال کے بعد اس مالی امداد میں سے جو پچھلے تین سال کی مدت میں ان کو دی جاتی تھی ، دس فیصدی کی کمی کر دی جایا کرے گی -

مگر اس دستور کے جاری ہونے کے دس سال بعد ایسی مالی امداد کو اس حد تک جہاں تک کہ وہ اینگلو انڈین طبقہ کے لئے ایک خاص رعایت تھی ، بند کر دیا جائے گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

ایک شرط یہ بھی ہے کہ اس دفعہ کے ماتحت کسی تعلیمی دارے کو کوئی مالی امداد نہیں دی جائے گی جب تک کہ اس کے سالانہ داخلوں میں اینگلوانڈین جماعت کے علاوہ دوسری جماعتوں کے طالب علموں کے لئے ۴۰ فیصدی کی گنجائش نہ رکھی جائے -

یونین اور ریاستوں میں اقلیتوں کے لئے خاص عہدہ‌دار-

دفعہ ۲۹۹ - (۱) یونین میں اقلیتوں کے لئے ایک خاص عہدے دار ہوگا جسے پریزیڈنٹ مقرر کرے گا ، اور اس طرح جن ریاستوں کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ہے ان میں سے ہر ایک کی اقلیتوں کا ایک خاص عہدے دار ہوگا جسے اس ریاست کا گورنر مقرر کرے گا -

(۲) یونین کے اس خاص عہدے دار کا فرض ہوگا کہ وہ اس دستور کے ماتحت یونین کے معاملوں میں اقلیتوں کے حقوں کے بچاؤ کے لئے جو تجویزیں کی گئی ہیں ان کے بارے میں سب باتوں کی جانچ پڑتال کرے ، اور پریزیڈنٹ کو اتنی مدت کے بعد، جس کی پریزیڈنٹ ہدایت دے، رپورٹ کرے کہ ان تجویزوں پر کس طرح عمل کیا جا رہا ہے ، اور پریزیڈنٹ ان سب رپورٹوں کو پارلیمنٹ کے سامنے پیش کرائے گا -

(۳) ایسی ہر اس ریاست کے ، جس کا ذکر کیا گیا ہے، اس خاص عہدے دار کا فرض ہوگا کہ وہ اس دستور کے ماتحت اس ریاست کے معاملوں میں اقلیتوں کے حقوں کے بچاؤ کے لئے جو تجویزیں کی گئی ہیں ان سب کی جانچ پڑتال کرے اور اس ریاست کا گورنر اتنی مدت کے بعد ، جس کی وہ ہدایت دے ، یہ رپورٹ کرے کہ ان تجویزوں پر کس طرح عمل کیا جا رہا ہے ، اور گورنر ان سب رپورٹوں کو ریاست کی اسمبلی کے سامنے پیش کرائے گا -

پہلے شیڈیول کے حصہ ا کی ریاستوں کے بارے میں شیڈیولی علاقوں کے انتظام اور شیڈیولی قبیلوں کی بہبودی کی نگرانی یونین سرکار کرے گی-

دفعہ ۳۰۰ - (۱) پریزیڈنٹ کو ہر وقت مجاز ہوگا ، اور اس دستور کے جاری ہونے کے دس سال بعد اس پر لازم ہوگا ، کہ ایک حکم کے ذریعے ایسا کمیشن مقرر کرے جو ان ریاستوں کے شیڈیولی علاقوں کے انتظام اور شیڈیولی قبیلوں کی بہبودی کے بارے میں اپنی رپورٹ پیش کرے جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ہے -

اس حکم میں کمیشن کی بناوٹ اس کے اختیاروں ، اور کارروائی

340

188

کے طریقوں کو صاف صاف بتایا جائے گا اور اس میں ایسے ضمنی او ذیلی حکم بھی ہو سکتے ہیں جنھیں پریزیڈنٹ ضروری یا مناسب سمجھے -

(۲) یونین کے عاملانہ اختیار میں یہ بھی شامل ہوگا کہ وہ ایسی ہر ریاست میں اس طرح کی اسکیمیں تیار کرنے اور انھیں عمل میں لانے کے بارے میں ہدائیتیں دے جنھیں ان ہدائیتوں میں ریاست کے شیڈیولی قبیلوں کی بہبودی کے لئے ضروری ٹھہرایا گیا ہو -

پسماندہ طبقوں کی حالت کی جانچ پڑتال کے لئے کمیشن مقرر کرنا -

دفعہ ۳۰۱ - (۱) پریزیڈنٹ اپنے حکم کے ذریعے ایک کمیشن مقرر کر سکتا ہے جس میں ایسے لوگ شامل ہونگے جنھیں وہ مناسب سمجھے ، تاکہ وہ ہند کی سر زمین کے ان طبقوں کی حالت کی ، جو سماجی اور تعلیمی اعتبار سے پس ماندہ ہیں اور ان کی مشکلوں کی جانچ پڑتال کرے ، اور یہ کمیشن سفارش کرے گا کہ یونین یا ریاست کی سرکار ان لوگوں کی مشکلوں کو دور کرنے اور ان کی حالت سدھارنے کے لئے کیا کیا طریقے اختیار کرے اور اس مقصد کے لئے کیا کیا مالی امداد دے ، اور کن کن شرطوں کے ماتحت ایسی مالی امداد دی جائے ، اور کمیشن کی تقرری کے حکم میں یہ بھی بتایا جائے گا کہ وہ ضابطہ کیا ہوگا جس کے مطابق اسے کام کرنا ہو گا -

(۲) وہ کمیشن جو اسطرح مقرر کیا گیا ہو ان معاملوں کی جانچ پڑتال کرے گا جو اس کے سپرد کئے جائیں اور وہ پریزیڈنٹ کی خدمت میں اپنی رپورٹ پیش کرے گا جس میں وہ سب باتیں بیان کی جائیں گی جو اس نے معلوم کی ہوں اور وہ سفارشیں ہونگی جنھیں وہ مناسب سمجھے -

(۳) پریزیڈنٹ اس رپورٹ کی ایک نقل ایک یادداشت کے ساتھ پارلیمنٹ کے سامنے پیش کرے گا جس میں اس کارروائی کی تفصیل ہو گی جو رپورٹ کے سلسلے میں کی گئی ہے -

حصہ ۱۵- متفرق باتیں

پریزیڈنٹ اور گورنروں کا بچاؤ -

دفعہ ۳۰۲ - (۱) پریزیڈنٹ یا کسی ریاست کا گورنر اپنے عہدے کے اختیاروں سے کام لینے اور فرائض کو انجام دینے کے لئے یا کسی ایسے کام کے لئے جو اس نے اپنے اختیاروں اور فرائض کے انجام دینے کے سلسلے میں کیا ہو یا جس کی بابت یہ سمجھا جائے کہ اس نے کیا ہے ، کسی عدالت کے سامنے جواب دہ نہ ہو گا ،

مگر پریزیڈنٹ کی روش پر ایسی عدالت ٹریبونل یا کوئی اور جماعت غور کر سکتی ہے جس کو پارلیمنٹ کے کسی ایوان نے اس دستور کی دفعہ ٥٠ کے مطابق لگائے ہوئے کسی الزام کی جانچ کے لئے مقرر یا نامزد کیا ہو -

ساتھہ ہی ساتھہ ، اس فقرے کی کسی بات سے یہ نہ سمجھا جائے گا کہ اس سے کسی شخص کے اس حق پر کوئی پابندی لگائی گئی ہے کہ وہ ہند سرکار یا ریاستی سرکار کے خلاف اس قسم کی کوئی کارروائی کر سکتا ہے جس کا ذکر اس دستور کے حصہ ۱۰ باب ۳ میں کیا گیا ہے -

(۲) پریزیڈنٹ یا کسی ریاست کے گورنر کے خلاف اس کے عہدے کی مدت کے دوران میں کسی عدالت میں کسی طرح کی فوجداری کارروائی نہ کی جا سکے گی اور نا ہی جاری رکھی جا سکے گی -

(۳) پریزیڈنٹ یا کسی ریاست کے گورنر کو اس کے عہدے کی مدت کے دوران میں گرفتار یا قید کرنے کے لئے کسی عدالت سے کوئی حکم نامہ جاری نہ کیا جا سکے گا -

(۴) پریزیڈنٹ یا کسی ریاست کے گورنر کے خلاف اس کے عہدے کی مدت کے دوران میں کسی ایسے کام کے لئے جو اس نے اپنی ذاتی حیثیت سے کیا ہو یا جسکے بارے میں یہ سمجھا جائے کہ اسنے اپنی ذاتی حیثیت سے کیا ہے ، کسی عدالت کے سامنے کوئی دیوانی کارروائی جس میں دادرسی چاہی گئی ہو ، نہیں کی جا سکے گی ، چاہے اس نے وہ کام پریزیڈنٹ یا گورنر کا عہدہ قبول کرنے سے پہلے

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

کیا ہو یا بعد میں ، جب تک کہ اس کی بابت پریزیڈنٹ یا گورنر کو (جیسی بھی صورت ہو) دو مہینے کا تحریری نوٹس نہ دے دیا گیا ہو یا اس کے دفتر میں نہ چھوڑ دیا گیا ہو اور ایسے نوٹس کی مدت ختم نہ ہو گئی ہو - اس نوٹس میں کارروائی کی نوعیت ، دعوے کی وجہ ، مدعی کا نام ، نشان پتہ ، اور جو دادرسی وہ چاہتا ہے ، درج ہونی چاہئیں -

تشریح وغیرہ - دفعہ ۳۰۳ - جب تک کہ عبارت سے کوئی دوسرا مطلب نہ نکلتا ہو اس دستور میں نیچے لکھے ہوئے لفظوں کے وہی معنی لئے جائیں گے جو ان کے لئے یہاں مقرر کئے گئے ہیں ، یعنی ---

(الف) "زرعی آمدنی" سے مراد وہ زرعی آمدنی ہے جس کی تعریف ان قانونوں میں کی گئی ہے جن کا تعلق ہندوستان کے انکم ٹیکس سے ہے ؛

(ب) "اینگلو انڈین" سے مراد وہ شخص ہے جس کا باپ یا مرد مورثوں میں سے کوئی بھی یوروپی نسل سے ہے یا تھا ، لیکن جس نے ہند کی سرزمین میں اپنا وطن بنا لیا ہے اور جس کی پیدائش ہندوستان کی سر زمین میں ایسے ماں باپ سے ہوئی ہے جو عام طور پر ہندوستان میں سکونت رکھتے تھے اور صرف کسی وقتی غرض کے لئے آباد نہیں ہوے تھے ؛

(پ) "ہندوستانی عیسائی" سے مراد وہ شخص ہے جو عیسائی مذہب کے کسی فرقے سے تعلق رکھتا ہو اور جو یوروپی یا اینگلو انڈین نہ ہو ؛

(ت) "قرض لینے" میں وہ رقمیں بھی شامل ہیں جو سالانہ امداد کے ذریعے وصول ہوا کریں اور "قرضے" کے معنی بھی اسی طریقہ پر لئے جائیں گے ؛

(ٹ) ہائی کورٹ کے سلسلے میں "چیف جسٹس" سے مراد "چیف جج" سے بھی ہو گی ؛

343

(ث) "کارپوریشن ٹیکس" سے مراد وہ ٹیکس ہے جو کمپنیاں آمدنی پر ادا کرتی ہوں اور وہ ایسا ٹیکس ہے جس کے متعلق نیچے لکھی ہوئی شرطیں پوری ہوتی ہوں :

(۱) وہ زرعی آمدنی پر نہ لگایا جاسکتا ہو —

(۲) کمپنیاں جو ٹیکس ادا کرتی ہوں اس کے متعلق کوئی منہائی ان قانونوں کی بناء پر، جن کا اطلاق ایسے ٹیکس پر ہوتا ہو، اس منافع سے نہ کی جاسکتی ہو جو کمپنیاں حصہ داروں کو تقسیم کرتی ہوں —

(۳) اس بارے میں کوئی قاعدہ موجود نہ ہو کہ اس طرح پر جو ٹیکس ادا کیا جائیگا وہ جن حصہ داروں کو یہ منافع تقسیم ہوتا ہو ان کی کل آمدنی کا ہند کے انکم ٹیکس کے مقصد سے حساب لگاتے وقت شامل نہ کیا جائے، اور اس بارے میں بھی کوئی قاعدہ نہ ہو کہ یہ ٹیکس ہند کے انکم ٹیکس کی غرض سے حساب لگاتے وقت شامل نہ کیا جائے جو ان لوگوں پر واجب ہو یا ان کو واپس دیا جائے ـ

(ج) "ہم نام صوبے" یا "ہم نام ریاست" سے شبہ کی صورتوں میں ایسا صوبہ یا ریاست مراد ہوگی جسے پریزیڈنٹ کسی خاص معاملے کے سلسلے میں ہم نام صوبہ یا ہم نام ریاست (جیسی بھی صورت ہو) قرار دے ؛

(چ) "قرضے" میں ہر وہ ذمہ داری شامل ہے جو کسی پونجی کی رقم کو سالانہ امداد کی شکل میں واپس کرنے کے لئے لی جائے، اور اس میں ایسی ذمہ داری بھی شامل ہو گی جو کسی قسم کی ضمانت لینے کی وجہ سے پیدا ہو - "قرضے سے متعلق مطالبوں" کا مطلب اس لحاظ سے نکالا جائیگا ؛

18(178)

(ح) "موجودہ قانون" سے مراد ہر وہ قانون، آرڈیننس، حکم، ذیلی قانون، قاعدہ، یا ضابطہ ہوگا جو اس دستور کے نفاذ سے پہلے بنا ہو یا جاری کیا گیا ہو اور جسے کسی قانون‌ساز جماعت، ادھیکاری یا ایسے شخص نے بنایا ہو، جسے ایسا قانون، آرڈیننس، حکم، ذیلی قانون، قاعدہ یا ضابطہ بنانے کا اختیار ہو، لیکن اس میں برطانیہ کی پارلیمنٹ کا کوئی ایکٹ یا حکم باجلاس کونسل شامل نہ ہوگا جو کسی ایسے ایکٹ کے ماتحت بنایا گیا ہو؛

(خ) "فیڈرل کورٹ" سے مراد قانون حکومت ہند سنہ ۱۹۳۵ع کے ماتحت بنایا ہوا فیڈرل کورٹ ہے؛

(د) "مال" میں ہر قسم کا سامان، جنسیں اور چیزیں شامل ہیں؛

(ڈ) "ضمانت" میں ہر وہ ذمہ داری شامل ہے جو اس دستور کے جاری ہونے سے پہلے کسی ادائگی کے لئے اُس صورت میں لی گئی ہو جب کہ کسی کاروبار کا منافع ایک مقررہ رقم سے گر جائے؛

(ذ) "پنشن" سے مراد ہر قسم کی پنشن ہے جو کسی شخص کو ادا کی جائے، چاہے وہ امدادی ہو یا نہ ہو، اور اس میں وہ تنخواہ بھی شامل ہے جو ریٹائر ہونے پر بطور پنشن دی جائے، اور اس میں وہ رقم یا رقمیں بھی شامل ہیں جو انعامی وظیفے کے طور پر یا پراویڈنٹ فنڈ میں جو حصہ دیا گیا ہو اس کی واپسی کے سلسلے میں سود کے ساتھ یا بغیر سود کے یا کسی اضافہ کے ساتھ ادا کی جائیں؛

(ر) "سرکاری اعلان" سے مراد وہ اعلان ہے جو ہند کے گزٹ میں یا کسی ریاست کے سرکاری گزٹ میں (جیسی بھی صورت ہو) شائع ہوا ہو؛

(ڑ) "تمسکوں" میں سرکاری سرمایہ بھی شامل ہے؛

345

(ز) "ٹیکس لگانے" میں کسی طرح کا ٹیکس یا محصول لگانا شامل ہے ، چاہے وہ عام ہو یا مقامی ہو یا خاص ، اور "ٹیکس" کا مطلب اسی کے مطابق سمجھا جائے گا ؛

(ژ) "انکم ٹیکس" میں زائد منافع کے ٹیکس کی قسم کا ٹیکس بھی شامل ہے ؛

(س) "ریلوے" میں ایسی ٹریموے بھی شامل ہے جو صرف میونسپل علاقے کے اندر ھی نہ ہو ؛

(ش) "یونین ریلوے" میں ہند کی کسی ریاست کی ریلوے شامل نہیں ، لیکن وہ ریلوے شامل ہے جو صرف مقامی نہ ہو ؛

(ص) "ہند کی ریاستی ریلوے" سے مراد وہ ریلوے ہے جو ایسی ریاست کی ملکیت ہو جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ٣ میں ہے اور جس کو وہ ریاست خود چلاتی ہو یا جو اس ریاست کی طرف سے کسی ایسے معاہدے کی بناء پر چلائی جاتی ہو جو اس ریاست سے ہند سرکار نے کیا ہو یا ہند سرکار کی طرف سے کیا گیا ہو ، یا ایسی کمپنی نے کیا ہو جو کسی یونین ریلوے کو چلاتی ہو ؛

(ض) "مقامی ریلوے" سے مراد وہ ریلوے ہے جو سب کی سب کسی ایک ریاست کے اندر ہو اور جو کسی یونین ریلوے سے مل کر ایک سلسلہ نہ قائم کرتی ہو ، چاہے اس کی پٹری کی چوڑائی یونین ریلوے کی پٹری کی چوڑائی کے برابر ہو یا نہ ہو ؛

(ط) "شیڈیول" سے مراد اس دستور کا کوئی شیڈیول ہے ؛

(ظ) ایسی ریاستوں کے سلسلے میں جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ١ میں ہے شیڈیولی ذاتوں سے مراد ایسی ذاتیں ، نسلیں یا قبیلے یا ذاتوں ، نسلوں ، یا قبیلوں کے حصے یا ان کے اندر کے گروہ ہیں جن کو ہند سرکار کے شیڈیولی ذاتوں کے متعلق سنہ ١٩٣٦ء والے

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

آرڈر میں قانون حکومت ہند سنہ ۱۹۳۵ء کے مقصد کے لئے انہیں ناموں کے صوبوں کی شیڈیولی ذاتیں قرار دیا گیا ہے ؛

(ع) ایسی ریاستوں کے سلسلے میں جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ہے شیڈیولی قبیلوں سے مراد وہ قبیلے یا جماعتیں ہونگی جن کا ذکر آٹھویں شیڈیول کے حصہ ا تا ۹ میں اپنی اپنی ریاستوں کے ساتھہ کیا گیا ہے ؛

(غ) اگر عبارت سے کوئی دوسرا مطلب نہ نکلتا ہو تو اس دستور کی تاویل جنرل کلاززز ایکٹ سنہ ۱۸۹۷ء (قانون ۱۰ - ۱۸۹۷ء) کے مطابق کی جائے گی ؛

(ف) اس دستور میں جو اشارہ پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے ایکٹوں یا قانونوں یا کسی ایسی ریاست کی، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ہے قانون ساز جماعت کے بنائے ہوئے ایکٹوں یا قانونوں کی طرف کیا گیا ہے، اس میں ایسے آرڈیننس کی طرف بھی اشارہ سمجھا جائے گا جو پریزیڈنٹ یا کسی گورنر نے (جیسی بھی صورت ہو) جاری کیا ہو۔

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

حصہ ١٦ — دستور میں ترمیم

دستور میں ترمیم کا ضابطہ -

دفعہ ٣٠٤ - (١) اس دستور میں ترمیم کی تحریک پارلیمنٹ کے کسی ایوان میں ایک بل کے ذریعے کی جاسکتی ھے، اور جب یہ بل ھر ایک ایوان کے کل ممبروں کی اکثریت اور ھر ایوان کے دو تہائی ایسے ممبروں کی رائے سے جو ایوان میں موجود ھوں اور رائے دیں پاس ھو جائے تو وہ پریزیڈنٹ کے سامنے منظوری کے لئے پیش ھوگا ، اور وہ اسے منظور کرلے تو یہ سمجھا جائے گا کہ دستور میں بل کے بموجب ترمیم ھو گئی ھے

لیکن اگر ترمیم کے ذریعے

(الف) ساتویں شیڈیول کی کسی فہرست میں ،

(ب) پارلیمنٹ میں ریاستوں کی نمایندگی میں ، یا

(پ) سپریم کورٹ کے اختیاروں میں ،

کوئی تبدیلی مقصود ھو تو یہ بھی ضروری ھو گا کہ جن ریاستوں کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ١ میں ھے ، ان کی قانون ساز جماعتوں کی کم سے کم نصف تعداد نے، اور جن ریاستوں کا ذکر اس وقت اس شیڈیول کے حصہ ٣ میں ھے ان کی قانون ساز جماعتوں کی کم سےکم ایک تہائی تعداد نے ، ترمیم کو اس طرح پاس ھونے کے بعد منظور کرلیا ھو -

(٢) اس سے پہلی دفعہ میں جو کچھہ درج ھے، اس کے باوجود جب گورنر کے مقرر کرنے کے طریقے یا کسی ایسی ریاست کے ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ١ میں ھے ، قانون سازی کے ایوانوں کی تعداد کے بارے میں دستور کی دفعوں میں تبدیلی کرنا ھو تو اس دستور میں ترمیم کی تحریک اسمبلی میں، یا اگر ریاست میں کونسل بھی ھو تو اس کے کسی قانون سازی کے ایوان میں، اس غرض سے ایک بل کے ذریعے ھو سکتی ھے ، اور جب بل اسمبلی میں، یا اگر ریاست میں کوئی کونسل بھی ھو تو دونوں قانون ساز ایوانوں میں، اسمبلی یا ھر ایک ایوان کے (جیسی بھی صورت ھو) ممبروں کی

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

کل تعداد کی کثرت رائے سے پاس ہو جائے تو وہ پارلیمنٹ میں منظوری کے لئے پیش ہوگا ، اور جب وہ پارلیمنٹ کے ہر ایک ایوان میں اس کے ممبروں کی کل تعداد کی کثرت رائے سے منظور ہو جائے ، تو وہ پریزیڈنٹ کے سامنے منظوری کے لئے پیش ہوگا ، اور جب وہ اسے منظور کرلے تو یہ سمجھا جائے گا کہ دستور میں بل کے بموجب ترمیم ہو گئی ہے -

تشریح — جہاں ریاستوں کے کسی مجموعے کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ہے ، وہاں اس دفعہ کے فقرہ ۱ کے شرطیہ فقرے کے مقصد کے لئے ریاستوں کا سارا مجموعہ ایک ریاست سمجھا جائے گا -

اقلیتوں کے لئے جگہیں مخصوص کرنے کے قاعدے پر صرف دس سال تک عمل ہوتا رہے گا ، سوائے اس صورت کے کہ اس دستور میں ترمیم کرکے اس کا عمل جاری رکھا جائے-

دفعہ ۳۰۵ - اس دستور کی دفعہ ۳۰۴ میں جو کچھہ درج ہے اس کے باوجود اس دستور میں مسلمانوں ، شیڈیولی ذاتوں ، شیڈیولی قبیلوں یا ہندوستانی عیسائیوں کے لئے پارلیمنٹ یا کسی ایسی ریاست کے ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں کیا گیا ہے ، قانون ساز جماعت میں جگہوں کے مخصوص کرنے کے بارے میں جو تجویزیں ہیں ان میں دستور کے جاری ہونے سے دس سال تک کوئی ترمیم نہ ہوسکے گی ، اور اگر دستور میں ترمیم کرکے ان کا نفاذ جاری نہ رکھا گیا تو اس مدت کے گزر جانے کے بعد ان پر عمل ختم ہو جائے گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

حصہ ١٧ — عارضی اور درمیانی دور کے لئے قاعدے

پارلیمنٹ کو یہ عارضی اختیار ہوگا کہ بعض معاملے جو ریاستی فہرست میں درج ہیں ان کی بابت اس طرح قانون بنائے کہ گویا وہ متوازی فہرست میں شامل ہیں۔

دفعہ ٣٠٦ — اس دستور کے کسی حصے کے باوجود پارلیمنٹ کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ اسکے جاری ہونے سے پانچ سال بعد تک نیچے لکھے ہوئے معاملوں کی بابت یہ سمجھ کر قانون بنائے کہ گویا یہ معاملے متوازی فہرست میں درج ہیں :-

(الف) کسی ریاست کے اندر ایسی تجارت اور کاربار کے لئے قانون جو سوتی اور اونی کپڑے، کاغذ اسمیں (اخباری کاغذ بھی شامل ہے) کھانے پینے کی چیزوں (جسمیں تیل اور کھانے کے تلہن بھی شامل ہیں) پٹرولیم اور اس سے بنی ہوئی چیزوں اور مشین سے چلنے والی گاڑیوں کے الگ الگ حصوں، کوئلے، لوہے، فولاد، اور ابرک کی پیداوار مہیا کرنے اور بانٹنے سے متعلق ہو ؛

(ب) ان لوگوں کی مدد کرنا اور ان کو دوبارہ بسانا جو گھر سے بے گھر ہو گئے ہیں ؛

(پ) اس دفعہ کے فقرہ (الف) اور (ب) میں جن باتوں کا ذکر ہے ان سے متعلق قانونوں کی خلاف ورزی اور ان کے متعلق تحقیقات اور اعداد و شمار، ان کے متعلق سپریم کورٹ کے سوا باقی تمام عدالتوں کے اختیار سماعت اور دوسرے اختیار، اور ان میں سے کسی کے متعلق فیس، سوائے اس فیس کے جو کسی عدالت نے وصول کی ہو ؛

لیکن پارلیمنٹ کا بنایا ہوا کوئی قانون، جس کے بنانے کا اختیار اسے اس دفعہ کے بغیر نہ ہوتا، اوپر لکھی ہوئی مدت کے ختم ہونے کے بعد اس حد تک بے اثر ہو جائے گا جس حد تک کہ اس کے متعلق پارلیمنٹ کو اختیار نہ تھا، سوائے ایسی باتوں کے جو اس مدت کے ختم ہونے سے پہلے کی جا چکی ہوں یا نہ کی گئی ہوں -

موجودہ قانونوں کو جاری رکھنا اور ان کو حالات کے مطابق بنانا۔

دفعہ ۳۰۷ — (۱) اس دستور کی دوسری دفعوں کا لحاظ رکھتے ہوئے ہر قانون جو ہند کے علاقے میں اس دستور کے جاری ہونے سے پہلے رائج تھا، اس وقت تک رائج رہیگا جب تک کہ کوئی بااختیار قانون ساز جماعت یا کوئی دوسرا بااختیار حاکم اس میں کوئی تبدیلی یا ترمیم نہ کر دے یا اسے منسوخ نہ کر دے۔

(۲) پریزیڈنٹ کو اختیار ہوگا کہ وہ ایک حکم کے ذریعے اس کا انتظام کرے کہ اُس تاریخ سے جو حکم میں مقرر کر دی گئی ہو ہند کی سر زمین یا اس کے کسی حصے کا رائج قانون اُسوقت تک نافذ رہے جب تک کہ کوئی قانون ساز جماعت یا کوئی دوسرا بااختیار ادھیکاری اسے منسوخ نہ کر دے یا اس میں ترمیم نہ کر دے، اور اس قانون میں پریزیڈنٹ حکم کے ذریعے حالات کے لحاظ سے ایسی تبدیلی اور ترمیم بھی کر سکتا ہے، چاہے یہ کسی دفعہ کو منسوخ کرنے کی شکل میں ہو یا اس میں ترمیم کرنے کی شکل میں، جسے وہ اس قانون کی اور اس دستور کی تجویزوں میں مطابقت پیدا کرنے کے لئے ضروری یا مناسب سمجھے، اور کسی عدالت میں ایسی مطابقت یا ترمیم پر اعتراض نہ کیا جا سکے گا۔

تشریح ۱— اس دفعہ میں "رائج قانون" سے مراد وہ قانون بھی ہوگا جسے اس دستور کے جاری ہونے سے پہلے ہند کی سر زمین میں کسی قانون ساز جماعت یا کسی دوسرے بااختیار ادھیکاری نے منظور کیا ہو یا بنایا ہو اور جو اس سے پہلے ہی منسوخ نہ کیا جا چکا ہو، باوجود اسکے کہ اس وقت اس قانون یا اس کے کسی حصے پر ہند کی سر زمین میں بالکل عمل درآمد نہ ہو رہا ہو یا اس کے خاص علاقوں میں نہ ہو رہا ہو۔

تشریح ۲— ہند کی سر زمین میں کسی قانون ساز جماعت یا کسی دوسرے بااختیار ادھیکاری کا منظور کیا ہوا یا بنایا ہوا کوئی قانون جس کا اطلاق اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے ہند کی سر زمین کے باہر بھی ہوتا تھا اور اس کے اندر بھی، وہ اُس مطابقت اور اُن تبدیلیوں کا لحاظ رکھتے ہوئے جن کا ذکر پہلے آچکا ہے ہند کی سرزمین کے باہر نافذ رہے گا۔

(351)

تشریح ۳ — اس دفعہ میں جو کچھہ ھے اس سے یہ مطلب نہ نکالا جائے کہ کوئی بھی وقتی قانون اس تاریخ کے بعد بھی جاری رھے گا جو اس کے عمل کے ختم ہونے کے لئے مقرر کی گئی تھی -

فیڈرل کورٹ کے جج سپریم کورٹ کے جج ہوجائیں گے اور جو کارروائیاں فیڈرل کورٹ یا بادشاہ باجلاس کونسل کے سامنے پیش ھیں وہ سپریم کورٹ کو منتقل ہو جائیں گی -

دفعہ ۲۰۸ — (۱) اس دستور کے جاری ہونے کی تاریخ سے ٹھیک پہلے جو لوگ فیڈرل کورٹ کی ججی کے عہدے پر تھے ، اگر انہوں نے اپنے لئے کچھہ اور پسند نہ کر لیا ہو تو وہ اسی تاریخ پر سپریم کورٹ کے جج ہوجائیں گے ، اور اس کے بعد ان کو وہ تنخواھیں ، بھتے ، چھٹیاں اور پنشنیں پانے کا حق ہوگا جو اس دستور کی دفعہ ۱۰۴ کے ماتحت سپریم کورٹ کے ججوں کے لئے مقرر کی گئی ھیں -

(۲) تمام مقدمے ، اپیلیں اور کارروائیاں ، چاھے دیوانی کی ہوں یا فوجداری کی ، جو اس دستور کے نفاذ سے پہلے فیڈرل کورٹ کے سامنے زیر تجویز تھیں ، سپریم کورٹ کو منتقل ہو جائیں گی اور سپریم کورٹ کو ان کی سماعت اور فیصلہ کرنے کا اختیار ہوگا ، اور اس دستور کے جاری ہونے سے پہلے فیڈرل کورٹ نے جو حکم اور فیصلے دئے ھیں ان کا زور اور اثر بالکل اسی طرح ہوگا گویا وہ سپریم کورٹ ھی کے دئے ہوئے فیصلے یا اس کے جاری کئے ہوئے حکم ھیں -

(۳) اس دستور کے جاری ہونے کی تاریخ سے بادشاہ باجلاس کونسل کو ھند کی سر زمین کے اندر کسی عدالت کے حکم یا ڈگری کے خلاف یا ان کے متعلق اپیلیں اور درخواستیں سننے کا اختیار ختم ہو جائے گا ، جس میں بادشاہ کے خصوصی اختیار کے تحت فوجداری کے معاملوں کے متعلق اختیار سماعت بھی شامل ھے ، اور اس تاریخ پر بادشاہ باجلاس کونسل کے سامنے جو اپیلیں یا دعوے زیر تجویز ہوں وہ سپریم کورٹ کو منتقل ہو جائیں گے اور سپریم کورٹ ھی ان کا فیصلہ کرے گا -

(۴) اس دفعہ کی تجویزوں پر عمل کرانے کے لئے پارلیمنٹ قانون کے ذریعے دوسرے قاعدے بھی بنا سکتی ھے -

اس دستور کے جاری ہونے کے بعد سب عدالتیں ، ادھیکاری اور عہدے دار اس کے مطابق اپنا اپنا کام کرتے رہیں-

دفعہ ٣٠٩ —ہند کی سرزمین میں دیوانی ، فوجداری اور مال کی تمام عدالتیں اور عدالتی ، انتظامی اور دفتری عملے کے سب ادھیکاری اور عہدے دار اس دستور کے مطابق اپنے اپنے منصب کا کام کرتے رہیں گے-

ہائی کورٹ کے ججوں کے متعلق قاعدے-

دفعہ ٣١٠ - اس دستور کے جاری ہونے کی تاریخ سے ٹھیک پہلے جو لوگ کسی صوبے کے ہائی کورٹ میں ججی کے عہدے پر تھے ، انہوں نے اگر اپنے لئے کچھہ اور پسند نہ کر لیا ہو تو وہ اسی تاریخ سے ریاست کے ہائی کورٹ کے جج ہو جائیں گے ، اور ان کو وہ تنخواہیں ، بھتے ، چھٹیاں اور پنشنیں پانے کا حق ہوگا جو اس دستور کی دفعہ ١٩٧ کے ماتحت ہائی کورٹ کے ججوں کے لئے مقرر ہیں -

یونین کی عارضی قانون ساز جماعت اور پریزیڈنٹ وغیرہ کے متعلق قاعدے-

دفعہ ٣١١ - (١) جب تک کہ اس دستور کے مطابق پارلیمنٹ کے دونوں ایوان باقاعدہ قائم نہ ہو جائیں اور اس دستور کے ماتحت اُن کا پہلا اجلاس طلب نہ کر لیا جائے ، ہند ڈومینین کی دستور ساز اسمبلی خود ہی ان تمام اختیاروں کو کام میں لائیگی اور وہ تمام فرض انجام دے گی جو پارلیمنٹ پر عائد کئے گئے ہیں ، اور خاص طور سے پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کو قائم کرنے کے لئے اور پارلیمنٹ کے ہر ایوان کے چناؤ کے متعلق تمام معاملوں کے لئے قانون بنائے گی ، اور اس میں انتخابی حلقوں کی حدبندی بھی شامل ہوگی اور ایسے تمام معاملوں کے بارے میں بھی جو ضمنی ہوں یا نتیجے کے طور پر نکلتے ہوں ، ایسے قانون بنائے گی جو اس دستور کی تجویزوں کو عمل میں لانے کے لئے ضروری ہوں -

تشریح—اس دفعہ کی غرض سے ہند ڈومینین کی دستور ساز اسمبلی میں وہ سب ممبر شامل ہوں گے جو اتفاقی طور پر خالی ہونے والی جگہوں کو بھرنے کے لئے ان قاعدوں کے مطابق چنے گئے ہوں جو اس کی بابت اسمبلی نے بنائے ہوں ، لیکن اس میں وہ ممبر شامل نہ ہوں گے جو کسی ایسے علاقے کے نمایندگی کرتے ہوں جو کہ پہلے شیڈیول میں شامل نہیں کیا گیا ہے -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(۲) جب دستور ساز اسمبلی قانون حکومت ہند سنہ ۱۹۳۵ء کے ماتحت بطور ڈومینین پارلیمنٹ کے کام کرے ، تو دستور ساز اسمبلی کا سپیکر اس اسمبلی کا بھی سپیکر رہے گا جب کہ وہ اس دفعہ کے فقرہ (۱) کے بموجب کام کر رہی ہو -

(۳) ہند ڈومینین کی دستور ساز اسمبلی جس شخص کو اس غرض کے لئے منتخب کرے وہ اس وقت تک ہند کا عارضی پریزیڈنٹ رہے گا جب تک کہ اس دستور کے حصہ ۵ کے باب (۱) کی تجویزوں کے متعلق کوئی پریزیڈنٹ منتخب نہ کر لیا جائے ، اور وہ اپنے عہدے کو سنبھال نہ لے -

(۴) اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے جو لوگ ہند ڈومینین کے وزیر تھے وہ اس کے جاری ہونے کے بعد بھی اس دستور کے ماتحت عارضی پریزیڈنٹ کے وزیروں کی کونسل کے ممبر بن جائیں گے -

دفعہ ۳۱۲ - (۱) جب تک کہ ان ریاستوں میں، جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے، قانون ساز ایوان باقاعدہ طور پر نہ بن جائیں اور ان کا پہلا اجلاس اس دستور کے قاعدوں کے بموجب طلب نہ کر لیا جائے ، اس وقت تک انہیں ناموں کے صوبوں کے موجودہ قانون ساز ایوان جو اس دستور کے ٹھیک پہلے کام کر رہے تھے ، ان تمام اختیاروں کو کام میں لائینگے اور فرائض کو انجام دینگے جو اس دستور کے قاعدوں کے مطابق ان ریاستوں کے قانون ساز ایوانوں کو حاصل ہیں -

ہر ایسی ریاست میں جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے ، عارضی قانون ساز ایوانوں اور گورنر وغیرہ کے متعلق قاعدے -

(۲) کوئی شخص جو اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے کسی صوبے کی اسمبلی کا سپیکر یا کونسل کا صدر تھا ، وہ اس کے جاری ہونے کے بعد اسی نام کی ریاست کی، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے ، اسمبلی کا سپیکر یا کونسل کا صدر بن جائے گا (جیسی بھی صورت ہو) ، جب کہ یہ اسمبلی یا کونسل اس دفعہ کے فقرہ (۱) کے ماتحت کام کر رہی ہو -

(۳) کوئی شخص جو اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے کسی صوبے کا گورنر تھا ، وہ اس کے جاری ہونے کے بعد بھی اسی نام کی

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

354

ریاست کا ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ھے ، عارضی گورنر اس زمانے تک رھے گا جب تک کہ اس دستور کے حصہ ۶ کے باب ۲ کے قاعدوں کے مطابق کوئی نیا گورنر مقرر نہ ہو جائے اور وہ اپنا عہدہ نہ سنبھال لے -

(۴) اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے جو لوگ کسی صوبے میں وزیر تھے وہ اس کے جاری ہونے کے بعد اسی نام کی ریاست میں جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ھے ، عارضی گورنر کے وزیروں کی کونسل کے ممبر بن جائیں گے -

مشکلوں کو دور کرنے کے لئے پریزیڈنٹ کا اختیار -

دفعہ ۳۱۳ - (۱) اس دستور کی دفعہ ۳۱۱ کے فقرہ (۱) کی شرطوں کے ماتحت مشکلوں کو دور کرنے کے لئے، خاص طور پر ان مشکلوں کو جو درمیانی دور میں قانون حکومت ھند سنہ ۱۹۳۵ع کی تجویزوں کو اس دستور کی تجویزوں میں بدلنے میں پیش آئیں ، پریزیڈنٹ حکم کے ذریعے یہ ھدایت دینے کا مجاز ہوگا کہ اس دستور پر اس مدت تک جو حکم میں مقرر کی گئی ہو ایسی مطابقت دے کر جو تبدیلی ، اضافے یا منسوخی کی شکل میں کی گئی ہو، عمل کیا جائے ، مگر اس دستور کے حصہ ۵ ، باب ۲ کے ماتحت قائم کی ہوئی پارلیمنٹ کے پہلے اجلاس کے بعد اس طرح کا کوئی حکم نہیں دیا جائے گا -

(۲) اس دفعہ کے فقرہ (۱) کے ماتحت جو حکم دیا جائے اس کو پارلیمنٹ کے ہر ایوان کے سامنے پیش کیا جائے گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

355

حصہ ١٨— نفاذ اور منسوخیاں

نفاذ - **دفعہ ٣١٤** - اس دستور کا نفاذ . . . . سے ہو گا -

منسوخیاں - **دفعہ ٣١٥** - قانون آزادی ھند ، سنہ ١٩٤٧ع اور قانون حکومت ھند سنہ ١٩٣٥ع ، ھند کی مرکزی حکومت اور قانون ساز مجلس کا قانون سنہ ١٩٤٦ع ، اور تمام دوسرے ایکٹ جو قانون حکومت ھند سنہ ١٩٣٥ع میں ترمیم یا اضافہ کرنے کی غرض سے بنے ھیں ، بے اثر ھو جائیں گے -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

356

پہلا شیڈیول

[دفعہ ۱ اور ۴]

ہند کی ریاستیں اور علاقے

حصہ ۱

وہ علاقے جو اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے گورنری صوبے کہلاتے تھے ، یعنی

۱ — مدراس

۲ — بمبئی

۳ — مغربی بنگال

۴ — صوبہ متحدہ

۵ — بہار

۶ — مشرقی پنجاب

۷ — مدھیہ پرانت اور برار

۸ — آسام

۹ — اڑیسہ

حصہ ۲

وہ علاقے جو اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے چیف کمشنروں کے صوبے کہلاتے تھے ، یعنی

۱ — دھلی

۲ — اجمیر میرواڑہ ، جس میں پنتھ پیپلودا بھی شامل ہے

۳ — کورگ

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

357

حصہ ۳

ڈیویژن (الف)

نیچے لکھی ہوئی ہندوستانی ریاستیں —

۱ — میسور
۲ — کشمیر
۳ — گوالیار
۴ — بڑودہ
۵ — ٹراونکور
۶ — کوچین
۷ — اودے پور
۸ — جے پور
۹ — جودھ پور
۱۰ — بیکانیر
۱۱ — الور
۱۲ — کوٹہ
۱۳ — اندور
۱۴ — بھوپال
۱۵ — ریوا
۱۶ — کولہا پور
۱۷ — پٹیالہ
۱۸ — مایور بھنج
۱۹ — کاٹھیاواڑ

ڈیویژن (ب)

تمام دوسری ریاستیں جو اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے ہند کی ڈومینین میں شامل تھیں -

۲۵

حصہ ٤

انڈمان اور نکوبار جزیرے -

358

دوسرا شیڈیول

[دفعہ ۴۸ (۳) ، ۶۲ (۶) ، ۷۹ ، ۱۰۴ ، ۱۲۴ (۲) ، ۱۳۵ (۳) ، ۱۴۵ (۵) ، ۱۶۳ اور ۱۹۷]

حصہ ۱ — پریذیڈنٹ اور ان ریاستوں کے گورنروں کے بارے میں قاعدے جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے-

۱— پریزیڈنٹ اور ان ریاستوں کے گورنروں کو جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے ، نیچے لکھی ہوئی تنخواہ ماہانہ دی جائے گی -

پریزیڈنٹ	۵۵۰۰ روپیہ
ریاست کا گورنر	۴۵۰۰ روپیہ

۲— پریزیڈنٹ اور گورنروں کو ان کے عہدے کے زمانے میں نیچے لکھے ہوئے بھتے ماہانہ دئے جائیں گے ، تاکہ وہ اپنے اپنے عہدوں کے مرتبے کے لحاظ سے اپنے کام اطمینان سے انجام دے سکیں -

پریزیڈنٹ . . . . روپیہ

ریاست کا گورنر . . . روپیہ

۳— پریزیڈنٹ اور گورنر کو ایک الاونس دیا جائے گا جو اس رقم کے برابر ہوگا جو انہیں اپنا اپنا عہدہ سنبھالنے کے لئے سفر کرنے ، یا اگر ان کے بیوی بچے ہوں تو ان کو اور اپنے اور ان کے سامان کو لے جانے میں واقعی خرچ ہوئی ہو -

۴— پریزیڈنٹ کو اور ہر گورنر کو اپنے اپنے عہدے کے زمانے میں رہنے کے لئے سرکاری عمارت ، ریل کے سیلون ، کشتی ، ہوائی جہاز اور موٹروں کو جو ان کے لئے مخصوص ہوں ، بغیر کسی کرائے کے استعمال کرنے کا حق ہوگا ، اور ان چیزوں کو اچھی حالت میں رکھنے کے لئے جو خرچ ہوگا اس کا بوجھ ان پر نہیں پڑے گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

۵— جب وائس پریزیڈنٹ یا کوئی دوسرا شخص پریزیڈنٹ کی جگہ کام کر رہا ہو یا اس کے فرائض انجام دے رہا ہو، یا جب کوئی شخص گورنر کے فرائض انجام دے رہا ہو تو وہ اس تنخواہ اور بھتے کے پانے کا مستحق ہوگا جو اس شیڈیول کے پارا نمبر (۱) اور (۲) کے ماتحت پریزیڈنٹ یا گورنر کے لئے مقرر ہے جس کے فرائض وہ انجام دے رہا ہو یا جس کے بجائے وہ کام کر رہا ہو، اور جب کہ وہ اس طرح فرائض انجام دے رہا ہو یا کام کر رہا ہو تو اس پر اس شیڈیول کے پارا ۴ کے قاعدوں کا اطلاق ہو گا، مگر پارا ۳ کا اطلاق نہیں ہو گا۔

حصہ ۲ — یونین کے وزیروں اور ان ریاستوں کے وزیروں کی تنخواہیں جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے

۶— یونین کے وزیراعظم اور دوسرے وزیروں میں سے ہر ایک کو اتنی ہی تنخواہیں اور الاونس دئے جائیں گے جو اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے ڈومینین کے وزیراعظم اور دوسرے وزیروں میں سے ہر ایک کو دئے جاتے تھے۔

۷— ان ریاستوں کے وزیروں کو، جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے، اتنی ہی تنخواہیں اور الاونس دئے جائیں گے جو اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے ان ریاستوں کے ہم نام صوبوں کے وزیروں کو دئے جاتے تھے۔

حصہ ۳ — ایوان عام کے سپیکر اور نائب سپیکر، ریاستوں کی کونسل کے صدر اور نائب صدر اور ان ریاستوں کی اسمبلیوں کے سپیکر اور نائب سپیکر اور کونسلوں کے صدر اور نائب صدر کی تنخواہیں، جن کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے۔

۸— ایوان عام کے سپیکر اور ریاستوں کی کونسل کے صدر کو اتنی ہی تنخواہیں اور الاونس دئے جائیں گے جو اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے ہند ڈومینین کی دستور ساز اسمبلی کے سپیکر کو دئے جاتے تھے، اور ایوان عام کے نائب سپیکر اور ریاستوں کی کونسل کے نائب صدر کو اتنی ہی تنخواہیں اور

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

الونس دئے جائیں گے جو ۱۰ اگست سنہ ۱۹۴۷ ع سے تھیک پہلے قانون ساز اسمبلی کے نائب صدر کو دئے جاتے تھے -

۹— اس ریاست کی اسمبلی کے سپیکر اور نائب سپیکر کو جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ہے، اور اس ریاست کی کونسل کے صدر اور نائب صدر کو، اتنی ہی تنخواہیں اور الاونس دئے جائیں گے جو اس دستور کے جاری ہونے سے تھیک پہلے اسی نام کے صوبے کی قانون ساز کونسل کے صدر اور نائب صدر کو دئے جاتے تھے ، اور اگر اس دستور کے جاری ہونے سے تھیک پہلے اسی نام کے صوبے میں کوئی کونسل نہ تھی تو اس ریاست کی کونسل کے صدر اور نائب صدر کو وہ تنخواہیں اور الاونس ملیں گے جو اس ریاست کا گورنر مقرر کرے ۔

حصہ ۴— سپریم کورٹ اور ہائی کورٹوں کے ججوں کی تنخواہیں

۱۰— سپریم کورٹ اور ہند کی سر زمین کے ہائی کورٹوں کے ججوں کو اس مدت کے لئے جو وہ واقعی خدمت میں گزاریں نیچے لکھے ہوئے ماہانہ حساب سے تنخواہیں دی جائیں گی ، لیکن اِن میں اُن ریاستوں کے ہائی کورٹ شامل نہ ہوں گے جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں کیا گیا ہے :-

سپریم کورٹ کا چیف جسٹس	۵۰۰۰ روپیہ
سپریم کورٹ کا کوئی دوسرا جج	۴۵۰۰ روپیہ
ہائی کورٹ کا چیف جسٹس	۴۰۰۰ روپیہ
ہائی کورٹ کا کوئی دوسرا جج	۳۵۰۰ روپیہ

لیکن اگر سپریم کورٹ کے کسی جج کو اس کے مقرر ہونے کے وقت ہند سرکار یا اس سے پہلے کی حکومتوں میں سے کسی کی طرف سے یا کسی ایسی ریاست کی سرکار کی طرف سے، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں ہے یا اس سے پہلے کی کسی حکومت کی طرف سے کوئی پنشن ملتی ہو (سوائے اس پنشن کے جو کسی معذوری یا زخمی ہو جانے کی وجہ سے ملتی ہو) تو اس تنخواہ میں سے جو اسے سپریم کورٹ کی ملازمت کے سلسلے میں دی جاتی ہو اس پنشن کے برابر کمی کر دی جائے گی -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

361

۱۱ - سپریم کورٹ کے چیف جسٹس یا کسی دوسرے جج کو، یا ہند کی سر زمین کے اندر کسی ریاست کے ہائی کورٹ کے چیف جسٹس یا کسی دوسرے جج کو ، جس میں وہ ریاستیں شامل نہیں جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے ، ایسے الاونس ملیں گے جن سے وہ خرچ پورا ہو سکے جو انہیں سر زمین ہند کے اندر سرکاری کام کے لئے سفر کرنے میں اٹھانا پڑا ہے اور انہیں سفر کرنے کی ایسی تمام واجبی سہولتیں دی جائیں گی جو سپریم کورٹ کے چیف جسٹس اور کسی دوسرے جج کے لئے پریزیڈنٹ، یا ریاستی ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اور کسی دوسرے جج کے لئے اس ریاست کا گورنر مقرر کیا کرے -

۱۲ - (۱) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس یا کسی دوسرے جج کی رخصت یا پنشن کے حقوں کے معاملے میں ان ہی قاعدوں کے مطابق عمل ہو گا جن کے مطابق فیڈرل کورٹ کے کسی ایسے ہی جج کے بارے میں ہوتا تھا -

(۲) ہند کی سر زمین کے کسی ہائی کورٹ کے چیف جسٹس یا کسی دوسرے جج کی رخصت یا پنشن کے حقوں پر (جس میں وہ ریاستیں شامل نہیں جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے) ان ہی قاعدوں کے مطابق عمل ہوگا یا ہوتا رہے گا جن کے مطابق اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے اس قسم کے ہائی کورٹ کے کسی جج کے بارے میں ہوتا تھا -

(۳) اس پارے کے مقصد کے لئے اس شخص کے متعلق جو عارضی جج، قائم مقام جج یا زائد جج کے طور پر کام کر رہا ہو صرف اس صورت میں یہ خیال کیا جائیگا کہ وہ اس تاریخ پر ایک جج کے طور پر کام کر رہا تھا اگر عارضی جج، قائم مقام جج، یا زائد جج کی حیثیت سے اُس کی خدمت بغیر کسی وقفے کے برابر اس وقت تک جاری رہی ہو جب اسے مستقل جج کی حیثیت سے مقرر کیا گیا تھا -

۱۳ - اگر عبارت سے کوئی دوسرے معنی نہ نکلیں تو اس حصے میں

(الف) ""چیف جسٹس"" کے لفظ میں قائم مقام چیف جسٹس اور ""جج"" کے لفظ میں عارضی جج، قائم مقام جج، اور زائد جج شامل سمجھے جائیں گے،

(ب) ""واقعی خدمت"" میں

(۱) وہ زمانہ بھی شامل ہو گا جو جج نے جج کے فرائض انجام دینے میں یا ایسے دوسرے کام کرنے میں صرف کیا ہو جسکی ہدایت

اسے پریزیڈنٹ یا گورنر نے (جیسی بھی صورت ہو) یا ایسے کمیشن نے دی ہو جسے اس دستور کی دفعہ ٢٨٩ کے بموجب مقرر کیا گیا ہو ؛

(٢) اس مدت کو چھوڑ کر جس میں جج نے چھٹی لی ہو تعطیلیں بھی شامل ہوں گی ؛

(٣) وہ زمانہ بھی شامل ہوگا جو ہائی کورٹ سے سپریم کورٹ کو یا ایک ہائی کورٹ سے دوسرے ہائی کورٹ کو تبادلے کے وقت جانے میں صرف ہوا ہو ۔

حصہ ٥ — ہند کے آڈیٹر جنرل کے متعلق قاعدے

١٤ – ہند کے آڈیٹر جنرل کو چار ہزار روپیہ ماہوار کے حساب سے تنخواہ ملے گی -

١٥ – ہند کے آڈیٹر جنرل کی رخصت یا پنشن کے حقوں پر ان ہی قاعدوں کا عمل ہوگا یا ہوتا رہے گا جو اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے ہند کے آڈیٹر جنرل سے متعلق تھے؛ اور ان قاعدوں میں جہاں کہیں گورنر جنرل کیطرف اشارے ہیں ان سے سمجھا جائے گا کہ وہ اشارے پریزیڈنٹ کی طرف ہیں -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

تیسرا شیڈیول

[دفعہ ۶۲ (۴)، ۸۱، ۱۰۳ (۶)، ۱۴۴ (۲)،
۱۶۵ اور ۱۹۵]

اقرار ناموں کے فارم

(۱)

یونین کے وزیر کے عہدے کے لئے عہد کا فارم :—

"میں، الف، ب، سچے دل سے اقرار کرتا ہوں (یا قسم کھاتا ہوں) کہ میں ہند کے دستور کا، جو قانون کی رو سے رائج کیا گیا ہے، سچائی کے ساتھ وفادار اور فرماں بردار رہوں گا، اور یونین کے وزیر کی حیثیت سے وفاداری اور دیانت داری کے ساتھ اپنے فرائض انجام دوں گا، اور دستور اور قانون کے بموجب میں ہر قسم کے لوگوں کے ساتھ بغیر کسی رو رعایت یا لاگ لگاؤ کے ٹھیک ٹھیک برتاؤ کروں گا۔"

(۲)

یونین کے کسی وزیر کے لئے رازداری کے عہد کا فارم :—

"میں، الف، ب، سچے دل سے اقرار کرتا ہوں (یا قسم کھاتا ہوں) کہ میں کسی ایسے معاملے کی، جو یونین کے وزیر ہونے کی حیثیت سے میرے سامنے غور کے لئے لایا جائے یا میرے علم میں آئے، کسی شخص یا شخصوں کو، براہ راست یا بالواسطہ، نہ خبر دوں گا نہ اسے ظاہر کروں گا، اور کروں گا تو صرف اس صورت میں کہ وزیر ہونے کی حیثیت سے مجھے اپنے فرضوں کو صحیح طور پر انجام دینے میں کرنا پڑے۔"

(۳)

پارلیمنٹ کے ممبروں کے لئے عہد کا فارم :—

"میں، الف، ب، جسے ریاستوں کی کونسل (یا ایوان عام) کا ممبر منتخب (یا نامزد) کیا گیا ہے، سچے دل سے اور سنجیدگی کے ساتھ وعدہ کرتا ہوں اور اس کا اقرار کرتا ہوں کہ میں ہند کے دستور کا، جو قانون کی رو سے رائج کیا گیا

364

ہے ، سچائی سے وفا دار اور فرماں بردار رہوں گا، اور اس فرض کو جو میرے سپرد کیا جانے والا ہے دیانت داری سے انجام دوں گا ۔"

(۴)

سپریم کورٹ کے ججوں کے لئے عہد کا فارم :—

"میں ، الف، ب، جسے ہند کے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس (یا جج) کے عہدے" پر مقرر کیا گیا ہے ، سچے دل سے اور سنجیدگی کے ساتھ وعدہ کرتا ہوں اور اقرار کرتا ہوں کہ میں ہند کے دستور کا ، جو قانون کی رو سے رائج کیا گیا ہے ، سچائی سے وفا دار اور فرمان بردار رہوں گا ، اور جہاں تک ممکن ہوگا اپنے علم ، قابلیت اور سوجھ بوجھ کو کام میں لاتے ہوئے ، بغیر کسی رو رعایت یا لاگ لگاؤ کے انجام دوں گا ، اور دستور اور قانون کے وقار کو قائم رکھوں گا ۔"

(۵)

پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں جن ریاستوں کا اس وقت ذکر کیا گیا ہے ان کے وزیروں کے لئے عہد کا فارم :—

"میں ، الف، ب، سچے دل سے اقرار کرتا ہوں (یا قسم کھاتا ہوں) کہ میں ہند کے دستور کا، جو قانون کی رو سے رائج کیا گیا ہے ، وفا دار اور فرمان بردار رہوں گا ، اور ریاست .... کے وزیر کی حیثیت سے وفا داری اور دیانت داری کے ساتھ اپنے فرضوں کو انجام دوں گا، اور دستور اور قانون کے بموجب میں ہر قسم کے لوگوں کے ساتھ بغیر کسی رو رعایت یا لاگ لگاؤ کے ٹھیک ٹھیک برتاؤ کروں گا ۔"

(۶)

پہلے شیڈیول کے حصہ ا میں جن ریاستوں کا ذکر کیا گیا ہے ان کے کسی وزیر کے لئے رازداری کے عہد کا فارم :—

"میں ، الف، ب ، سچے دل سے اقرار کرتا ہوں (یا قسم کھاتا ہوں) کہ میں ایسے کسی معاملے کی ، جو ریاست کے وزیر ہونے کی حیثیت سے میرے سامنے غور کے لئے لایا جائے یا جو میرے علم میں آئے ، کسی شخص یا شخصوں کو براہ راست یا بالواسطہ نہ خبر دوں گا اور نہ اسے ظاہر کروں گا ، اور کروں گا تو صرف

365

اس صورت میں کہ وزیر ہونے کی حیثیت سے مجھے اپنے فرضوں کو صحیح طور پر انجام دینے میں کرنا پڑے یا جب گورنر خاص طور پر ان کاموں کے سلسلے میں جنہیں وہ اپنے اختیار، تمیزی سے کیا کرتا ہو ، اس کی اجازت دے۔ ،،

(۷)

پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں جن ریاستوں کا اس وقت ذکر ہے ان میں سے کسی کی قانون ساز جماعت کے ممبروں کے لئے عہد کا فارم :—

،، میں ، الف ، ب ، جسے قانون ساز اسمبلی (یا قانون ساز کونسل) کا ممبر منتخب (یا نامزد) کیا گیا ہے، سچے دل سے اور سنجیدگی کے ساتھ وعدہ کرتا ہوں اور اس کا اقرار کرتا ہوں کہ میں ہند کے دستور کا ، جو قانون کی رو سے رائج کیا گیا ہے، وفا دار اور فرمان بردار رہوں گا ، اور اس فرض کو جو میرے سپرد کیا جانے والا ہے دیانت داری سے انجام دوں گا ۔،،

(۸)

ہائی کورٹ کے ججوں کے لئے عہد کا فارم :—

،،میں ، الف ، ب ، جسے ریاست ...... کے ہائی کورٹ کے چیف جسٹس (یاجج) کے عہدے پر مقرر کیا گیا ہے سچے دل سے اور سنجیدگی کے ساتھ وعدہ کرتا ہوں اور اس کا اقرار کرتا ہوں کہ میں ہند کے دستور کا ، جو قانون کی رو سے رائج کیا گیا ہے ، وفا دار اور فرمان بردار رہوں گا ، اور اپنے عہدے کے فرضوں کو ٹھیک ٹھیک اور صحیح طور پر جہاں تک ممکن ہو اپنے علم ، قابلیت اور سوجھ بوجھ کو کام میں لاتے ہوئے ، بغیر کسی رو رعایت یا لاگ لگاؤ کے انجام دوں گا اور دستور اور قانون کے وقار کو قائم رکھوں گا ۔،،

366

چوتھا شیڈیول

[دفعہ ۱۴۴ (۴)]

پہلے شیڈیول کے حصہ میں جن ریاستوں کا ذکر ہے ان کے گورنروں کے لئے ہدایتیں

۱ اگر عبارت سے کوئی دوسرا مطلب نہ نکلتا ہو تو ان ہدایتوں میں لفظ "گورنر" سے مراد ہر وہ شخص ہوگا جو اس دستور کے قاعدوں کے بموجب گورنر کے فرض انجام دے رہا ہو -

۲ — گورنر اپنی کونسل کے وزیر مقرر کرنے کے لئے نیچے لکھے ہوئے طریقے پر عمل کرنے کی پوری کوشش کرے گا - وہ ایسے شخص سے مشورہ کرکے، جس کے بارے میں اسے خیال ہو کہ وہ قانون ساز جماعت میں دوسروں کے مقابلے میں ممبروں کی زیادہ پائدار اکثریت حاصل کر سکے گا، ان لوگوں کو وزیر مقرر کرے گا جو مجموعی طور پر قانون ساز جماعت کا اعتماد حاصل کر سکتے ہوں، اور ان میں، جہاں تک قابل عمل ہوگا، اہم اقلیتوں کے ممبروں کو شامل کرے گا، اور اس معاملے میں وہ ہمیشہ اسکا لحاظ رکھے گا کہ وزیروں کے درمیان مشترک ذمہ داری کا احساس ترقی پاتا رہے -

۳ — ان کاموں کے سوا جنہیں گورنر اس دستور کے ذریعے یا اس کے ماتحت اپنے اختیار تمیزی سے انجام دے سکتا ہے، وہ اُن سب معاملوں میں، جو ریاست کے عاملانہ اقتدار میں ہوں، ان اختیاروں سے کام لیتے وقت جو اس کے سپرد کئے گئے ہیں، ہمیشہ اپنے وزیروں کی رائے پر چلا کرے گا -

۴ — گورنر حکومت کے انتظام کا اونچا معیار قائم رکھنے، اور اخلاقی، سماجی، اور معاشی بہبودی اور آبادی کے ہر طبقے کے لوگوں کو ریاست کی پبلک زندگی اور حکومت کے کاموں میں پوری طرح حصہ لینے کے اہل بنانے کی تمام تدبیروں کو کامیاب کرنے کی کوشش کرے گا، اور ہر طبقے اور فرقے کے لوگوں کے درمیان اتحاد عمل، آپس کی خیر خواہی اور ایک دوسرے کے مذہبی عقیدوں اور خیالات کا احترام پیدا کرنے کی ہر ممکن کوشش کرے گا -

پانچواں شیڈیول

[دفعہ ۱۸۹ (الف) اور ۱۹۰ (۱)]

شیڈیولی رقبوں اور شیڈیولی قبیلوں کے انتظام اور بندوبست کے لئے قاعدے

حصہ ۱ — عام باتیں

۱-شیڈیولی رقبوں میں ریاست کا عاملانہ اختیار - اس شیڈیول کی تجویزوں کا لحاظ رکھتے ہوئے کسی ایسی ریاست کے ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۱ میں ہے ، عاملانہ اختیار کا پھیلاؤ ان شیڈیولی رقبوں تک ہو گا جو اس ریاست میں ہوں -

۲- شیڈیولی رقبوں کے انتظام کے بارے میں ہند سرکار کو گورنر کی رپورٹ - جس ریاست میں شیڈیولی رقبے ہوں اس کا گورنر ان رقبوں کے انتظام کی بابت ہر سال یا جب کبھی ہند سرکار طلب کرے ، اس کے پاس رپورٹ بھیجا کرے گا ، اور یونین کے عاملانہ اختیار میں یہ بھی داخل ہوگا کہ ریاست کو ان رقبوں کے انتظام کی بابت ہدایت دے -

حصہ ۲—مدراس ، بمبئی ، پچھمی بنگال ، بہار ، مدھیہ پرانت اور برار اور اوڑیسہ کی ریاستوں کے لئے قاعدے -

۳ - حصہ ۲ کا عمل - اس حصے کے قاعدوں کا عمل مدراس ، بمبئی ، پچھمی بنگال ، بہار ، مدھیہ پرانت اور برار اور اڑیسہ کی ریاستوں پر ہو گا -

۴-قبیلوں کی مشاورتی کونسل - (۱) اس دستور کے جاری ہونے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو مدراس ، بمبئی ، پچھمی بنگال ، بہار ، مدھیہ پرانت اور برار اور اڑیسہ کی ریاستوں میں قبیلوں کی ایک ایک مشاورتی کونسل مقرر کی جائے گی ، جس میں کم سے کم دس اور زیادہ سے زیادہ ۲۵ ممبر ہوں گے اور جہاں تک ہو سکے گا ان کونسلوں کے تین چوتھائی ممبر ایسے لوگ ہوں گے جو ریاست کی اسمبلی میں شیڈیولی قبیلوں کی طرف سے منتخب ہوئے ہوں -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

368

(۲) قبیلوں کی مشاورتی کونسل کا عام طور پر یہ فرض ہوگا کہ وہ ریاستی سرکار کو ریاست کے شیڈیولی رقبوں کے انتظام اور شیڈیولی قبیلوں کی بہبودی کے بارے میں مشورہ دے -

(۳) گورنر کو اختیار ہوگا کہ نیچے لکھے ہوئے معاملوں کے لئے حکم جاری کرے یا ضابطے بنائے :-

(الف) کونسل کے ممبروں کی تعداد، اور ان کے صدر اور دوسرے عہدہ داروں اور نوکروں کو مقرر کرنے کے طریقے ؛

(ب) کونسل کے جلسوں کی کارروائی اور اس کے عام ضابطے ؛

(پ) ریاست کے مقامی اداروں اور عہدہ داروں سے کونسل کے رشتے ؛ اور

(ت) باقی تمام ضمنی باتیں -

۵-قانون جس کا عمل شیڈیولی رقبوں پر ہوگا--(۱) اگر قبیلوں کی مشاورتی کونسل ریاست کے گورنر کو مشورہ دے تو اسے اختیار ہوگا کہ ایک عام سرکاری اطلاع کے ذریعے یہ ہدایت دے کہ پارلیمنٹ یا ریاست کی قانون ساز جماعت کے کسی خاص ایکٹ کا ریاست کے کسی شیڈیولی رقبے یا اس کے کسی حصے پر عمل نہ ہوگا اور ہوگا تو ان باتوں کو چھوڑ کر یا ان تبدیلیوں کے ساتھ ہوگا جن کو گورنر کونسل کی رضامندی سے اس اطلاع میں صاف صاف بیان کر دے -

لیکن اگر کوئی ایسا ایکٹ نیچے لکھے ہوئے معاملوں میں سے کسی کے بارے میں ہو تو گورنر اس قسم کی ہدایت قبیلوں کی مشاورتی کونسل کے مشورہ کے بعد ہی دے سکے گا :-

(الف) شادی بیاہ ؛

(ب) ملکیت کی وراثت ؛

(پ) قبیلوں کی سماجی رسمیں ؛

(ت) ان زمینوں کے سوا جو ایکٹ جنگلات ہند سنہ ۱۹۲۷ع کے ماتحت محفوظ جنگل قرار دی گئی ہیں ، یا اور کسی قانون کے ماتحت جو اس وقت کسی زیر بحث رقبے میں نافذ ہو ،

زمین ، کاشت کاروں کے حق ، زمینوں کا دیا جانا یا کسی خاص غرض کے لئے زمین کا مخصوص کرنا ؛

(ت) گاؤں کے انتظام سے متعلق کوئی معاملہ ، جس میں گاؤں پنچایتوں کا قائم کرنا بھی شامل ہو گا -

(۲) گورنر ریاستی قبیلوں کی مشاورتی کونسل سے مشورے کے- بعد کسی شیڈیولی رقبے کے ایسے معاملے کی بابت جس کے لئے اس رقبے میں کوئی قانون رائج نہ ہو ، ضابطے بنا سکتا ھے -

(۳) گورنر ریاست کے کسی شیڈیولی رقبے میں ایسے مقدمے کرنے کے لئے ضابطے بنا سکتا ھے جو ان جرموں کے متعلق ھوں جن کے لئے موت کی سزا ، یا عمر قید ، یا پانچ سال یا اس سے زیادہ مدت کی سزا نہ دی جا سکتی ھو ، اور وہ ایسے جھگڑوں کے لئے بھی ضابطے بنا سکتا ھے جو ان قانونوں کے علاوہ کسی قانون سے پیدا ھوں جن کی تعریف ان ضابطوں میں کردی گئی ھو ، اور وہ ضابطے بنا کر مکھیاؤں یا پنچایتوں کو ان رقبوں میں اس قسم کے مقدموں کا فیصلہ کرنے کا اختیار دے سکتا ھے -

(۴) جب گورنر ان ضابطوں کو جاری کرے جو اس پارے کے ماتحت بنائے جائیں تو ان کا زور اور اثر وھی ھوگا جو اس ریاست کی قانون ساز جماعت کے ایسے قانون کا ھوتا جسے یہ جماعت اس رقبے کے لئے ان اختیاروں کی بنا پر بناتی جو اسے اس دستور کے ذریعے ملے ھیں -

۶—شیڈیولی رقبوں میں زمینوں کا غیر قبائلی لوگوں کو منتقل کرنا اور انہیں یہ زمینیں دینا - (۱) شیڈیولی رقبوں کے کسی شخص کے لئے یہ جائز نہ ہو گا کہ وہ شیڈیولی رقبے کی کسی زمین کو ایسے شخص کے نام منتقل کرے جو خود شیڈیولی قبیلے کا نہیں ھے -

(۲) شیڈیولی رقبے کی کوئی زمین ، جس کا انتظام اس ریاست کے سپرد ھے جس میں یہ رقبہ ھے ، اس شخص کو جو کسی شیڈیولی قبیلے کا نہیں ھے ، صرف ان قاعدوں کے بموجب دی جائے گی یا اس کے متعلق کوئی معاملہ کیا جائے گا جنھیں گورنر ریاستی قبیلوں کی مشاورتی کونسل کے مشورے سے اس کے لئے بنائے -

۷—شیڈیولی رقبوں میں ساھوکارے کے قاعدے - اگر گورنر کو ریاستی قبیلوں کی مشاورتی کونسل اس کا مشورہ دے تو وہ ایک عام اعلان جاری کر کے یہ حکم

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

دے سکتا ہے کہ کوئی شخص ریاست کے شیڈیولی رقبے میں اس وقت تک لین دین نہ کر سکے گا جب تک کہ وہ اس لائسنس کی شرطوں کی پوری پابندی نہ کرے جو ریاستی سرکار کی طرف سے کسی بااختیار حاکم نے اسے دیا ہو اور گورنر کے حکم میں یہ بھی بتا دیا جائے گا کہ ان شرطوں کو توڑنا جرم ہے اور اس جرم کی کیا سزا ہوگی -

۸- شیڈیولی رقبوں کی آمدنی اور خرچ کا تخمینہ سالانہ بجٹ میں الگ دکھایا جائے - اس دستور کی دفعہ ۱۷۷ کے ماتحت ریاست کی قانون ساز جماعت کے سامنے ریاست کا جو سالانہ بجٹ رکھا جائے ، اس میں یہ الگ دکھایا جائے گا کہ ریاست کے شیڈیولی رقبے کی کتنی آمدنی ریاست کی آمدنی میں جمع ہوگی اور اس میں سے کتنا خرچ کیا جائے گا -

۹- شیڈیولی رقبوں کے علاوہ دوسرے رقبوں پر اس حصے کا عمل - (۱) گورنر کسی وقت بھی ایک عام اطلاع جاری کرکے ہدایت دے سکتا ہے کہ اس حصے کے تمام قاعدوں یا اس کے کسی قاعدے کا ، اس تاریخ سے جو اطلاع میں بتائی گئی ہو اور اس کے بعد ، ریاست کے کسی ایسے رقبے میں جو شیڈیولی رقبہ تو نہ ہو مگر جہاں شیڈیولی قبیلوں کے لوگ آباد ہوں ، اسی طرح عمل ہوگا جیسے کہ ریاست کے کسی شیڈیولی رقبے میں ہوتا ہے ، اور اس اطلاع کا شایع ہونا ہی اس کا پورا ثبوت ہوگا کہ اس دوسرے رقبے میں بھی ان قاعدوں پر عمل ہو رہا ہے -

(۲) گورنر اسی طرح کی ایک اطلاع جاری کرکے ہدایت دے سکتا ہے کہ اس حصے کے تمام قاعدوں یا کسی قاعدے کا عمل ، اس تاریخ سے جو اطلاع میں بتادی گئی ہو اور اس کے بعد ، ریاست کے ایسے کسی رقبے میں ختم ہو جائے گا جس کی بابت اس پارے کے ضمن ۱ کے ماتحت اطلاع دی جا چکی ہو -

حصہ ۳ — ریاست صوبہ متحدہ کے لئے قاعدے

۱۰- حصہ ۳ کا عمل - اس حصے کے قاعدوں کا عمل صرف ریاست صوبہ متحدہ میں ہوگا -

۱۱- شیڈیولی رقبوں کی مشاورتی کونسل - (۱) اس دستور کے جاری ہونے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو گورنر ایک حکم کے ذریعے اس ریاست کے لئے

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

شیڈیولی رقبوں کی ایک مشاورتی کمیٹی مقرر کرے گا جس کے دو تہائی ممبر شیڈیولی قبیلوں کے لوگ ہونگے - اس حکم میں کمیٹی کی بناوٹ ، اس کے اختیار اور ضابطے مقرر کئے جائیں گے ، اور اس میں ایسے ضمنی اور ذیلی قاعدے بھی ہوں گے جنہیں گورنر ضروری یا مناسب سمجھے -

(۲) شیڈیولی رقبوں کی مشاورتی کمیٹی کا فرض ہوگا کہ وہ ریاستی سرکار کو ان باتوں میں مشورہ دے جن کا تعلق ریاست کے شیڈیولی رقبوں کی ترقی سے ہو -

۱۲- <u>گورنر کو بعض معاملوں کے لئے ضابطے بنانے کا اختیار</u> - (۱) گورنر ریاست کے کسی شیڈیولی رقبے میں ایسے مقدمے کرنے کے لئے ضابطے بنا سکتا ہے جو ان جرموں کے متعلق ہوں جن کے لئے موت کی سزا، یا عمر قید ، یا پانچ سال یا اس سے زیادہ مدت کی سزا نہ دی جاسکتی ہو ، اور اس قسم کے دعووں اور چھوٹی مالیت کے مقدموں کے لئے بھی ، جن کا ذکر ان ضابطوں میں ہو ، قاعدے بنا سکتا ہے اور وہ ایسے ضابطوں کے ذریعے مکھیاؤں یا پنچایتوں کو ان رقبوں میں اس قسم کے مقدموں کا فیصلہ کرنے کا اختیار دے سکتا ہے -

(۲) گورنر کو اختیار ہوگا کہ ضابطے بنا کر اس کی مناہی کر دے کہ ریاست کے کسی شیڈیولی رقبے کی زمین کو شیڈیولی قبیلوں کا کوئی شخص ایسے شخص کو منتقل کرے جو شیڈیولی قبیلے کا نہ ہو -

(۳) جب گورنر ان ضابطوں کو جاری کرے جو اس پارے کے ماتحت بنائے جائیں ، تو ان کا زور اور اثر وہی ہوگا جو اس ریاست کی قانون ساز جماعت کے ایسے قانون کا ہوتا جسے یہ جماعت اس رقبے کے لئے ان اختیاروں کی بنا پر بناتی جو اسے اس دستور کے ذریعے ملے ہیں -

۱۳- <u>شیڈیولی رقبوں کی آمدنی اور خرچ کا تخمینہ سالانہ بجٹ میں الگ دکھایا جائے</u> - اس دستور کی دفعہ ۱۷۷ کے ماتحت ریاست کی قانون ساز جماعت کے سامنے ریاست کا جو سالانہ بجٹ رکھا جائے اس میں یہ الگ دکھایا جائے گا کہ ریاست کے شیڈیولی رقبے کی کتنی آمدنی ریاست کی آمدنی میں جمع ہوگی اور اس میں سے کتنا خرچ کیا جائے گا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

372

حصہ ۴ — ریاست مشرقی پنجاب کے لئے قاعدے

۱۴ — حصہ ۴ کا عمل - اس حصے کے قاعدوں کا عمل صرف مشرقی پنجاب کی ریاست میں ہو گا -

۱۵ — شیڈیولی رقبوں کی مشاورتی کمیٹی کا مقرر ہونا - (۱) اس دستور کے جاری ہونے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو گورنر ایک حکم کے ذریعے اس ریاست کے لئے شیڈیولی رقبوں کی ایک مشاورتی کمیٹی مقرر کرے گا جس کے دو تہائی ممبر شیڈیولی قبیلوں کے لوگ ہونگے - اس حکم میں کمیٹی کی بناوٹ ، اختیار اور ضابطے مقرر کئے جائیں گے ، اور اس میں ایسے دوسرے ضمنی اور ذیلی قاعدے بھی ہوں گے جنھیں گورنر ضروری یا مناسب سمجھے -

(۲) شیڈیولی رقبوں کی مشاورتی کمیٹی کا فرض ہو گا کہ وہ ریاستی سرکار کو ان باتوں میں مشورہ دے جن کا تعلق ریاست کے شیڈیولی رقبوں کے انتظام سے ہو -

۱۶ — پارلیمنٹ یا ریاستی قانون ساز جماعت جو قانون بنائے ان کا شیڈیولی رقبوں پر عمل - گورنر کو اختیار ہو گا کہ ایک عام اطلاع کے ذریعے یہ ہدایت دے کہ پارلیمنٹ یا ریاست کی قانون ساز جماعت کے کسی ایکٹ کا ریاست کے کسی شیڈیولی رقبے یا اس کے کسی حصے پر اطلاق نہ ہو گا یا ان باتوں کو چھوڑ کر یا ان تبدیلیوں کے ساتھ ہو گا جو گورنر اس اطلاع میں صاف صاف بیان کر دے -

۱۷ — گورنر کا ضابطہ بنانے کا اختیار — (۱) گورنر ریاست کے کسی شیڈیولی رقبے میں ایسے مقدمے کرنے کے لئے ضابطے بنا سکتا ھے جو ان جرموں سے متعلق ھوں جن کے لئے موت کی سزا ، یا عمر قید ، یا پانچ سال یا اس سے زیادہ مدت کی سزا نہ دی جا سکتی ہو ، اور اس قسم کے دعووں اور چھوٹی مالیت کے مقدموں کے لئے بھی جلکا ذکر ان ضابطوں میں ہو ، قاعدے بنا سکتا ھے ، اور وہ ایسے ضابطوں کے ذریعے مکھیاؤں یا پنچایتوں کو ان رقبوں میں اس قسم کے مقدموں کا فیصلہ کرنے کا اختیار بھی دے سکتا ھے -

373

(٢) گورنر کو اختیار ہو گا کہ ضابطے بنا کر اس کی مناہی کر دے کہ ریاست کے کسی شیڈیولی رقبے کی زمین کو شیڈیولی قبیلوں کا کوئی شخص کسی ایسے شخص کو منتقل کرے جو شیڈیولی قبیلوں کا نہ ہو -

(٣) اس پارے کے ماتحت بنائے ہوئے ضابطوں کو گورنر جاری کرے تو اُن کا زور اور اثر وہی ہو گا جو اس ریاست کی قانون ساز جماعت کے ایسے قانون کا ہوتا جسے یہ جماعت ان اختیاروں کی بنا پر بناتی جو اسے اس دستور کی رو سے ملے ہوں -

حصہ ٥ — شیڈیولی رقبے

١٨- شیڈیولی رقبے — (١) اس دستور کے اعتبار سے وہ علاقے شیڈیولی رقبے سمجھے جائیں گے جن کی تفصیل نیچے کی فہرست کے حصہ ١ تا ٧ میں دی گئی ہے اور اس فہرست میں کسی ڈیویژن ، ضلع ، انتظامی رقبے ، تحصیل یا زمینداری کا جو حوالہ ہے اُس سے وہی ڈیویژن ، ضلع ، انتظامی رقبے ، تحصیل یا زمینداری مراد لی جائے گی جو اس دستور کے جاری ہونے کی تاریخ پر موجود تھی -

(٢) پریزیڈنٹ کسی وقت بھی حکم جاری کر کے

(الف) یہ ہدایت کرسکتا ہے کہ کسی شیڈیولی رقبے کو یا اسکے کسی حصے کو اب شیڈیولی رقبہ یا اس کا حصہ نہ مانا جائے ؛

(ب) کسی شیڈیولی رقبے کی حدوں میں تبدیلی کر سکتا ہے، مگر صرف اتنی جتنی کہ حد بندی کو درست کرنے کے لئے ضروری ہو ؛

(پ) پہلے شیڈیول کے حصہ ١ میں جن ریاستوں کا ذکر ہے ان کی حدوں میں تبدیلی ہونے پر ، یا اس شیڈیول کے حصہ ١ میں کسی نئی ریاست کے شامل ہونے پر جو یونین میں داخل ہوئی ہو یا پارلیمنٹ کے کسی قانون کے ذریعے بنائی گئی ہو ، کسی علاقے کو جو اس ریاست میں شامل نہ تھا ، شیڈیولی رقبہ یا اس کا حصہ ہونے کا اعلان کرسکتا ہے ،

اور ایسے حکم میں وہ ذیلی یا ضمنی قاعدے بھی شامل کئے جا سکتے ہیں جنھیں پریزیڈنٹ ضروری اور مناسب سمجھے -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

فہرست

(۱) مدراس

لکادیپ جزیرے (جن میں جزیرہ میلی کائے شامل ہے) اور امین دیوی جزیرے -

پوربی گوداوری ایجنسی اور وزیگاپٹم ایجنسی کا وہ حصہ جو حکومت ہند کے اوڑیسہ آرڈر سنہ ۱۹۳۶ع کے بموجب صوبہ اڑیسہ کو منتقل نہیں کیا گیا ہے –

(۲) بمبئی

پچھمی خاندیس ضلع میں: نواپور پیٹھا، اکرانی محال اور وہ گاؤں جو نیچے لکھے ہوئے مہواسی سرداروں کی ملکیت ہیں:—

(۱) کتھی کے پاروی، (۲) نل کے پاروی، (۳) سنگپور کے پاروی، (۴) گوھاتی کے والوی، (۵) چکھلی کاوساوا، اور (۶) ناولپور کے پاروی -

پوربی خاندیس ضلع میں: ست پڑا پہاڑوں کے محفوظ جنگلات –

ضلع ناسک میں: کلون تعلقہ ور پینٹھ پیٹا –

ضلع تھانہ میں: تھانو اور شاہ پور کے تعلقے اور موکھاڑا پیٹا اور عنمر گاؤں پیٹا –

(۳) صوبہ متحدہ

ضلع دیرہ دون کا جونسر باور پرگنہ –

ضلع مرزاپور کا وہ حصہ جو کیمور پہاڑی کے دکھن میں ہے –

(۴) مشرقی پنجاب

ضلع کانگڑہ میں سپیتی اور لاھول –

(۵) بہار

رانچی اور سنگبھوم کے ضلعے، اور چھوٹا ناگپور ڈیویژن کے ضلع پالامئو کا لاتے ھار سب ڈیویژن –

گوڈا اور دیوگڈھ کے سب ڈیویژنوں کو نکال کر سنتھال پرگنوں کا ضلع –

(٦) صوبہ متوسط ہند اور برار

ضلع چاندہ میں تحصیل سرونچا کی اھیری زمینداری ، اور تحصیل گڑھ چرولی میں دھلورا ، دودھ مالا ، گے وردھا ، جھرا پاپڑا ، کھٹگانون ، کوٹگال ، مرم گانوں ، پس گڈھہ ، رنگی ، سرسنڈی ، سونسری ، چنڈالا ، گل گانوں ، پائی مرانڈہ اور پوٹے گانوں کی زمینداریاں ۔

ضلع چلداوڑہ میں ھر رئی ، گورک گھاٹ ، گوڑیانی ، بٹکا گڈھہ ، بردا گڈھہ ، پرتاب گڈھہ (پرگنہ) ، السود اور سونپور جاگیریں ۔

ضلع منڈالا ۔

ضلع بلس پور کی پینڈرھرا ، کیندا ، ماتن ، لافا ، اوپروڑا ، چھری ، اور کوریا کی زمینداریاں ۔

ضلع درگ کی اوندھی ، کوراچا ، پانابارس اور امباگڈہ چوکی کی زمینداریاں ۔

ضلع بالا گھاٹ کی تحصیل بے ھر ۔

ضلع امراؤتی کا میل گھاٹ تعلقہ ۔

ضلع بیتول کی تحصیل بھیں سیدھی ۔

(٧) اڑیسہ

گنجم ایجنسی کا علاقہ جس میں کھونڈ مال بھی شامل ہے ۔

ضلع کراپٹ ۔

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

376

چھٹا شیڈیول

[دفعہ ۱۸۹ (ب) اور ۱۹۰ (۲)]

آسام کے قبائلی علاقوں کے انتظام کے قاعدے

۱— خود مختار ضلعے اور خود مختار خطے — (۱) اس شیڈیول کے پارا ۱۹ کے ساتھ جو فہرست دی ہوئی ہے اسکے حصہ ۱ کی ہر مد میں جن قبائلی رقبوں کا اس وقت ذکر ہے وہ سب خود مختار ضلع ہو جائیں گے -

(۲) اگر کسی خود مختار ضلع میں مختلف شیڈیولی قبیلے آباد ہوں تو گورنر کو اختیار ہو گا کہ عام اعلان کے ذریعے اس رقبے یا رقبوں کو جن میں وہ بستے ہوں خود مختار خطوں میں بانٹ دے -

(۳) گورنر کو اختیار ہو گا کہ عام اعلان کے ذریعے -

(الف) کسی رقبے کو اس فہرست کے حصہ ۱ میں شامل کردے ؛

(ب) کوئی نیا خود مختار ضلع بنا دے ؛

(پ) کسی خود مختار ضلع کے رقبے کو بڑھا دے ؛

(ت) کسی رقبے کو اس فہرست کے حصہ ۱ سے نکال دے ؛

(ٹ) کسی خود مختار ضلع کا رقبہ گھٹا دے ؛

مگر گورنر اس ضمنی پارے کے فقرہ (ب) یا فقرہ (پ) کے ماتحت کوئی حکم نہیں دے گا جب تک کہ وہ ایسے کمیشن کی رپورٹ پر غور نہ کر لے جو اس شیڈیول کے پارا ۱۴ کے ضمنی پارا (۱) کے ماتحت مقرر کیا گیا ہو ؛

یہ بھی شرط ہے کہ گورنر اس ضمنی پارے کے فقرہ (ت) یا فقرہ (ٹ) کے ماتحت کوئی حکم نہیں دے گا جب تک کہ اس کی بابت خود اس ضلع کی ضلع کونسل ایک تجویز پاس نہ کر دے -

۲— ضلع اور خطے کی کونسلوں کی بناوٹ - (۱) ہر خود مختار ضلع کے لئے ایک ضلع کونسل ہو گی جس کے ممبر بیس سے کم اور چالیس سے زیادہ نہ ہوں گے ، اور جس کے کم سے کم تین چوتھائی ممبر بالغوں کی رائے دہی کے اصول پر چنے جائیں گے -

(۲) چناؤ کے علاقہ واری حلقوں کی حد بندی اس طرح کی جائے گی کہ جہاں تک ہو سکے وہ رقبے جن میں ضلع کے مختلف شیڈیولی قبیلے بستے ہوں، اور ایسے رقبے جن میں غیر قبائلی لوگ بستے ہوں، الگ الگ انتخابی حلقے بن جائیں ؛

مگر کوئی ایسا حلقہ نہیں بنایا جائے گا جس کی کل آبادی پانچ سو سے کم ہو -

(۳) ہر اس خطے کے لئے جس کو اس شیڈیول کے پارا ۱ کے ضمنی پارا (۲) کے بموجب ایک خود مختار خطہ بنایا گیا ہو، ایک الگ خطہ کونسل ہو گی -

(۴) ہر ضلع کونسل اور ہر خطہ کونسل قانونی شخصیت رکھنے والی جماعت ہو گی، اور ان دونوں کے نام ترتیب وار "(ضلع کا نام) ضلع کونسل" اور "(خطہ کا نام) خطہ کونسل" ہوں گے، ان کا سلسلہ برابر قائم رہے گا اور ان کی ایک سرکاری مہر ہو گی اور وہ اپنے نام سے خود مقدمہ دائر کرسکیں گی اور ان پر مقدمہ چلایا جا سکے گا -

(۵) اس شیڈیول کی دفعوں کے ماتحت ہر خود مختار ضلع کا انتظام ضلع کونسل کے سپرد کیا جائے گا ، جہاں تک کہ اس شیڈیول کے ماتحت وہ ضلع کی کسی خطہ کونسل کے سپرد نہ کیا گیا ہو، اور خود مختار خطے کا انتظام خطہ کونسل کو سونپا جائے گا -

(۶) کسی ایسے خود مختار ضلع میں جہاں خطہ کونسلیں ہوں ، ضلع کونسل کو ، ان اختیاروں کے علاوہ جو اسے اس شیڈیول کے ذریعے ملے ہوں، ان رقبوں کے متعلق جو خطہ کونسلوں کے ماتحت ہیں ، صرف وہی اختیار حاصل ہوں گے جو خطہ کونسل اس کے سپرد کر دے -

(۷) ضلع کونسلوں اور خطہ کونسلوں کے پہلے دستور کے لئے ان موجودہ قبائلی کونسلوں یا دوسرے نمائندہ قبائلی اداروں سے مشورے کرنے کے بعد ، جو ان خود مختار ضلعوں اور خطوں میں ہوں، گورنر قاعدے بنائے گا اور ان قاعدوں میں نیچے لکھی ہوئی باتوں کا بندوبست کرے گا :-

(الف) ضلع کونسلوں اور رقبہ کونسلوں کی بناوٹ اور ان کی نشستوں کی تقسیم ؛

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

378

(ب) ان کونسلوں کے چناؤ کے لئے علاقہواری حلقوں کی حد بندی ؛

(پ) ایسے چناؤ میں ووٹ دینے کی قابلیت اور رائے دینے والوں کی فہرست کی تیاری ؛

(ت) ان کونسلوں کے ممبروں کے چناؤ میں انتخاب کی شرطیں ؛

(ٹ) کوئی اور معاملہ جو ان کونسلوں کے لئے چناؤ یا نامزدگی سے تعلق رکھتا ہو ؛

(ث) ضلع اور خطہ کونسلوں میں کارروائی کا ضابطہ اور طریقہ ؛

(ج) ضلع اور خطہ کونسلوں کے عہدہ داروں اور عملے کا تقرر -

(۸) پہلی مرتبہ قائم ہونے کے بعد ضلع یا خطہ کونسل مجاز ہوگی کہ ان باتوں کے متعلق قاعدے بنائے جن کا ذکر اس پارے کے ضمنی پارا ۷ میں کیا گیا ہے، اور اس کی بھی مجاز ہوگی کہ نیچے لکھی ہوئی باتوں کے لئے ضابطے بنائے :-

(الف) ماتحت مقامی کونسلوں اور بورڈوں کا قیام اور ان کے ضابطے اور کارروائی کے طریقے ؛ اور

(ب) عام طور پر وہ سب باتیں جن کا تعلق ضلع یا خطے کے انتظامی معاملوں کو انجام دینے سے ہو ؛

مگر جب تک اس ضمنی پارے کے ماتحت ضلع یا خطہ کونسل قاعدے نہ بنا لے اس وقت تک وہی قاعدے جاری رہیں گے جنھیں گورنر نے اس پارے کے ضمنی پارا (۷) کے ماتحت ہر ایسی کونسل کے چناؤ، اس کے عہدہداروں اور عملے کو مقرر کرنے اور اسکے ضابطے اور کارروائی کے طریقوں کے لئے بنایا ہو -

اسی کے ساتھہ میکیر اور دکھنی کچھار پہاڑیوں کا ڈپٹی کمشنر یا سب ڈیویژنل افسر (جیسی بھی صورت ہو) ان علاقوں کے لئے جو اس شیڈیول کے پارا ۱۹ کی فہرست کے حصہ ا کی مد ۵ اور ۶ میں ترتیبوار درج ہیں ، اپنے عہدے کے اعتبار سے ضلع کونسل کا صدر ہو گا ، اور ضلع کونسل کے پہلی مرتبہ قائم ہونے کے بعد چھہ سال تک گورنر کی نگرانی میں اس کو یہ اختیار ہو گا کہ وہ ضلع کونسل کی کسی تجریز یا فیصلے کو رد کر دے یا اس میں ترمیم کر دے یا

ضلع کونسل کو ایسی ہدایتیں دے جنہیں وہ مناسب سمجھے، اور ضلع کونسل پر لازم ہو گا کہ ایسی ہدایتوں پر عمل کرے -

۳ - ضلع اور خطہ کونسلوں کے قانون بنانے کے اختیار - (۱) کسی خود مختار خطے کی خطہ کونسل کو سب رقبوں کے لئے جو اس خطے میں ہوں ، اور کسی خود مختار ضلع کی ضلع کونسل کو ، ان رقبوں کو چھوڑ کر جو خطہ کونسلوں کے اختیار میں ہوں ، ضلع کے باقی سب رقبوں کے لئے ، نیچے لکھی ہوئی باتوں کے متعلق قانون بنانے کا اختیار ہو گا :-

(الف) ایسی زمین کی، جو جنگل کے لئے محفوظ نہ کر دی گئی ہو، تقسیم، اس پر دخل، یا اسے کام میں لانا یا اس کے کسی حصے کو جوتنے ، بونے یا چرائی یا مکان بنانے یا دوسرے غیر زرعی مقصدوں کے لئے یا کسی دوسرے مقصد کے لئے الگ کر دینا، جس میں کسی گاؤں یا شہر کے بسنے والوں کی بہبودی ہو ؛

مگر ایسے قانون کا کوئی حصہ آسام سرکار کو ، اس قانون کے مطابق جو اس وقت زمین کو حاصل کرنے کا اختیار دیتا ہو ، سرکاری کاموں کے لئے کسی زمین کے جبریہ حاصل کرنے سے نہ روکے گا ، چاہے زمین پر کسی کا دخل ہو یا نہ ہو ؛

(ب) کسی ایسے جنگل کا انتظام جو محفوظ نہ رکھا گیا ہو ،

(پ) جوتنے بونے کی غرض سے کسی نہر یا پانی کے بہاؤ کا انتظام ؛

(ت) جھوم یا اس طرح کی دوسری جگہ بدلنے والی کھیتیوں کے لئے قاعدے بنانا ؛

(ٹ) گاؤں یا قصبہ کمیٹیوں یا کونسلوں کو قائم کرنا اور ان کے اختیاروں کو مقرر کرنا ؛

(ث) کوئی دوسری بات جس کا تعلق گاؤں یا قصبے کے انتظام سے ہو جس میں گاؤں قصبے یا کی پولیس اور عام صحت اور صفائی کا بندوبست بھی شامل ہے ؛

(ج) سرداروں یا مکھیاؤں کا تقرر یا ان کی جانشینی کا انتظام ؛

(چ) جائداد کی وراثت ؛

(ح) شادی بیاہ؛

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(خ) سماجی رسمیں -

(۲) اس بارے میں "محفوظ جنگل" سے مراد کوئی ایسا رقبہ ہے جو آسام فارسٹ ریگولیشن سنہ ۱۸۹۹ع یا کسی قانون کے ماتحت محفوظ جنگل ٹھہرایا گیا ہو جو اس وقت اس رقبے میں نافذ ہو -

۴—خود مختار ضلعوں اور خود مختار خطوں میں عدالت کا انتظام - (۱) کسی خود مختار خطے کی خطہ کونسل کو ، ان رقبوں کے لئے جو اس خطے میں ہوں ، اور کسی خود مختار ضلع کی ضلع کونسل کو ، ان رقبوں کو چھوڑ کر جو خطہ کونسلوں کے اختیار میں ہوں ، ان سب رقبوں کے لئے جو اس ضلع میں ہوں (اگر ایسا کوئی رقبہ ہو) ، اس کا اختیار ہو گا کہ ضلع کے اندر ان تمام معاملوں اور مقدموں کو سننے کے لئے گاؤں کونسلیں یا عدالتیں قائم کرے جن پر اس شیڈیول کے پارا ۵ کے ضمنی پارا (۱) کی دفعوں کا ، یا اس شیڈیول کے پارا ۳ کے ماتحت بنائے ہوئے قانون کا ، اطلاق نہ ہوتا ہو ، اور ایسے مقدموں کو ریاست کی کوئی دوسری عدالت نہیں سن سکے گی - ضلع اور خطہ کونسلوں کو اختیار ہو گا کہ ان کونسلوں کے ممبر یا ان عدالتوں کے حاکموں کو مقرر کرے ، اور سے یہ اختیار بھی ہو گا کہ ان قانونوں کو چلانے کے لئے ، جو اس شیڈیول کے پارا ۳ کے ماتحت بنائے گئے ہوں ، عہدہ دار مقرر کرے -

(۲) کسی ایسی بات کے باوجود جو اس دستور میں ہو ، کسی خود مختار خطے کی خطہ کونسل ، یا کوئی عدالت جسے خطہ کونسل نے اس غرض سے قائم کیا ہو ، یا جو کسی خود مختار ضلع کے کسی ایسے رقبے کے متعلق ہو جہاں خطہ کونسل نہ ہو ، تو اس ضلع کی ضلع کونسل ، یا کوئی عدالت جس کو ضلع کونسل نے اس غرض سے قائم کیا ہو اسے ایسے سب معاملوں اور مقدموں میں جن میں ہر فریق ایسے رقبے یا علاقے والے شیڈیولی قبیلوں کا ہو ، ایک عدالت اپیل کے اختیار حاصل ہوں گے ؛ لیکن یہ ایسے مقدمے نہ سن سکے گی جن پر اس شیڈیول کے پارا ۵ کے ضمنی پارا (۱) کا اطلاق ہوتا ہو ، اور ریاست کی کسی عدالت کو ایسے معاملوں اور مقدموں کے متعلق اپیل سننے کا اختیار نہ ہو گا ، اور اس خطہ یا ضلع کونسل یا عدالت کا فیصلہ قطعی ہو گا -

۵—ضابطہ دیوانی سنہ ۱۹۰۸ع اور ضابطہ فوجداری سنہ ۱۸۹۸ع کے ماتحت خطہ اور ضلع کونسلوں اور بعض عدالتوں اور افسروں کو بعض دعووں اور فوجداری مقدموں کی سماعت کے اختیار دینا - (۱) گورنر مجاز ہو گا کہ ان دیوانی اور فوجداری مقدموں کی سماعت کے لئے ، جو ایسے قانون کی وجہ سے

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

پیدا ہوں جو کسی خود مختار ضلع یا خطے میں جاری ہو یا جسے گورنر نے اس خطے میں نافذ قرار دیا ہو، قانون تعزیرات ہند یا ایسے قانون کے بموجب جو اسوقت اس خطے یا ضلعے میں نافذ ہو، ان فوجداری مقدموں کی سماعت کے لئے جن میں موت، عمر قید یا پانچ سال یا اس سے زیادہ کی قید کی سزا دی جاسکتی ہو، ضلع کونسل یا خطہ کونسل کو ، جسے ایسے ضلع یا خطہ میں اختیار حاصل ہے ، یا ایسی عدالتوں کو جنہیں ضلع کونسل نے قائم کیا ہو ، یا کسی افسر کو جسے گورنر نے اس غرض سے مقرر کیا ہو ، ضابطہ دیوانی سنہ ۱۹۰۸ع یا ضابطہ فوجداری سنہ ۱۸۹۸ع کے ماتحت ، جیسی بھی صورت ہو ، وہ اختیار دے جنہیں وہ مناسب سمجھے ، اور تب یہ کونسل ، عدالت یا عہدہ دار ، ان اختیاروں کو جو اسے ملے ہوں ، کام میں لاکر دیوانی اور فوجداری کے مقدموں کی سماعت کرے گا -

(۲) گورنر مجاز ہو گا کہ اس بارے کے ضمنی پارا (۱) کے ماتحت ضلع کونسل ، خطہ کونسل ، عدالت یا عہدہ دار کو جو اختیار ملے ہوں ان میں سے جس کو چاہے واپس لے لے یا بدل دے -

(۳) سوائے ان صورتوں کے جن کا اس پارے میں خاص طور سے ذکر کر دیا گیا ہے ، ضابطہ دیوانی سنہ ۱۹۰۸ع اور ضابطہ فوجداری سنہ ۱۸۹۸ع کا عمل کسی خود مختار ضلع یا کسی خطہ میں دیوانی یا فوجداری مقدموں کی سماعت پر نہ ہو گا -

۶ - ضلع کونسل کو ابتدائی اسکول وغیرہ قائم کرنے کا اختیار - ہر خود مختار ضلع کی ضلع کونسل مجاز ہو گی کہ ضلع میں ابتدائی اسکول، دواخانے، ھاٹ، کانجی ھوس، گھاٹ اترائی، مچھلی گھاٹ ، سڑکیں اور تری کے راستے قائم کرے یا بنائے یا ان کا انتظام کرے ، اور خاص طور پر وہ یہ بھی طے کر سکے گی کہ ضلع کے ابتدائی اسکولوں میں کس زبان میں اور کس طریقے پر تعلیم دی جائے -

۷ - ضلع اور خطہ فنڈ -(۱) ہر خود مختار ضلع کے لئے ضلع فنڈ، اور ہر خود مختار خطے کے لئے خطہ فنڈ، قائم کیا جائے گا جس میں وہ سب روپیہ جمع کیا جائیگا جسے گا ضلع کے لئے ضلع کونسل، اور خطے کے لئے خطہ کونسل اس

382

دستور کی دفعوں کے مطابق ضلع یا خطے کے انتظام کے سلسلے میں وصول کرے گی -

(۲) ضلع کونسل اور خطہ کونسل مجاز ہو گی کہ ضلع فنڈ یا خطہ فنڈ کے انتظام کے لئے (جیسی بھی صورت ہو) قاعدے بنائے اور انہیں گورنر کی منظوری کے لئے پیش کرے، اور جو قاعدے بنائے جائیں ان میں ضلع یا خطہ فنڈ میں روپیہ جمع کرنے، اس سے روپیہ نکالنے، اس روپیہ کی تحویل اور ان سے متعلق اور ضمنی معاملوں کے بارے میں ضابطے ہوں گے -

۸ - <u>مالگذاری کی تشخیص اور وصولی اور ٹیکس لگانے کے اختیار</u> — (۱) ہر خود مختار خطے کی خطہ کونسل کو ان زمینوں کے بارے میں جو اس خطے میں ہوں، اور ہر خود مختار ضلع کی ضلع کونسل کو، وہ زمینیں چھوڑ کر جن کا تعلق ان خطوں سے ہو جو خطہ کونسلوں کے ماتحت ہوں (اگر کوئی ایسا خطہ ضلع میں ہو)، ضلع کی تمام زمینوں کے بارے میں یہ اختیار ہو گا کہ اپنی زمینوں کی مالگزاری کی تشخیص اور وصولی کے سلسلے میں ان ہی اصولوں پر عمل کرے جن پر اس وقت ریاست آسام میں آسام سرکار عمل کر رہی ہو -

(۲) ہر خود مختار خطے کی خطہ کونسل کو ان رقبوں کے بارے میں جو اس خطے میں ہوں، اور ہر خود مختار ضلع کی ضلع کونسل کو، وہ رقبے چھوڑ کر جو خطہ کونسلوں کے ماتحت ہوں (اگر کوئی ایسا رقبہ ہو)، ضلع کے تمام رقبوں کے بارے میں یہ اختیار ہو گا کہ وہ زمینوں اور عمارتوں پر اور ان شخصوں پر جو ایسے رقبوں کے اندر آباد ہوں ، ٹیکس لگائے اور وصول کرے -

(۳) ہر خود مختار ضلع کی ضلع کونسل کو اختیار ہو گا کہ نیچے لکھے ہوئے ٹیکسوں میں سے سب یا کوئی ٹیکس لگائے اور وصول کرے :-

(الف) پیشوں، بیوپاروں، روزگاروں اور ملازمتوں کا ٹیکس ؛

(ب) جانوروں، گاڑیوں اور کشتیوں کا ٹیکس ؛

(پ) بکری کے ان مالوں کا ٹیکس جو کسی بازار میں لائے جائیں اور ان مسافروں اور مالوں پر ٹیکس جو کشتیوں کے ذریعے لائے جائیں ؛

(ت) اسکولوں ، دواخانوں یا سڑکوں کو قائم رکھنے کا ٹیکس ؛

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(۴) هر خطه کونسل یا ضلع کونسل (جیسی بهی صورت هو) مجاز هو گی که ان تیکسوں میں سے جن کا ذکر اس پارے کے ضمنی پارا (۲) اور (۳) میں کیا گیا هے، کوئی تیکس لگانے اور وصول کرنے کے لئے قاعدے بنائے -

۹ - دهاتوں کے ذخیروں، کو تلاش کرنے اور انهیں کهود کر نکالنے کے لائسنس یا پٹے (۱) آسام سرکار دهاتوں کے ذخیروں کو ایسے رقبوں میں جو کسی خود مختار ضلع میں هوں، تلاش کرنے یا انهیں کهود کر نکالنے کے لئے اس وقت لائسنس یا پٹے نهیں دے گی جب تک که وه اس ضلع کی ضلع کونسل سے مشوره نه کر لے -

(۲) کسی خود مختار ضلع کے کسی رقبے میں دهاتوں کے ذخیروں کو تلاش کرنے یا انهیں کهود کر نکالنے کے لئے جو لائسنس یا پٹے آسام سرکار دے ان کی رائلٹی سے جو سالانه آمدنی هو گی اس کا وه حصه اس ضلع کی کونسل کو دیا جائے گا جو آسام سرکار اور اس کے درمیان طے پائے -

(۳) اگر اس بارے میں کوئی جهگڑا هو که ضلع کونسل کا ایسی رائلٹی میں کتنا حصه هے، تو یه معامله گورنر کے پاس فیصلے کے لئے بهیجا جائے گا اور جو رقم گورنر اپنے اختیار تمیزی سے مقرر کرے وه اس پارے کے ضمنی پارا (۲) کے ماتحت ضلع کونسل کو واجب الادا سمجهی جائے گی، اور گورنر کا فیصله قطعی هو گا -

۱۰ - غیر قبائلیوں کے ساهوکارے اور بیوپار کی نگرانی کے لئے ضلع کونسل کو قاعدے بنانے کا اختیار - (۱) کسی خود مختیار ضلع کی ضلع کونسل مجاز هو گی که اس ضلع کے اندر ان شخصوں کے ساهوکارے یا بیوپار کی نگرانی کے لئے قاعدے بنائے جو اس ضلع کے شیڈیولی قبیلوں میں سے نه هوں -

(۲) ان قاعدوں میں

(الف) یه مقرر کیا جا سکے گا که سوائے اس شخص کے جسکو اس کا لائسنس دیا گیا هو کوئی اور شخص ساهو کاره نه کرے گا -

(ب) یہ مقرر کیا جا سکے گا کہ ساھو کار زیادہ سے زیادہ کتنا سود لگا سکتا ھے یا وصول کر سکتا ھے ،

(پ) اس کا بندوبست کیا جا سکے گا کہ ساھو کار حساب کتاب باضابطہ رکھے اور اس حساب کو ایسے عہدہ دار جانچیں جنہیں ضلع کونسل اس کام کے لئے مقرر کرے ؛

(ت) یہ مقرر کیا جا سکے گا کہ کوئی شخص جو اس ضلع کے شیڈیولی قبیلوں کا آدمی نہیں ھے بغیر ضلع کونسل کے لائسنس کے کسی چیز کا تھوک یا خوردہ کاروبار نہیں کرے گا ،

مگر شرط یہ ھے کہ کوئی ایسا قاعدہ اس وقت تک اس پارے کے ماتحت نہیں بنایا جا سکتا جب تک ضلع کونسل کے کم سے کم تین چوتھائی ممبر اس کے حق میں نہ ھوں -

اسی کے ساتھ ھی ضلع کونسل کو یہ اختیار نہ ھوگا کہ ایسے ساھو کار یا بیوپاری کو ، جو ان قاعدوں کے بننے سے پہلے ضلع کے اندر کاروبار کر رھا ھو ، لائسنس دینے سے انکار کرے -

۱۱ - اس شیڈیول کے ماتحت بنائے ھوئے قانون، قاعدے اور ضابطے کا اعلان — اس شیڈیول کے ماتحت ضلع کونسل یا خطہ کونسل کے بنائے ھوئے تمام قانون ، قاعدے، اور ضابطے ریاست کے سرکاری گزٹ میں فوراً چھاپ دئے جائیں گے اور چھپتے ھی ان کی حیثیت قانون کی ھو جائے گی -

۱۲ - خود مختار ضلعوں اور خود مختار رقبوں پر پارلیمنٹ اور ریاست کی قانون ساز جماعت کے ایکٹوں کا اطلاق - کسی ایسی بات کے باوجود جو اس دستور میں پائی جائے

(الف) ریاست کی قانون ساز جماعت کے کسی ایکٹ کا اطلاق، جس کا تعلق ایسے معاملوں سے ھو جن کا ذکر اس شیڈیول کے پارا ۲ میں ان معاملوں کی حیثیت سے کیا گیا ھے جن کے بارے میں ضلع کونسل یا خطہ کونسل قانون بنانے کی مجاز ھے، اور قانون ساز جماعت کے کسی ایسے ایکٹ کا اطلاق جو بے کھنچی ھوئی شراب کے استعمال کو روکتا یا کم کرتا ھو ، کسی خود مختار ضلع یا خود مختار خطے پر نہ ھو گا ، جب تک کہ ھر صورت میں اس ضلع یا اس خطے پر اختیار

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

385

رکھنے والی ضلع کونسل سرکاری نوٹس کے ذریعے ایسی هدایت نہ دے دے ، اور ضلع کونسل کسی ایکٹ کے بارے میں یہ هدایت دینے کی مجاز ہوگی کہ اس ضلع یا خطے یا اس کے کسی حصہ میں ایکٹ کا عمل ایسی کمی یا تبدیلی کے ساتھہ ہوگا جسے کونسل مناسب سمجھے -

(ب) گورنر مجاز ہوگا کہ سرکاری اعلان کے ذریعے هدایت دے کہ پارلیمنٹ یا ریاست کی قانون ساز جماعت کا کوئی ایکٹ ، جس پر اس پارے کے فقرہ (الف) کے قاعدوں کا اطلاق نہ ہوتا ہو، یا تو کسی خود مختار ضلع یا خود مختار خطے میں جاری نہ ہوگا یا ضلع یا خطے یا اس کے کسی حصہ پر اس کمی یا تبدیلی کے ساتھہ جاری ہوگا جس کا وہ ضلع کونسل یا خطے کونسل کی منظوری سے اعلان میں خاص طور پر ذکر کرے ، بشرطیکہ اس ضلع کونسل یا اس خطہ کونسل نے (جیسی بھی صورت ہو) اپنی تجویز کے ذریعے ایسی هدایت دینے کی سفارش کی ہو -

۱۳ - <u>خود مختار ضلعوں کی آمدنی اور خرچ کا تخمینہ سالانہ بجٹ میں الگ دکھلایا جائے گا</u>—اس آمدنی اور خرچ کا تخمینہ جس کا تعلق کسی خود مختار ضلع سے ہو اور جو آسام سرکار کی آمدنی میں جمع ہو یا اس میں سے خرچ کیا جائے ، ریاست کے سالانہ بجٹ میں علیحدہ دکھایا جائے گا ، جو اس دستور کی دفعہ ۱۷۷ کے مطابق ریاست کی قانون ساز جماعت کے سامنے پیش کیا جائے گا -

۱۴— <u>خود مختار ضلعوں کے انتظام کے متعلق تحقیقات اور رپورٹ کرنے کے لئے کمیشن مقرر کرنا</u> (۱) آسام کا گورنر مجاز ہوگا کہ جب ضرورت ہو تو کسی خاص معاملے کی تحقیقات اور اس کی رپورٹ کرنے کے لئے جس کا تعلق ریاست کے خود مختار ضلعوں کے انتظام سے ہو ، ایک کمیشن مقرر کرے ، اور اس کا بھی مجاز ہوگا کہ جب ضرورت ہو ریاست کے خود مختار ضلعوں کے انتظام کے متعلق تحقیقات اور جانچ کرنے کے لئے عام طور پر ، اور نیچے لکھی ہوئی باتوں کے لئے خاص طور پر کمیشن مقرر کرے :-

(الف) ان ضلعوں میں تعلیم ، علاج اور سفر خبر کا انتظام ؛

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

386

(ب) ان ضلعوں کے لئے نئے یا خاص قانون بنانے کی ضرورت ؛

(پ) ان قانونوں ، ضابطوں اور قاعدوں پر عمل جن کو ضلع اور خطہ کونسلوں نے بنایا ہو ؛

اور گورنر یہ بھی بتائے گا کہ اس کمیشن کے کام کرنے کا ضابطہ کیا ہو گا -

(۲) ایسے ہر کمیشن کی رپورٹ کو اس شعبے کا وزیر گورنر کی سفارشوں اور اپنی ایک یادداشت کے ساتھ جس میں اس کی تفصیل ہو گی کہ آسام سرکار اس رپورٹ کے بارے میں کیا کارروائی کرنا چاھتی ھے ، قانون ساز جماعت کے سامنے پیش کرے گا -

(۳) سرکاری کاموں کو وزیروں میں تقسیم کرتے وقت گورنر مجاز ہو گا کہ کسی ایک وزیر کو ریاست کے خود مختار ضلعوں کی بہبودی کا خاص طور پر ذمہ دار ٹھیرائے -

۱۵ - ضلع یا خطہ کونسلوں کی کارروائیوں اور تجویزوں کو رد کر دینا یا انکے عمل کو روکنا (۱) اگر کسی وقت گورنر کو اس کا اطمینان ہو جائے کہ کسی خطہ کونسل یا ضلع کونسل کی کسی کارروائی یا تجویز سے ھند کی سلامتی خطرے میں پڑ سکتی ھے ، تو وہ مجاز ہو گا کہ اس کارروائی یا تجویز کو رد کر دے ، یا اس کے عمل کو روک دے اور ایسی کارروائی کے عمل کو، اس کے جاری رھنے کو یا ایسی تجویز کے نفاذ کو روکنے کے لئے وہ سب باتیں کرے جو اسے ضروری معلوم ہوں (جس میں کونسل کو معطل اور انکے سارے اختیاروں یا ان کے کسی حصہ کو اپنے ھاتھ میں نے لینا بھی شامل ھے جو کونسل کو حاصل ہوں یا جن سے وہ کام لے سکتی ہو) -

(۲) کوئی حکم جو گورنر نے اس پارے کے ضمنی پارا (۱) کے ماتحت صادر کیا ہو ، اس تفصیل کے ساتھ کہ حکم کا سبب کیا تھا ، جلد سے جلد ریاست کی قانون ساز جماعت کے سامنے پیش کیا جائے گا ، اور اگر قانون ساز جماعت اس حکم کو رد نہ کر دے تو یہ صادر ہونے کی تاریخ سے بارہ مہینے تک نافذ رھے گا ،

مگر شرط یہ ھے کہ جب کبھی ریاست کی قانون ساز جماعت کوئی ایسی تجویز پیش کر دے جسمیں اس حکم کو جاری رکھنے کی منظوری دی گئی ہو ،

تو اس تاریخ سے جب سے یہ حکم اس منظوری کے بغیر جسکا ذکر اس پارا میں کیا گیا ھے نافذ نہ رہ سکتا ، یہ مزید بارہ مہینے کے لئے نافذ رھے گا ، بشرطیکہ گورنر اسے منسوخ نہ کر دے -

(۳) اس پارے کے ماتحت گورنر اپنے فرضوں کو اپنے اختیار تمیزی سے انجام دے گا -

۱۶ — ضلع یا خطہ کونسل کو برخاست کرنا — گورنر مجاز ہو گا کہ ایک ایسے کمیشن کی سفارش پر ، جسے اس شیڈیول کے پارا ۱۴ کے ماتحت مقرر کیا گیا ہو ، سرکاری اعلان کے ذریعے خطہ یا ضلع کونسل کو برخاست کرنے کا حکم دے اور —

(الف) ھدایت کرے کہ کونسل کو نئے سرے سے ترتیب دینے کے لئے فوراً عام چناؤ ہو ؛

(ب) ریاست کی قانون ساز جماعت کی منظوری کے بعد اس خطہ کے انتظام کو ، جو اس کونسل کے اختیار میں ہو ، اتنی مدت کے لئے جو بارہ مہینے سے زیادہ نہ ہو ، خود سنبھال لے یا اُوپر کے پارے کے ماتحت مقرر کئے ہوئے کمیشن یا کسی ایسے دوسرے ادھیکاری کے سپرد کر دے جسے وہ مناسب سمجھے ؛

مگر جب اس پارے کے فقرہ (الف) کے ماتحت کوئی حکم دیا جائے تو جب تک نئے چناؤ کے ذریعے نئی کونسل نہ بنے ، گورنر اس خطے کے انتظام کے لئے وہ کارروائی کر سکتا ھے جسکی طرف اس پارے کے فقرہ (ب) میں اشارہ کیا گیا ھے ؛

اسی کے ساتھ اس پارے کے فقرہ (ب) کے ماتحت کوئی کارروائی نہ کی جا سکے گی جب تک ضلع یا خطہ کونسل کو، جیسی بھی صورت ہو، ریاست کی قانون ساز جماعت کے سامنے اپنا معاملہ پیش کرنے کا موقع نہ دیا جا چکا ہو ۔

۱۷ - اس شیڈیول کی دفعوں کا عمل ان رقبوں پر جن کا ذکر پارا ۱۹ کے ساتھ والی فہرست کے حصہ ۲ میں کیا گیا ھے(۱) آسام کا گورنر مجاز ہوگا کہ

(الف) پریزیڈنٹ کی منظوری کے بعد سرکاری اطلاع کے ذریعے اِس شیڈیول کی اس سے پہلے کی تمام دفعوں کو یا ان میں سے کسی کو کسی

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

ایسے قبائلی رقبے میں یا ایسے رقبے کے کسی حصہ میں نافذ کر دے جسکا ذکر پارا ۱۹ کے ساتھہ والی فہرست کے حصہ ۲ میں کیا گیا ہے، اور تب ایسے رقبے یا حصے کا انتظام انہیں دفعوں کے بموجب کیا جائے گا، اور

(ب) پریزیڈنٹ کی منظوری کے بعد کسی ایسے قبائلی رقبے یا اس کے کسی حصہ کو، جس کا ذکر پارا ۱۹ کے ساتھہ والی فہرست کے حصہ ۲ میں کیا گیا ہے، اس فہرست سے نکال دے -

(۲) جب تک کوئی اطلاع اس پارے کے ضمنی پارا (۱) کے ماتحت کسی ایسے قبائلی رقبے یا اس کے کسی حصہ کے بارے میں، جس کا ذکر پارا ۱۹ کے ساتھہ والی فہرست کے حصہ ۲ میں کیا گیا ہے ، جاری نہ ہو اس وقت تک پریزیڈنٹ اس رقبے یا اس کے کسی حصہ کا انتظام آسام کے گورنر کے ذریعے کرے گا، اور گورنر کی حیثیت پریزیڈنٹ کے ایجنٹ کی ہو گی ، اور اس دستور کے حصہ ۸ کی دفعوں کا اس پر اسی طرح نفاذ ہو گا گویا کہ یہ رقبہ یا اس کا کوئی حصہ ایسا علاقہ ہے جس کا ذکر پہلے شیڈیول کے حصہ ۴ میں کیا گیا ہے -

۱۸ - درمیانی دور کے لئے دفعیں - اس دستور کے جاری ہونے کے بعد جتنی جلدی ممکن ہو آسام کا گورنر اس شیڈیول کے ماتحت ریاست کے ہر خود مختار ضلع کے لئے ایک ضلع کونسل بنانے کی کارروائی کرے گا، اور جب تک ایسی ضلع کونسل نہ بن جائے اس وقت تک ضلع کا انتظام گورنر اپنے اختیار تمیزی سے کریگا اور اس شیڈیول کی دفعوں کی جگہ ان ضلعوں کا انتظام نیچے لکھی ہوئی دفعوں کے مطابق ہو گا ؛ یعنی :-

(الف) پارلیمنٹ یا ریاست کی قانون ساز جماعت کا کوئی ایکٹ ایسے رقبے پر نافذ نہ ہو گا جب تک گورنر سرکاری اطلاع کے ذریعے اس کی ہدایت نہ دے دے، اور گورنر کسی ایکٹ کے بارے میں اس قسم کی ہدایت کے ساتھہ یہ ہدایت بھی دے سکتا ہے کہ ایکٹ کسی رقبے پر ان باتوں کو چھوڑ کر اور ان تبدیلیوں کے ساتھہ نافذ ہوگا جنھیں وہ مناسب سمجھے -

(ب) گورنر مجاز ہو گا کہ اس رقبے کے امن اور اچھی حکومت کے لئے قاعدے بنائے اور ان قاعدوں کے ذریعے پارلیمنٹ یا ریاست کی قانون ساز جماعت کا کوئی ایکٹ یا کوئی قانون جو اس وقت اس رقبے میں

جاری ہو منسوخ ہو سکے گا یا اس میں ترمیم کی جا سکے گی۔ اس فقرے کے ماتحت بنائے ہوئے قاعدے پریزیڈنٹ کے سامنے پیش کئے جائیں گے اور جب تک اس کی منظوری نہ مل جائے اس وقت تک ان کا کوئی اثر نہ ہو گا -

(پ) گورنر اس پارے کے فقرہ (الف) اور فقرہ (ب) کے ماتحت اپنے فرضوں کو اپنے اختیار تمیزی سے انجام دے گا -

۱۹ - قبائلی رقبے - جن رقبوں کا ذکر نیچے دی ہوئی فہرست میں ہے ، وہ ریاست آسام کے قبائلی رقبے مانے جائیں گے ، اور اس فہرست میں کسی ضلع یا انتظامی رقبے کی طرف اشارہ سے یہ مطلب سمجھا جائے گا کہ اس سے مراد وہی ضلع یا رقبہ ہے جو اس دستور کے جاری ہونے کی تاریخ پر تھا -

فہرست

حصہ ۱

۱ - شیلانگ شہر کو چھوڑ کر کھاسی اور جینتیا پہاڑیوں کا ضلع -
۲ - گارو کی پہاڑیوں کا ضلع -
۳ - لوشائی کی پہاڑیوں کا ضلع -
۴ - ناگا کی پہاڑیوں کا ضلع -
۵ - کچھار ضلع کا اتری کچھار سب ڈیویژن -
۶ - موضع بارپتھر اور موضع ساروتی پتھر کو چھوڑ کر نو گاؤں اور شب ساگر ضلعوں کا میکیر پہاڑیوں کا حصہ -

حصہ ۲

۱ - سعدیہ اور بالی پاڑا کے سرحدی رقبے -
۲ - تراپ کا سرحدی رقبہ (لکھیم پور کے سرحدی رقبے کو چھوڑ کر) -
۳ - ناگا قبائلی علاقہ -

ساتواں شیڈیول

[دفعہ ۲۱۷]

فہرست ۱—یونین والی فہرست

۱ —ہند کی سرزمین اور اسکے ہر ایک حصہ کا بچاؤ اور بچاو کے لئے ہر قسم کی تیاری، اور ساتھہ ہی وہ سب کام جو جنگ کے زمانے میں لڑائی کو کامیابی کے ساتھہ جاری رکھنے میں مدد دیں اور اسکے ختم ہو جانے پر لام بندی کو کارآمد طریقے سے توڑنا -

۲ — خفیہ اطلاعون کا مرکزی دفتر -

۳ — ہند کی سرزمین کے اندر بچاؤ یا بدیسی معاملوں یا ہند کی سلامتی کی خاطر حفاظتی نظر بندی -

۴ — یونین کی سمندری، زمینی ، اور ہوائی فوجوں کی بھرتی اور تربیت، ان کی ضرورتیں پوری کرنا ، ان کو قابو میں رکھنا ، اور ان کو کام پر لگانا ؛ جن ریاستوں کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے ان میں جو ہتھیار بند فوجیں بھرتی کی جائیں اور کام پر لگائی جائیں ان کی تعداد مقرر کرنا، ان کی تنظیم ، اور ان کو قابو میں رکھنا -

۵ — وہ صنعتیں جن کو قانون کے ذریعے پارلیمنٹ نے بچاؤ کے لئے یا لڑائی جاری رکھنے کے لئے ضروری قرار دیا ہو -

۶ — سمندری ، زمینی ، اور ہوائی فوجوں کے متعلق تعمیریں —

۷ — چھاؤنیوں کی حدوں میں مقامی سوراج ، وہاں کی حکومت کی بناوٹ اور اس کے اختیار ، چھاؤنیوں میں رہنے کی جگہ کے بارے میں قاعدے ، اور ان کے رقبوں کی حد بندی -

۸ — ہتھیار ، آتشین ہتھیار ، گولہ بارود اور بھک سے اڑجانے والے مسالے -

۹ — ایٹمی قوت اور کانوں کی وہ پیداوار جو اس کو تیار کرنے کے لئے ضروری ہو -

۱۰ — بدیسی معاملے ؛ وہ تمام باتیں جن سے یونین کا کسی دوسرے ملک سے رشتہ قائم ہوتا ہے -

391

١١ — سفارتی ، کنسلی اور تجارتی نمائندگی -

١٢ — متحدہ قوموں کی سنستھا -

١٣ — بین‌قومی کانفرنسوں، انجمنوں اور دوسرے اداروں میں شریک ہونا اور ان کے فیصلوں پر عمل کرنا اور کرانا -

١٤ — جنگ اور صلح -

١٥ — غیر ملکوں کے ساتھہ صلح نامے ور سمجھوتے اور ان پر عمل -

١٦ — غیر ملکوں میں عمل دخل -

١٧ — غیر ملکوں کے ساتھہ کاربار اور بیوپار -

١٨ — غیر ملکوں سے قرض لینا -

١٩ — شہریت ، قومیت حاصل کرنے کا قانون ، اور پردیسی -

٢٠ — مجرموں کی حوالگی -

٢١ — پاسپورٹ اور ویز -

٢٢ — سمندری ڈکیتیاں ، سنگین جرم اور بین‌قومی قانون کے خلاف وہ جرم جو کھلے سمندر اور ہوا میں کئے جائیں -

٢٣ — ہند کی سرزمین میں داخل ہونا ، اور اسے چھوڑ کر غیر ملک میں آباد ہونا ، اور اس سے نکالا جانا -

٢٤ — ہند کے باہر زیارتیں -

٢٥ — بندرگاہ کا قرنطینہ ؛ ملاحوں کے لئے اور سمندری اسپتال اور وہ اسپتال جنکا تعلق بندرگاہ کے قرنطینے سے ہو -

٢٦ — ان چنگی والی سرحدوں پر جو ہند سرکار نے مقرر کی ہوں مال کی آمد و رفت -

٢٧ — ڈاک اور تار -

٢٨ — ٹیلی فون ، بےتار برقی ، ریڈیو اور اسی طرح کے دوسرے خبر کے ذریعے -

٢٩ — ڈاک خانے کا سیونگ بنک -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

392

۳۰ – هوائی راستے ، هوائی جهاز اور هوا بازی ؛ هوائی سفر اور هوائی اڈوں کے لئے قاعدے اور ان کا انتظام؛ هوا بازی کی تعلیم و تربیت کا بندوبست اور تعلیم و تربیت کے اس انتظام کی نگرانی جس کا بندوبست ریاستوں اور دوسری ایجنسیوں نے کیا هو -

۳۱ – وہ شاهراهیں جنهیں پارلیمنٹ قانون کے ذریعے قومی شاهراهیں قرار دے -

۳۲– ملک کے اندر پانی کی ایسی شاهراهوں پر جهازرانی اور جهازوں پر سامان بهیجنا جنهیں پارلیمنٹ نے قانون کے ذریعے کلوں سے چلنے والے جهازوں کے لئے قومی شاهراهیں قرار دیا هو، اور ایسی شاهراهوں پر آمد و رفت کے قاعدے، اور اُن پر مسافروں اور مال اسباب کا لے جانا -

۳۳ – سمندری بار برداری اور جهازرانی، جس میں وہ بار برداری اور جهازرانی بهی شامل هے جو جوار بهاٹے والے دریاؤں میں کی جائے؛ تجارتی جهازرانی کی تعلیم اور تربیت کا بندوبست، اور اس کا جو انتظام ریاستوں یا دوسری ایجنسیوں نے کیا هو اس کے لئے قاعدے بنانا -

۳۴ – سمندری عدالت کا دائرۂ اختیار -

۳۵ – وہ بندرگاهیں جن کو پارلیمنٹ کے بنائے هوئے قانون یا کسی موجودہ قانون کے ماتحت بڑی بندرگاهیں قرار دیا گیا هو؛ اس میں ان کی حد بندی اور ان کے عهدہ داروں کو مقرر کرنا اور ان کے اختیاروں کو طے کرنا بهی شامل هے -

۳۶ – روشنی مینار ، روشنی جهاز ، آگاه دئیے ، اور سمندری اور هوائی جهازوں کی حفاظت کے لئے دوسرے انتظام -

۳۷ – مسافروں اور مال کا هوا یا سمندر کے راستے لے جانا -

۳۸ – یونین کی ریلیں، مقامی ریلوے کو چهوڑ کر باقی تمام ریلوں کے لئے حفاظت، زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم محصول اور کرائے کی شرحیں، اسٹیشن کا اور خدمات کے معاوضے میں حدواری محصول ، مسافروں اور مال کے ریل بدلنے اور مال اور مسافر لے جانے کے سلسلے میں ریلوے کی ذمه داری کے بارے میں قاعدے بنانا - مقامی ریلوے کے لئے حفاظت اور مال اور مسافر لے جانے کے سلسلے میں ریلوے کی ذمه داری کے بارے میں قاعدے بنانا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

٣٩ – وہ ادارے جو ١٥ اگست سنہ ١٩٤٧ع کے دن امپیریل لائبریری، انڈین میوزیم، امپیریل وار میوزیم اور وکٹوریہ میموریل کے ناموں سے پکارے جاتے تھے اور کوئی دوسرا ادارہ جس کا پورا خرچ ہند سرکار دیتی ہو یا اس میں کچھ امداد دیتی ہو اور جسے پارلیمنٹ نے قانون کے ذریعے قومی اعتبار سے اہم ادارہ قرار دیا ہو -

٤٠ - وہ ادارے جن کے نام ١٥ اگست سنہ ١٩٤٧ع کے دن بنارس ہندو یونیورسٹی اور علیگڑھ مسلم یونیورسٹی تھے -

٤١ — ہند کی سروے، زمین، درختوں اور جانوروں کی سروے، یونین کے تمام موسمیاتی ادارے -

٤٢ — یونین کی جائداد اور اس سے آمدنی، لیکن جس حد تک کہ پارلیمنٹ قانون کے ذریعے کچھ اور تجویز نہ کرے، یونین کی جو جائداد کسی ریاست میں ہو وہ ریاستی قانون کے ماتحت رہے گی -

٤٣ — یونین کے مقصدوں کے لئے جائداد جبریہ حاصل کرنا یا طلب کرنا، لیکن اس میں فہرست ٣ کے ان قاعدوں کا لحاظ رکھا جائے گا جن کا تعلق ایسے اصولوں سے ہے جن پر اس جائداد کے معاوضے کی رقم کا فیصلہ کیا جائے جو یونین کے لئے جبریہ حاصل یا طلب کر لی گئی ہو -

٤٤ — ہند کا ریزرو بنک -

٤٥ — یونین کا سرکاری قرضہ -

٤٦ — سکہ، غیر ملکوں کے ساتھ روپیہ کا ادل بدل، سکہ ڈھالنا اور قانونی سکے -

٤٧ — بنکوں کا کار بار -

٤٨ — چک، ہنڈی، پرامیسری نوٹ، اور اسی طرح کی دوسری دستاویزیں -

٤٩ — بیمہ -

٥٠ — کارپوریشن، یعنی تجارتی کارپوریشنوں اور ایسے کارپوریشنوں کا قائم کرنا، ان کے متعلق قاعدے بنانا اور انہیں بند کر دینا، جو تجارتی ہوں یا نہ ہوں لیکن جن کا کار بار صرف ایک ہی ریاست تک محدود نہ ہو؛ ان میں بنکوں کا کار بار، بیمہ اور مالی کارپوریشن شامل ہیں، مگر باہمی امداد کی انجمنیں اور یونیورسٹیاں شامل نہیں ہیں -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

۵۱ - پیٹنٹ ، کاپی رائٹ ، ایجادیں ، ڈیزائن ، تجارتی مارکے اور سوداگری کے چھاپ -

۵۲ - سپریم کورٹ کی بناوٹ ، اس کا نظام ، اس کا اختیار سماعت اور دوسرے اختیار اور اس کی فیسیں -

۵۳ - کسی ہائی کورٹ کے ، جس کا صدر مقام ہند کی سرزمین میں ایسی ریاست کے اندر ہو جو ان ریاستوں میں سے نہ ہو جن کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ۳ میں ہے ، دائرۂ اختیار میں کسی رقبے کو جو ریاست کی حدوں کے باہر ہو ، شامل کرنا اور اسے اس کے دائرۂ اختیار سے نکال دینا -

۵۴ - ان باتوں میں سے کسی کے بارے میں جو اس فہرست میں ہیں سپریم کورٹ کے سوا باقی سب عدالتوں کا اختیار سماعت اور دوسرے اختیار -

۵۵ - مردم شماری -

۵۶ - یونین کی غرضوں کے لئے معلومات حاصل کرنا ، سروے اور اعداد و شمار -

۵۷ - یونین کی ایجنسیاں اور سنستھائیں جن کا مقصد علمی تحقیق کرنا ، پیشوں اور فنوں کے لئے تربیت دینا یا خاص علموں کو ترقی دینا ہو -

۵۸ - یونین کی سرکاری ملازمتیں اور یونین کا سرکاری ملازمت کمیشن -

۵۹ - وہ صنعتی جھگڑے جن کا تعلق یونین کے ملازموں سے ہو -

۶۰ - قدیم اور تاریخی یادگاریں جن کو پارلیمنٹ نے قانون کے ذریعے قومی اہمیت کی یادگاریں قرار دیا ہو ، قدیم مقام اور کھنڈر -

۶۱ - تولنے اور ناپنے کے معیاروں کو قائم کرنا -

۶۲ - افیون کی کاشت اور اسے تیار کرنا یا باہر بھیجنے کے لئے بیچنا -

۶۳ - پٹرول اور دوسری ایسی بہنے والی چیزوں اور مادوں کا اپنے پاس رکھنا ، جمع کرنا ، اور ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا جنہیں پارلیمنٹ نے قانون کے ذریعے خطرناک طور پر آتش گیر قرار دیا ہو -

(395)

۶۴ — ان صنعتوں کی ترقی جن کے لئے پارلیمنٹ نے قانون کے ذریعے طے کیا ھے کہ ان کا یونین کی نگرانی میں ترقی پانا پبلک مفاد کے لئے مناسب ھے -

۶۵ — کانوں اور تیل کے چشموں میں کام کرنے اور حفاظت کے بارے میں قاعدے بنانا -

۶۶ — کانوں اور تیل کے چشموں اور دھاتوں کی ترقی کے بارے میں قاعدے بنانا ، جہاں تک پارلیمنٹ نے قانون کے ذریعے طے کیا ھو کہ یونین کی نگرانی میں ایسے قاعدے بنانا اور ترقی دینا پبلک مفاد کے لئے مناسب ھے -

۶۷ — ایسی ریاست کے کسی حصے کی ، جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصے ا یا ۲ میں ھے ، پولیس کے اختیاروں اور عمل داری کو بڑھا کر ایسی ھی کسی دوسری ریاست کے رقبے کو اس میں شامل کرنا، لیکن یوں نہیں کہ جس حصے کی پولیس کے اختیار اور عمل داری کو اس طرح بڑھایا جائے وہ اس دوسری ریاست کی سرکار کی اجازت کے بغیر اپنے اختیاروں سے کام لے سکے؛ کسی ریاست کی پولیس کے اختیاروں اور عمل داری کو بڑھا کر اس ریاست سے باھر ریل کے کسی رقبے کو اس میں شامل کر لینا -

۶۸ — پارلیمنٹ کے ممبروں، پریذیڈینٹ اور وائس پریذیڈینٹ کا چناؤ؛ اور ھر ایسے چناؤ کی دیکھہ بھال کرنے ، اس کے بارے میں ھدایت دینے اور اس کی نگرانی کرنے کے لئے چناؤ کمیشن کا مقرر کرنا -

۶۹ — پریزیڈنٹ کی تنخواہ اور الاونس اور رخصت کے بارے میں اس کے حق، یونین کے وزیروں اور ریاستوں کی کونسل کے صدر اور نائب صدر اور ایوان عام کے سپیکر اور نائب سپیکر کی تنخواھیں اور الاونس، پارلیمنٹ کے ممبروں کی تنخواھیں، الاونس اور خاص حق ، ھند کے آڈیٹر جنرل کی تنخواہ ، الاونس اور ملازمت کی شرطیں -

۷۰ — پارلیمنٹ کی کمیٹیوں کے سامنے گواھی دینے یا دستاویزیں پیش کرنے کے لئے لوگوں کو حاضر کرانا -

۷۱ — ایک ریاست کو چھوڑ کر دوسری میں وطن بنانا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

396

۷۲ — بین ریاستی قرنطینہ -

۷۳ — ریاستوں کے درمیان تجارت اور بیوپار، فہرست ۲ کی مد ۳۳ کا لحاظ رکھتے ہوئے -

۷۴ — سیلاب پر قابو پانے، آبپاشی، جہازرانی اور پانی سے بجلی کی طاقت حاصل کرنے کے لئے بین ریاستی پانی کے راستوں میں بہتری کی صورت پیدا کرنا -

۷۵ — علاقہ واری سمندروں میں مچھلی مارنا اور مچھلیوں کا کار بار -

۷۶ — یونین ایجنسیوں کے ذریعے نمک بنانا اور اس کی تقسیم ، دوسری ایجنسیوں کے ذریعے نمک بنانے اور اس کی تقسیم کی نگرانی کے لئے قاعدے -

۷۷ — ہند کی سرزمین کے کسی حصے میں ایسی شدید ناگہانی حالت کے متعلق ، جس کا اثر یونین پر پڑتا ہو ، کارروائی کے لئے قاعدے بنانا -

۷۸ — وہ لاٹریاں جن کا انتظام ہند سرکار یا کسی ریاستی سرکار نے کیا ہو -

۷۹ — اسٹاک ایکسچینج اور بدنی کے سودے اور ان کے متعلق اسٹامپ کے محصول کے سوا دوسرے ٹیکس -

۸۰ — ہنڈیوں ، چکوں ، پرامیسری نوٹوں ، جہازی مال کی بلٹیوں ، بنکوں کی سفارشی چٹھیوں ، بیمہ پالیسیوں ، حصوں کی منتقلی ، ڈبنچروں ، پراکسیوں اور رسیدوں کے بارے میں اسٹامپ کا محصول مقرر کرنا -

۸۱ — زراعتی زمینوں کو چھوڑ کر باقی ملکیت کی وراثت کا ٹیکس -

۸۲ — زراعتی زمینوں کو چھوڑ کر باقی جائداد کا ٹیکس -

۸۳ — ان مالوں یا مسافروں پر حدواری محصول جو ریلوں یا ہوائی جہازوں کے ذریعے جائیں ؛ ریلوں کے کرایوں اور محصولوں پر ٹیکس -

۸۴ — زراعتی آمدنی کو چھوڑ کر باقی آمدنی پر ٹیکس -

۸۵ — بندرگاہوں کا محصول ، جس میں برآمد کے محصول بھی شامل ہیں -

۸۶ — تمباکو اور ہند میں بنی ہوئی یا پیدا کی ہوئی چیزوں پر محصول -

(الف) سوائے ان شرابوں کے جو انسانوں کے پینے کے کام آتی ہیں ،

(ب) اور سوائے افیون ، بھنگ اور دوسری سلانے اور نہ سلانے والی دواؤں اور سلانے والی دوسری چیزوں کے ،

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

مگر ان میں دوا اور سلگار کی وہ چیزیں شامل ہوں گی جن میں الکحل یا کسی ایسی چیز کی ملاوٹ ہو جس کا ذکر اس مد کے ضمنی پارا (ب) میں ہے -

۸۷ — کارپوریشن ٹیکس -

۸۸ —زراعتی زمین کو چھوڑ کر شخصوں اور کمپنیوں کی پونجی کی مالیت پر ٹیکس ؛ کمپنیوں کی پونجیوں پر ٹیکس -

۸۹ — اس فہرست میں لکھی ہوئی باتوں میں سے کسی کے بارے میں قانون کی خلاف ورزی -

۹۰ — اس فہرست میں لکھی ہوئی کسی بات کے متعلق ٹیکس ؛ لیکن اس میں وہ فیسیں شامل نہیں ہیں جو عدالتوں میں لی جاتی ہیں -

۹۱ — کوئی ایسی بات جو فہرست ۲ یا فہرست ۳ میں نہیں گنائی گئی ہے ، اور ایسا کوئی ٹیکس جس کا ان دونوں فہرستوں میں ذکر نہیں ہے -

فہرست ۲—ریاستی فہرست

۱ — پبلک امن امان ، (لیکن اس میں سول حکومت کی مدد کے لئے سملدری ، زمینی یا ہوائی فوجوں سے کام لینا شامل نہیں ہے)؛ وہ حفاظتی نظر بندی جس کا تعلق پبلک امن امان کے قائم رکھنے سے ہو ؛ وہ لوگ جنہیں اس طرح نظر بند کیا گیا ہو -

۲ — عدالت کا انتظام ؛ سپریم کورٹ کو چھوڑ کر تمام عدالتوں کی بناوٹ ، ان کی تنظیم اور وہ فیسیں جو ان میں لی جائیں -

۳ — ان باتوں میں سے کسی کے بارے میں جن کا اس فہرست میں ذکر ہے ، سپریم کورٹ کو چھوڑ کر باقی تمام عدالتوں کا اختیار سماعت اور دوسرے اختیار ؛ مال کی عدالتوں کا ضابطہ -

۴ — پولیس ، جس میں ریلوے پولیس اور دیہاتی پولیس بھی شامل ہے ،

۵ — جیل خانے ، اصلاحی جیل خانے ، بورسٹل جیل خانے اور اس طرح کے دوسرے ادارے ، اور وہ لوگ جو ان میں قید کئے جائیں - جیل خانوں اور اسی

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

طرح کے دوسرے اداروں کے استعمال کے بارے میں دوسری ریاستوں کے ساتھ سمجھوتے –

۶ — ریاستوں کا سرکاری قرضہ –

۷ — ریاستوں کی سرکاری ملازمتیں اور ریاستوں کے سرکاری ملازمت کمیشن –

۸ — تعمیرات، زمینیں اور عمارتیں جو ریاست کی ملکیت ہوں یا اس کے قبضے میں ہوں –

۹ — زمین کا جبری حصول ، بشرطیکہ یہ یونین کی غرضوں کے لئے نہ ہو، فہرست ۳ کے ان قاعدوں کے ماتحت جن کا تعلق ان اصولوں سے ہے جن کی بنا پر معاوضے کی رقم کا فیصلہ اس جائداد کے لئے کیا جائے کا جو ریاست کے کاموں کی غرض سے حاصل یا طلب کر لی گئی ہو –

۱۰ — کتب خانے ، عجائب خانے ، اور اسی طرح کے دوسرے ادارے جن کا انتظام ریاست کرتی ہو یا جنہیں وہ اپنے روپے سے چلاتی ہو –

۱۱ — ریاست کی قانون ساز جماعت اور گورنر کا انتخاب - ریاست کے گورنر کو مقرر کرنے کے لئے پینل اور ایسے انتخابوں کی دیکھ بھال کرنے ، اُن کے بارے میں ہدایت دینے ، اور ان کے انتظام کے لئے چناؤ کمیشن –

۱۲ — ریاست کے گورنر کی تنخواہ اور الاونس اور رخصت کے بارے میں اس کے حق ؛ ریاست کے وزیروں کی تنخواہیں اور الاونس ؛ اسمبلی کے سپیکر اور نائب سپیکر کی تنخواہیں اور الاونس ، اور جہاں کونسل ہو تو اسکے صدر اور نائب صدر کی تنخواہیں اور الاونس ؛ ریاست کی قانون ساز جماعت کے ممبروں کے الاونس اور خاص حق –

۱۳ — ریاست کی قانون ساز جماعت کی کمیٹیوں کے سامنے گواہی دینے یا دستاویزیں پیش کرنے کے لئے لوگوں کو حاضر کرانا –

۱۴ — مقامی حکومت ، یعنی میونسپل کارپوریشنوں ، امپرومنٹ ٹرسٹوں، ڈسٹرکٹ بورڈوں ، کان کنوں کی بستیوں کے ادھیکاریوں اور مقامی سوراج اور گاؤں پنچائیت کے لئے دوسرے مقامی ادھیکاریوں کی بناوٹ اور اختیار –

۱۵ — پبلک صحت اور صفائی ؛ اسپتال اور ڈسپنسریاں ؛ پیدائش اور موت کی رجسٹری –

۱۶ — جاترائیں ، لیکن ہند سے باہر کی زیارتیں اس میں شامل نہیں ہیں -

۱۷ — مردوں کو دفن کرنا اور قبرستان ؛ مردوں کو جلانا اور مرگھٹ -

۱۸ — تعلیم اور یونیورسٹیاں ، سوائے اُن یونیورسٹیوں کے جن کا ذکر فہرست ۱ مد ۴۰ میں ہے -

۱۹ — آنے جانے کے ذریعے ، یعنی سڑکیں ، پل ، گھاٹ اور دوسرے ذریعے جن کا ذکر فہرست ۱ میں نہیں ہے ؛ مقامی ریلیں ، ان قاعدوں کے ماتحت جو ایسی ریلوں کے بارے میں فہرست ۱ میں ہیں، میونسپل ٹریمیں، رسوں کے راستے اور ملک کے اندر پانی کے راستے اور ان پر آمد و رفت ، ان قاعدوں کے ماتحت جو فہرست ۱ اور فہرست ۳ میں ایسے راستوں کے متعلق درج ہیں ، بندرگاہیں ، ان قاعدوں کے ماتحت جو بڑی بندرگاہوں کے بارے میں فہرست ۱ میں ہیں ، گاڑیاں ، جن میں کل سے چلنے والی گاڑیاں شامل نہیں ہیں -

۲۰ — فہرست ۱ کی مد ۷۴ کے قاعدوں کے ماتحت پانی، جس میں آب رسانی ، آب پاشی ، نہریں ، بدر رو اور بند ، پانی کے ذخیرے ، اور پانی کی قوت شامل ہے -

۲۱ — زراعت ، جس میں زراعت کی تعلیم اور اس کے بارے میں علمی تحقیق بھی شامل ہے ، کھیتی کا کروی سے بچاؤ اور پودوں کی بیماریوں کی روک -

۲۲ — مویشیوں کی نسل کا سدھار اور جانوروں کی بیماریوں کی روک ، مویشیوں کے علاج کی تعلیم اور سلوتریوں کی پریکٹس -

۲۳ — کانجی ہوس اور مویشیوں کو بیجا مداخلت سے روکنا -

۲۴ — زمین، یعنی زمین میں اور اس کے اوپر حق ، زمین پر قبضے کی شرطیں ، جس میں زمیندار اور کاشتکار کے تعلقات اور لگان کی وصولی بھی شامل ہیں ، زراعتی زمینوں کی منتقلی اور انہیں علیحدہ کرنا ، زمین کا سدھار اور زراعتی قرضے ، نئے گاؤں بسانا -

۲۵ — کورٹ آف وارڈس ، مقروض اور قرق کی ہوئی جائدادیں -

۲۶ — دفینے -

۲۷ — جنگلات -

400

۲۸ — یونین کو انتظام کرنے اور ترقی دینے کے جو اختیار فہرست ۱ کے بموجب ہیں ان کے ماتحت کانوں ، تیل کے چشموں ، اور دھاتوں کی ترقی کے لئے قاعدے بنانا -

۲۹ — مچھلیوں کا کارو بار -

۳۰ — جنگلی پرندوں اور جنگلی جانوروں کا بچاؤ -

۳۱ — گیس اور گیس کے کارخانے -

۳۲ — ریاست کے اندر تجارت اور بیوپار ، ہاٹ اور میلے -

۳۳ — اس دستور کی دفعہ ۲۴۴ کی غرضوں کے لئے تجارت ، بیوپار اور دوسری ریاستوں کے ساتھ بیوہار کی تنظیم -

۳۴ — ساھو کارہ اور ساھوکار ، زراعتی قرضوں کو ھلکا کرنا -

۳۵ — سرائیں اور سرائے والے -

۳۶ — مال کی پیداوار ، رسد اور تقسیم -

۳۷ — یونین کو جو اختیار فہرست ۱ کے قاعدوں کے بموجب بعض صنعتوں کو ترقی دینے کے بارے میں ہیں ان کے ماتحت صنعتوں کی ترقی -

۳۸ -- کھانے کی چیزوں اور دوسری چیزوں میں ملاوٹ -

۳۹ — معیار قائم کرنے کے سوا تول اور ناپ کے پیمانے -

۴۰ — نشیلی شرابیں اور سلانے والی دوائیں ، یعنی نشیلی شرابوں ، افیون اور دوسری سلانے والی دواؤں کی پیداوار ، ان کا تیار کرنا ، ان کا رکھنا ، ان کا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا ، ان کا خریدنا اور بیچنا ، افیون کے معاملے میں فہرست ۱ کے قاعدوں کا اور زھروں اور خطرناک دواؤں کے معاملے میں فہرست ۳ کے قاعدوں کا لحاظ رکھا جائے گا -

۴۱ — غریبوں کی سہایتا ، بے روزگاری -

۴۲ — ان کارپوریشنوں کا قائم کرنا ، ان کے متعلق قاعدے بنانا اور ان کو بند کرنا جو ان معنوں میں کارپوریشن نہیں ہیں جن کا ذکر فہرست ۱ میں ہے ، اور یونیورسٹیاں ، تجارتی ، ادبی ، علمی ، مذھبی اور دوسری سوسائٹیاں اور انجمنیں جو کارپوریشن نہ بنی ہوں ، باھمی امداد کی انجمنیں -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

۲۴۶

۴۳ — خیراتیں اور خیراتی ادارے ، خیراتی اور مذہبی وقف اور مذہبی ادارے -

۴۴ — تھیٹر ، ڈرامے ، اور سنیما ، مگر اس میں سنیما فلموں کے دکھانے کی اجازت شامل نہیں ہے -

۴۵ - بازی لگانا اور جوا -

۴۶ - مالگزاری، جس میں مالگزاری کا مقرر اور وصول کرنا، کھتونیوں کو باضابطہ رکھنا، بندوبست اور کھیوٹ اور واجب العرض شامل ہیں، اور مالگزاری کی منتقلی -

۴۷ - ان دستاویزوں کے متعلق محصول اسٹامپ کی شرحیں جن کا ذکر فہرست ۱ کے ان قاعدوں میں نہیں ہے جو محصول اسٹامپ کے بارے میں ہیں -

۴۸ - زراعتی زمین کی وراثت کا ٹیکس -

۴۹ - زراعتی زمین کے بارے میں جائداد کا ٹیکس -

۵۰ - ملک کے اندرونی پانی کے راستوں سے جانے والے مسافروں اور مال پر ٹیکس -

۵۱ - زراعتی آمدنی پر ٹیکس -

۵۲ - ریاست میں بنائی یا پیدا کی ہوئی ان چیزوں پر جو نیچے درج ہیں آبکاری کا محصول، اور اسی نسبت سے یا کم شرحوں پر ہند کی سرزمین میں کہیں اور بنائی یا پیدا کی ہوئی چیزوں پر محصول -

(الف) انسانوں کے پینے کے لئے شرابیں -

(ب) افیون، بھنگ اور سلانے والی اور نہ سلانے والی دوائیں اور سلانے والی دوسری چیزیں ؛

لیکن ان میں وہ دوائیں اور سنگار کی چیزیں شامل نہ ہوں گی جن میں الکحل یا کسی ایسی چیز کی ملاوٹ ہو جس کا ذکر ضمنی پارا (ب) میں ہے -

۵۲-۵۳ محصولوں اور زمینوں پر ٹیکس

٥٤ – ان پابندیوں کے ماتحت جنہیں پارلیمنٹ ایسے قانون کے ذریعے لگائے جس کا تعلق دھاتوں کی ترقی سے ہو، دھاتیں نکالنے کے حقوں پر ٹیکس۔

٥٥ – محصول جو فی کس لئے جائیں۔

٥٦ – پیشوں، کاموں، دھندوں، اور روزگاروں پر ٹیکس -

٥٧ – جانوروں اور کشتیوں پر ٹیکس -

٥٨ – مال کی بکری ، الٹ پھیر یا خریداری پر ٹیکس، جن میں وہ ٹیکس بھی شامل ہیں جو ریاست کے اندر مال کی بکری، الٹ پھیر یا خریداری کے بجائے ریاست کے اندر مال کے استعمال یا خرچ پر لگائے جائیں، اشتہاروں پر ٹیکس -

٥٩ – ایسی گاڑیوں پر ٹیکس جو سڑک پر چلائی جا سکیں، چاہے وہ کل کے ذریعے یا اس کے بغیر چلائی جاتی ہوں، ان میں ترام گاڑیاں بھی شامل ہیں -

٦٠ – بجلی کے خرچ اور اس کی بکری پر ٹیکس -

٦١ – کسی مقامی رقبے میں اس مال کے داخلے پر ٹیکس جو اس کے اندر خرچ ہو، استعمال میں آئے یا بیچا جائے -

٦٢ – تکلف کی چیزوں پر ٹیکس، جن میں تماشوں اور تفریحوں، بازی لگانے اور جوا کھیلنے پر ٹیکس بھی شامل ہیں -

٦٣ – چنگیوں کے ٹیکس -

٦٤ – اس فہرست کے کسی معاملے کے لئے معلومات جمع کرنا اور اعداد شمار مرتب کرنا -

٦٥ – اس فہرست میں لکھی ہوئی باتوں میں سے کسی کے بارے میں قانون کی خلاف ورزی -

٦٦ – اس فہرست میں لکھی ہوئی باتوں میں سے کسی کے بارے میں فیسیں، لیکن ان میں وہ فیسیں شامل نہ ہوں گی جو کسی عدالت میں لی جائیں -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

فہرست ۳ — متوازی فہرست

۱ — فوجداری کے قانون، جن میں وہ باتیں شامل ہیں جو اس دستور کے جاری ہونے کے دن قانون تعزیرات ھند میں شامل تھیں،

لیکن اس میں ان معاملوں میں سے کسی کے بارے میں قانون کی خلاف ورزیاں شامل نہیں ہیں جن کا ذکر فہرست ۱ یا ۲ میں کیا گیا ہے ، اور اسی طرح اس میں سول طاقت کی مدد کے لئے سمندری ، زمینی اور ہوائی فوجوں سے کام لینا شامل نہیں ہے -

۲— ضابطہ فوجداری ، جس میں وہ سب باتیں شامل ہیں جو اس دستور کے جاری ہونے کے دن ضابطہ فوجداری میں درج تھیں -

۳— ایک ریاست سے دوسری ریاست میں قیدیوں اور ملزموں کی منتقلی -

۴— ضابطہ دیوانی ، جس میں قانون میعاد اور وہ سب باتیں جو اس دستور کے جاری ہونے کے دن ضابطہ دیوانی میں شامل تھیں ، ٹیکسوں اور دوسرے سرکاری مطالبوں کے دعووں کی ، جو کسی ایسی ریاست سے باہر پیدا ہوں جس کا ذکر اس وقت پہلے شیڈیول کے حصہ ا یا ۲ میں ہے ، اس ریاست کے اندر ادائگی ؛ اس میں بقایا مالگزاری اور ایسی رقمیں بھی شامل ہیں جو بقایا مالگزاری کی طرح وصول کی جاسکتی ہوں -

۵— گواھی اور حلف ، قانونوں، سرکاری کارگزاریوں اور رکارڈ اور عدالتی کارروائیوں کو تسلیم کرنا -

۶— شادی بیاہ اور طلاق ؛ ننھے بچے اور نابالغ ؛ گود لینا -

۷— وصیتیں ، بغیر وصیت کئے ہوئے مر جانا ، اور وراثت ، مشترک خاندان اور بٹوارہ ، وہ ساری باتیں جن کے بارے میں عدالتی کارروائیوں کے فریق اس دستور کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے اپنے اپنے قانون کے ماتحت تھے -

۸— زراعتی زمین کو چھوڑ کر جائداد کی منتقلی ؛ دستاویزوں اور کاغذوں کی رجسٹری -

۹— ٹرسٹ اور ٹرسٹی -

۴۰۶

۱۰— معاهدے ، جن میں شراکت یا ساجھا ، ایجنسی ، باربرداری کا معاهدہ اور دوسرے خاص قسم کے معاهدے شامل هیں ، لیکن ان میں زراعتی زمین کی بابت معاهدے شامل نہیں -

۱۱— ثالثی -

۱۲— دوالا اور ناداری -

۱۳— ترکے کے بڑے سرکاری منتظم اور سرکاری ترسٹی -

۱۴— ان محصولوں یا فیسوں کو چھوڑ کر جو عدالتی اسٹامپ کے ذریعے وصول کی جائیں ، باقی تمام اسٹامپ کے محصول ، لیکن اس میں اسٹامپ کے محصول کی شرحیں شامل نہیں هیں -

۱۵— وہ بیجا فعل جن کی عدالت میں چارہ جوئی کی جاسکے ، اگر یہ ان قانونوں میں شامل نہ هوں جو فہرست ۲ کے معاملوں کے بارے میں بنائے گئے هوں -

۱۶— ان باتوں میں سے کسی کے بارے میں جو اس فہرست میں درج هیں ، سپریم کورٹ کو چھوڑ کر تمام عدالتوں کے اختیار سماعت اور دوسرے اختیار -

۱۷— قانونی ، طبی ، اور دوسرے پیشے -

۱۸— اخبار ، کتابیں ، اور چھاپے خانے -

۱۹— پاگل پن اور دماغی خلل ، جس میں وہ جگہیں شامل هیں جو پاگلوں اور دماغی خلل والوں کو رکھنے اور ان کے علاج کے لئے هوں -

۲۰— زهر اور خطرناک دوائیں -

۲۱— وہ گاڑیاں جو کلوں سے چلتی هوں -

۲۲— بوئلر -

۲۳— جانوروں کو بےرحمی سے بچانا -

۲۴— آوارہ گردی ، خانہ بدوش اور جگہ جگہ پھرنے والے قبیلے -

۲۵— کارخانے -

۲۶ — مزدوروں کی بہبودی ؛ مزدوری کی شرطیں ؛ پراویڈنٹ فنڈ ؛ کارخانوں کے مالکوں کی ذمہ داریاں اور مزدوروں کا ہرجانہ ؛ صحت کا بیمہ ، جس میں معذوری کی پنشنیں شامل ہیں ؛ بڑھاپے کی پنشنیں -

۲۷ — بے روزگاری اور سماجی بیمہ -

۲۸ — ٹریڈ یونین ؛ صنعتی جھگڑے اور مزدوروں کے متعلق جھگڑے -

۲۹ — ایک ریاست سے دوسری ریاست میں متعدی اور چھوت والی بیماریوں کو پھیلنے سے روکنا ، جن کا اثر آدمیوں یا جانوروں پر پڑتا ہو ، اور ان بیماریوں کو پھیلنے سے روکنا جن کا اثر پودوں پر پڑتا ہو -

۳۰ — بجلی -

۳۱ — فہرست ۱ میں پانی کی قومی شاہراہوں کے متعلق جو قاعدے ہیں ان کا لحاظ رکھتے ہوئے ملک کے اندر پانی کے راستوں پر کلوں سے چلنے والے جہازوں میں بار برداری اور جہازرانی اور ایسے پانی کے راستوں پر سفر کے لئے قاعدے ، اور ملک کے اندر پانی کے راستوں سے مسافروں اور مال اسباب کا لے جانا -

۳۲ — سنیما فلمیں دکھانے کی منظوری -

۳۳ — وہ لوگ جو یونین کے حکم سے حفاظتی نظر بندی میں ہوں -

۳۴ — معاشی اور سماجی منصوبے -

۳۵ — وہ اصول جن کی بنا پر اس جائداد کا معاوضہ طے ہو جو یونین یا ریاست کے لئے جبریہ حاصل یا طلب کر لی گئی ہو -

۳۶ — اس فہرست کے معاملوں میں سے کسی کے لئے معلومات جمع کرنا اور اعداد شمار مرتب کرنا -

۳۷ — اس فہرست کے معاملوں میں سے کسی کے بارے میں فیسیں ، مگر ان میں وہ فیسیں شامل نہیں ہیں جو عدالت میں لی جاتی ہوں -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

406

آٹھواں شیڈیول

[دفعہ ۳۰۳ (۱) (۱۰)]

شیڈیولی قبیلے

حصہ ۱

مدراس

(۱) بگتا -

(۲) بھگاتا (بھرت گدا) بڑا بھگاتا مدھیہ - بھگاتا اور سن بھگاتا - (چھوٹا) -

(۳) بھومیا - بھور بھومیا - اور بڑا بھومیا -

(۴) بسوے - (وشئی) بارنجی جوریا - بیلگی دارو ا - فرانگی - ہولر - جھوریا - کولیئے - کونڈے - پارنگا - پینگا جوریا - سوڑ و جوریا اور تاکورا -

(۵) ڈ۔کاوڑا -

(۶) ڈومبا - اندنیہ ڈومبا - اونیا ڈومبا - چونل ڈومبا - کرسچین ڈومبا - مرگانی ڈومبا - اریا ڈومبا - پوناکا ڈومبا - تیلگا اور اومیلہ

(۷) گدبا - بوڑا یا (گوتوب) - سیرلم گوتوب - فرانجی گوتوب - جوڑیا گوتوب - علاوہ گوتوب - پرنگا گوتوب اور پانگی گوتوب -

(۸) گھاسی - (انکا دوسرا نام ھدے ھے) بڑا گھاسی اور سلد گھاسی -

(۹) گوندی یا گوند - مدھیہ گوند اور راج گوند -

(۱۰) گاوڑا بھت گاوڑا - بھرتیہ گاوڑا - دودھکریا - ھاتی گاوڑا - جاتک گاوڑا اور جوریا -

(۱۱) کاوسلیہ گاوڑا - بوسوتھوریہ گاوڑا - چیتی گاوڑا - دنگایت گاوڑا (دودوکمریا) - (دودوکامارو) لادیا گاوڑا اور پلو سوریہ گاوڈا -

(۱۲) مگت گاوڑا - برنیہ گاوڑا - بوڑو مکاتھا - ڈونگایاتھہ گاوڑا - لڑیہ گاوڑا - پونلا مکاتھا اور سانا مکاتھا -

(۱۳) سیریتھی گاوڑا -

(۱۴) ھالاوا -

(۱۵) جاڑا پوبیہ -

(۱۶) جاتا پوبیہ -

(۱۷) کمارا -

(۱۸) کھتی - کھتی - سمارو اور لوھارا -

(۱۹) کودو -

(۲۰) کوم مار -

(۲۱) کونڈا دورا -

(۲۲) کونڈا کا پو -

(۲۳) کونڈا ریڈی -

(۲۴) کودویا کوند - دیشیہ کوند - دانگریہ کوند - کوتھیہ کوند - تکریا کوند - ایناڈی کوند -

(۲۵) کوتیہ - برتکا - بلیت اوڑیہ - دھولیہ یا دولیاوا - ھلا یا پاے کو - پوتیا - سلہ رنا اور سدھہ پاے کو

(۲۶) کویا یا راس کوپاگاوڑا راجہ - لنگ دھاری مع اس کی چھوٹی ذاتوں کے - کویاس (معمولی) اور کوتو کویاس -

(۲۷) ماد یگا -

(۲۸) مالایہ یا کونڈیہ مالایہ یا والمیکی -

(۲۹) مالی - کورچیا مالی - پٹے کو مالی اور پدامالی -

(۳۰) ملیہ دورایہ -

(۳۱) ملے دولرا -

(۳۲) موک دوارا - نوک دولوا -

(۳۳) مولی یا مولیہ -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

۱۹۳۶

(۳۴) موریا -

(۳۵) اوجلو یا مقہ کسالی –

(۳۶) امدا تھہ –

(۳۷) پیگاراپو –

(۳۸) پلاسی –

(۳۹) پلی –

(۴۰) پیلنگیاس –

(۴۱) پراجہ - بوتو - منڈا - داروا - ددائی یا کور - جوریا - مندیلی - پیلکو - پھتی اور سالیا –

(۴۲) ریتی دورا –

(۴۳) رلی یا سچاندی –

(۴۴) رزای –

(۴۵) سورا - کاپوسورا - کتیہ‌سورا اور مالیہ سورا –

(۴۶) جزائر لکشم - میلی کائے اور امیمن دیوی کے باشندگان –

حصہ ۲

<u>بمبئی</u>

(۱) باردا –

(۲) باواچا –

(۳) بھل –

(۴) چودرا –

(۵) دھلکا –

(۶) دھوریا –

(۷) دبلا –

(۸) کامت یا کامتا –

(۹) گونڈ –

(۱۰) کاتھوڑی یا کاتکاری –

(۱۱) کوکرنا –

(۱۲) کولی مہادیب –

(۱۳) ماوچی –

(۱۴) نایکڈا یا نایک –

(۱۵) پاردھی جس میں آدوی‌چنچر یا پھانسی پاردھی بھی شامل ہیں –

(۱۶) پٹولیا –

(۱۷) پلملا –

(۱۸) پووارا –

(۱۹) راتھوا –

(۲۰) تاڈوی بھل –

(۲۱) تھاکر –

(۲۲) وٹولی –

(۲۳) ولرلی –

(۲۴) وساوا –

حصہ ۳

مغربی بنگال

(۱) بھوٹ –

(۲) چاکما –

(۳) کوکی –

409

(۴) لیپچا -

(۵) مونڈا -

(۶) مگ -

(۷) مرو -

(۸) اوراون -

(۹) سلتھال -

(۱۰) تہرا -

(۱۱) اور دوسرا کوئی قبیلہ جس کو مغربی بنگال کی سرکار ایسا مشتہر کر دے -

حصہ ۴

<u>صوبہ متحدہ</u>

(۱) بھوٹیاں -

(۲) بیسوار -

(۳) بیگا -

(۴) گونڈ -

(۵) کھروار -

(۶) کول -

(۷) اوجھا -

(۸) اور دوسرا کوئی قبیلہ جس کو صوبہ متحدہ کی حکومت ایسا مشتہر کرے -

حصہ ۵

<u>مشرقی پنجاب</u>

ضلع کانگڑہ میں لاہول اور سپیتی کے مقامات پر جو تبت کے رہنے والے آباد ہیں -

حصہ ۲

بہار

۱ - ریاست بہار کا باشندہ جو مندرجہ ذیل قبیلوں کا ہو :—

(۱) آسور -

(۲) بنجارہ -

(۳) باتھودی -

(۴) بھلت کار -

(۵) بن جھیا -

(۶) برھور -

(۷) برجیا -

(۸) چیرو -

(۹) چک بارٗیک -

(۱۰) گدابا -

(۱۱) گھتوار -

(۱۲) گونڈ -

(۱۳) گورایت -

(۱۴) ھو -

(۱۵) جوانگ -

(۱۶) کارمالی -

(۱۷) کھاریہ -

(۱۸) کھاروار -

(۱۹) کھینتاوری -

(۲۰) کھونڈ -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

٤١١

(۲۱) کسان –

(۲۲) کولی –

(۲۳) کورا –

(۲۴) کیورا –

(۲۵) ماہلی –

(۲۶) مال پہاڑیہ –

(۲۷) منڈا –

(۲۸) اوراں –

(۲۹) پرہیہ –

(۳۰) سنتال –

(۳۱) سوریہ پہاڑیہ –

(۳۲) ساوار –

(۳۳) تھارو –

۲ – مندرجہ ذیل اضلاع کے یا تھانوں کے علاقے کے باشندگان یعنی رانچی - سنگھبھوم - ہزاری باغ اور سنتھال پرگنے کے اضلاع میں اور ضلع مان بھوم کے ارشا - بلرام پور - جھالدا - جے پور باغ منڈی - چاندل - ایچا گڈھ - براھا بھوم - پٹام قا بلدوان اور مان بازار کے تھانوں کے علاقے کے باشندے جو مندرجہ ذیل کسی بھی قبیلہ کے ہوں :—

(۱) باوری –

(۲) بھوگتا –

(۳) بھویا –

(۴) بھوم جا –

(۵) گھاسی –

(۶) پان –

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(۷) راجولڑہ -

(۸) توری -

۳ — دھا نہاد سب ڈویزن کا باشندہ یا ضلع مان بھوم کے مندرجہ ذیل کسی تھانہ یعنی پرلیا - هورا - پنچھا - رگھوناتھہ پور - سنکوری - نگوریا - پارا - چاس - چلدن کیاری - اور کاشی پور کے علاقے کا باشندہ هو اور پھر بھومجی قبیلہ کا هو -

حصہ ۷

صوبہ متوسط ہند

(۱) گونڈ -

(۲) کولر -

(۳) ماڑیا -

(۴) موڑیا -

(۵) هلبا -

(۶) پردھان -

(۷) اوراؤن -

(۸) بنجھواڑ -

(۹) آندھہ -

(۱۰) بھریہ بھومیہ -

(۱۱) کولی -

(۱۲) بھتّرا -

(۱۳) بیگا -

(۱۴) کولام -

(۱۵) بھیل -

(۱۶) بھونہار -

(۱۷) دھنوار -

(۱۸) بہنیا -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(۱۹) پرجا -
(۲۰) کمار -
(۲۱) بھونجیا -
(۲۲) نگاچی -
(۲۳) اوجھا -
(۲۴) کورکو -
(۲۵) کول -
(۲۶) نگاسیہ -
(۲۷) سور -
(۲۸) کوروا -
(۲۹) مجھورا -
(۳۰) کھریا -
(۳۱) سونتا -
(۳۲) کوندھہ -
(۳۳) نہال -
(۳۴) برھول یا (برھور) -
(۳۵) روتیا -
(۳۶) پانڈو -

حصّہ ۸

آسام

مندرجہ ذیل قبائل اور فرقے -

(۱) کچاری -
(۲) بڑو یا بڑو کچاری -
(۳) رابھا -
(۴) مر -

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(۵) لالنگ -

(۶) کمہر -

(۷) گارو -

(۸) جھاجلیلی -

(۹) دیوری -

(۱۰) آبر -

(۱۱) مسمی -

(۱۲) تفلا -

(۱۳) سلکھو -

(۱۴) کھامتی -

(۱۵) ناگا یا کوکی قبیلہ -

(۱۶) کوئی دوسرا قبیلہ یا فرقہ جس کی بابت حکومت آسام ایسا اعلان کر دے -

حصہ ۹

اڑیسہ

۱ - ریاست اڑیسہ کا باشندہ جو مندرجہ ذیل قبیلوں میں سے کسی قبیلہ کا ہو :—

(۱) باگتا -

(۲) بلنجاری -

(۳) چیلنچو -

(۴) گازابا -

(۵) گونڈ -

(۶) جتا پو -

(۷) کھونڈ - (کونڈ)

(۸) کونڈا - قورا -

۴۱۵

(۹) کویا -

(۱۰) پاروجه -

(۱۱) ساؤرا (سابو) -

(۱۲) اوران -

(۱۳) سنتال -

(۱۴) کھاریه -

(۱۵) مونڈا -

(۱۶) بنجارا -

(۱۷) بنجھار -

(۱۸) کسان -

(۱۹) کولی -

(۲۰) کورا -

۲— مندرجه ذیل علاقوں میں سے کس علاقه یعنی کوراپٹ اور کھونڈپٹ کے اضلاع اور گنجام ایجنسی کا کوئی باشندہ جو مندرجه ذیل کس قبیلے کا ہو -

(۱) ڈوم یا ڈومب -

(۲) پان یا پانو -

۳—ضلع سامبلپور کا کوئی باشندہ جو مندرجه ذیل قبیلوں میں سے کسی بھی قبیلے کا ہو -

(۱) باوری -

(۲) بھویه -

(۳) بھومجی -

(۴) گھاس -

(۵) ڈوری -

(۶) پان یا پانو -

416

VOCABULARY

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

VOCABULARY

فہرست اصطلاحات

English	Roman	Urdu
Abolition	*Khatm karna; mitaana*	ختم کرنا ؛ مٹانا
Aboriginal Tribes	*Pracheen qabeeley*	پراچین قبیلے
Abrogate	*Mansookh karna*	منسوخ کرنا
Access	*Pahunch*	پہنچ
Acquire	*Haasil karna*	حاصل کرنا
Acting	*Qaa-em muqaam*	قائم مقام
Act	*Kam; feil; qanoon; act*	کام ؛ فعل ؛ قانون ؛ ایکٹ
Adaptation	*mutabeqat dena*	مطابقت پیدا کرنا ؛ مطابقت دینا
Additional (judge)	*Zaa-ed jaj*	زائد جج
Address (n.)	*Adres*	ایڈریس
Address (v.)	*Khitaab karna*	خطاب کرنا
Adherence	*Waabastagee*	وابستگی
Ad hoc	*Khaas gharaz ke liye*	خاص غرض کے لئے
Adjourn	*Multavee karna*	ملتوی کرنا
Adjournment	*Iltivaa*	التوا
Adjustment	*Mutaabiq karna*	مطابق کرنا
Admission	*Shaamil hona; daakhil hona.*	شامل ہونا ؛ داخل ہونا
Administration	*Intizaam*	انتظام
Administration of Justice.	*Qanoon ka intizaam; adalat ka intizam.*	قانون کا اجراء
Administrative	*Intizaamee*	انتظامی
Admiralty Court	*Bahree adaalat*	بحری عدالت
Adopt	*Manzoor karna; ikhtiyaar karna.*	منظور کرنا ؛ اختیار کرنا
Adoption	*Goad lena; manzooree; apnaana.*	گود لینا؛ منظوری؛ اپنانا

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

419

English	Roman	Urdu
Advisory Council	*Mushaaveratee kaonsil.*	مشاورتی مجلس
Advocate	*Advokeyt*	ایڈوکیٹ
Advocate-General	*Advokeyt-jenral*	ایڈوکیٹ جنرل
Agreement	*Raazee naama; mo'aaheda.*	راضی نامہ ؛ معاہدہ
Aerodrome	*Hawaaee adda*	ہوائی اڈا
Aeronautics	*Hawaa- baazee*	ہوابازی
Aircraft	*Hawaaee jahaaz*	ہوائی جہاز
Air traffic	*Hawaaee safar*	ہوائی سفر
Air forces	*Hawaaee fauj*	ہوائی فوج
Airways	*Hawaaee raastey*	ہوائی راستے
Agency	*Eyjensee*	ایجنسی
Agent	*Eyjent*	ایجنٹ
Alien	*Pardeysee*	پردیسی
Allegiance	*Farmanbardaaree*	فرمانبرداری
All-India	*Kul-Hind*	کل ہند
Allotment	*Naam-Zadgee*	نامزدگی
Amendment	*Tarmeem*	ترمیم
Ancillary power(s)	*Zaelee Ikhtiyar*	ذیلی اختیار
Annuities	*Saalyaaney*	سالیانے
Appeal	*Apeel*	اپیل
Appellant	*Apeylaant*	اپیلانٹ
Appellate jurisdiction	*Apeel sunney ka ikhtiyaar.*	اپیل سننے کا اختیار
Application of Principle.	*Itlaaq; amal*	(کسی اصول کا) اطلاق ؛ عمل
Appoint	*Moqarrar karna*	مقرر کرنا
Appropriation	*Sarf men laana*	صرف میں لانا
Arbitration	*Panchaayat*	پنچایت

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

419

English	Roman	Urdu
Arbitral tribunal	*Panchaayatee tribunal*	پنچایتی ٹریبیونل
Arbitrate	*Baahamee faesla karna; saalis banna.*	باھمی فیصلہ کرنا ؛ ثالث بننا
Arbitration	*Baahamee faesila; saalisee*	باھمی فیصلہ ؛ ثالثی
Architecture	*Ta'meer kaaree*	تعمیرکاری
Area	*Raqba*	رقبہ
Artistic	*Fan-kaaraana*	فنکارانہ
Assent	*Manzooree*	منظوری
Assessment	*Tashkhees*	تشخیص
Assets	*Poonjee; asaasa*	پونجی ؛ اثاثہ
Assignment	*Hawaalagee*	حوالگی
Associate judge	*Shareek jaj*	شریک جج
Association	*Anjuman*	انجمن
Atomic	*Aetamee*	ایٹمی
Attorney	*Ataarnee*	اٹارنی
Attorney-General	*Ataarnee jenral*	اٹارنی جنرل
Attribute	*Mansoob Karna*	منسوب کرنا
Audience—Right of	*Paerawee karne ka haq*	پیروی کرنے کا حق
(یو) "چھوٹی ریلوے" کے معنی ہیں کوئی ایسی ریلوے جو ساری کسی ایک ریاست کے اندر ہو اور جس سے ، اُسی ماپ (گیج) یا دوسرے ماپ کی کسی یونین ریلوے کے ساتھ آنے جانے کا کوئی لگا تار ریل راستہ نہ ہو ؛

(وی) "پٹی" (Schedule) کے معنی ہیں اس ودھان کے ساتھ کی کوئی پٹی ؛

(ڈبلیو) "پٹی-درج جاتوں" کے معنی ہیں اس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج کسی ریاست کے سمبندھ میں وہ جاتیں ، نسلیں یا قبیلے ، یا جاتوں ، نسلوں یا قبیلوں کے حصے یا انکے اندر کے دل ، جنھیں ہند سرکار (پٹی - درج جاتیں) حکم ، ۱۹۳۶ میں ، ہند سرکار ایکٹ ۱۹۳۵ کی پانچویں اور چھٹی پٹیوں کے مطلب کے لئے جوابی صوبے کے سمبندھ میں ، پٹی درج جاتیں بتایا گیا ہے ؛

(ایکس) "پٹی درج قبیلے" کے معنی ہیں ان ریاستوں کے سمبندھ میں جنکے نام اس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج ہوں الگ الگ وہ قبیلے یا فرقے جو ان ریاستوں سے سمبندھ رکھنے والے آٹھویں پٹی کے پہلے حصے سے نویں حصے تک کسی حصے میں درج ہوں .

(۲) جب تک پرسنگ سے کچھ اور مطلب نہ نکلتا ہو ، اس ودھان کے معنی کرنے میں جنرل کلازیز ایکٹ ۱۸۹۷ (۱۸۹۷ کا ایکٹ نمبر ۱۰) سے کام لیا جائے گا .

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

(३) इस विधान में जो पार्लमेण्ट के या उसके बनाए हुए, या उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज किसी रियासत की क़ानून सभा के या उसके बनाए हुए, किसी ऐक्ट या क़ानून की चरचा की गई है, उसके मानी यह लिये जायेंगे कि उसमें ऐसे आर्डिनेंस की चरचा भी शामिल है जो प्रेज़ीडेंट ने या जो किसी गवरनर ने, जैसी सूरत हो, जारी किया हो.

(۳) اس ودھان میں جو پارلمنٹ کے یا اُس کے بنائے ہوئے ، یا اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج کسی ریاست کی قانون سبھا کے یا اُسکے بنائے ہوئے ، کسی ایکٹ یا قانون کی چرچا کی گئی ہے ، اُس کے معنی یہ لئے جائینگے کہ اُس میں ایسے آرڈیننس کی چرچا بھی شامل ہے جو پریزیڈنٹ نے یا جو کسی گورنر نے ، جیسی صورت ہو ، جاری کیا ہو .

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

हिस्सा सोलह

विधान में बदलाव

विधान में बदलाव करने के लिये दस्तूर

३०४–(१) इस विधान में किसी बदलाव का सवाल पार्लमेण्ट के किसी भी सदन में इस मतलब के लिये एक बिल पहली बार रख कर उठाया जा सकता है, और जब वह बिल हर सदन में, उस सदन के कुल मेम्बरों के बहुमत से और सदन में उस समय मौजूद और वोट देने वाले मेम्बरों की कम से कम दो तिहाई वोटों से, पास हो जायें, तो उसे मंज़ूरी के लिये प्रेज़ीडेंट के सामने रखा जायगा और अगर बिल पर यह मंज़ूरी मिल जाय तो उस बिल की शर्तों के अनुसार विधान में बदलाव हो जायगा :

बन्धन यह कि अगर उस बदलाव से––

(ए) सातवी पट्टी की किसी तालिका में;

(बी) पार्लमेण्ट में रियासतों की शक्तियों में; या

(सी) सुप्रीम कोर्ट की शक्तियों में,

कोई अदल बदल होता हो तो, यह ज़रूरी होगा कि उस बदलाव को उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज रियासतों में से कम से कम आधी रियासतों की क़ानून सभाएं और उस समय उसी पट्टी के तीसरे हिस्से में दर्ज रियासतों में से कम से कम एक तिहाई रियासतों की क़ानून सभाएं भी मंज़ूर करलें.

(२) पिछली आख़िरी दफ़ा में जो कुछ कहा गया है उसके बावजूद, इस विधान में किसी ऐसे बदलाव का सवाल, जिस से उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज किसी रियासत के गवरनर के चुने जाने (या नियोजे जाने) के ढंग में, या ऐसी किसी रियासत की क़ानून सभा के सदनों की गिनती में, कोई अदल बदल होता हो, एक ऐसे बिल के ज़रिये

حصہ سولہ

ودھان میں بدلاؤ

ودھان میں بدلاؤ کرنے کے لئے دستور

۳۰۴-(۱) اس ودھان میں کسی بدلاؤ کا سوال پارلمنٹ کے کسی بھی سدن میں اس مطلب کے لئے ایک بل پہلی بار رکھہ کر اُٹھایا جا سکتا ہے ، اور جب وہ بل ہر سدن میں، اُس سدن کے کل میمبروں کے بھومت سے اور سدن میں اُس سمے موجود اور ووٹ دینے والے میمبروں کی کم سے کم دو تہائی ووٹوں سے ، پاس ہو جائے، تو اُسے منظوری کے لئے پریزیڈنٹ کے سامنے رکھا جائیگا اور اگر بل پر یہ منظوری مل جائے تو اُس بل کی شرطوں کے انوسار ودھان میں بدلاؤ ہو جائیگا :

بندھن یہ کہ اگر اُس بدلاؤ سے––

(اے) ساتویں پٹی کی کسی تالیکا میں ؛

(بی) پارلمنٹ میں ریاستوں کے پری ندھان میں ؛ یا

(سی) سپریم کورٹ کی شکتیوں میں ؛

کوئی ادل بدل ہوتا ہو تو ، یہ ضروری ہوگا کہ اُس بدلاؤ کو اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج ریاستوں میں سے کم سے کم آدھی ریاستوں کی قانون سبھائیں اور اُس سمے اُسی پٹی کے تیسرے حصے میں درج ریاستوں میں سے کم سے کم ایک تہائی ریاستوں کی قانون سبھائیں بھی منظور کرلیں.

(۲) پچھلی آخری دفعہ میں جو کچھہ کہا گیا ہے اُسکے باوجود ، اس ودھان میں کسی ایسے بدلاؤ کا سوال ، جس سے اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج کسی ریاست کے گورنر کے چنے جانے (یا نیوجے جانے) کے ڈھنگ میں ، یا ایسی کسی ریاست کی قانون سبھا کے سدنوں کی گنتی میں ، کوئی ادل بدل ہوتا ہو ، ایک ایسے بل کے ذریعے

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

उठाया जा सकेगा जो इस मतलब के लिये उस रियासत के आम सदन में या जहां रियासत में ख़ास सदन भी है वहां किसी भी सदन में पहली बार रखा जा सकता है और जब वह बिल आम सदन में या जहां रियासत में ख़ास सदन है वहां दोनों सदनों में, आम सदन के या हर सदन के, जैसा भी हो, कुल मेम्बरों के बहुमत से पास हो जाय तो उसको रज़ामन्दी के लिये पार्लमेण्ट के सामने रखा जायगा, और जब पार्लमेण्ट का हर सदन उस सदन के कुल मेम्बरों के बहुमत से उस पर रज़ामन्दी दे दे तो फिर उसे मंजूरी के लिये प्रेज़ीडेंट के सामने रखा जायगा, और बिल पर इस मंजूरी के मिल जाने पर विधान में उस बिल की शर्तों के अनुसार बदलाव हो जायगा.

समझाव: जहां उस समय पहली पट्टी के तीसरे हिस्से में कोई रियासत दल दर्ज कर लिया गया है वहां इस दफ़ा की धारा (१) की शर्त के मतलब के लिये वह सारा दल एक रियासत समझा जायगा.

कमगिनतों के लिये अलग जगहें रखना केवल दस बरस तक अमल में रहेगा, सिवाय इसके कि इस विधान में बदलाव करके उसे जारी रखा जाय

३०५—इस विधान की दफ़ा ३०४ में जो कुछ कहा गया है उसके बावजूद, इस विधान की उन शर्तों में, जिनका सम्बन्ध मुसलमानों, पट्टी दर्ज जातों, पट्टी दर्ज क़बीलों या हिन्दुस्तानी ईसाइयों के लिये पार्लमेण्ट में या उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज किसी रियासत की क़ानून सभा मे अलग जगहें रखने से है, इस विधान के जारी होन के समय से दस बरस के अरसे तक कोई बदलाव नहीं किया जायगा, और इस अरसे के बीत जाने पर वह शर्तें बेअसर हो जायेंगी, जब तक कि विधान में कोई बदलाव करके उन शर्तों के अमल को जारी न रखा जाय.

اُٹھایا جا سکیگا جو اِس مطلب کے لئے اُس ریاست کے عام سدن میں یا جہاں ریاست میں خاص سدن بھی ہے وہاں کسی بھی سدن میں پہلی بار رکھا جا سکتا ہے اور جب وہ بل عام سدن میں یا جہاں ریاست میں خاص سدن ہے وہاں دونوں سدنوں میں، عام سدن کے یا ہر سدن کے، جیسا بھی ہو، کل میمبروں کے بہومت سے پاس ہو جائے تو اُسکو رضامندی کے لئے پارلمنٹ کے سامنے رکھا جائیگا، اور جب پارلمنٹ کا ہر سدن اُس سدن کے کل میمبروں کے بہومت سے اُس پر رضامندی دے دے، تو پھر اُسے منظوری کے لئے پریزیڈنٹ کے سامنے رکھا جائیگا، اور بل پر اس منظوری کے مل جانے پر ودھان میں اُس بل کی شرطوں کے انوسار بدلاؤ ہو جائیگا.

سمجھاؤ: جہاں اس سمے پہلی پٹی کے تیسرے حصے میں کوئی ریاست دل درج کر لیا گیا ہے وہاں اس دفعہ کی دھارا (۱) کی شرط کے مطلب کے لئے وہ سارا دل ایک ریاست سمجھا جائیگا.

کم گنتوں کے لئے الگ جگہیں رکھنا کیول دس برس تک عمل میں رہیگا، سوائے اسکے کہ اس ودھان میں بدلاؤ کرکے اُسے جاری رکھا جائے

۳۰۵— اس ودھان کی دفعہ ۳۰۴ میں جو کچھ کہا گیا ہے اس کے باوجود، اس ودھان کی ان شرطوں میں، جنکا سمبندھ مسلمانوں، پٹی درج جاتوں، پٹی درج قبیلوں یا ہندوستانی عیسائیوں کے لئے پارلمنٹ میں یا اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج کسی ریاست کی قانون سبھا میں الگ جگہیں رکھنے سے ہے، اس ودھان کے جاری ہونے کے سمے سے دس برس کے عرصے تک کوئی بدلاؤ نہیں کیا جائیگا، اور اس عرصے کے بیت جانے پر وہ شرطیں بے اثر ہو جائینگی، جب تک کہ ودھان میں کوئی بدلاؤ کرکے اُن شرطوں کے عمل کو جاری نہ رکھا جائے.

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

हिस्सा सतरह

वक़्ती और पारक शर्तें

रियासत तालिका के कुछ मामलों के बारे में पार्लमेण्ट को क़ानून बनाने की वक़्ती शक्ति मानो वह मामले दोतरफ़ी तालिका के हों

३०६–इस विधान में जो कुछ कहा गया है उसके बावजूद, पार्लमेण्ट को इस विधान के जारी होने से पांच बरस के अरसे तक नीचे लिखे मामलों के बारे में उसी तरह क़ानून बनाने की शक्ति होगी मानो वह मामले दोतरफ़ी तालिका में गिनाए गए हैं, यानी–

(ए) किसी रियासत के अन्दर सूती और ऊनी कपड़ों, कागज़ (जिसमें ख़बर छाप शामिल है), खाने की चीज़ों (जिसमें तेल और खाने के तिलहन शामिल हैं), पैट्रोलियम और उससे बनी चीज़ों, मशीन से चलने वाली गाड़ियों के अलग पुर्ज़ों, कोयला और लोहा, फ़ौलाद, और अबरक का व्यौपार, उनकी तिजारत, उनकी पैदावार, उनका मुहय्या करना और जगह जगह पहुंचाना;

(बी) अपनी जगहों से निकाले हुए लोगों को मदद देना और फिर से बसाना;

(सी) ऐसे किसी क़ानून के ख़िलाफ़ जुर्म जो इस दफ़ा की धारा (ए) और (बी) में बताए हुए मामलों में से किसी से सम्बन्ध रखता हो, उन मामलों में से किसी के मतलब के लिये पूछताछ और आंकड़े जमा करना, उन मामलों में से किसी के बारे में सुप्रीम कोर्ट को छोड़ कर और सब अदालतों की अमलदारी और उनकी शक्ति, और उनमें से किसी मामले के बारे में फ़ीस जिसमें किसी अदालत में ली जाने वाली फ़ीस शामिल न होगी;

पर पार्लमेण्ट का बनाया हुआ कोई क़ानून, जिसे इस दफ़ा की शर्तों के बिना पार्लमेण्ट को बनाने [illegible] न होती,

حصہ سترہ

وقتی اور پارک شرطیں

ریاست تالیکا کے کچھ معاملوں کے بارے میں پارلمنٹ کو قانون بنانے کی وقتی شکتی، مانو وہ معاملے دو طرفی تالیکا کے ہوں۔

۳۰۶- اس ودھان میں جو کچھ کہا گیا ہے اسکے باوجود پارلمنٹ کو اس ودھان کے جاری ہونے سے پانچ برس کے عرصہ تک نیچے لکھے معاملوں کے بارے میں اُسی طرح قانون بنانے کی شکتی ہوگی مانو وہ معاملے دو طرفی تالیکا میں گنائے گئے ہیں، یعنی—

(اے) کسی ریاست کے اندر سوتی اور اونی کپڑوں، کاغذ (جس میں خبر چھاپ شامل ہے)، کھانے کی چیزوں (جس میں تیل اور کھانے کے تلہن شامل ہیں) پیٹرولیم اور اُس سے بنی چیزوں، مشین سے چلنے والی گاڑیوں کے الگ پرزوں کوئلہ اور لوہا، فولاد اور ابرک کا بھوپار، اُن کی تجارت، اُن کی پیداوار، اُن کا مہیا کرنا اور جگہہ جگہہ پہونچانا؛

(بی) اپنی جگہوں سے نکالے ہوئے لوگوں کو مدد دینا اور پھر سے بسانا؛

(سی) ایسے کسی قانون کے خلاف جرم جو اس دفعہ کی دھارا (اے) اور (بی) میں بتائے ہوئے معاملوں میں سے کسی سے سبندھ رکھتا ہو، ان معاملوں میں سے کسی کے مطلب کے لئے پوچھ تاچھ اور آنکڑے جمع کرنا، ان معاملوں میں سے کسی کے بارے میں سپریم کورٹ کو چھوڑ کر اور سب عدالتوں کی عملداری اور ان کی شکتی اور ان میں سے کسی معاملے کے بارے میں فیس جسمیں کسی عدالت میں لی جانے والی فیس شامل نہ ہوگی؛

پر پارلمنٹ کا بنایا ہوا کوئی قانون، جسے اس دفعہ کی شرطوں کے بنا پارلمنٹ کو بنانے کی شکتی نہ ہوتی

677

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

678

उस शक्ति न होने की हद तक, ऊपर लिखा अरसा बीत जाने पर बे असर हो जायगा, सिवाय उन बातों को बाबत जो इस अरसे के बीत जाने से पहले ही की जा चुकी हों या न की जा चुकी हों.

मौजूदा क़ानूनों का अमल जारी रहना और उन का अनुकूलन

३०७–(१) इस विधान की दूसरी शर्तों का ध्यान रखते हुए, इस विधान के जारी होने से ठीक पहले, हिन्द के इलाक़े में जितने क़ानून अमल में थे वह सब तब तक उस इलाक़े में अमल में रहेंगे जब तक कोई अधिकारी क़ानून सभा या दूसरा हक़दार अधिकारी उन्हें बदल न दे या रद न करदे या उनमें बदलाव न करदे.

(२) प्रेज़ीडेंट अपने हुकुम के ज़रिये यह इंतज़ाम कर सकता है कि कोई ऐसा क़ानून, जो हिन्द के इलाक़े में या उसके किसी हिस्से में अमल में हो, जब तक कि कोई अधिकारी क़ानून सभा या दूसरा हक़दार अधिकारी उसे रद न कर दे या उसमें बदलाव न करदे, उस हुकुम में जो तारीख़ बताई गई है उस तारीख़ से, इस तरह के ज़रूरी अनुकूलन और अदल बदल के साथ अमल में रहेगा जो प्रेज़ीडेंट को उस कानून की शर्तों का इस विधान की शर्तों के साथ मेल बैठाने के लिये ज़रूरी या समयोचित मालूम हों. इस तरह के अनुकूलन और अदल बदल चाहे उस क़ानून की किसी बात को रद करते हों और चाहे उसमें बदलाव करते हों, और इस तरह के किसी अनुकूलन या अदल बदल पर किसी अदालत में कोई सवाल नहीं उठाया जायगा.

समझाव (१): इस दफ़ा में "अमल में क़ानून" के अन्दर वह क़ानून शामिल होगा जिसे इस विधान के जारी होने से पहले हिन्द के इलाक़े के अन्दर किसी क़ानून सभा या दूसरे हक़दार अधिकारी ने पास किया हो या बनाया हो और जो इससे पहले रद न कर दिया गया हो, भले ही वह क़ानून या उसके कुछ हिस्से कहीं भी या ख़ास इलाक़ों में उस समय अमल में न हों.

समझाव (२): हिन्द के इलाक़े की किसी क़ानून सभा या दूसरे हक़दार अधिकारी के पास किये हुए या बनाए हुए ऐसे किसी क़ानून का

اُس شکتی نہ ہونے کی حد تک ، اُوپر لکھا عرصہ بیت جانے پر بے اثر ہو جائیگا ، سوائے اُن باتوں کی بابت جو اِس عرصے کے بیت جانے سے پہلے ھی کی جا چکی ہوں یا نہ کی جا چکی ہوں.

موجودہ قانونوں کا عمل جاری رهنا اور اُن کا انوکولن

۳۰۷- (۱) اِس ودھان کی دوسری شرطوں کا دھیان رکھتے ہوئے ، اِس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے ، ھند کے علاقے میں جتنے قانون عمل میں تھے وہ سب تب تک اُس علاقے میں عمل میں رھینگے جب تک کوئی ادھیکاری قانون سبھا یا دوسرا حقدار ادھیکاری اُنھیں بدل نہ دے یا رد نہ کردے یا اُن میں بدلاؤ نہ کر دے .

(۲) پریزیڈنٹ اپنے حکم کے ذریعے یہ انتظام کر سکتا ھے کہ کوئی ایسا قانون جو ھند کے علاقے میں یا اُسکے کسی حصے میں عمل میں ہو ، جب تک کہ کوئی ادھیکاری قانون سبھا یا دوسرا حقدار ادھیکاری اُسے رد نہ کر دے یا اُسمیں بدلاؤ نہ کردے ، اُس حکم میں جو تاریخ بتائی گئی ھے اُس تاریخ سے ، اِس طرح کے ضروری انوکولن اور ادل بدل کے ساتھہ عمل میں رھیگا جو پریزیڈنٹ کو اُس قانون کی شرطوں کا اِس ودھان کی شرطوں کے ساتھہ میل بٹھانے کے لئے ضروری یا سمیوچت معلوم ہوں۔ اِس طرح کے انوکولن اور ادل بدل چاھے اُس قانون کی کسی بات کو رد کرتے ہوں اور چاھے اُس میں بدلاو کرتے ہوں ، اور اِس طرح کے کسی انوکولن یا ادل بدل پر کسی عدالت میں کوئی سوال نہیں اُٹھایا جایگا .

سمجھاؤ (۱) : اِس دفعہ میں " عمل میں قانون " کے اندر وہ قانون شامل ہوگا جسے اِس ودھان کے جاری ہونے سے پہلے ھند کے علاقے کے اندر کسی قانون سبھا یا دوسرے حقدار ادھیکاری نے پاس کیا ہو یا بنایا ہو اور جو اِس سے پہلے رد نہ کر دیا گیا ہو ، بھلے ھی وہ قانون یا اُس کے کچھہ حصے کہیں بھی یا خاص علاقوں میں اُس سمے عمل میں نہ ہوں .

سمجھاؤ (۲) : ھند کے علاقے کی کسی قانون سبھا یا دوسرے حقدار ادھیکاری کے پاس کئے ہوئے یا بنائے ہوئے ایسے کسی قانون کا

हिन्द से बाहर का असर, जो इस विधान के जारी होने से ठीक पहले हिन्द के इलाक़े में भी असर रखता था और इस इलाक़े से बाहर भी असर रखता था, ऐसे अनुकूलन और अदलबदल के साथ जिनकी ऊपर चरचा की गई है, जारी रहेगा.

समझाव (३) : इस दफ़ा की किसी बात के यह मानी नहीं लिये जायंगे कि उससे किसी वक़्ती ऐक्ट का अमल उस तारीख़ के बाद भी जारी रहेगा जो तारीख़ उस ऐक्ट के ख़तम होने के लिये तय थी.

फ़ैडरल कोर्ट के जजों का सुप्रीम कोर्ट के जज हो जाना और जो कारवाइयां फ़ैडरल कोर्ट में या सम्राट की कौंसिल (हिज़ मैजेस्टी इन कौंसिल) के सामने चल रही हों उनका सुप्रीम कोर्ट में भेज दिया जाना

३०८–(१) फ़ैडरल कोर्ट के वह जज जो इस विधान के जारी होने की तारीख़ से ठीक पहले अपने ओहदे पर होंगे, जब तक कि वह ख़ुद कोई दूसरा फ़ैसला न कर चुके हों, उस तारीख़ को सुप्रीम कोर्ट के जज हो जायंगे और उसके बाद उन्हें वही तनख़ाहें और भत्ते मिल सकेंगे और छुट्टी और पैनशन के वही अधिकार मिल सकेंगे जो इस विधान की दफ़ा १०४ में सुप्रीम कोर्ट के जजों के लिये बताए गए हैं.

(२) इस विधान के जारी होने के समय फ़ैडरल कोर्ट में जो नालिशें, अपीलें और कारवाइयां, दीवानी या फ़ौजदारी, चल रही हों वह सब वहाँ से उठ कर सुप्रीम कोर्ट के सामने आ जायंगी और उन्हें सुनना और तय करना सुप्रीम कोर्ट की अमलदारी में शामिल होगा, और इस विधान के जारी होने से पहले फ़ैडरल कोर्ट ने जो फ़ैसले किये हों या हुकुम दिये हों उनका बल और असर वही होगा मानो वह फ़ैसले सुप्रीम कोर्ट ने किये हों और वह हुकुम सुप्रीम कोर्ट ने दिये हों.

(३) इस विधान के जारी होने की तारीख़ पर और उस तारीख़ से, हिन्द के इलाक़े की किसी अदालत की किसी डिगरी या किसी हुकुम के ख़िलाफ़ अपील लेने और तय करने, या ऐसी किसी डिगरी या हुकुम के बारे में दरख़ास्तें लेने और तय करने का सम्राट की कौंसिल (हिज़ मैजेस्टी इन कौंसिल) को जो अधिकार

679

ھند سے باھر کا اثر، جو اس ودھان کے جاری ھونے سے ٹھیک پہلے ھند کے علاقے میں بھی اثر رکھتا تھا اور اس علاقے سے باھر بھی اثر رکھتا تھا، ایسے انوکولن اور ادل بدل کے ساتھ جن کی اوپر چرچا کی گئی ھے، جاری رھیگا۔

سمجھاؤ (۳): اس دفعہ کی کسی بات کے یہ معنی نہیں لئے جائینگے کہ اُس سے کسی وقتی ایکٹ کا عمل اُس تاریخ کے بعد بھی جاری رھیگا جو تاریخ اُس ایکٹ کے ختم ھونے کے لئے طے تھی۔

فیڈرل کورٹ کے ججوں کا سپریم کورٹ کے جج ھو جانا اور جو کارروائیاں فیڈرل کورٹ میں یا سمراٹ کی کونسل (ھز مجیسٹی اِن کونسل) کے سامنے چل رھی ھوں اُن کا سپریم کورٹ میں بھیج دیا جانا

۳۰۸-(۱) فیڈرل کورٹ کے وہ جج جو اس ودھان کے جاری ھونے کی تاریخ سے ٹھیک پہلے اپنے عہدے پر ھونگے، جب تک کہ وہ خود کوئی دوسرا فیصلہ نہ کر چکے ھوں، اُس تاریخ کو سپریم کورٹ کے جج ھو جائینگے اور اُس کے بعد اُنھیں وھی تنخواھیں اور بھتے مل سکینگے اور چھٹی اور پینشن کے وھی ادھیکار مل سکینگے جو اس ودھان کی دفعہ ۱۰۴ میں سپریم کورٹ کے ججوں کے لئے بتائے گئے ھیں۔

(۲) اس ودھان کے جاری ھونے کے سمے فیڈرل کورٹ میں جو نالشیں، اپیلیں اور کارروائیاں، دیوانی یا فوجداری، چل رھی ھوں وہ سب وھاں سے اُٹھ کر سپریم کورٹ کے سامنے آ جائینگی اور اُنھیں سننا اور طے کرنا سپریم کورٹ کی عملداری میں شامل ھوگا اور اس ودھان کے جاری ھونے سے پہلے فیڈرل کورٹ نے جو فیصلے کئے ھوں یا حکم دئے ھوں اُن کا بل اور اثر وھی ھوگا مانو وہ فیصلے سپریم کورٹ نے کئے ھوں اور وہ حکم سپریم کورٹ نے دئے ھوں۔

(۳) اِس ودھان کے جاری ھونے کی تاریخ پر اور اُس تاریخ سے، ھند کے علاقے کی کسی عدالت کی کسی ڈگری یا کسی حکم کے خلاف اپیل لینے اور طے کرنے، یا ایسی کسی ڈگری یا حکم کے بارے میں درخواستیں لینے اور طے کرنے کا سمراٹ کی کونسل (ھز میجیسٹی اِن کونسل) کو جو ادھیکار

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

है, जिसमें फ़ौजदारी के मामलों के बारे में वह अधिकार भी शामिल है जिससे सम्राट अपने विशेष शाही अधिकारों की रू से काम ले सकता है, ये सब अधिकार ख़तम हो जायंगे और उस तारीख़ पर जितने अपील और दूसरी कारवाइयां सम्राट की कौंसिल (हिज़ मेजेस्टी इन कौंसिल) के सामने चल रही होंगी वह सब सुप्रीम कोर्ट को भेज दी जायंगी और सुप्रीम कोर्ट ही उन्हें तय करेगी.

(४) इस दफ़ा की शर्तों पर अमल कराने के लिये पार्लमेण्ट क़ानून के ज़रिये और भी इंतज़ाम कर सकती है.

इस विधान के जारी होने के बाद, विधान की शर्तों का ध्यान रखते हुए, अदालतों, अधिकारियों और अफ़सरों का अपना अपना काम करते रहना

३०९—दीवानी, फ़ौजदारी और माल की सब अदालतें, सब अधिकारी और सब अफ़सर, अदालती, काजकारी और दफ़तरी, हिन्द के इलाक़े भर में, इस विधान की शर्तों के अधीन अपने अपने काम करते रहेंगे.

हाई कोर्टों के जजों के बारे में शर्तें

३१०—किसी सूबे की हाई कोर्ट के वह जज जो इस विधान के जारी होने की तारीख़ से ठीक पहले अपने ओहदों पर रहेंगे, जब तक कि वह ख़ुद कोई दूसरा फ़ैसला न कर चुके हों, उस तारीख़ को उस सूबे की जवाबी रियासत की हाई कोर्ट के जज हो जायंगे, और इसके बाद उन्हें वही तनख़ाहें और भत्ते मिल सकेंगे और छुट्टी और पैनशन के वही अधिकार मिल सकेंगे जो इस विधान की दफ़ा १९७ में ऐसी हाई कोर्ट के जजों के लिये बताए गए हैं.

ھے، جسمیں فوجداری کے معاملوں کے بارے میں وہ ادھیکار بھی شامل ھے جس سے سمراٹ اپنے وشیش شاھی ادھیکاروں کی رو سے کام لے سکتا ھے ، یہ سب ادھیکار ختم ھو جائیں گے اور اُس تاریخ پر جتنے اپیل اور دوسری کارروائیاں سمراٹ کی کونسل (ھز میجیسٹی ان کونسل) کے سامنے چل رھی ھوں گی وہ سب سپریم کورٹ کر بھیج دی جائیں گی اور سپریم کورٹ ھی اُنھیں طے کریگی .

(۴) اس دفعہ کی شرطوں پر عمل کرانے کے لئے پارلمنٹ قانون کے ذریعے اور بھی انتظام کر سکتی ھے .

اس ودھان کے جاری ہونے کے بعد، ودھان کی شرطوں کا دھیان رکھتے ہوئے، عدالتوں، ادھیکاریوں اور افسروں کا اپنا اپنا کام کرتے رھنا

۳۰۹- دیوانی، فوجداری اور مال کی سب عدالتیں، سب ادھیکاری اور سب افسر، عدالتی، کاجکاری اور دفتری، ھند کے علاقے بھر میں، اس ودھان کی شرطوں کے ادھین اپنے اپنے کام کرتے رھیں گے .

ھائی کورٹوں کے ججوں کے بارے میں شرطیں

۳۱۰- کسی صوبے کی ھائی کورٹ کے وہ جج جو اس ودھان کے جاری ھونے کی تاریخ سے ٹھیک پہلے اپنے عہدوں پر رھیں گے، جب تک کہ وہ خود کوئی دوسرا فیصلہ نہ کر چکے ھوں، اُس تاریخ کو اُس صوبے کی جوابی ریاست کی ھائی کورٹ کے جج ھو جائیں گے، اور اُس کے بعد اُنھیں وھی تنخواھیں اور بھتے مل سکیں گے اور چھٹی اور پینشن کے وھی ادھیکار مل سکینگے جو اس ودھان کی دفعہ ۱۹۷ میں ایسی ھائی کورٹ کے ججوں کے لئے بتائے گئے ھیں .

यूनियन की काम चलाऊ क़ानून सभा, प्रेज़ीडेंट, वग़ैरा के बारे में शर्तें

३११–(१) जब तक इस विधान के अधीन पार्लमेण्ट के दोनों सदन ठीक ठीक न बन जायं और उन्हें पहले इजलास के लिये बैठने को न बुलाया जाय तब तक हिन्द डोमिनियन की विधान सभा खुद उन सब शक्तियों से काम लेगी और वह सब फ़र्ज़ पूरे करेगी जो पार्लमेण्ट को सौंपे गए हैं, और ख़ास कर इस बात को पक्का करने के लिये क़ानून बना सकेगी कि पार्लमेण्ट के दोनों सदन ठीक ठीक बन जायं और पार्लमेण्ट के हर सदन के मेम्बरों के चुनाव से सम्बन्ध रखने वाले और उनके बारे में उन सब मामलों का इन्तज़ाम हो जाय जिनमें चुनाव के हलक़ों की हदबन्दी शामिल होगी, और प्रसंग से या नतीजे के तौर पर आने वाले उन दूसरे मामलों का भी इन्तज़ाम हो जाय जो इस विधान की शर्तों को अमल में लाने के लिये ज़रूरी समझे जायं.

<u>समझाव</u>: इस धारा के मतलबों के लिये हिन्द डोमिनियन की विधान सभा में वह मेम्बर शामिल हैं जो उन नियमों के अनुसार, जिन्हें विधान सभा ने इस मतलब के लिये बनाया हो, बीच बीच में ख़ाली हुई सभा की जगहों को भरने के लिये चुने जायं, लेकिन कोई ऐसे मेम्बर शामिल न होंगे जो किसी ऐसे इलाक़े के प्रतिनिधि हों जो पहली पट्टी में आ गया है.

(२) विधान सभा जब हिन्द सरकार ऐक्ट १९३५ के अधीन हिन्द डोमिनियन की क़ानून सभा की तरह काम करे तब उसका जो स्पीकर होगा वही उस सभा का तब भी स्पीकर रहेगा जब वह सभा इस दफ़ा की धारा (१) के अधीन काम करेगी.

(३) जब तक इस विधान के हिस्से पांच के खंड १ की शर्तों के अनुसार कोई प्रेज़ीडेंट न चुन लिया गया हो और उसने अपना ओहदा न संभाल लिया हो तब तक वह आदमी हिन्द का काम चलाऊ प्रेज़ीडेंट होगा जिसे हिन्द डोमिनियन की विधान सभा इस काम के लिये चुन लेगी.

(४) वह सब लोग जो इस विधान के जारी होने से ठीक पहले हिन्द डोमिनियन के वज़ीरों के ओहदों पर रहेंगे इस विधान

681

یونین کی کام چلاؤ قانون سبھا، پریزیڈنٹ وغیرہ کے بارے میں شرطیں

۳۱۱–(۱) جب تک اس ودھان کے ادھین پارلمنٹ کے دونوں سدن ٹھیک ٹھیک نہ بن جائیں اور انھیں پہلے اجلاس کے لئے بیٹھنے کو نہ بلایا جائے تب تک ہند ڈومینین کی ودھان سبھا خود اُن سب شکتیوں سے کام لیگی اور وہ سب فرض پورے کریگی جو پارلمنٹ کو سونپے گئے ہیں، اور خاص کر اس بات کو پکا کرنے کے لئے قانون بنا سکیگی کہ پارلمنٹ کے دونوں سدن ٹھیک ٹھیک بن جائیں اور پارلمنٹ کے ہر سدن کے میمبروں کے چناؤ سے سمبندھ رکھنے والے اور اُنکے بارے میں اُن سب معاملوں کا انتظام ہو جاے جن میں چناؤ کے حلقوں کی حد بندی شامل ہوگی، اور پرسنگ سے یا نتیجے کے طور پر آنے والے اُن دوسرے معاملوں کا بھی انتظام ہو جائے جو اس ودھان کی شرطوں کو عمل میں لانے کے لئے ضروری سمجھے جائیں۔

<u>سمجھاؤ</u>: اس دھارا کے مطلبوں کے لئے ہند ڈومینین کی ودھان سبھا میں وہ ممبر شامل ہیں جو اُن نیموں کے انوسار، جنھیں ودھان سبھا نے اس مطلب کے لئے بنایا ہو، بیچ بیچ میں خالی ہوئی سبھا کی جگہوں کو بھرنے کے لئے چنے جائیں، لیکن کوئی ایسے میمبر شامل نہ ہونگے جو کسی ایسے علاقے کے پرتی‌ندھی ہوں جو پہلی پٹی میں آ گیا ہے۔

(۲) ودھان سبھا جب ہند سرکار ایکٹ ۱۹۳۵ کے ادھین ہند ڈومینین کی قانون سبھا کی طرح کام کرے تب اُسکا جو سپیکر ہوگا وہی اُس سبھا کا تب بھی سپیکر رہیگا جب وہ سبھا اس دفعہ کی دھارا (۱) کے ادھین کام کریگی۔

(۳) جب تک اس ودھان کے حصے پانچ کے کھنڈ ۱ کی شرطوں کے انوسار کوئی پریزیڈنٹ نہ چن لیا گیا ہو اور اُس نے اپنا عہدہ نہ سنبھال لیا ہو تب تک وہ آدمی ہند کا کام چلاؤ پریزیڈنٹ ہوگا جسے ہند ڈومینین کی ودھان سبھا اس کام کے لئے چن لیگی۔

(۴) وہ سب لوگ جو اس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے ہند ڈومینین کے وزیروں کے عہدوں پر رہینگے اس ودھان

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

682

के जारी होने के बाद इस विधान के अधीन काम चलाऊ प्रेज़ीडेंट के वज़ीर मंडल के मेम्बर हो जायंगे.

पहली पट्टी के पहले हिस्से की हर रियासत में काम चलाऊ क़ानून सभा, गवरनर वग़ैरा के बारे में शर्तें

३१२-(१) उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज हर रियासत को क़ानून सभा का सदन या उसके दोनों सदन जब तक ठीक ठीक न बन चुकें और इस विधान की शर्तों के अधीन उस सदन को या उन सदनों को पहले इजलास के लिये बैठने को न बुलाया जाय, तब तक उस रियासत के जवाबी सूबे की क़ानून सभा का वह सदन या उसके वह सदन जो इस विधान के जारी होने से ठीक पहले काम कर रहा था या कर रहे थे, उन शक्तियों से काम लेगा या लेंगे और उन फ़र्ज़ों को पूरा करेगा या करेंगे जो इस विधान की शर्तों में उस रियासत की क़ानून सभा के सदन या सदनों को सौंपे गए हैं.

(२) कोई आदमी जो इस विधान के जारी होने से ठीक पहले किसी सूबे के आम सदन के स्पीकर या ख़ास सदन के प्रेज़ीडेंट के ओहदे पर हो, इस विधान के जारी होने के बाद उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज जवाबी रियासत के आम सदन का स्पीकर या ख़ास सदन का चेयरमैन, जैसी सूरत हो, रहेगा जब तक कि वह आम सदन या ख़ास सदन इस दफ़ा की धारा (१) के अधीन काम करे.

(३) कोई आदमी जो इस विधान के जारी होने से ठीक पहले किसी सूबे के गवरनर के ओहदे पर हो, विधान के जारी होने के बाद, उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज जवाबी रियासत का काम चलाऊ गवरनर होगा, जब तक कि इस विधान के हिस्से छै के खंड दो की शर्तों के अनुसार नए गवरनर का चुनाव (नियोजन) न हो जाय और वह अपना ओहदा न संभाल ले.

(४) वह सब लोग जो इस विधान के जारी होने से ठीक पहले किसी सूबे के वज़ीरों के ओहदों पर हों, विधान के जारी होने के बाद उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज जवाबी रियासत के काम चलाऊ गवरनर के वज़ीर मंडल के मेम्बर होंगे.

کے جاری ہونے کے بعد اس ودھان کے ادھین کام چلاؤ پریزیڈنت کے وزیر منڈل کے میمبر ہو جائینگے ۔

پہلی پٹی کے پہلے حصے کی ہر ریاست میں کام چلاؤ قانون سبھا ، گورنر ، وغیرہ کے بارے میں شرطیں

٣١٢-(١) اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج ہر ریاست کی قانون سبھا کا سدن یا اُسکے دونوں سدن جبتک ٹھیک ٹھیک نہ بن چکیں اور اس ودھان کی شرطوں کے ادھین اُس سدن کو یا اُن سدنوں کو پہلے اجلاس کے لئے بیٹھنے کو نہ بلایا جائے ، تب تک اُس ریاست کے جوابی صوبہ کی قانون سبھا کا وہ سدن یا اُسکے وہ سدن جو اس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے کام کر رھا تھا یا کر رہے تھے ، اُن شکتیوں سے کام لیگا یا لینگے اور اُن فرضوں کو پورا کریگا یا کرینگے جو اس ودھان کی شرطوں میں اُس ریاست کی قانون سبھا کے سدن یا سدنوں کو سونپے گئے ہیں۔

(٢) کوئی آدمی جو اس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے کسی صوبے کے عام سدن کے سپیکر یا خاص سدن کے پریزیڈنت کے عہدے پر ہو ، اس ودھان کے جاری ہونے کے بعد اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج جوابی ریاست کے عام سدن کا سپیکر یا خاص سدن کا چیرمین ، جیسی صورت ہو ، رہیگا جب تک کہ وہ عام سدن یا خاص سدن اس دفعہ کی دھارا (١) کے ادھین کام کرے۔

(٣) کوئی آدمی جو اس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے کسی صوبے کے گورنر کے عہدے پر ہو ، ودھان کے جاری ہونے کے بعد ، اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج جوابی ریاست کا کام چلاؤ گورنر ہوگا ، جب تک کہ اس ودھان کے حصے چھہ کے کھنڈ دو کی شرطوں کے انوسار نئے گورنر کا چناؤ (نیوجن) نہ ہو جائے اور وہ اپنا عہدہ نہ سنبھال لے۔

(٤) وہ سب لوگ جو اس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے کسی صوبے کے وزیروں کے عہدوں پر ہوں ، ودھان کے جاری ہونے کے بعد اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج جوابی ریاست کے کام چلاؤ گورنر کے وزیر منڈل کے میمبر ہونگے۔

कठिनाइयों को दूर करने की प्रेज़ीडेंट को शक्ति

३१३–(१) इस विधान की दफ़ा ३११ की धारा (१) की शर्तों का ध्यान रखते हुए, प्रेज़ीडेंट किन्हीं कठिनाइयों को दूर करने के मतलब से, खास कर उन कठिनाइयों को जो हिन्द सरकार ऐक्ट १९३५ की शर्तों से हटकर इस विधान की शर्तों तक आने से सम्बन्ध रखती हों, अपने हुकुम के ज़रिये यह आदेश दे सकता है कि उतने अरसे तक के लिये जो उस हुकुम में बताया गया हो, यह विधान उस तरह के अनुकूलनों के साथ अमल में आयगा जिन्हें प्रेज़ीडेंट ज़रूरी या समयोचित समझे, चाहे उन अनुकूलनों के ज़रिये कुछ बदला गया हो, या जोड़ा गया हो, या रद किया गया हो :

बन्धन यह कि इस विधान के हिस्से पांच के खंड दो के अधीन ठीक ठीक बनी हुई पार्लमेण्ट की पहली बैठक के बाद इस तरह का कोई हुकुम नहीं दिया जायगा.

(२) हर हुकुम जो इस दफ़ा की धारा (१) के अधीन दिया गया हो, पार्लमेण्ट के हर सदन के सामने रखा जायगा.

کٹھنائیوں کو دور کرنے کی پریزیڈنٹ کو شکتی

۳۱۳--(۱) اس ودھان کی دفعہ ۳۱۱ کی دھارا (۱) کی شرطوں کا دھیان رکھتے ہوئے ، پریزیڈنٹ کنھیں کٹھنائیوں کو دور کرنے کے مطلب سے ، خاص کر اُن کٹھنائیوں کو جو ھند سرکار ایکٹ ۱۹۳۵ کی شرطوں سے ھٹ کر اس ودھان کی شرطوں تک آنے سے سمبندھ رکھتی ھوں ، اپنے حکم کے ذریعے یہ آدیش دے سکتا ھے کہ اُتنے عرصے تک کے لئے جو اُس حکم میں بتایا گیا ھو ، یہ ودھان اُس طرح کے انوکولنوں کے ساتھ عمل میں آئیگا جنھیں پریزیڈنٹ ضروری یا سمیوچت سمجھے چاھے اُن انوکولنوں کے ذریعے کچھ بدلا گیا ھو ، یا جوڑا گیا ھو ، یا رد کیا گیا ھو :

بندھن یہ کہ اس ودھان کے حصے پانچ کے کھنڈ ۲ کے ادھین ٹھیک ٹھیک بنی ھوئی پارلمنٹ کی پہلی بیٹھک کے بعد اس طرح کا کوئی حکم نہیں دیا جائیگا .

(۲) ھر حکم جو اس دفعہ کی دھارا (۱) کے ادھین دیا گیا ھو ، پارلمنٹ کے ھر سدن کے سامنے رکھا جائیگا .

683

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

684

हिस्सा अठारह

जारी होना और रद होना

जारी होना

३१४–यह विधान ....तारीख़ से अमल में आयगा.

रद होना

३१५–हिन्द आज़ादी ऐक्ट १९४७ (इंडियन इंडिपेंडेंस ऐक्ट १९४७), और हिन्द सरकार ऐक्ट १९३५ (गवर्नमेंट आफ़ इंडिया ऐक्ट १९३५), जिस में हिन्द केन्द्रीय सरकार और क़ानून सभा ऐक्ट १९४६ [इंडिया (सैंट्रल गवर्नमेंट ऐंड लेजिसलेचर) ऐक्ट १९४६] शामिल है, और वह सब दूसरे क़ानून जो हिन्द सरकार ऐक्ट १९३५ में बदलाव करते हैं या उसके पूरक हैं सब बे असर हो जायंगे.

حصہ اٹھارہ

جاری هونا اور رد هونا

جاری هونا

۳۱۴ - یہ ودھان .... تاریخ سے عمل میں آئیگا .

رد هونا

۳۱۵ - هند آزادی ایکت ۱۹۴۷ (انڈین انڈیپنڈنس ایکت ۱۹۴۷) اور هند سرکار ایکت ۱۹۳۵ (گورنمنت آف انڈیا ایکت ۱۹۳۵) جس میں هند کیندریہ سرکار اور قانون سبھا ایکت ۱۹۴۶ [انڈیا (سنٹرل گورنمنت اینڈ لیجسلیچر) ایکت ۱۹۴۶] شامل هے ، اور وہ سب دوسرے قانون جو هند سرکار ایکت ۱۹۳۵ میں بدلاؤ کرتے هیں یا اس کے پورک هیں سب بےاثر هو جائیں گے .

पहली पट्टी

[दफ़ा १ और ४]

हिंद की रियासतें और इलाके

हिस्सा एक

वह इलाक़े जो इस विधान के जारी होने से ठीक पहले गवरनरों के सूबे कहलाते थे—

१. मदरास
२. बम्बई
३. पच्छमी बंगाल
४. युक्त प्रांत
५. बिहार
६. पूरबी पजाब
७. मध्य प्रांत और बरार
८. आसाम
९. उड़ीसा

हिस्सा दो

वह इलाक़े जो इस विधान के जारी होने स ठीक पहले चीफ़ कमिश्नरों के सूबे कहलाते थे—

१. दिल्ली
२. अजमेर-मेरवाड़ जिस में पंथ पिपलोदा शामिल है
३. कुर्ग

پہلی پٹی

[دفعہ ۱ اور ۴]

ھند کی ریاستیں اور علاقے

حصہ ایک

وہ علاقے جو اس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے گورنروں کے صوبے کہلاتے تھے—

۱. مدراس
۲. بمبئی
۳. پچھمی بنگال
۴. یکت پرانت
۵. بہار
۶. پوربی پنجاب
۷. مدھیہ پرانت اور برار
۸. آسام
۹. اڑیسہ

حصہ دو

وہ علاقے جو اس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے چیف کمشنروں کے صوبے کہلاتے تھے—

۱. دلی
۲. اجمیر میرواڑ جس میں پنتھ پپلودا شامل ھے
۳. کرگ

हिस्सा तीन

भाग–ए

नीचे लिखी हिन्दुस्तानी रियासतें—

१. मैसूर
२. काश्मीर
३. गवालियर
४. बड़ोदा
५. त्रावनकोर
६. कोचीन
७. उदयपुर
८. जयपुर
९. जोधपुर
१०. बीकानेर
११. अलवर
१२. कोटा
१३. इन्दौर
१४. भोपाल
१५. रीवा
१६. कोल्हापुर
१७. पटियाला
१८. मयूर भंज
१९. काठियावाड़ की संयुक्त रियासत.

भाग–बी

दूसरी सब हिन्दुस्तानी रियासतें जो इस विधान के जारी होने से ठीक पहले हिन्द डोमीनियन के अन्दर थीं.

हिस्सा चार

अंदमान और निकोबार टापू.

حصہ تین

بھاگ—اے

نیچے لکھی ھندوستانی ریاستیں—

۱. میسور
۲. کاشمیر
۳. گوالیر
۴. بڑودہ
۵. تراونکور
۶. کوچین
۷. اُودےپور
۸. جےپور
۹. جودھپور
۱۰. بیکانیر
۱۱. الور
۱۲. کوٹا
۱۳. اِندور
۱۴. بھوپال
۱۵. ریوا
۱۶. کولھاپور
۱۷. پٹیالہ
۱۸. میور بھنج
۱۹. کاٹھیاواڑ کی سنیوکت ریاست

بھاگ—بی

دوسری سب ھندوستانی ریاستیں جو اس ودھان کے جاری ھونے سے ٹھیک پہلے ھند ڈومینین کے اندر تھیں .

حصہ چار

اندمان اور نکوبار ٹاپو

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

दूसरी पट्टी

[दफ़ा ४८ (३), ६२ (६), ७९, १०४, १२४ (२), १३५ (३), १४५ (५), १६३ और १९७]

हिस्सा एक

प्रेज़ीडेंट के और उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज रियासतों के गवरनरों के सम्बन्ध में शर्तें

१–प्रेज़ीडेंट को और उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज रियासतों के गवरनरों को हर महीने नीचे लिखे वेतन दिये जायंगे, यानी––

प्रेज़ीडेंट	५,५०० रुपये
रियासत का गवरनर	४,५०० रुपये

२–प्रेज़ीडेंट को और गवरनरों को, जब तक वह अपने अपने ओहदों पर रहेंगे, हर महीने नीचे लिखे भत्ते भी दिये जायंगे, जिस से वह अपने अपने ओहदों के फ़र्ज़ों को आसानी के साथ और मान के साथ पूरा कर सकें, यानी––

प्रेज़ीडेंट	–– रुपये
रियासत का गवरनर	–– रुपये

३–प्रेज़ीडेंट को और गवरनर को अपना अपना ओहदा संभालने के लिये, अगर उनके कुनबे हों तो अपने अपने कुनबे के साथ, और अपने और अपने कुनबे वालों के सामान के साथ, सफ़र करने में उनका जो असल खर्च आए, उसके बराबर भत्ता दिया जायगा.

४–प्रेज़ीडेंट को और हर गवरनर को अपने अपने ओहदे की पूरी मुद्दत के अन्दर अधिकार होगा कि जो सरकारी मकान, रेलवे सैलून, नावें, हवाई जहाज़ और मोटर गाड़ियां, उनके अपने अपने इस्तेमाल के लिये दी गई हों, उनको बिना किसी तरह का किराया या भाड़ा दिये काम में लावें, और इन सब चीज़ों को बनाए रखने के बारे में कोई खर्च निजी तौर पर उनके ऊपर नहीं पड़ेगा.

५–जब नायब प्रेज़ीडेंट या कोई दूसरा आदमी प्रेज़ीडेंट के कामों को पूरा कर रहा हो या प्रेज़ीडेंट की जगह काम कर रहा हो, या कोई आदमी गवरनरी के कामों

687

دوسری پٹی

[دفعہ ۴۸ (۳)، ۶۲ (۶)، ۷۹، ۱۰۴، ۱۲۴ (۲)، ۱۳۵ (۳)، ۱۴۵ (۵)، ۱۶۳ اور ۱۹۷]

حصہ ایک

پریزیڈنٹ کے اور اس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج ریاستوں کے گورنروں کے سمبندھ میں شرطیں

۱ – پریزیڈنٹ کو اور اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج ریاستوں کے گورنروں کو ہر مہینے نیچے لکھے ویتن دئے جائینگے، یعنی —

پریزیڈنٹ	۵٬۵۰۰ روپئے
ریاست کا گورنر	۴٬۵۰۰ روپئے

۲ – پریزیڈنٹ کو اور گورنروں کو، جب تک وہ اپنے اپنے عہدوں پر رہینگے، ہر مہینے نیچے لکھے بھتے بھی دئے جائینگے، جس سے وہ اپنے اپنے عہدوں کے فرضوں کو آسانی کے ساتھ اور مان کے ساتھ پورا کر سکیں، یعنی —

پریزیڈنٹ	— روپئے
ریاست کا گورنر	— روپئے

۳.– پریزیڈنٹ کو اور گورنر کو اپنا اپنا عہدہ سنبھالنے کے لئے، اگر اُن کے کنبے ہوں تو اپنے اپنے کنبے کے ساتھ، اور اپنے اور اپنے کنبے والوں کے سامان کے ساتھ، سفر کرنے میں اُنکا جو اصل خرچ آئے، اُسکے برابر بھتا دیا جائیگا.

۴ – پریزیڈنٹ کو اور ہر گورنر کو اپنے اپنے عہدے کی پوری مدت کے اندر ادھیکار ہوگا کہ جو سرکاری مکان، ریلوے سیلون، ناویں، ہوائی جہاز اور موٹر گاڑیاں، اُنکے اپنے اپنے استعمال کے لئے دی گئی ہوں، انکو بنا کسی طرح کا کرایہ یا بھاڑہ دئے کام میں لاویں، اور ان سب چیزوں کو بنائے رکھنے کے بارے میں کوئی خرچ نجی طور پر اُنکے اوپر نہیں پڑیگا.

۵ – جب نائب پریزیڈنٹ یا کوئی دوسرا آدمی پریزیڈنٹی کے کاموں کو پورا کر رہا ہو یا پریزیڈنٹ کی جگہ کام کر رہا ہو، یا کوئی آدمی گورنری کے کاموں

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

को पूरा कर रहा हो, तो उस को इस पट्टी के पैरा १ और २ के अधीन वही वेतन और भत्ता मिलेगा जो उस प्रेज़ीडेंट या उस गवरनर को, जैसी सूरत हो, मिलता, जिसके कामों को वह पूरा कर रहा है या जिसकी जगह वह काम कर रहा है, और जितने अरसे तक वह इस तरह उन कामों को करता रहे या उस जगह पर काम करता रहे इस पट्टी के पैरा ४ की शर्तें उस पर लगेंगी, मगर पैरा ३ की शर्तें नहीं लगेंगी.

हिस्सा दो

यूनियन के और पहली पट्टी के पहले हिस्से की रियासतों के वज़ीरों के बारे में शर्तें

६– यूनियन के बड़े वज़ीर को और बाक़ी वज़ीरों में से हर एक को वह तनख़ाहें और भत्ते मिलेंगे, जो इस विधान के जारी होने से ठीक पहले डोमीनियन के बड़े वज़ीर को और बाक़ी वज़ीरों में से हर एक को अलग अलग मिलते थे.

७– उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज किसी भी रियासत के वज़ीरों को वह तनख़ाहें और भत्ते मिलेंगे जो, इस विधान के जारी होने से ठीक पहले, उस रियासत के जवाबी सूबे के वज़ीरों को मिलते थे.

हिस्सा तीन

लोक सदन के स्पीकर और डिपटी स्पीकर, रियासत सदन के चेयरमैन और डिपटी चेयरमैन, पहली पट्टी के पहले हिस्से की रियासतों के आम सदन के स्पीकर और डिपटी स्पीकर, और उन रियासतों के ख़ास सदन के चेयरमैन और डिपटी चेयरमैन के बारे में शर्तें —

८– लोक सदन के स्पीकर और रियासत सदन के चेयरमैन को वह तनख़ाहें और भत्ते मिलेंगे जो इस विधान के जारी होने से ठीक पहले हिन्द डोमीनियन की विधान सभा के स्पीकर को मिलते थे, और लोक सदन के डिपटी स्पीकर और रियासत सदन के डिपटी चेयरमैन को वह तनख़ाहें और भत्ते मिलेंगे जो १५ अगस्त, १९४७ से ठीक पहले, लेजिसलेटिव असेम्बली के डिपटी प्रेज़ीडेंट और कौंसिल आफ़ स्टेट के डिपटी प्रेज़ीडेंट को अलग अलग मिलते थे.

کو پورا کر رہا ہو، تو اُس کو اس پٹی کے پیرا ۱ اور ۲ کے ادھین وہی ویتن اور بھتہ ملیگا جو اُس پریزیڈنٹ یا اُس گورنر کو، جیسی صورت ہو، ملتا، جس کے کاموں کو وہ پورا کر رہا ہے یا جس کی جگہ وہ کام کر رہا ہے، اور جتنے عرصے تک وہ اس طرح ان کاموں کو کرتا رہے یا اُس جگہ پر کام کرتا رہے اس پٹی کے پیرا ۴ کی شرطیں اُس پر لگینگی، مگر پیرا ۳ کی شرطیں نہیں لگینگی.

حصہ دو

یونین کے اور پہلی پٹی کے پہلے حصے کی ریاستوں کے وزیروں کے بارے میں شرطیں

۶– یونین کے بڑے وزیر کو اور باقی وزیروں میں سے ہر ایک کو وہ تنخواہیں اور بھتے ملینگے، جو اس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے ڈومینین کے بڑے وزیر کو اور باقی وزیروں میں سے ہر ایک کو الگ الگ ملتے تھے.

۷– اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج کسی بھی ریاست کے وزیروں کو وہ تنخواہیں اور بھتے ملینگے جو، اس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے، اُس ریاست کے جوابی صوبے کے وزیروں کو ملتے تھے.

حصہ تین

لوک سدن کے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر، ریاست سدن کے چیرمین اور ڈپٹی چیرمین، پہلی پٹی کے پہلے حصے کی ریاستوں کے عام سدن کے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر، اور اُن ریاستوں کے خاص سدن کے چیرمین اور ڈپٹی چیرمین کے بارے میں شرطیں

۸– لوک سدن کے سپیکر اور ریاست سدن کے چیرمین کو وہ تنخواہیں اور بھتے ملینگے جو اس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے ہند ڈومینین کی ودھان سبھا کے سپیکر کو ملتے تھے، اور لوک سدن کے ڈپٹی سپیکر اور ریاست سدن کے ڈپٹی چیرمین کو وہ تنخواہیں اور بھتے ملینگے جو ۱۵ اگست، ۱۹۴۷ سے ٹھیک پہلے، لیجسلیٹو اسمبلی کے ڈپٹی پریزیڈنٹ اور کونسل آف سٹیٹ کے ڈپٹی پریزیڈنٹ کو الگ الگ ملتے تھے.

९—उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज किसी भी रियासत के आम सदन के स्पीकर और डिपटी स्पीकर को और उस रियासत के ख़ास सदन के चेयरमैन और डिपटी चेयरमैन को वह तनख़ाहें और भत्ते मिलेंगे जो, इस विधान के जारी होने से ठीक पहले, अलग अलग, उस रियासत के जवाबी सूबे की लेजिसलेटिव असेम्बली के स्पीकर और डिपटी स्पीकर को और लेजिसलेटिव कौंसिल के प्रेज़ीडेंट और डिपटी प्रेज़ीडेंट को मिलते थे, और जहां इस विधान के जारी होने से ठीक पहले उस सूबे में लेजिसलेटिव कौंसिल नहीं थी वहां रियासत के ख़ास सदन के चेयरमैन और डिपटी चेयरमैन को वह तनख़ाहें और भत्ते मिलेंगे जो उस रियासत का गवरनर तय करे.

हिस्सा चार

सुप्रीम कोर्ट और हाई कोर्टों के जजों के सम्बन्ध में शर्तें

१०—सुप्रीम कोर्ट के जजों को और उस समय पहली पट्टी के तीसरे हिस्से में दर्ज रियासतों को छोड़ कर हिन्द के बाक़ी इलाक़े की हर हाई कोर्ट के जजों को जितने दिनों वह असल नौकरी पर रहें, हर महीने नीचे लिखी दर से तनख़ाह मिलेगी :

सुप्रीम कोर्ट का चीफ़ जस्टिस ... ... ५,००० रुपये
सुप्रीम कोर्ट का हर दूसरा जज ... ... ४,५०० रुपये
हाई कोर्ट का चीफ़ जस्टिस ... ... ४,००० रुपये
हाई कोर्ट का हर दूसरा जज ... ... ३,५०० रुपये

बन्धन यह कि अगर सुप्रीम कोर्ट के किसी जज को उस के नियोजन के समय, हिन्द सरकार के अधीन या उससे पहले की सरकारों के अधीन या उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज किसी रियासत की सरकार के अधीन या उस से पहले की सरकारों में से किसी सरकार के अधीन किसी पहले की नौकरी के बारे में कोई पैनशन मिलती हो (सिवाय माज़ूरी पैनशन या घायल पैनशन के), तो सुप्रीम कोर्ट में काम करते हुए उसकी तनख़ाह में से पैनशन की रक़म के बराबर रक़म कम कर दी जायगी.

٩- اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج کس بھی ریاست کے عام سدن کے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کو اور اس ریاست کے خاص سدن کے چیرمین اور ڈپٹی چیرمین کو وہ تنخواہیں اور بھتے ملینگے جو، اس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے، الگ الگ، اُس ریاست کے جوابی صوبے کی لیجسلیٹو اسمبلی کے سپیکر اور ڈپٹی سپیکر کو اور لیجسلیٹو کونسل کے پریزیڈنٹ اور ڈپٹی پریزیڈنٹ کو ملتے تھے، اور جہاں اِس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے اُس صوبے میں لیجسلیٹو کونسل نہیں تھی وہاں ریاست کے خاص سدن کے چیرمین اور ڈپٹی چیرمین کو وہ تنخواہیں اور بھتے ملینگے جو اُس ریاست کا گورنر طے کرے.

حصہ چار

سپریم کورٹ اور ہائی کورٹوں کے ججوں کے سمبندھ میں شرطیں

١٠- سپریم کورٹ کے ججوں کو اور اس سمے پہلی پٹی کے تیسرے حصے میں درج ریاستوں کو چھوڑ کر ہند کے باقی علاقے کی ہر ہائی کورٹ کے ججوں کو جتنے دنوں وہ اصل نوکری پر رہیں، ہر مہینے نیچے لکھی در سے تنخواہ ملیگی —

سپریم کورٹ کا چیف جسٹس ... ... ٥٠٠٠ روپے
سپریم کورٹ کا ہر دوسرا جج ... ... ۴٥٠٠ روپے
ہائی کورٹ کا چیف جسٹس ... ... ۴٠٠٠ روپے
ہائی کورٹ کا ہر دوسرا جج ... ... ۳٥٠٠ روپے

بندھن یہ کہ اگر سپریم کورٹ کے کسی جج کو اُسکے نیوجن کے سمے، ہند سرکار کے ادھین یا اُس سے پہلے کی سرکاروں کے ادھین یا اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج کسی ریاست کی سرکار کے ادھین یا اُس سے پہلے کی سرکاروں میں سے کسی سرکار کے ادھین کسی پہلے کی نوکری کے بارے میں کوئی پینشن ملتی ہو (سوائے معذوری پینشن یا گھائل پینشن کے)، تو سپریم کورٹ میں کام کرتے ہوئے اُس کی تنخواہ میں سے پینشن کی رقم کے برابر رقم کم کر دی جائیگی.

११– सुप्रीम कोर्ट के चीफ़ जस्टिस का या किसी दूसरे जज का या उस समय पहली पट्टी के तीसरे हिस्से में दर्ज रियासतों को छोड़कर हिन्द के बाक़ी इलाक़े की किसी हाई कोर्ट के जज का, हिन्द के इलाक़े के अन्दर, सरकारी काम पर सफ़र करने में जो ख़र्च हो उसे पूरा करने के लिये उन्हें वह उचित भत्ते दिये जायंगे, और सफ़र के सम्बन्ध में ऐसी उचित सुविधाएं, दी जायंगी, जो सुप्रीम कोर्ट के चीफ़ जस्टिस या दूसरे जज की सूरत में प्रेज़ीडेन्ट, और किसी हाई कोर्ट के चीफ़ जस्टिस या दूसरे जज की सूरत में रियासत का गवरनर, समय समय पर, तय करे.

१२–(१) सुप्रीम कोर्ट के चीफ़ जस्टिस या किसी दूसरे जज के छुट्टी या पैनशन के अधिकार उनही शर्तों के अनुसार होंगे, या होते रहेंगे, जैसी सूरत हो, जो शर्तें फ़ैडरल कोर्ट के किसी भी वैसे ही जज पर लगती थीं.

(२) उस समय पहली पट्टी के तीसरे हिस्से में दर्ज रियासतों को छोड़ कर हिन्द के बाक़ी इलाक़े में किसी हाई कोर्ट के चीफ़ जस्टिस या किसी दूसरे जज के छुट्टी या पैनशन के अधिकार, उन शर्तों के अनुसार होंगे, या जैसी सूरत हो, होते रहेंगे जो शर्तें उस विधान के जारी होने से ठीक पहले ऐसी हाई कोर्ट के किसी भी वैसे हीं जज पर लगती थीं.

(३) इस पारे के मतलब के लिये किसी आदमी को जो इस विधान के जारी होने के समय ज़रूरती जज, हाली जज, या अधिक जज की हैसियत से काम कर रहा था, उस तारीख़ पर तब, और केवल उसी सूरत में जज की हैसियत से काम करने वाला समझा जायगा जब कि बाद में पक्के तौर पर जज नियोजे जाने तक वह ज़रूरती जज, हाली जज या अधिक जज की हैसियत से लगातार काम करता रहा हो.

१३–अगर प्रसंग से कुछ और मतलब न निकलता हो तो इस हिस्से में––

(ए) "चीफ़ जस्टिस" में हाली चीफ़ जस्टिस और "जज" में ज़रूरती जज, हाली जज, और अधिक जज शामिल हैं;

(बी) "असल नौकरी" में––

(*i*) वह समय शामिल है जो किसी जज ने जजी के फ़र्ज़ पूरा करने में या ऐसे दूसरे काम पूरे करने में बिताया हो जिसके लिये प्रेज़ीडेंट

۱۱- سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کا یا کسی دوسرے جج کا یا اس سمے پہلی پٹی کے تیسرے حصے میں درج ریاستوں کو چھوڑ کر ھند کے باقی علاقے کی کسی ھائی کورٹ کے جج کا، ھند کے علاقے کے اندر، سرکاری کام پر سفر کرنے میں جو خرچ ھو اسے پورا کرنے کیلئے انھیں وہ اُچت بھتے دیئے جائینگے، اور سفر کے سمبندھ میں ایسی اُچت سوویدھائیں دی جائینگی، جو سپریم کورٹ کے چیف جسٹس یا دوسرے جج کی صورت میں پریزیڈنت، اور کسی ھائی کورٹ کے چیف جسٹس یا دوسرے جج کی صورت میں ریاست کا گورنر، سمے سمے پر، طے کرے .

۱۲- (۱) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس یا کسی دوسرے جج کے چھتی یا پینشن کے ادھیکار اُن ھی شرطوں کے انوسار ھونگے، یا ھوتے رھینگے، جیسی صورت ھو، جو شرطیں فیڈرل کورٹ کے کسی بھی ویسے ھی جج پر لگتی تھیں.

(۲) اس سمے پہلی پٹی کے تیسرے حصے میں درج ریاستوں کو چھوڑ کر ھند کے باقی علاقے میں کسی ھائی کورٹ کے چیف جسٹس یا کسی دوسرے جج کے چھتی یا پینشن کے ادھیکار، ان شرطوں کے انوسار ھونگے، یا جیسی صورت ھو، ھوتے رھینگے جو شرطیں اس ودھان کے جاری ھونیسے تھیک پہلے ایسی ھائی کورٹ کے کسی بھی ویسے ھی جج پر لگتی تھیں.

(۳) اس پارے کے مطلب کے لئے کسی آدمی کو جو اس ودھان کے جاری ھونے کے سمے ضرورتی جج، حالی جج، یا ادھک جج کی حیثیت سے کام کر رھا تھا، اس تاریخ پر تب، اور کیول اسی صورت میں جج کی حیثیت سے کام کرنے والا سمجھا جائیگا جبکہ بعد میں پکے طور پر جج نیوجے جانے تک وہ ضرورتی جج، حالی جج یا ادھک جج کی حیثیت سے لگاتار کام کرتا رھا ھو .

۱۳- اگر پرسنگ، سے کچھ اور مطلب نہ نکلتا ھو تو اس حصے میں ––

(اے) "چیف جسٹس" میں حالی چیف جسٹس اور "جج" میں ضرورتی جج، حالی جج، اور ادھک جج شامل ھیں .

(بی) " اصل نوکری " میں ––

(*i*) وہ سمے شامل ھے جو کسی جج نے ججی کے فرض پورا کرنے میں یا ایسے دوسرے کام پورا کرنے میں بتایا ھو جس کے لئے پریزیڈنت

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

ने या गवरनर ने, जैसी सूरत हो, या इस विधान की दफ़ा २८९ के अधीन नियोजे हुए किसी कमीशन ने उसे आदेश दिया हो;

(*ii*) अदालत की छुट्टियों का समय शामिल है, मगर वह समय शामिल नहीं है जिस में जज ने छुट्टी ले रखी हो; और

(*iii*) वह समय शामिल है जो किसी हाई कोर्ट से सुप्रीम कोर्ट में या एक हाई कोर्ट से दूसरी हाई कोर्ट में तबादला होने पर नया ओहदा संभालने के लिये जाने में ख़र्च हो.

हिस्सा पांच

हिन्द के आडिटर जनरल के सम्बन्ध में शर्तें

१४—हिन्द के आडिटर जनरल को चार हज़ार रुपये माहवार की दर से तनख़ाह दी जायगी.

१५—हिन्द के आडिटर जनरल के छुट्टी या पेनशन के बारे में अधिकार, उन शर्तों के अनुसार होंगे, या जैसी सूरत हो, रहेंगे जो इस विधान के जारी होने से ठीक पहले हिन्द के आडिटर जनरल पर लगती थीं, और उन शर्तों में जहां जहां गवरनर जनरल की चरचा की गई हो उस से प्रेज़ीडेंट का मतलब लिया जायगा.

691

نے یا گورنر نے، جیسی صورت ہو، یا اس ودھان کی دفعہ ۲۸۹ کے ادھین نیوجے ہوئے کمیشن نے اسے آدیش دیا ہو؛

(*ii*) عدالت کی چھٹیوں کا سمے شامل ہے، مگر وہ سمے شامل نہیں ہے جس میں جج نے چھٹی لے رکھی ہو؛ اور

(*iii*) وہ سمے شامل ہے جو کسی ہائی کورٹ سے سپریم کورٹ میں یا ایک ہائی کورٹ سے دوسری ہائی کورٹ میں تبادلہ ہونے پر نیا عہدہ سنبھالنے کے لئے جانے میں خرچ ہو.

حصہ پانچ

ہند کے آڈیٹر جنرل کے سمبندھ میں شرطیں

۱۴- ہند کے آڈیٹر جنرل کو چار ہزار روپے ماہوار کی در سے تنخواہ دی جائیگی.

۱۵- ہند کے آڈیٹر جنرل کے چھٹی یا پینشن کے بارے میں ادھیکار، ان شرطوں کے انوسار ہونگے، یا جیسی صورت ہو، رہینگے جو اس ودھان کے جاری ہونے سے ٹھیک پہلے ہند کے آڈیٹر جنرل پر لگتی تھیں، اور ان شرطوں میں جہاں جہاں گورنر جنرل کی چرچا کی گئی ہو اس سے پریزیڈنٹ کا مطلب لیا جائیگا.

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

692

तीसरी पट्टी

[दफ़ा ६२(४), ८१, १०३ (६), १४४(२), १६५ और १९५]

इक़रारनामों का रूप

I

यूनियन के वज़ीर के लिये ओहदे के हलफ़नामे का रूप—

"मैं (नाम)······गम्भीरता के साथ वचन भरता हूं (या हलफ़ उठाता हूं) कि मैं हिन्द के उस विधान पर जिसकी क़ानून के जरिये स्थापना की गई है सच्चा विश्वास रखूंगा और उस का वफ़ादार रहूंगा, और मैं यूनियन के वज़ीर की हैसियत से वफ़ादारी और ईमानदारी के साथ अपने फ़र्ज़ों को पूरा करूंगा, और मैं इस विधान के और क़ानून के अनुसार सब तरह के लोगों के साथ बिना डर और बिना तरफ़दारी, बिना लगाव और बिना दुराव, ठीक इन्साफ़ का बरताव करूंगा."

II

यूनियन के वज़ीर के लिये राज़दारी के हलफ़नामे का रूप—

"मैं (नाम)······गम्भीरता के साथ वचन भरता हूं (या हलफ़ उठाता हूं) कि मैं, कोई ऐसा मामला जो मेरे विचार के लिये मेरे सामने लाया जाय, या जो यूनियन के वज़ीर की हैसियत से मुझे मालूम हो, किसी आदमी या आदमियों तक, सीधे ना सीधे, न पहुंचाऊंगा न किसी को बताऊंगा, सिवाय इसके कि वज़ीर की हैसियत से अपने फ़र्ज़ ठीक ठीक पूरा करने के लिये मुझे ऐसा करने की ज़रूरत पड़े."

III

पार्लमेण्ट के मेम्बर के लिये इक़रारनामे का रूप—

"मैं (नाम जो रियासत सदन का (या लोक सदन का) मेम्बर चुना गया हूं (या नामज़द किया गया हूं), गम्भीरता के साथ और सच्चे दिल से यह प्रतिज्ञा करता हूं, और इक़रार करता हूं कि मैं हिन्द के उस

تیسری پٹی

[دفعہ ۶۲ (۴) ، ۸۱ ، ۱۰۳ (۶) ، ۱۴۴ (۲) ، ۱۶۵ اور ۱۹۵]

اقرار ناموں کے روپ

I

یونین کے وزیر کے لئے عہدے کے حلف نامے کا روپ—

"میں (نام)...گمبھیرتا کے ساتھہ وچن بھرتا ہوں (یاحلف اُٹھاتا ہوں) کہ میں ہند کے اُس ودھان پر جسکی قانون کے ذریعے ستھاپنا کی گئی ہے سچا وشواس رکھونگا اور اُسکا وفادار رہونگا، اور میں یونین کے وزیر کی حیثیت سے وفاداری اور ایمانداری کے ساتھہ اپنے فرضوں کو پورا کرونگا ، اور میں اِس ودھان کے اور قانون کے انوسار سب طرح کے لوگوں کے ساتھہ بنا ڈر اور بنا طرفداری ، بنا لگاؤ اور بنا دراو ، ٹھیک انصاف کا برتاؤ کرونگا۔"

II

یونین کے وزیر کے لئے رازداری کے حلف نامے کا روپ—

"میں (نام)......گمبھیرتا کے ساتھ وچن بھرتا ہوں (یا حلف اُٹھاتا ہوں) کہ میں ، کوئی ایسا معاملہ جو میرے وچار کے لئے میرے سامنے لایا جائے ، یا جو یونین کے وزیر کی حیثیت سے مجھے معلوم ہو ، کسی آدمی یا آدمیوں تک ، سیدھے نا سیدھے ، نہ پہنچاؤنگا نہ کسی کو بتاؤنگا ، سوائے اِس کے کہ وزیر کی حیثیت سے اپنے فرض ٹھیک ٹھیک پورا کرنے کیلئے مجھے ایسا کرنے کی ضرورت پڑے ۔

III

پارلیمنٹ کے میمبر کیلئے اقرار نامے کا روپ—

میں (نام)......جو ریاست سدن کا (یا لوک سدن کا) میمبر چنا گیا ہوں (یا نامزد کیا گیا ہوں) ، گمبھیرتا کے ساتھہ اور سچے دل سے یہ پرتگیا کرتا ہوں اور اِقرار کرتا ہوں ، کہ میں ہند کے اُس

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

विधान पर जिसकी क़ानून के ज़रिये स्थापना की गई है, सच्चा विश्वास रखूंगा और उसका वफ़ादार रहूंगा, और मैं उस फ़र्ज़ को जो मैं अपने ऊपर लेने वाला हूं, वफ़ादारी के साथ पूरा करूंगा."

IV

सुप्रीम कोर्ट के जजों के लिये इक़रार नामे का रूप—

"मैं (नाम)......जो हिन्द की सुप्रीम कोर्ट का चीफ़ जस्टिस (या जज) नियोजा गया हूं, गम्भीरता के साथ और सच्चे दिल से प्रतिज्ञा करता हूं और इक़रार करता हूं कि मैं हिन्द के उस विधान पर जिसकी क़ानून के ज़रिये स्थापना की गई है, सच्चा विश्वास रखूंगा और उस का वफ़ादार रहूंगा, और अपनी पूरी योग्यता, जानकारी और विवेक से मैं, ठीक ठीक और वफ़ादारी के साथ बिना डर, बिना तरफ़दारी, न किसी से लगाव न किसी से दुराव, अपने ओहदे के फ़र्ज़ों को पूरा करूंगा, और विधान और क़ानूनों का मान बनाए रखूंगा."

V

उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज रियासत के वज़ीर के लिये ओहदे के हलफ़नामे का रूप—

"मैं (नाम)......गम्भीरता के साथ वचन भरता हूं (या हलफ़ उठाता हूं) कि मैं हिन्द के उस विधान पर जिसकी क़ानून के ज़रिये स्थापना की गई है सच्चा विश्वास रखूंगा और उसका वफ़ादार रहूंगा, और म...... रियासत के वज़ीर की हैसियत से वफ़ादारी और ईमानदारी के साथ अपने फ़र्ज़ों को पूरा करूंगा, और मैं इस विधान के और क़ानून के अनुसार, सब तरह के लोगों के साथ बिना डर और बिना तरफ़दारी, बिना लगाव और बिना दुराव, ठीक इन्साफ़ का बरताव करूंगा."

VI

उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज रियासत के वज़ीर के लिये राज़दारी के हलफ़नामे का रूप—

"मैं (नाम)........गम्भीरता के साथ वचन भरता हूं (या हलफ़ उठाता हूं) कि मैं, कोई ऐसा मामला जो मेरे विचार के लिये मेरे सामने लाया जाय,

693

ودھان پر جسکی قانون کے ذریعے ستھاپنا کی گئی ہے ، سچا وشواس رکھونگا اور اُسکا وفادار رھونگا، اور میں اُس فرض کو جو میں اپنے اوپر لینے والا ھوں ، وفاداری کے ساتھہ پورا کرونگا۔ ”

IV

سپریم کورٹ کے ججوں کے لئے اقرار نامے کا روپ —

“ میں (نام) ..... جو ھند کی سپریم کورٹ کا چیف جسٹس (یا جج) نیوجا گیا ھوں ، گمبھیرتا کے ساتھہ اور سچے دل سے پرتیگیا کرتا ھوں اور اقرار کرتا ھوں کہ میں ھند کے اُس ودھان پر جسکی قانون کے ذریعے ستھاپنا کی گئی ہے ، سچا وشواس رکھونگا اور وفادار رھونگا ، اور اپنی پوری یوگیتا ، جانکاری اور وویک سے میں ، تھیک تھیک اور وفاداری کے ساتھ بنا ڈر ، بنا طرفداری ، نہ کسی سے لگاؤ نہ کسی سے دراؤ ، اپنے عہدے کے فرضوں کو پورا کرونگا ، اور ودھان اور قانونوں کا مان بنائے رکھونگا . ”

V

اس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج ریاست کے وزیر کے لئے عہدے کے حلف نامے کا روپ —

“میں (نام)....گمبھیرتا کے ساتھہ وچن بھرتا ھوں (یا حلف اُٹھاتا ھوں) کہ میں ھند کے اُس ودھان پر جس کی قانون کے ذریعے ستھاپنا کی گئی ہے ، سچا وشواس رکھونگا اور اُسکا وفادار رھونگا ، اور میں.......... ریاست کے وزیر کی حیثیت سے وفاداری اور ایمانداری کے ساتھ اپنے فرضوں کو پورا کروں گا ، اور میں اِس ودھان کے اور قانون کے انوسار ، سب طرح کے لوگوں کے ساتھ بنا ڈر اور بنا طرفداری ، بنا لگاؤ اور بنا دراؤ ، ٹھیک انصاف کا برتاؤ کروں گا . ”

VI

اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج ریاست کے وزیر کے لئے رازداری کے حلف نامے کا روپ —

“ میں (نام)........گمبھیرتا کے ساتھ وچن بھرتا ھوں (یا حلف اُٹھاتا ھوں) کہ میں ، کوئی ایسا معاملہ جو میرے وچار کے لئے میرے سامنے لایا جائے ،

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

694

या जो........रियासत के वज़ीर की हैसियत से मुझे मालूम हो, किसी आदमी या आदमियों तक, सीधे ना सीधे, न पहुंचाऊंगा न किसी को बताऊंगा, सिवाय इसके कि वज़ीर की हैसियत से अपने फ़र्ज़ ठीक ठीक पूरा करनेके लिये मुझे ऐसा करने की ज़रूरत पड़े, या जब कि गवरनर ने किसी ऐसे मामले के बारे में, जिसका सम्बन्ध उन कामों से है जो गवरनर अपनी मरज़ी से करता है मुझे ऐसा करने की ख़ास इजाज़त दी हो।"

VII

उस समय पहली पट्टी के पहले हिस्से में दर्ज रियासत की क़ानून सभा के मेम्बर के लिये इक़रारनामे का रूप—

"मैं (नाम)......जो आम सदन (या ख़ास सदन) का मेम्बर चुना गया हूं, (या नामजद किया गया हूं), गम्भीरता के साथ और सच्चे दिल से यह प्रतिज्ञा करता हूं और, इक़रार करता हूं कि मैं हिन्द के उस विधान पर जिसकी क़ानून के ज़रिये स्थापना की गई है, सच्चा विश्वास रखूंगा और उसका वफ़ादार रहूंगा, और उस फ़र्ज़ को जो मैं अपने ऊपर लेने वाला हूं, वफ़ादारी के साथ पूरा करूंगा।"

VIII

हाई कोर्ट के जजों के लिये इक़रारनामे का रूप —

"मैं (नाम).........जो.........की हाई कोर्ट का चीफ़ जस्टिस (या जज) नियोजा गया हूं, गम्भीरता के साथ और सच्चे दिल से प्रतिज्ञा करता हूं और इक़रार करता हूं कि मैं हिन्द के उस विधान पर जिसकी क़ानून के ज़रिये स्थापना की गई है सच्चा विश्वास रखूंगा और उसका वफ़ादार रहूंगा, और अपनी पूरी योग्यता, जानकारी और विवेक से, मैं ठीक ठीक और वफ़ादारी के साथ, बिना डर, बिना तरफ़दारी, बिना लगाव और बिना दुराव, अपने ओहदे के फ़र्ज़ों को पूरा करूंगा और विधान और क़ानूनों का मान बनाए रखूंगा।"

یا جو........ریاست کے وزیر کی حیثیت سے مجھے معلوم ہو، کسی آدمی یا آدمیوں تک، سیدھے نا سیدھے، نہ پہنچاؤنگا نہ کسی کو بتاؤنگا، سوائے اِس کے کہ وزیر کی حیثیت سے اپنے فرض ٹھیک ٹھیک پورا کرنے کیلئے مجھے ایسا کرنے کی ضرورت پڑے، یا جب کہ گورنر نے کسی ایسے معاملے کے بارے میں، جسکا سمبندھ اُن کاموں سے ہے جو گورنر اپنی مرضی سے کرتا ہے مجھے ایسا کرنے کی خاص اجازت دی ہو۔"

VII

اُس سمے پہلی پٹی کے پہلے حصے میں درج ریاست کی قانون سبھا کے میمبر کیلئے اقرارنامے کا روپ—

"میں (نام).....جو عام سدن (یا خاص سدن) کا میمبر چنا گیا ہوں، (یا نامزد کیا گیا ہوں)، گمبھیرتا کے ساتھ اور سچے دل سے یہ پرتیگیا کرتا ہوں، اور اقرار کرتا ہوں، کہ میں ہند کے اُس ودھان پر جسکی قانون کے ذریعے ستھاپنا کی گئی ہے، سچا وشواس رکھوں گا اور اُسکا وفادار رہونگا، اور اُس فرض کو جو میں اپنے اُوپر لینے والا ہوں، وفاداری کے ساتھ پورا کروں گا۔"

VIII

ہائی کورٹ کے ججوں کیلئے اقرارنامے کا روپ—

"میں (نام)........جو........کی ہائی کورٹ کا چیف جسٹس (یا جج) نیوجا گیا ہوں، گمبھیرتا کے ساتھ اور سچے دل سے پرتیگیا کرتا ہوں اور اقرار کرتا ہوں کہ میں ہند کے اِس ودھان پر جسکی قانون کے ذریعے ستھاپنا کی گئی ہے سچا وشواس رکھوں گا اور اُسکا وفادار رہوں گا، اور اپنی پوری یوگیتا، جانکاری اور وویک سے، میں ٹھیک ٹھیک اور وفاداری کے ساتھ، بنا ڈر، بنا طرفداری، بنا لگاؤ اور بنا دراؤ، اپنے عہدے کے فرضوں کو پورا کروں گا، اور ودھان اور قانونوں کا مان بنائے رکھونگا۔"

NATIONAL ARCHIVES OF INDIA

चौथी पट्टी

[दफ़ा १४४ (४)

पहली पट्टी के पहले हिस्से की रियासतों के गवरनरों की हिदायतें

